224360

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224360

UNIVERSAL
LIBRARY

اورینٹل کالج میگزین

جلد ۱۴۔ عدد ۱ | بابت ماہ نومبر ۱۹۳۷ء | عدد مسلسل ۵۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	پرتھی راج راسا	حافظ محمود شیرانی	۳
۲	بحر الفواید	پروفیسر محمد اقبال ایم۔اے۔ پی ایچ۔ ڈی	۱۶
۳	کلام منوچہری	صوفی ضیاء الحق ایم۔اے پروفیسر گورنمنٹ کالج جھنگ	۲۸
۴	جواب استفسار ادبی	سید اولاد حسین صاحب شاداں بلگرامی	۴۵
۵	مولینا حالی کی کتب سوانح	سید محمد عبداللہ ایم۔اے۔ ڈی۔لٹ	۵۵
۶	اقتباس از آداب الحرب والشجاعۃ للمرو الروذی	ایڈیٹر	۶۵
۷	تنقید و تبصرہ		۸۳
۸	فہرست اسماء شعرا (جن کے اشعار لسان العرب میں بطور شواہد درج ہوئے ہیں۔)	مولوی عبدالمجید ایم۔اے	۳۳ تا ۶۴
۹۔	ضمیمہ (روداشت عمارت روضۂ تاج محل آگرہ)	مولوی محمد عبداللہ چغتائی	۱ تا ۶۰

گیلانی الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام منشی نظام الدین پرنٹر طبع ہوا اور این این مترا نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا۔

اورینٹل کالج میگزین

عرض واجب

اغراض و مقاصد اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے۔ کہ احیا و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے۔ اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت، عربی، فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ؛

کس قسم کے مضامین کا شائع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی۔ کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شائع ہوں، جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شائع کئے جائیں گے ؛

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شائع ہوتا ہے۔ حصۂ اوّل عربی، فارسی، پنجابی (بحروف فارسی) حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی)، ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ؛

وقتِ اشاعت یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر، فروری، مئی، اگست[1] میں شائع ہوگا ؛

قیمتِ اشتراک سالانہ چندہ حصہ اردو کیلئے ۲ عہ اورینٹل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا کسی سہ ماہی کے رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شائع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری، مئی، ستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ؛

خط و کتابت و ترسیلِ زر خریدِ رسالہ کے متعلق خط و کتابت اور ترسیلِ زر صاحب پرنسپل اورینٹل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں ؛

محلِ فروخت یہ رسالہ اورینٹل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ؛

قلمِ تحریر حصہ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم اے اورینٹل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ؛

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے۔ اسلئے یا نمبر مجدداً جون یا ستمبر میں شائع ہوتا ہے ؛

پرتھی راج راسا

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت ماہ اگست ۱۹۳۶ء)

(۶) ششیدتا ورنن پرستاو ۲۵ ویں داستان :- منقوں ہے۔ کہ پرتھی راج ماگھ بدی منگل وار کو اپنے سرداروں کے ساتھ بڑی دھوم دھام سے شکار کو چلا۔ بیڑبان نے آکر ایک سور کا پتہ دیا۔ اور عرض کی کہ راجہ پیدل چلے۔ راجہ فوراً گھوڑے پر سے اتر گیا۔ اور تبک کندھے پر رکھ کر سور کی تلاش میں بڑھا جب نظر آیا فوراً مار لیا۔ اور بیڑبان کو انعام واکرام دیا۔ سب طرف سے راجہ کے نشانہ کی تحسین وآفرین ہونے لگی۔ اور راجہ نے سندر باڑی میں آکر قیام کیا ؛ (چھند ۵ صفحہ ۶۶)

میں صرف ان بیانات پر اکتفا کرتا ہوں۔ تلاش سے شکار کے اور بہت قصے پرتھی راج کی ان داستانوں میں ملیں گے ؛

باغ

ولی ورنن ۵۹ ویں داستان میں شاعر نے دریائے جمنا کے نگمبودھ گھاٹ کے ایک باغ کا بیان دیا ہے جس میں اس کے میوہ دار درختوں اور پھولوں کا ذکر کیا ہے۔ میں سب سے پہلے اصل اقتباس کتاب سے لے کر یہاں درج کرتا ہوں :-

سُدھن نگمبودھین، جمن تٹھ سودھین — تہاں سو باگ برھین، بنے سو گل اچھین
سمیر تا سو باسین، پھلن سو پھول اسین — برکھ بیلی ڈنبرن، سرنگ پان امرن
جو کیسر کمن کمن، مدھوپ واس تن بھرن — انار داکھ پلون، سو چھپر پتی ڈھلون
سری کھنڈ تھنڈ وا سین، رکذا گلاب پھول اسین — جو چنپکن کنڈ تھنین، کھجوری بھوری انین
سوان ناس جیرن، ستو تین جنبیرن — اکھوٹ بیو دامین، اوال بیلی سیامین

سَری پھلن نرنگین ، سبد سُواد ہوتین چَرَنت مورو ایکن ، منو سنگیت گایکن
اُپم بگ راجین ، منو کی اندر ساجین .. ..

اوڈی سو واس گلال اتی - اوڈی عبیر ان اسمان

منہو بھان عنبر سرت - بجی تنتی سُرگان (چھندہ ۵ - ۱۲ ص ۱۴ ۱۵۵۴-۳)

اس اقتباس میں ان ان درختوں وغیرہ کے نام دیئے گئے ہیں :-

باغ - گل - کیسر - کمنکمن - انار - داکھ - سری کھنڈ - گلاب - چنبہ - کدم - کھجور - آم - انناس جیری (زیرہ) ستوت (شہتوت) جنبیری - اکھوٹ (اخروٹ) بیو (سیب) دام (بادام) سری پھل (ناریل) نرنگی (نارنگی) گلال - عبیر - آسمان - عنبر - ان میں باغ - گل - گلاب - انار - شہتوت - نارنگی - عبیر - عنبر - آسمان - مسلمانی الفاظ ہیں - اور یہ اعتراض وارد ہوتا ہے - کہ جس طرح پرتھی راج کے عہد کی زبان مسلمانی الفاظ سے اس قدر مخلوط متصور نہیں ہو سکتی - اسی طرح یہ بعض درخت جو مسلمانوں کی آمد کے بعد ہندوستان میں آئے ہیں - ایسے قدیم زمانہ میں دہلی کے ایک باغ میں کیونکر موجود مانے جا سکتے ہیں - بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا - کہ مسلمانوں کی آمد سے قبل ہندوستان میں باغات کا دستور ہی نہیں تھا +

مصنف سب سے پہلے کیسر (زعفران) کا ذکر کرتا ہے - اس کی ناواقفیت ملاحظہ ہو - اس کے نزدیک زعفران بھی مولی گاجر کی طرح ہر باغ اور باڑی میں لگائی جا سکتی ہے - حالانکہ تمام ہندوستان میں کشمیر کے سوا اور کسی مقام پر پیدا نہیں ہوتی - اور وہاں بھی ایک خاص زمین میں ہوتی ہے +

جس پھول کو ایرانی گُل کہتے ہیں - اہل ہند اسے 'گلاب' کہتے ہیں - لیکن یہ ہندوستانی تصرف ہے - اس بدعت کے لئے سوائے 'استعمال ہند' کے عذر پیش کرنے کے ہمیں کوئی اور معقول وجہ معلوم نہیں - مسلمانوں کو ہندوستان میں آباد ہو کر ایسے مختلف فیہ ناموں کے بنانے اور رواج عام میں لانے کے لئے بھی تو وقت درکار ہے - یہی حالت نارنگی کی ہے - یہاں شاعر نے اس لفظ کو نرنگی بتخفیف الف لکھا ہے - لیکن اور موقعہ پر الف کے ساتھ نارنگی لکھ رہا ہے - ایرانی اسے نارنگ کہتے ہیں - جس کی معرب شکل نارنج ہے - نارنگ کے آخر میں 'ی' کا اضافہ ہندوستانی اپج

ہے۔ اس یے کو خواہ بقاعدۂ فارسی زائد کہا جائے۔ یا بقاعدہ ہندی یائے تانیث مانا جائے مگر اس کے اضافہ کی ذمہ واری بحق استعمال ہند عائد ہوتی ہے ؛

انناس کے متعلق یہ یاد رہے۔ کہ اگرچہ آئین اکبری میں وہ میووں کی فہرست میں شامل ہے مگر ہندوستان میں تازہ وارد ہے۔ پرتگالی دسویں صدی ہجری میں باہر سے یہاں لاتے ہیں۔ ابوالفضل انناس کو کنٹھل سفری کہتا ہے۔ کیونکہ اس کے پودے گملوں میں رکھ کر سفر میں بآسانی لے جائے جا سکتے ہیں۔ وہ اس کے بیان میں کہتا ہے۔ کہ انناس شکل اور رنگت میں مستطیل نارنگی کی مانند اور ذائقہ اور خوشبو میں آم کی طرح ہے۔ پھل ڈنڈی کی جڑ میں لگتا ہے۔ جس پر چند پتے نکلتے ہیں۔ جب میوہ توڑ لیا جاتا ہے۔ پتے اتار کر زمین میں الگ الگ لگا دیتے ہیں۔ اور یہی پتے تخم کا کام دیتے ہیں۔ درخت صرف ایک بار پھل دیتا ہے۔ جس میں ایک ہی پھل آتا ہے (آئین اکبری ص۸۵) اکبر کے عہد میں انناس اس قدر قلت کے ساتھ معلوم تھا۔ کہ مختصر نگار ابوالفضل کو بطور اطلاع جدید اس کی صراحت دینے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ جہانگیر بھی اپنی توزک میں لکھتا ہے۔ کہ انناس ان سواحلی علاقوں سے آتا ہے۔ جو فرنگیوں (پرتگالیوں) کے قبضہ میں ہیں۔ (توزک ص۳) ادھر پرتگالی بہانگ دہل کہتے ہیں۔ کہ انناس ان درختوں میں سے ہے۔ جن کا ہمارے ذریعہ سے ہندوستان میں رواج ہوا ہے۔ ان امور کو جاننے کے بعد ہمیں حیرت ہوتی ہے۔ جب ہم راسا کے مصنف کو یہ کہتے سنتے ہیں۔ کہ پرتھی راج کے عہد میں جمنا کے کنارے گمبودھ باغ میں انناس کا درخت موجود تھا ؛

درختوں کے جس قدر نام اوپر گزرے ہیں۔ بہت ہی خفیف فرق کے ساتھ سب کے سب آئین اکبری میں ملتے ہیں۔ ان کا حوالہ ذیل میں درج ہے :-

گل ص۸۸ ص۸۹۔ زعفران ص۹۶۔ گل زعفران ص۱۰۹۔ انار ص۷۶۔ انگور ص۷۴۔ سرکھنڈی ص۱۰۱ ص۱۱۱۔ چنپہ ص۹۳ ص۱۰۸۔ کدم ص۱۰۱ (راسا میں کڈمب ہے) کھجور ص۷۸۔ آنب ص۷۷۔ انبہ ص۷۳۔ (راسا میں بجائے جمع انبین ہے) انناس ص۷۷ ص۸۵۔ توت ص۷۸ (راسا میں ستوت

آیا ہے۔ جو شہتوت کی بگڑی ہوئی شکل ہے) جنبیری ص۸۲ ۔ اخروٹ ص۸۳ (راسا میں اس موقع پر اکھوٹ ہے۔ مگر دوسرے موقعہ پر صاف اکھروٹ لکھا ہے) سیب ص۶۷ (راسا میں سیو ہے) امرت پھل ص۷۸ ۔ نارنگی ص۸۱ ۔ گلال ص۹۸ ۔ عنبیر ص۹۵ ۔ عنبر ص۹۶ ۔

راسا اور آئین اکبری کی فہرستوں میں وہ فرق جو بلحاظ اختلاف زمانہ ان میں ہونا چاہیئے۔ بالکل مفقود ہے۔ بلکہ ان کا توافق حیرت انگیز ہے ۔

کھانے

اکھیٹ چکدسراپ۔ ۶۳ ویں داستان میں پانی پت کے مقام پر سنجوگتا ایک بھاری دعوت دیتی ہے مصنف نے اس موقعہ پر مختلف کھانوں۔ پکوانوں و دیگر اشیاء کے نام دیئے ہیں۔ جو میں یہاں نقل کرتا ہوں :۔

پتراول (پاتل) دونے۔ پوپ (روٹی)۔ پوری۔ سکھ پوری۔ لچیں (لوچئی) پیٹھی کی بھری کچوری۔ گھیور۔ جلینبی (جلیبی)۔ پھینی (فینی) سکر پارے (شکر پارے) سیو سنگھارے (سنگھاڑے کے سیو) کسار۔ گندورن (گندوڑے) کھرما (خرما) پنڈکھجور۔ بہی۔ اکھروٹ۔ (اخروٹ) ناسپاتی (ناشپاتی) گر (گڑ)۔ سکر (شکر) پاپر (پاپڑ)۔ کند۔ میدا کے پیدا (میدے کے پیڑے)۔ کمرند۔ گنج (نیلوفر) چنپک (چنبہ) چنبیلی۔ کرنی (کرنا)۔ کنیر۔ کبلن (مولسری) مچکند کیورا (کیوڑہ) کیتکی۔ جوہین (جوہی) ۔

چربن :۔ چنا۔ چروبنی۔ چوزا (چونلا) کسیرو۔ کہری۔ گوند گٹا۔ کپور۔ کھیرا وٹلی کھیرتا کی بین۔ کرنا۔ کروندا۔ کندورے (کندوری) نیبو۔ نارنگی۔ ناسپاتی۔ امرتاں (امرتیاں) کیتھ (کیت)۔ وجوریں (بجوڑے) کڈھی (کڑھی) پکوری (پکوڑی)۔ بری مونگ ری (مونگ کی بڑیئیں) میداں کی روٹی (میدہ کی روٹی) مانڈہ۔ روٹین مسرین (مصری کی روٹیئیں) سالن (سالن)۔ مارو۔ بیگن۔ برے (بڑے)۔ سیم۔ کنکوڑا (ککوڑا)۔ کریلا۔ مریلا۔ بھینڈا (بھنڈی)

رواس پھری (روانسا پھلی) چھونکری ۔لیدھری ۔کلی کچنار ۔ باکل (باکلا) بجورا (بجوڑا) ۔ رائیتو (رایتا) ۔ لونگ ۔ مرچیں ۔ دھنا ۔ سونٹھی (سونٹھ) ۔ رائی ۔ وہی ۔

سرسوں ۔ سوا ۔ ساک (ساگ) بھتوا (بھتوا) ۔ بڑساگ ۔ چنک (چانا) ۔ چوک (چوکا) ۔ دودارُو (دیودار) ۔ نیب (نیم) ۔ مسوری (مسور) ۔ ماش ۔ چنا ۔ ودھی (دہی) ۔ کیسر ۔ مٹھا جیر (زیرہ) ۔ دارم (انار) ۔ داکھ (انگور) ۔ کھارک (چوہارا) ۔

مصنف نے ان کھانوں کا نہائیت تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے جس سے میں نے صرف ناموں پر قناعت کی ہے ۔ معلوم ہوتا ہے ۔ کہ اس عہد کا ہندو تمدن ترقی کے بلند معیار پر پہنچا ہُوا ہے ۔ مگر اس تفصیل میں ایسا عنصر بھی تو پایا جاتا ہے جس سے شبہ ہوتا ہے ۔ کہ یہ تمدّنی حالت خالص ہندو عہد سے جیسا کہ پٹھی راج کا زمانہ تھا تعلق نہیں رکھتی ۔ بلکہ ایسے عہد سے جب ہندو مسلمان عرصہ تک ساتھ ساتھ رہنے کے بعد ایک دوسرے کی تہذیب و مدنیت سے متاثر ہوکر ملی جُلی زندگی کے عادی ہوگئے ہیں ۔ چنانچہ اس کے آثار ہم الفاظ ۔ شکر ۔ شکر پارے جلیبی ۔ خرما ۔ نارنگی ۔ بہی ۔ ناشپاتی ۔ مصری ۔ میدہ وغیرہ میں دیکھتے ہیں ۔ خالص ہندو تمدن میں ان اشیاء کا تصوّر بھی نہیں آسکتا ۔ مٹھائیاں اکثر و بیشتر مسلمانی الاصل ہیں ۔ جلیبی جس کی قدیم شکل زلابی ۔ زلیبا و زلیبیا ہے ۔ مسلمانوں کے ساتھ ہندوستان میں آتی ہے ۔ خواجہ مسعود سعد سلمان کے اشعار میں زلیبیا آتا ہے ۔ چنانچہ :-

؎ نان کشکی اگر بیابم نیز راست گوئی زلیبیا باشد

شکر پارہ تو خالص مسلمانی نام ہے ۔ مصری نبات و طبرزد کو کہتے ہیں ۔ چونکہ اس قسم کی نبات کی ابتدا مصر سے ہوئی ۔ اس لئے ہندوستان میں اس کا نام مصری ہی رکھ دیا گیا ۔ خرما ۔ بہی اور ناشپاتی فارسی ہیں ۔ مگر ہندوستان میں ان کا استعمال مسلمانوں کی آمد سے قبل تصوّر میں نہیں آسکتا ۔

جب ہم اس فہرست پر بحیثیت مجموعی نظر ڈالتے ہیں ۔ تو یہ امر ذہن نشین ہوتا ہے ۔ کہ ان

الفاظ میں کوئی ایسی ندرت نہیں جو انہیں ٹھیٹ پرتھی راج کے عہد کے ساتھ وابستہ کر سکے۔ آج بھی یہ تمام چیزیں ہماری ضروریات زندگی میں داخل ہیں۔ اور تقریباً اسی طرح بولی جاتی ہیں۔ جیسے کہ فہرست بالا میں ہے۔

اس فہرست میں بعض الفاظ کے آخر میں نون کے اضافہ کی بنا پر جو جمع و اضافت کے لئے مستعمل ہے۔ مثلاً جوہین (جوہی) روٹین (روٹیاں) گندورن (گندوڑے) سالنن (سالن کا) مصرین (مصری کا) وغیرہ کی نامانوس شکلوں سے ہمیں مرعوب نہیں ہونا چاہیئے۔

کالیتھ۔ کھتری اور بھاٹ

کالیتھ اور کھتری ہندوؤں میں وہ قومیں ہیں۔ جنہوں نے اکبر کے عہد سے ٹوڈرمل کے اثرات میں فارسی سیکھنا اور اہل قلم کے زمرہ میں ملازم ہونا شروع کیا ہے۔ ایک روایت یہ تبدیلی سلطان سکندر لودھی کے زمانہ کی طرف منسوب کرتی ہے۔ اور ڈونگرمل کا نام پہلے ہندو شاعر کی حیثیت سے پیش کرتی ہے۔ مگر دفاتر پر ہندوؤں کا دخل اور اقتدار اکبری عہد ہی سے شروع ہوتا ہے۔

راسا کے مصنف کے سامنے چونکہ عہد مغلیہ کی زندگی ہے۔ اس لئے وہ کالیتوں اور کھتریوں کو شہاب الدین کے زمانہ میں بھی جبکہ اس کا دارالسلطنت غزنین ہے۔ نہ آگرہ اور دلّی حسب دستور مغل مسلمانی ملازمت میں تصور کرتا ہے۔ جس طرح اکبر ٹوڈرمل اور بیربر کو اور شاہجہان چندربھان کو بعض سیاسی مسائل طے کرنے کے لئے ہندو راجگان کے پاس بھیجا کرتے تھے۔ اسی طرح تتارخاں شہاب الدین کا وزیر لورک رائے کھتری کو غزنین سے دلّی پرتھی راج کے پاس بھیجتا ہے۔ یہ لورک رائے ایک سے زیادہ مرتبہ غزنین سے دلّی سفارت پر آیا ہے۔ (دھن کیتھا اور پہاڑ رائے سمے) نیت راؤ ایک اور کھتری ہے۔ جو اگرچہ بظاہر شہاب الدین کا ملازم ہے۔ موقعہ پر پرتھی راج کے ساتھ بھی ساز باز کر لیتا ہے۔ (انگ پال سمے) دھرمائن

کالیستھ ہے۔ جو دہلی ہی میں مقیم ہے۔ مگر یہاں کی تمام اطلاع شہاب الدین کو غزنیں بھیجتا رہتا ہے۔ گویا بادشاہ کا وکیل ہے۔ دھرمائن کا ذکر متعدد داستانوں میں آتا ہے۔ مثلاً دھن کیتھا۔ پہاڑ رائے سمے۔ درگا کیدار سمیو۔ بڑی لڑائی روپرستا وغیرہ۔ ایک امر عجیب ہے۔ کہ شہاب الدین کے یہ ہندو ملازم خواہ وہ کھتری ہوں۔ خواہ کالیستھ سب کے سب جاسوسی پیشہ کرتے ہیں۔ اور دربار دہلی کی خبریں شاہ کے پاس غزنیں بھیجتے رہتے ہیں ؛

ایک اور لطف کی بات سنیئے۔ جس طرح چند پرتھی راج کا بھاٹ ہے۔ دُرگا کیدار شہاب الدین کا بھاٹ ہے۔ درگا علم و فضیلت میں کوی چند پر غالب آنے کی مراد دیوی سے مانگتا ہے۔ دیوی جواب دیتی ہے۔ کہ تو اوروں پر غالب آسکتا ہے۔ مگر چند پر غالب نہیں آ سکتا۔ اس پر درگا نے التماس کی۔ کہ میں پرتھی راج سے ملنا چاہتا ہوں۔ دیوی نے فرمایا۔ کہ ہاں۔ تیری یہ آرزو قبول کی جاسکتی ہے۔ دوسرے دن درگا شاہ کے دربار میں جاکر رخصت مانگتا ہے۔ تتار خاں کہتا ہے۔ کہ دشمن کے گھر جانا قرین مصلحت نہیں۔ خدا جانے کیا افتاد پڑے۔ بادشاہ نے فرمایا۔ کوی چند کو دیکھو نا۔ وہ کبھی غزنیں نہیں آیا۔ دُرگا بھاٹ لاجواب ہوگیا۔ مگر بادشاہ نے اس کی دل شکنی کے خیال سے اجازت دے دی۔ درگا غزنیں سے چل کر ڈھائی مہینہ میں پانی پت پہنچا۔ جہاں پرتھی راج شکار کے لئے ٹھہرا ہوا تھا۔ راجہ نے اسے عزت کی جگہ بٹھایا اور بڑی دلجوئی کی۔ درگا نے آتے ہی سحر و طلسم میں چند سے مقابلہ کی ٹھان لی۔ سب سے پہلے اس نے سحر کے زور سے مٹی کے برتن سے آگ کا شعلہ نکالا چند نے جواب میں ایک گھوڑے کے منہ سے اسپر باد (سلام) کہلوایا۔ اس پر درگا نے پتھر کی ایک بڑی چٹان جادو سے متحرک کی۔ اور اس میں ایک انگوٹھی غائب کردی۔ کوی چند نے اپنے علم کے زور سے چٹان کو پانی بناکر بہادیا۔ اور انگوٹھی نکال لی۔ اس کے بعد دُرگا اور اور عجائبات دکھاتا ہے۔ اور چند ان کے توڑ کرتا ہے۔ بالآخر فیصلہ یہ ہوتا ہے۔ کہ چند کوی ان فنوں میں اپنے حریف پر فضیلت رکھتا ہے۔ پرتھی راج پانچ روز تک کیدار کو مہمان رکھتا ہے

اور بہت سا انعام واکرام دے کر رخصت کرتا ہے ۔ (درگا کیدار سمیو ۵۸ ویں داستان)

مادھو بھاٹ شہاب الدین کا ایک اور بھاٹ ہے ۔ اور اس کے نام پر انیسویں داستان ہے یہ شخص اکثر علوم وفنون میں باکمال تھا ۔ ایک مرتبہ دلّی آیا اور ایک مہینہ تک رہا ۔ دلّی اس کو بہت پسند آئی ۔ جاسوسی کے خیال سے پرتھی راج کے دربار میں بھی آنے جانے لگا اور اپنے کمال کا اہلِ دربار پر خوب سکہ جمایا اور پرتھی راج کی داد و دہش نے اسے مالامال کر دیا ۔

مسلمانوں میں بھاٹ رکھنے کا دستور اسی عہد سے رواج پا سکتا ہے جب وہ ہندوستان میں آباد ہونے کے بعد اس ملک کے رسم و رواج کے پابند ہونے لگے ہیں ۔ یہ خیال کہ شہاب الدین کے پاس درحقیقت ہندو بھاٹ تھے ۔ بے حد مضحکہ خیز اور بے بنیاد ہے ۔ مگر راسا کا مصنف جس زمانہ میں رہتا بستا تھا ۔ کیا ہندو کیا مسلمان ایک دوسرے سے اثر پذیر ہو کر ایک مخلوط قسم کی زندگی کے عادی ہو گئے تھے ۔ جس میں ہندو مسلمانوں کے لئے اور مسلمان ہندوؤں کے لئے لازم و ملزوم بن گئے تھے اور ایک کا دوسرے کے بغیر گزارہ نہیں ہو سکتا تھا ۔ راسا کا مصنف اپنے عہد کی زندگی اور اس کے اوضاع کا اس قدر عادی ہے ۔ کہ اس کے قلم سے بے ساختہ وہی خط و خال رقم پذیر ہوتے ہیں جو مغلیہ اور اس سے قبل کے زمانہ کی ہندوستانی زندگی کے ساتھ مخصوص ہیں ۔ مثلاً ہیم کمار کوی چند کے سامنے راجہ جے چند والئے قنوج کی تعریف میں یہ دوہا کہتا ہے :-

؎ بیری کاٹن راج نیج ۔ ڈنڈ بھرن پرد ھان ۔ سیوا مانن بھے وین ۔ ہندو مسلمان ۔

(چھند ۴۶۹ صح ۱۶۴/۱۴ قنوج سمے ۶۱ ویں داستان)

بھلا جے چند کے زمانہ میں قنوج کی قلمرو میں مسلمان کہاں آباد تھے ۔ جو اس کی تعظیم و تکریم میں ہندوؤں کے ساتھ شریک ہو سکتے ۔ مگر مصنف کے زمانہ میں یہ قول بالکل صادق آتا ہے ۔ جب ہندو مسلمانوں کی اور مسلمان ہندوؤں کی رعیّت بن کر رہتے تھے ۔

مسلمان ہندوستان میں بحیثیت فاتح داخل ہوئے ۔ مفتوحین شروع شروع میں تو ان سے غیر متعلق رہے ۔ مگر جب انہیں معلوم ہو گیا ۔ کہ ان کی آمد ہنگامی نہیں اور نہ یہ لوگ اس سرزمین سے

ٹلنا چاہتے ہیں۔ حسب تقاضائے وقت صلح و آشتی کا ہاتھ ان کی طرف بڑھایا۔ خود مختار راجاؤں نے تعلقات قائم کر لئے۔ کمزور رئیس اپنے طاقت ور ہمسایہ کے خلاف ان سے امداد کے جویا ہوئے۔ جوں جوں مسلمانوں کو ہندوستان میں رہتے رہتے زیادہ زمانہ گذرتا گیا۔ توں توں یہ تعلقات زیادہ وسیع ہوتے گئے۔ قرونِ وسطےٰ کا ہندوستان اپنی تاریخ میں ایسے متعدد واقعات کا آئینہ دار ہے۔ مغل بابر کے خلاف رانا سنگرام عرف رانا سانگا اور حسن خاں میواتی باہم متحد ہو کر ایک ہی محاذ پر جنگ کرتے ہیں۔ اسی بابر کے مقابلہ میں راجہ بکرماجیت ابراہیم لودھی کے ساتھ پانی پت کے میدان میں مارا جاتا ہے۔ سلاطین گجرات و مالوہ کی تاریخ میں ایسی مثالیں موجود ہیں۔ جن میں ایک ہندو راجہ کی خاطر یہ طاقت ور سلطنتیں ایک دوسرے سے دست و گریباں ہوئی ہیں۔ ان میں مذہبی اختلاف جنگ و صلح کا محرک نہیں تھا۔ جیسا کہ آج کل کے مؤرخ ہمیں یقین دلاتے ہیں۔ بلکہ اغراض و مقاصد کا اتحاد۔ یہی خصوصیت راسا کے صفحات میں نمودار ہے ؛

اٹھائیسویں داستان میں انگ پال پرتھی راج سے اپنے ملک کے استرداد کا خواہشمند ہے۔ وہ خود فوج کشی کر کے پرتھی راج سے لڑتا ہے۔ مگر شکست کھاتا ہے۔ بالآخر مادھو بھاٹ کو شہاب الدین کے پاس غزنیں بغرض استمداد بھیجتا ہے۔ شہاب الدین ایک بڑی فوج کے ساتھ اس کی امداد کو آتا ہے۔ اور انگ پال کے شریک ہو جاتا ہے۔ اتحادی پرتھی راج سے جنگ کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے اور یہ بدقسمتی شہاب الدین کے لئے راسا کے صفحات میں نہائت عام ہے۔ سلطان میدانِ جنگ میں گرفتار ہو جاتا ہے اور اتحادیوں کو شکست ہو جاتی ہے ؛

چھتیسویں داستان ہنساوتی و واہ میں چندیری کا راجہ نچائن شہاب الدین سے رن تھنبھور کے راجہ کے خلاف فوجی امداد مانگتا ہے۔ اور شہاب الدین اپنا لشکر اس کی امداد کے لئے بسرکردگی نوری حجاب اور کیلی خاں روانہ کرتا ہے ؛

یہی نہیں۔ بلکہ وہ ایک دوسرے کی شادی غمی و دیگر دستور و رسوم میں بھی حصہ لیتے ہیں۔ اس کی ایک مثال اکیسویں داستان پرتھا و یاہ ورن میں ملتی ہے۔ اس داستان کی رو سے پرتھی راج

کی بہن پرتھا بائی راول سمر سنگھ والی چتوڑ سے بیاہی جاتی ہے۔ اس موقعہ پر شہاب الدین بھی دُولھا دلھن کے لئے تحفے بھیجتا ہے۔ جن میں علاوہ دیگر مال و متاع کے پچاس ہاتھی۔ سو گھوڑے۔ اور ایک سو باندیاں شامل ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ تحفے فی الحقیقت شہاب الدین نے راول جی کو شادی کے موقعہ پر دیئے تھے۔ تاریخ کی رو سے راول سمر سنگھ اور پرتھا کی شادی ناممکن ہے۔ کیونکہ راول مذکور پرتھی راج اور شہاب الدین کے زمانے سے ایک صدی بعد ہوتا ہے لیکن مصنف نے شہاب الدین کا جو تحفے دینا بیان کیا ہے تو درحقیقت وہ اس رواج کو اجاگر کر رہا ہے جو اس کے عہد میں ہندو اور مسلمان باہمی تعلقات میں ایک دوسرے کے ساتھ برتتے تھے۔

مسلمانی الفاظ

راسا میں مسلمانی الفاظ پر نظر ڈالنے سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ اس کا مصنف فارسی زبان کی مبادیات سے ضرور واقف ہے۔ مسلمانوں کے بعض مذہبی معاملات سے بھی اس کو آگاہی ہے۔ اسے معلوم ہے۔ کہ ان کی مذہبی کتاب کا نام قرآن ہے۔ جسے مصحف بھی کہتے ہیں۔ اس کے تیس پارے ہیں۔ ان میں خدا کے نیک بندے بھی ہوتے ہیں۔ جو تیسوں دن نمازیں پڑھتے ہیں۔ اور غیر شرعی امور کے قریب نہیں جاتے۔

پنج بیس پنج دن کریں نواج حق احق وست جن نہیں کاج

(چھند ۲۴ ص ۵۲۱/۵ سلکھ جدھ۔ تیرھویں داستان)

پانچ وقت نماز پڑھتے ہیں۔ اور سیپارے تو رات دن پڑھتے رہتے ہیں۔

نمیں نماج سائیں لیے پنج بکھت (وقت) سیپارے تیں پڑھیں دِن رَت

(چھند ۹۷ ص ۴۰۳/۴ حسین کھانوئیں داستان)

تسبیح کا استعمال مستحسن سمجھتے ہیں۔ پیر کے چادر چڑھاتے ہیں۔ مُلا اذان دیتا ہے۔ قاضی نماز پڑھاتا ہے۔ جو لوگ مذہب کے لئے مارے جاتے ہیں شہید کہلاتے ہیں۔ اور زندۂ جاوید ہیں

گوری کی جو جو تسمیہ دی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ گور یعنے قبر کے معنوں سے واقف ہے مسلمانوں کی جنگی اصطلاحات و اسلحہ سے کافی آشنا معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً آتش۔ سلح۔ تیغ۔ زرہ۔ کمان۔ تیر۔ ترکش۔ گرز۔ تفک۔ ہدف۔ نشان۔ چوگان چشم۔ سوار۔ لگام۔ پیلوان (پیلیان) عراقی۔ تازی۔ نوبت۔ شہنائی۔ نفیری۔ چنگ۔ دسامہ وغیرہ۔ الفاظ تیر و تیغ اس کے ہاں کثرت کے ساتھ ملتے ہیں۔ اسی طرح اعداد میں سہس کے ساتھ ہزار بھی کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ باغ و باغبان کے لئے بھی فارسی الفاظ باغ و باغبان پر قناعت کرتا ہے۔ اور جب چاہتا ہے مسلمانی الفاظ کافی تعداد میں لا سکتا ہے۔ یہ مثالیں ملاحظہ ہوں :-

؎ جاسو یہاں ٭ سہاب دین سلتان ٭ پیمبر پروردگار ٭ الہ کریم کوار (کبار)

سلطان جلال سکندر جایا ٭ سلتان شہاب الدین الہ اُپایا ٭ چ ۱۵ ص ۲۱۲۶/۱۸ بڑی لڑائی

دیگر ؎

میں فقیر سلطان ٭ آپ کہی پچھیئے قاضی ٭ بھیت بھاکھ جو کہے ٭ ہوئے حاجی کے غازی

جو امید جیسے ہوئی ٭ راج دوئی امد بندی ٭ کوئی گمان جن کرو ٭ کہے کایا ایہ گندی ٭

چ ۶۶ ص ۲۲۳۸/۱۹ بڑی لڑائی

اس زرمیہ کے بعض الفاظ سے پایا جاتا ہے۔ کہ وہ استعمال ہند کے ذیل میں آتے ہیں۔ استعمال ہند سے مراد غیر ہندی الفاظ کی وہ خاص صورت ہے۔ جو ہندوستان میں اختیار کر لی گئی ہے۔ مثلاً حمائل کو جمیل کہا جاتا ہے۔ (چھند ۲۹ ص ۶۰۶/۶) اور پالان کو پلان (چھند ۶۵ ص ۵۸۵/۸) وقت کا بخت بن گیا ہے (چھند ۹۷ ص ۴۰۳ ح ۴) اسی طرح رسالہ سے رسال (چھند ۱۴۹ ص ۴۷۲/۵) بمعنی سوغات بن گیا۔ اور خواص حجام کے معنوں میں آیا ہے۔ (چھند ۵۸ ص ۵۸۵/۶) اسی طرح نماز کو 'نیاج' کی شکل میں بدل دیا ہے۔ کاغذ کگدن بن گیا ہے۔ (چھند ۸۵ ص ۸۹۳/۸)

بعض ترکیبیں ایسی بھی ملتی ہیں۔ جو نیمے ہندی اور نیمے فارسی ہیں۔ مثلاً پلنگ پوش (چھند ۵۴ ص ۵۸۵/۶) اسی طرح جم جور ہے۔ جس میں جم (موت) ہندی اور جور فارسی زور کی بگڑی شکل ہے

ور جور کا بھی اسی پر قیاس کیا جائے۔ بہر حال یہ ترکیبیں اس عقیدہ کی تائید نہیں کرتیں۔ کہ یہ رزمیہ پرتھی راج کے عہد کی تالیف ہو سکتا ہے۔ بعض وقت ایسے فارسی مرکبات بھی ملتے ہیں۔ جیسے سرتاج (چھند ۱ صح ۵۱۱/۱۳) نیل ماہی (چھند ۴ صح ۵۶۶/۱۴) یعنے دریائے نیل کی مچھلی۔ جنگلی جوان (چھند ۳ صح ۱۰۴۵/۹)۔ زردوزن (زردوزی) اور زرکشی (چھند ۵۰ صح ۵۸۴/۶) کسادہ کسادہ (کشادہ کشادہ) چھند ۱۲۶ صح ۹۰۷/۸) اور راہ بیراہ (چھند ۹۵ صح ۴۰۳/۴) ؛

کوچ برکوچ۔ کوچ درکوچ اور کوچاکوچ ایک فارسی روزمرّہ ہے۔ مصنف نے بادنی تغیّر اس پر تصرّف کر لیا ہے۔ مثال ؎ چلیو کوچ پر کوچ کھری (چھند ۲۹۷ صح ۷۲۳/۷) دیگر:۔ درکوچ کوچ اتریے سندھ (چھند ۱۴ صح ۶۱۸/۶) دیگر:۔ ؎ انی کوچہ کوچ دلن کھرین ؛ جل نپتھ جائے سو اُترین (چھند ۱۶۵ صح ۶۲۱/۶) ؛

ذیل کے چھند میں 'کھیت پڑنا' کھیت رہنے کے مفہوم میں آیا ہے :۔

؎ کھیت پرے تتار ؛ ساہ گوری گئی ستیبا ؛ (چھند ۱۹۲ صح ۶۲۵/۶)

سر دھننا ایک اور محاورہ ہے۔ چنانچہ :۔

؎ سر دھنت پتی ساہ ؛ دھاہ سُنی سیبا سنتی ؛ (چھند ۲۹ صح ۹۵۱/۹)

وہ پانی ملتان گیا

وہ پانی ملتان گیا۔ ایک ضرب المثل ہے۔ جس کا مطلب ہے۔ کہ اب وہ موقع ہاتھ سے نکل گیا۔ استاد ذوقؔ ؎

پنجاب میں بھی وہ نہ رہی آب و تاب جن ؛ اے ذوقؔ! پانی اب تو وہ ملتان بہ گیا

پرتھی راج راسا میں یہی ضرب المثل یوں آئی ہے :۔

؎ چاؤر چھپتر رکھت تکھت لینو سرتانی ؛ اوتروے ساہاب ؛ گیو ملتانہ پانی ؛

(چھند ۲۶۵ صح ۷۳۴/۷)

اس ضرب المثل کی تشریح میں یہ کہانی بیان کی جاتی ہے :۔

ایک دن گورکھ ناتھ رَیداس بھگت کے پاس آیا۔ پیاس لگ رہی تھی۔ پانی مانگا۔ رَیداس پانی لینے گیا۔ اس وقت گورکھ ناتھ کو خیال آیا۔ کہ رَیداس تو ذات کا چمار ہے۔ میں اس کے ہاتھ کا پانی کیونکر پی سکتا ہوں جب رَیداس پانی لایا۔ اس نے اپنے تونبے میں بھروالیا۔ مگر پیا نہیں۔ اِدھر اُدھر کی باتیں کرتا رہا اور رخصت ہُوا۔ پھر کبیر کے پاس جا بیٹھا۔ اور اس کے ساتھ باتوں میں مشغول ہوگیا۔ اس وقت کبیر کی بیٹی کمالی آئی۔ اور وہ پانی اٹھا کر پی گئی۔ پیتے ہی اکاس لوک۔ مرت لوک۔ اور پتال لوک کے تمام اسرار اس پر منکشف ہوگئے۔ جب گورکھ ناتھ کو معلوم ہوا۔ کہ اس پانی کے پینے سے کمالی میں یہ وصف پیدا ہوگیا ہے۔ ہاتھ ملنے لگا۔ دوبارہ رَیداس کے پاس جاکر پانی مانگا۔ رَیداس کشف کے ذریعہ سے جان گیا تھا۔ کہ گورکھ ناتھ نے اپنے غرور کے سبب سے وہ پانی نہیں پیا تھا۔ اور اب پھر اسی کی تلاش میں آیا ہے۔ اسی اثنا میں کمالی کے سسرال والے بنارس آئے اور کمالی کو ملتان لے گئے۔ جہاں وہ بیاہی گئی تھی۔ اس وقت رَیداس نے یہ دوہا کہا :-

ع پیاوے تھے جب پیا نہیں تب تم نے یہ اہمان کیا
بھولا جوگی پھرے دوانہ وہ پانی ملتان گیا

محمود شیرانی

بحر الفواید

عام طور سے خیال کیا جاتا ہے۔ کہ ادبیات فارسی میں نظم کا ذخیرہ نثر سے بہت زیادہ ہے، ہرچند کہ یہ خیال صحیح ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے۔ کہ نثر فارسی کا بہت سا خزانہ ابھی تک قلمی کتابوں میں مدفون ہے جس کا کچھ حصّہ تو قعر گمنامی میں پڑا ہے اور جو معرض علم میں آچکا ہے وہ نشر و اشاعت کا منتظر ہے۔

فارسی نثر کی غیر مطبوعہ کتابوں میں ایک قابل توجہ تصنیف بحر الفواید ہے۔ جس کے ساتھ ناظرین کو ان سطور میں روشناس کرنا مقصود ہے۔ مجموعی طور پر اس کتاب کا موضوع مسائل تصوّف و اخلاق ہے لیکن گوناگوں دلچسپیوں کی سینکڑوں اور باتیں معرض بحث میں لائی گئی ہیں جن کو مصنّف نے بے شمار حکایات اور جدّت خیالات سے بہت دلفریب بنایا ہے۔

بحر الفواید چھٹی صدی ہجری کی تصنیف ہے۔ اور فقط یہی ایک بات کہ یہ منجملہ اُن معدودے چند فارسی کتابوں میں سے ہے۔ جو تاتاری حملے کی تباہی سے محفوظ رہیں۔ اس کی اہمیّت کو دوبالا کرنے کے لئے کافی ہے لیکن ایک اور غیر معمولی صفت جو اس کتاب کے ساتھ وابستہ ہے یہ ہے کہ وہ شام میں لکھی گئی ہے۔ فارسی کی شاید یہ پہلی کتاب ہے۔ جس کا شام میں تصنیف ہونا ہمارے علم میں آیا ہے۔

بحر الفواید کے صرف دو نسخوں کا ہمیں علم ہے جن میں سے ایک تو پیرس کے کتابخانۂ ملی میں ہے۔ اور دوسرا ہمارے فاضل دوست پروفیسر محمود خاں صاحب شیرانی کے پاس ہے[1]، مصنّف نے اپنا یا اپنے وطن کا کتاب میں کہیں ذکر نہیں

[1] دیکھو فہرست مخطوطات فارسی در کتابخانۂ ملی پیرس ع ۷۲۱، اس نسخے کی تاریخ کتابت ۵۹۹ھ ہے۔ پروفیسر موصوف کا نسخہ بھی غالباً دسویں صدی کا لکھا ہوا ہے،

کیا لیکن اپنی اس تصنیف کو اس نے اتابک شام امیر ارسلان آبہ بن آقسنقر کے نام پر معنون کیا ہے۔ جس کا ذکر وہ آغاز کتاب میں اس طرح پر کرتا ہے:۔

"و این کتاب در انواع علوم در زمین شام کہ ملک تعالیٰ۔ ویرا مبارک خواند بمدت پنج سال جمع کردم بنام و لقب پادشاہ عالم عادل عماد الدین[1] عماد الاسلام قطب الدولۃ و بہاء الملۃ شرف الامۃ قامع الکفرۃ والمشرکین الب قتلغ جبوغا الغ اتابک ابی سعید ارسلان آبہ بن آقسنقر ظہیر امیر المومنین خلد اللہ دولتہ و حرس علیہ نعمتہ و این کتاب را بحر الفوائد نام نہادیم زیرا کہ ہمہ جواہر ہا در بحر باشد و از انواع علوم درین کتاب توان یافت"

آقسنقر (قیم الدولہ) اتابکان شام کے خاندان کا بانی ہے۔ اس کے بیٹوں میں عماد الدین زنگی والی حلب و موصل تاریخ میں زیادہ مشہور ہے۔ جس کا عہد حکومت ۵۲۱ھ - ۵۴۱ھ ہے۔ ارسلان آبہ بظاہر زنگی کا چھوٹا بھائی ہے۔ جو مسند حکومت پر جاگزیں نہیں ہوا۔ بلکہ غالباً کسی چھوٹے سے علاقے کا فرماں روا تھا "الب قتلغ جبوغا الغ اتابک" اس کے القاب ہیں۔ لیکن "قامع الکفرۃ والمشرکین" کے لقب سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے بھائی زنگی کے دوش بدوش صلیبی لڑائیوں میں نمایاں حصہ لیتا رہا۔ راحۃ الصدور میں دو تین جگہ ۵۴۴ھ - ۵۴۷ھ کے واقعات میں ضمناً اس کا ذکر آیا ہے[2]۔

---

[1] پیرس والے نسخے میں "نصرۃ الدین" ہے۔ [2] موسیو بلوشے (مرتب فہرست مخطوطات کتب خانۂ ملی) نے ارسلان آبہ کو غلطی سے بوزابہ والی فارس خیال کیا ہے۔ جو ایک بالکل مختلف شخص ہے اور ۵۴۲ھ میں سلطان مسعود سلجوقی کے خلاف جنگ کرتا ہوا ہمدان کے نزدیک مارا جاتا ہے، برخلاف اس کے ارسلان آبہ ۵۴۷ھ میں زندہ تھا (دیکھو راحۃ الصدور ص ۲۶۲)۔

صاحب بحر الفوائد نے باب سیر الخلفاء میں جہاں خلفاء عباسی کی فہرست دی ہے۔ وہاں المقتفی (۵۳۰ھ - ۵۵۵ھ) کو خلیفۂ معاصر بتلایا ہے[1]۔ اس سے ذرا آگے چل کر عقاید باطنیہ کی بحث میں اس نے محمد بن کیا بزرگ امید (جانشین حسن صبّاح) کے مرنے کا ذکر کیا ہے[2]۔ جس کی تاریخ ۵۵۷ھ ہے۔ چونکہ اس کے اپنے بیان کی رُو سے کتاب پانچ سال تک زیر تالیف رہی۔ لہذا ظاہر ہے کہ اس کی تصنیف کا زمانہ ۵۵۲ھ - ۵۵۷ھ ہونا چاہیئے۔

پروفیسر شیرانی کا نسخہ جو میری نظر سے گزرا ہے عمدہ خطِّ نسخ میں لکھا ہوا ہے اور خاصا صحیح ہے، تعداد اوراق ۱۸۰، تقطیع ۹" × ۶" اور فی صفحہ ۲۱ سطریں، بلحاظ مبحث کتاب کو ۳۴ حصّوں پر تقسیم کیا گیا ہے۔ اور ہر حصّے میں دس دس بارہ بارہ باب ہیں، ان مباحث کی پوری فہرست کتابخانۂ ملّی پیرس کی فہرست مخطوطات میں دی گئی ہے[3] جس پر فقط ایک نظر ڈالنے سے ان کے تنوّع کی طرف فوراً توجہ مبذول ہوتی ہے۔ مثلاً سب سے پہلا حصّہ کتاب الجہاد ہے۔ اس کے بعد کتاب الحکمۃ ہے آگے چل کر ایک دلچسپ حصّہ کتاب تربیۃ الاولاد ہے۔ پھر طلب المعیشۃ، آداب الاسلام، معالجۃ الذنوب، نوادر العلماء، مناقب الائمّہ، عجائب الدنیا، کتاب السلطان، کتاب الوصایا، کتاب الغرائب وغیرہ وغیرہ ہیں،

مصنّف کے متعلق ہم اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہہ سکتے کہ وہ سنّی ہے[4]۔ باطنیوں کا سخت مخالف ہے[5]، علوم دینیہ، تاریخ و سیر اور تصوّف سے خوب

---

[1] ورق ۱۳۰ ب، [2] ورق ۱۳۲ ب، [3] جلد ۲ ص ۳،

[4] کتاب "اصول الدین" کے باب اوّل میں لکھتا ہے "بدانکہ مذہب سنّیاں آنست کہ خدای عزّوجل آفریدہ است"۔ [5] "خون ملحدی ریختن اولیتر ست کہ ہفتاد کافر دوئی کشتن" (ورق ۱۳۷ ب)۔

واقف ہے، منجموں، طبیبوں اور شاعروں کو نفرت کی نظر سے دیکھتا ہے، مثلاً ایک جگہ لکھتا ہے :- " اگر کسی خواہد کہ تربیت فرزند کند اورا از ہفت آفت نگاہ باید داشت۔ اوّل صحبت منجّم و شاعر و حکیم کہ این قوم در امر شرع تہاون کنند"[1]۔ دوسری جگہ کہتا ہے :- "و ہر کہ گوید در قرآن تحریم خمر نیست جاہلست، طبیب و منجّم و شاعر چہ دانند کہ اصول و فروع و حلال و حرام چہ بود"[2]۔ منجّم و طبیب کی مذمّت ایک اور جگہ یوں کی ہے :- "بادشاہ سلف کہ برخاستی بر دست راست وی فقیہی بودی تا حلال و حرام ازو پرسیدی و بر دست چپ وی مفسّری بودی تا تفسیر قرآن از و بشنیدی، امروز سلطانان روزگار بامداد برخیزند منجّمی بر دست راست وی بود و طبیبی بر دست چپ وی بود"[3]

نجوم، طب اور شاعری کے علاوہ وہ فلسفہ اور فلسفیوں کی بھی سخت تحقیر کرتا ہے چنانچہ کتاب الحلال و الحرام کے آخری باب "حکمت کتب گذشتگان" میں لکھتا ہے :-

" اوّل کتاب اخوان الصّفا زندقہ است و طعن بر مسلمانی است نشاید خواندن و نشاید دانستن بباید سوختن، ہفت ملحد در بصرہ جمع شدند و آن کتاب بنہادند و نام خود بپوشیدند، دوم ابو العلا معرّی ملحد بودہ است کتاب لزوم مالایلزم و فصول غایت الفصول و الغایات در معارضہ قرآن کردہ است بباید سوختن، و دلیل بر الحاد وی آنست کہ انکار قیامت و حشر اجساد [می کند]، ..... دیگر بوعلی سینا کافری بی دین بود شفا و نجاۃ وی نباید خواندن کہ نفی حشر اجساد می کند و نفی صفات باری، و زکریا رازی ملحد بودہ است ....."[4]

لیکن زاہد خشک ہونے کے باوجود اس کو شعر کا نہایت اچھا مذاق معلوم ہوتا ہے، عربی و فارسی کے اشعار جو اس نے جابجا تحریر کئے ہیں عموماً نہایت برمحل اور برجستہ ہیں، نثر میں اس کا انداز تحریر نہایت دلکش۔ سادہ اور بے تصنّع ہے

---

[1] باب تربیۃ الاولاد، [2] ورق ۸۰ ب، [3] ورق ۳۰ ب،
[4] ورق ۵۸ ب - ۸۶ الف،

اور چھٹی صدی کی دلفریب فارسی نثر کا نہایت عمدہ نمونہ ہے، ذیل میں ہم بحر الفوائد کے بعض مقامات کی عبارت ناظرین کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ تاکہ مصنف کی جدت فکر اور اسلوب بیان کا بخوبی اندازہ ہو سکے، ہمارے نزدیک اس کتاب کو قابوس نامہ اور کلیلہ و دمنہ کے پہلو میں جگہ ملنی چاہئے، اس کی اشاعت سے یقیناً فارسی ادب کے کتب خانہ میں ایک جلیل القدر اضافہ ہوگا،

کتاب نصیحۃ الملوک والسلاطین

بدانکہ بادیۂ قیامت در پیش بس آدمست و بیابان بی نہایت در راہست و وی غافل نشستہ و نمی داند کہ در بستر خواب خفتہ است و سفر می کند زیرا کہ این شب و روز دو مرکب است تیز رو پس آدم را ببرند و بدان سرای غریبان فرود آرند تا قافلہ ہمہ بیکدیگر رسند پس جملہ را برانگیزانند و این خطاب بشنوانند کہ فریق فی الجنۃ و فریق فی السعیر این فلک دوّار و این بوقلمون عمر وی بتاراج برمید ہد و وی ہیچ خبر ندارد و ہمہ مردگان در آزر وی یک روزہ عمرند تا تقصیر ہا بدان تدارک کنند و نمی توانند یافتن و تو یافتہ و عمر ضائع می گذرانی و سرمایہ بباد برمید ہی، سرمایۂ آخرت عمر است و مایۂ قیامت تقوی است مایۂ دوزخ ہوا ست، وقت آن نیامد کہ از خدمت مخلوق با خدمت خالق شوی و وقت آن نیامد کہ خود را باشی کہ در آنچہ بودی ہمہ بر خود بودی کہ ہر کس کہ زادوی تقویست سزاوار ست اگر بساط تہنیت بیفگند ہمہ عالم ملک و ملک تو شدہ گیر و بجای بگذاشتہ گیر آخر چہ،... این خلق بیشترین در غم معدۂ خود ماندہ اند کہ نباید کہ برہنہ و گرسنہ مانند ہیچ کس نمی اندیشد کہ نباید کہ امشب نخسپم و بامداد برنخیزم و آنچہ من جمع کردہ ام دیگران بردارند، ای بمکابرۂ عقل برخاستہ و بر سر پل خانہ ساختہ و بر موج دریا افگندہ چون ناصیۂ ملک الموت بینی ہشیار شوی فریاد برآری کہ

یاحسرتی علی ما فرطت فی جنب اللہ ، ہیچ زندانیئ دیدی کہ در زندان شادی و راحت طلبد تو آن زندانی ہستی کہ شادی در زندان می طلبی ، من طلب مالم یخلق اتعب نفسہ ولم یرزق ، ہیچ اسیر را دیدی کہ شہریاری طلبد ، آدمی اسیر قضا و قدر است و امیری و شہریاری می طلبد ، ہیچ بندہ را دیدی کہ خواجگی طلبد ہیچ خاکی را دیدی کہ خواجگی طلبد یا ابن التراب و ماکول التراب انت غداً ماکول و مشروب ، آدمی تماشای بوستان می کند یک ساعت بیاید تا تماشای گورستان کند تا آن حسرات و زفرات بینی شاہان جہان در ظلمت گور اسیر خاک شدہ بینی خسرو انرا مجوس گور و لحد شدہ بینی جمجمۂ جبّاران بوسیدہ بینی سرہای سروران در خاک شدہ بینی جوانان باحسرت در خاک خوار شدہ بینی گیسوی عروسان در خاک بوسیدہ و پارہ شدہ بینی ، پشت زمین بر غفلت است و شکم زمین بر حسرت و آدمی در وادی پنداشت و تمنای خود گم شدہ کہ امروز چنین کنم و فردا چنان کنم و مرگ بروی می خندد و اجل برامل می خندد و تقدیر بر تدبیر می خندد و مرگ بر زندگانی می خندد ، . . . چون عمر مختصر باشد مال بسیار چہ سود چون خانہ گور خواہد بود حجرۂ زرّین و سیمین چہ سود چون تخت و کلاہ دولت مملکت حسرت خواہد بود جمع و منع چہ سود چون عمر وفا نخواہد کرد تو فیر خزانہ را چہ سود اگر آواز امارت بسر آدم بشرق و غرب رسد و اہل مشرق و مغرب بروی خطبہ کند و چراغ بدیوان وی آورند جان تنہا باید کندن و در گور تنہا باید خفتن و حساب تنہا باید دادن ،

بیت :- سپہر بلند ار کشد زین تو سرانجام مرگست بالین تو

در خبر است کہ مردی پیش رسول صلے اللہ علیہ وسلم آمد و گفت یا رسول اللہ مرا وصیتی کن گفت کار کن دو روز یا دو شب را ، گفت یا رسول اللہ کدام روز و شب گفت آن روز را کہ ملک الموت در خانۂ تو در آید بجان استادن تو و آن شب کہ مردہ را در گور نہند بستر خاک بود و بالین خشت و زیارت کنان مار و مور بود و

کار کن آن روز را که ایستاده باشی پیش خداوند جل جلالہ نامہ بدست تو ندانی که ترا بہشت می فرستند یا بدوزخ و کار کن آن شب را که در گور بخسپی پس ازان شب نباشد یا مدادش قیامت باشد خلایق جہان فردای قیامت از بادشاہ و رعیت خاص و عام باحسرت و ندامت خواہند بودن و دست بر سر می زنند و خود را ملامت می کنند نیکو کردار می گوید واحسرتا چرا نیکی بیش نکردم و خیرات زیادت نکردم و بد کردار گوید واحسرتا چرا بد کردم، در خبر است که جبرئیل پیش مصطفےٰ علیہما السلام آمد گفت یا رسول اللہ چہار سخن گزیدہ از چہار ہزار سخن بشنو و امتان را خبر کن، اوّل بگو کہ خراب میکنند آنجا را کہ شمار اچارہ نیست از باز گشتن بدو، دوم بخشم میارید و مخالفت میکنند آنکس را کہ شمار اچارہ نیست از باز گشتن بدو، سوم جہد کنید بجستن چیزی کہ لابد شماست رحمت خدای و بہشت خدای، چہارم چیزے مطلبید کہ با او نخواہید ماند، مسکین آدمی بی خواست وی درین جہان آمد و در رنج و بلا و ناکامی عمر بسر برد و بحسرت از دنیا بیرون شد آمدنش بیخواست وی بود و بودنش بی کام و مراد وی رفتنش بیخواست وی چون زندانی کہ ویرا بزندان برند و بیرون آرند، **حکایت**: پادشاہی بود نیک مردی را بر نجانید گفت ای نیک روز از من بہتر از من چہ میخواہی گفت چگونہ گفت وی گذشت و من دُرد تو طعم ندانیم و فردا ہنوز نیامد تو بدین یک زمان از من بیشتر ہستی عمر آدمی دو نفس است چون نفس بر سید کار باسر ی رسید این چندین ہوس در یک نفس از سعادت مرد آنست کہ درین جہان نیکو نام بود و دران جہان رستگاری یابد، مرد عاقل کامل داند کہ خدای بہتر است کہ خلق و آخرت بہتر ست کہ دنیا و عمل و صالح بہتر ست کہ خزینہ و مال، و عاقل کسی بود کہ بداند کہ مال مرد آن بود کہ بخورد و بہشت بدان بدست آرد و دیگر یا سلطان پاک ببرد یا فرزند پاک ببرد یا نصیب خاک بود، دست تہی در آمدی و دست تہی خواہی رفت، بیت:-

انگشت زنان در آمدیم از در تو انگشت گزان در آمدیم از بر تو

حکایت:- ذوالقرنین از مشرق تا بمغرب بستد و در ظلمات پادشاهی براند چون وقت وفاتش بود گفت دستم تهی و برهنه کنید و از تابوت بیرون آرید تا عالمیان بدانند که ازین دنیا و مملکت هیچ با خویشتن نبردم دست تهی در آمدم و دست تهی بردم آن کیست که خزینهٔ عادیان امروز بدو درم بخرد خدایرا عزّوجل سه فرشته است هر روز بر سر عالمیان ندا میکند یکی میگوید من لم یرحم نفسه لایرحمه الله هر که بر خود رحمت نکند خدای بر وی رحمت نکناد و فرشتهٔ دیگر کریمان را دعا می کند و بخیلان را نفرین می کند میگوید بار خدایا هر که بخورد و ببخشد روزی وی فراخ گردان و هر که بخیل بود بر خود روزی وی تنگ کن فرشتهٔ دیگر میگوید مال فلان کس را دادیم و زن فلانرا دادیم و فلان را دولت دادیم و فلان را دولت دادیم و فلان را معزول کردیم، در خبر است که شبانروزی بیست و چهار ساعت است در هر ساعتی حق تعالی ششصد هزار را زندگانی می آفریند و در وجود می آرد و ششصد هزار را می میراند و ششصد هزار را عزیز می گرداند و ششصد هزار را ذلیل می گرداند و ششصد هزار را از خاک برمیدارد و بر تخت می نشاند قوله تعالی تعزّ من تشاء و تذلّ من تشاء....

حکایت:- هفتاد حکیم جمع شدند گفتند بیائید تا این دنیا را این سرای حسرت و وحشت را چیزی مانند کنیم بهفت چیز وی را مانند کردند اوّل بسراب که در بیابانها باشد مرد تشنه امید طمع در وی بندد پندارد که چیزیست چون بدو رسد هیچ نبیند همه امیدش باطل شود و رنجش ضائع شود همچنین خداوند دنیا هزار امید دارد یکی آنکه عمری دراز باشد تا مقصودها دریابد یکی آنکه با او وفا کند و دیگر با وی موافقت کند دیگر دشمنان وی شاد نکند این دنیا غدار ازینها هیچ نکند، دوم مانند کردند بآب شور که هیچ منفعت نکند و مرد را سیر نکند همچنین از دنیا کسی سیر نشود و از وی منفعتی بر ندارد، سیوم بهرف مانند

کردند نیاید و منفعت نکند، چهارم بمیخ تابستان مانند کردند که مردم از گرما تافته باشد و در زیر میغ گریزند همی چون برقی برگذرد آن تمنای ایشان باطل کند، همچنین خداوند دنیا از فقر و فاقه و رنجوری عزل و ذل و خواری دل در وی بندند بناگاه برگردد و ایشانرا ناامید گرداند، پنجم بسایهٔ آدمی مثل زدند که با او بهم می رود راست هر که خواهد که منفعتی برگیرد نا پدید شود همچنین دنیا دنی می نماید راست هر که خواهد که منفعتی برگیرد پشت برگرداند و بگریزد، هفتم بخواب آشفته مانند کردند واین درست تر [از] همه قولهاست زیرا که آن درویش عرب بیمار در خواب می بیند که بر تخت نشسته است و شهر بپادشاهی ویست و فرمان می دهد و فلان خاتون در کنار ویست و غلامان کمر بسته پیش وی ایستاده و چندین خزینه بحکم اوست و چندین قلعه بفرمان ویست و دولتی یافت و آن رنجها باسری شد همی از خواب در آید ازین هیچ بیند آن محنت و مصیبت خویش بیند بشرم در افتد و تشویر و خجالت خورد گوید:-

در دا و دریغا که ازان خاست و نشست خاکیست مرا بر سر و بادیست بدست

در تربیت اولاد

چنانکه صلاح فرزندان بسبب مادر و پدر است و بلاک فرزندان بسبب مادر و پدر است، و قرآن کریم میگوید یا ایها الذین آمنوا قوا انفسکم و اهلیکم نارا- ای کسانیکه بخدای و رسول ایمان آرید خویشتن و فرزندان را از آتش دوزخ نگاه دارید و رسول صلے اللہ علیہ وسلم گفت لعن اللہ والداً و ولده گفت لعنت خدای برآن پدری باد که فرزند را عاق کند، همچنانکه فرزند را در حق پدران وصیت کرده است بتربیت پدر را در حق فرزندان وصیت کرده، عاق کردن پدر فرزند را چنان باشد که ویرا مهمل گذارد و آداب شرع و یرا نیاموزد تا بر پدر عاق شود و پندارد که آن عاقی طاعتست زیرا که ادب نیاموخته باشد و آن گناه

لہ کذا،

پدر است، و اگر کسی خواہد کہ تربیت فرزند کند او را از ہفت آفت نگاہ باید داشت، اوّل صحبت منجّم و شاعر و حکیم کہ این قوم در امر شرع نہاون کنند آن وقت کہ مسلمانی ایشان درست باشد و تہاون کردن مودی بود بدست بداشتن و دست بداشتن سبب بود کہ بر دلہا ایشان گران بود و آن سبب بود کہ شکی در دل آید نعوذ باللہ منہ و صحبت این قوم آفتی عظیم است الّا ماشاء اللہ از ہزار یکی سلامت نیابد بسا خلق کہ ضال شدند ازین سبب، دوم ہمنشین بد کہ ہیچ چیز در عالم از ہمنشین بد بتر نیست و پانصد سال است کہ این بیت گفتہ اند:-

عن المرء لا تسأل و ابصر قرینہ فانّ القرین بالمقارن یقتدی

زیرا کہ طبع از طبع بدزدد و بیاموزد و بر فساد دلیر شود و شیطان بیرون آید، سیوم مجالست زنان کہ مجالست زنان بر سبیل دوام کودکان را از طبع بگرداند و از ادب و حرمت و مہمات دین محروم شود و فرزندان برنگ زنان برآیند . . . چہارم از خمر خوردن نگاہ دارد کہ سرہمہ آفتہا و شرہا خمر است و فرزند ان را بکودکی نگاہ باید داشتن تا ببزرگی ادب یافتہ بود چون بکودکی دست باز دارد کی توان یافتن، چون لذّت خمر و بی نمازی بحلق کودک رسید فلاح ہر دو جہان از و بر خاست، پنجم از خواندن کتب پارسی کہ نہ بشریعت تعلق دارد مانند ویس و رامین و حکمت جاماسپ و لہراسف و دقائق عذرا کہ خواندن این کتابہا فسق است و بعضی کفر است و مردم نشناسند و کمترین آفت آنست کہ مردم مشتاق شوند و در دل طلب آن پدید آید و از حق باز ماند و عمر در باطل بسر برد . . . ششم اگر صلاح فرزند خواہد در حال کودکی ایشان را از تنعّم نگاہ دارد جامۂ اطلس و کلاہ زرین و کوزۂ سیمین و انگشتری زرّین کہ جملہ مرد ان را حرامست کمترین آفت آن بود کہ بحرام رخصت دادہ باشد و دران بزہ نزدیک بود و ایشان را بر معصیت دلیر کردہ باشد، چون این نعمتہا میسّر شود شیطان بیاید گوید بیکار منشین غلامچہ باید زنی بلابہ باید فلان و فلان طبع در تقاضا آید فرزند بطلب برخیزد فساد پدید آید ہیچ تدارک نتوان کردن، ہفتم کبوتر بازی و

برہم شدن کہ این قاعدہ شومست از آن آفتہاے خیزد بر زنان مسلمان مطلع شود و شرہا ازین تولد کند - پس ہر کس کہ توفیق یابد و فرزندان را ازین نگاہ دارد موافق کسی بود، و علامت آن بود کہ خانۂ او رنجواہد و اگر مہمل فرو گذارد فساد در فساد پدید آید و انّ التوفیق عزیز، اگر کسی گوید تربیتہ فرزند چون باید کردن تا ازین جملہ دور باشد گوئیم بدآنکہ دل کودک ہمچو مُرغ نقش پذیراست اگر صلاح یابد بپذیرد و اگر فساد بیند نپذیرد والخیر والصلاح بیداللہ و تربیت فرزندان را شرائط است اوّل آنست کہ شیر فرزند [را] کسی دہد کہ پارسا و مصلحہ و حلال خوار و نماز کن باشد زنی نصرانی یا زنی نابکار ندید کہ شیر دادن غذاء ولیست و طبع بدان مائل شود، و رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مے گوید الرّضاع یغیّر الطّباع، این شرائط نگاہ باید داشت، دوّم آنست کہ ظہیرۂ وی بکند و نام نیکو ہند عبداللہ و احمد محمد و محمود و ابوبکر و عمرو مانند این و ناہا بد نہند خبلہ و رشلہ و دلفا و کلب وضبّہ وذیب وگو سفند کہ این جفا باشد با فرزند، سوم آنست کہ ویرا پیش مقری بفرستند تا نخست قرآن بیاموزد کہ مبارک ترجزی قرآنست وسبب آنست کہ نخست قرآن می باید خواندن تا دیش مشغول چیزی دیگر نشود و حلاوت قرآن با گوشت و پوست او برآمیزد چہارم آنست کہ او را عربیت و ادب بیاموزد و قدری از فقہ و احکام و نماز و طہارت و فرض عین کہ آں پنج رکن مسلمانی است تا در قیامت معذور باشد کہ در خبرست کہ فردای قیامت فرزندان دست در دامن پدراں زنند و زنان در امن شوہران گویند بار خدایا مارا احکام شریعت نیاموختند تا ما دوزخی شدیم از سبب جہل زیرا کہ خلق بہشت بسبب علم می شوند و بدوزخ بجہل، پنجم اگر کودک رسیدہ بود و برخواندن و آموختن ویرا بنوازد و چیزے بدہد و وعدہ کند تا دلش خوش شود و آموختن کہ بسیارے بادشاہان بودند کہ فرزندان را بوعدہاء خوب

لہ غالباً اس جملے میں عبارت کا کچھ حصہ حذف ہوگیا ہے ؛

مصلح گردانیدند و عالم و مؤدّب و مہذّب شدند برائی و تدبیر ایشان زیرا کہ پیغامبری گوید علیہ السّلام جبلت القلوب علی حبّ من احسن الیہا خدائے عزّوجل دلہا را چنان آفریدہ است کہ ہر کسی کہ باوی احسان کند ویرا بدوستی گیرند، ششم اگر گناہی کند فرزند ورکودکی ویرا بزند و دوبارہ تا خوگر نشود و یک بار و دو بار تغافل کند تا ازو ہیبت گیرد کہ از سہو و غفلت و نشاط و کودکی معصوم نیست خاصہ آتش جوانی کہ شعبہ ایست از دیوانگی . . . . . ہفتم آنست کہ درین اسباب توکّل بر خدای تعالیٰ کند و اعتماد بر فضل او کہ صلاح اور دہد و بقضا و قدر اوست تا او نگاہ ندارد مادر او پدر ہیچ نتواند کردن و چون او نگاہ دارد ہیچ نتوان کردن ٭

محمد اقبال

کلام منوچہری

(گذشتہ سے پیوستہ)

منوچہری کے کلام کی نوعیّت

منوچہری نے اپنے قصائد میں وہی رَوش اختیار کی ہے۔ جو زمانہ جاہلیّت کے عربی شعرا سے مخصوص تھی۔ اس کے قصائد پر عربی شعرا کا رنگ اس قدر چڑھا ہُوا ہے۔ کہ ایک مصنف کا خیال ہے کہ باوجودیکہ منوچہری میں تمام شاعرانہ اوصاف پائے جاتے ہیں۔ لیکن ہم اِسے ہم عصر شعرا میں ممتاز خیال نہیں کر سکتے۔ کیونکہ اس کے کلام کا موضوع عموماً شراب، عشق و محبّت، موسم بہار، اور مدح و ثنا وغیرہ فرسُودہ اور مبتذل مضامین ہیں۔ جو عربی نظم میں کثرت مستعمل ہیں اور وہ تکلّفات اور تصنّعات سے خالی نہیں ؛

مگر ہم اِس مصنف کے مذکورہ بالا خیال میں متفق الرائے نہیں ہیں۔ منوچہری جیسا کہ اِس کے کلام سے پایا جاتا ہے۔ فطرتاً شاعر تھا۔ جو کسی شاعر کے حسن کلام کے لئے ایک ضروری شرط ہے۔ وہ بچپن میں ہی مشکل سے مشکل طرح پر شعر کہہ سکتا اور ہر وزن و زمین[۱] میں طبع آزمائی کر سکتا تھا۔ روایت میر تقی کاشی سے جسے صاحب مجمع الفصحاء نے بھی تسلیم کیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ سلطان مسعودؒ کے دربار میں ملک الشعراء عنصری کے بعد متصل جگہ پایا کرتا تھا اور دیگر تمام شعراء اس پر رشک کرتے تھے۔ بلکہ صاحب مجمع الفصحاء کا تو یہ خیال ہے۔ کہ گو وہ عنصری کا تتبع کرتا تھا۔ لیکن شعر گوئی میں اس سے بھی افضل[۲] مانا جاتا تھا ؛

---

[۱] مجمع الفصحاء جلد اوّل ص ۵۴۲ ؛ لباب الالباب جلد دوم ص ۵۳ ؛ ۱۲ منہ

[۲] مجمع الفصحاء جلد اول ص ۵۴۶ ؛ ۱۲ منہ

[۳] مجمع الفصحاء جلد اوّل ص ۵۴۲ ؛ ۱۲ منہ

میر تقی کاشی کی ایک غلطی

صاحب خلاصۃ الافکار لکھتے ہیں۔ کہ منوچہری عنصری اور عسجدی کا ہم عصر تھا۔ اور دربار میں عنصری کے سوا تمام دیگر شعرا مع فردوسی اور فرخی کے اس سے نچلے درجہ پر بیٹھا کرتے تھے۔ لیکن یہ خیال بالکل بے بنیاد ہے۔ کیونکہ فردوسی جو کہ منوچہری کے غزنی آنے سے پہلے ۱۰۲۵-۶ء میں مر چکا تھا۔ اس کا مصاحب کیونکر ہو سکتا تھا۔ فردوسی تو سلطان محمود سے بھی پہلے مر چکا تھا اور منوچہری محمود کے بعد مرا۔ اس لئے فردوسی اور منوچہری کا دربارِ محمود میں ایک دوسرے کا مصاحب ہونا ہرگز قابلِ تسلیم نہیں ۔

غزنوی دربار میں منوچہری

کچھ ہو لیکن ہمیں اس وقت صرف یہ دیکھنا ہے۔ کہ دربار غزنی میں منوچہری کا کیا پایہ تھا۔ تقریباً تمام تذکرہ نویس اس بارے میں ہم آہنگ ہیں۔ کہ سلطان مسعود کے دربار میں منوچہری کو ایک امتیازی رتبہ حاصل تھا۔ اس نے اپنا زیادہ تر کلام جو ہم تک پہنچا ہے مسعود ہی کے زمانۂ حکومت میں کہا۔ کیونکہ دیوان کے تقریباً تمام قصائد مسعود اور اس کے بعض درباریوں کی مدح میں ہیں۔ جس کی وجہ سے مسعود بھی اس پر بہت مہربان تھا اور اسے منصب ترخانی حاصل تھا۔ یعنی جس وقت چاہتا دربار میں بلا روک ٹوک آمد و رفت کر سکتا تھا۔ چنانچہ دولت شاہ کا خیال ہے۔ کہ اس کا تمام مکسوبہ مال و دولت اس کے مدحیہ کلام کا صلہ تھا۔ دربار میں اس کے جاہ و منصب پر اس کے ہم عصر شعراء اس پر حسد کیا کرتے چنانچہ وہ ایک حاسد کے متعلق کہتا ہے ؎

حاسداں بر من حسد کردند و من فردم چنیں — دادِ مظلوماں بدہ اے عزّ امیر المؤمنیں
حاسدم بر من ہمی بیشی کند وین زو خطاست — بفسرزچوں بشگفد گل پیش ماہ فرودیں
حاسدم خواہد کہ او چوں من ہمی گردد بفضل — ہر کہ بیمارئ دق دارد کجا گردد سمیں
حاسدم گوید چرا بر من بیک گفتار من — کوژ گشتی چوں کمان و تیر گشتی چوں کمیں
حاسدم گوید ببردی دوستانم راز من — دوستانم خود برابر و بود از وے زخم چیں

حاسدم گوید چرا باشی تو در درگاہِ شاہ — اینت بغضے آشکارا اینت جہل راستین
حاسدم گوید کہ ما پیریم و تو برفاتری۔ — نیست با پیراں بدانش مردم برنا قریں
حاسدم گوید چرا خوانند کمتر شعرِ من۔ — زان تو خوانند ہر کس ہم بنات وہم بنیں
حاسدم گوید چرا تو خدمتِ خسرو کنی — روبہا نزا کرد باید خدمت شیر عریں
حاسدم خواہد کہ شعرِ او بود تنہا و بس — باز نشناسد کسے بربط ز چنگ رامتیں
حاسدم گوید چرا در پیش گاہِ مہتراں — ما ذلیلیم و حقیر و تو امینی و مہیں
حاسدا ہرگز نہ بینی تا تو باشی روئے عقل — دوزخی ہرگز نہ بیند روئے و موئے حورعیں
حاسدا تو شاعری و نیز من ہم شاعرم — چوں ترا شعرِ ضعیف است و مرا شعر سمیں[1]
حاسدا تا من بآں درگاہِ سلطاں آمدم — بر فتاوت غلغل و بر خاستت ویل و حنیں[2]

ایک اور قصیدہ میں وہ حاسد کو یوں خطاب کرتا ہے :-

بد گفتن اندر آنکس کو ماوحِ تو باشد — باشد ز زشت نامی باشد ز بد عیاری
اے میر مصطفےٰ را گفتند کافراں بد — با آں ہمہ نبوت با فرِ کردگاری
چنداں دروغ و بہتاں گفتند آں جہوداں — بر عیسےٰ ابن مریم بر مریم و حواری
من کیستم کہ بر من نتواں دروغ گفتن — نہ قرصِ آفتابم نہ ماہ و ہ چہاری
اے شاعرِ سبک دل با من چہ اوفتادت — پنداشتم کہ عقلت بیش است و ہوشیاری
با من ہمی خجی تو واگہ نۂ کہ خیرہ — دنبال ببر خائی چنگال شیر خاری
چوں روئے من ببینی با من کنی تلطف — مہماں بری بخانہ نقل و نبیذ آری
وانجا کہ من نباشم گوئی مثالبِ من — نیک است کت نیاید زین کار شرمساری
یا باش دشمنِ من یا دوست باش و یک — نہ دوستی نہ دشمن اینت سپید کاری

---

[1] ہمارے خیال میں اگر سمین کی جگہ ثمین (بثاءِ معجمہ) ہو تو زیادہ موزوں ہے۔ ممکن ہے کہ کاتبوں نے تصحیف کردی ہو ۱۲ منہ [2] حنین کی جگہ انین یعنی نالہ و گریہ زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے ۱۲

تزویرگر نیم من - تزویرگر تو باشی زیراکہ چوں منے را تزویرگر شماری
از بہر آنکہ شعرم شہ را بدل خوش آمد برخاست از تو غلغل برخاست از تو زاری
چوں تو نیم کہ خدمت کہتر کنی و مہتر از بہر دو وشانی وز بہر یک دواری
دانی کہ من مقیمم بر درگہ شہنشہ تا بازگشت سلطاں از لالہ زار ساری
خشم آیدت کہ خسرو بر من کند نکوئی اے ویحک آب دریا از من دریغ داری
اے کاشکے حسودم چوں تو ہزار بودے اکنوں کہ دیدہ خسرو از من اُمیدواری
حاسد چو بیش باشد بہتر رود سعادت چوں باد بیش باشد بہتر رود سماری
شاہا بر غم حاسد خواہم کہ من رہی را چوں شاعران دیگر بر خدمتم گماری

ایک اور جگہ وہ اپنے حاسدوں کی یوں شکایت کرتا ہے :-

ایا خواجہ ہمداستانی بکن کہ بر من تحمّل کند ابتر ے
فراواں مرا حاسداں خاستند زہر گوشۂ وز ہر کشور ے
تو گر حافظ و پشت باشی مرا بذرہ نیندیشم از ہر خرے

منوچہری کے زمانہ میں فارسی نظم کی دو مخالف جماعتیں

منوچہری کے زمانہ میں فارسی نظم میں عموماً دو قسم کے خیالات کا تتبع کیا جاتا تھا۔ ایک جماعت وہ تھی جو شخصی احوال کے متعلق شعر کہا کرتی تھی۔ اور دوسری قومی اور سیاسی اُمور میں اپنی طبع آزمائی کرتی تھی۔ پہلی جماعت کا قافلہ سالار عنصری اور دوسری کا فردوسی تھا۔ سلطان محمود کے زمانہ تک فردوسی کے قدم بقدم چلنے والوں کا دَور دَورہ تھا۔ لیکن محمود کی وفات اور ناصرالدین قاچار کی تخت نشینی کے درمیان کے زمانہ میں فردوسی کے مدّاح تو بہت رہے۔ مگر کسی نے اس کی تقلید کا موقعہ نہ پایا۔ ایرانی لوگ شاہ نامہ پڑھتے تو تھے مگر وہ عزنی نظم کو بمقابلہ فارسی نظم کے چنداں مرغوب خیال نہ کرنے کے علاوہ فارسی نظم کے بھی اتنے دلدادہ نہ تھے۔ غالباً اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے۔ کہ عزنی ادبیات کا ذخیرہ صرف ایسے علماء تک محدود تھا

جنہیں اشعارِ عربیہ سے صرف اتنا ہی تعلق تھا۔ کہ وہ کتاب وسنت کے لئے استشہاد کر سکیں اور وہ خود شعر سے زیادہ مانوس ہونا اہم خیال نہیں کرتے تھے ؛

فارسی نظم کے متعلق منوچہری کا مسلک

مذکورہ بالا حالات میں عنصری کے مقلدین کے لئے رستہ صاف تھا۔ کیونکہ مخالف جماعت کا نمائندہ صرف خود فردوسی تھا۔ منوچہری ضرورت وقتی کی بنا پر اپنے استاد عنصری کا جانشین تھا۔ اس لئے وہ جماعت عنصری کا سب سے بڑا علم بردار مانا جاتا تھا۔ وہ فارسی نظم میں عربی الفاظ اور ضرب الامثال کے استعمال کا بڑا حامی تھا۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی شخص جو عربی نظم اور عربی شعرا عربی رسم ورواج اور تاریخ عرب سے ناآشنا ہو۔ منوچہری کے کلام کی تعریف کرنا تو بجائے خود اسے اچھی طرح سمجھ بھی نہیں سکتا۔ غالباً اسی خیال پر مذکورہ بالا مصنف کی وہ رائے جو صدر مضمون میں ہم نے نقل کی ہے۔ مبنی ہے۔ جس میں وہ کہتا ہے۔ کہ ہم منوچہری کو اس کے اپنے زمانہ کا بڑا شاعر ماننے کو تیار نہیں ؛

منوچہری کے بہت سے قصیدے بلحاظ موضوع وزبان زمانۂ جاہلیت کے عربی قصیدہ کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔ مثال کے طور پر ہم اس کے ایک قصیدہ سے چند اشعار انتخاب کرتے ہیں ؎

سَلَامٌ عَلٰی دَارِ اُمِّ الْکَوَاعِبْ — بنان سیہ چشم عنبر ذوائب
رَسُوْمُ الطُّلَلْ والدِّیَارُ الدَّوَارِسْ — چو بر صدر منشور توقیع صاحب
مقامِ غوانی گرفتہ نوائح — بساطِ عنادل سپردہ عنادب
سمن زارگشتہ دیار سلاحف — چمن زار گشتہ وجار ثعالب
چو سیر کہ اکب بدینگونہ دیدم — براندم نجیب از مقام مصائب
شب تیرہ و باد غضبان فدفد — ہمی آمد آواز غول از جوانب
ہمہ راہ و بیراہ خار مغیلان — عقابان وادی لسان عقارب
فتاد آنگہے چشم من بر قوافل — عیوں غرقہ در خون والدمع ساکب

زدہ خیمہا دیدم اندر مجاری — درخشاں چو در دیر مصباح ثاقب
ز خیمہ بروں آمدہ خوبرویاں — گرازاں چو طاؤس گرد شارب
لب لعل ضاحک خم جعد کافر — رُخ خوب لامع سر زلف لاعب
معنبر ذوائب معقد عقائص — مسلسل خدائر سنجل ترائب
خراماں بُت من میان جواری — چو حورِ بہشتی میان کواعب
ز ارواح صافی تر اندر لطائف — ز خورشید روشن تر اندر کواکب
نگندم رحال و زمام نجیبم — وَالْهِمْتُ بِالنَّحْرِ وَالنَّحْرُ وَاجِبْ
نگہ کردم اندر جہان لطائف — بجنت عمیدوں فریدوں مراتب

اس قصیدہ میں مضمون۔ سلسلہ خیال اور زبان تمام امور میں شاعر کا میلان زیادہ تر عربی کی طرف ہے۔ عربی اس قدر نمایاں ہے۔ کہ خواہ مخواہ یہ خیال آتا ہے۔ کہ شاعر نے مضمون تو عربی میں لیکن اظہار خیال فارسی میں کر رہا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ غزنوی دورِ حکومت کا کوئی شاعر زمانہ جاہلیت میں عرب کا باشندہ ہے۔ جن اصحاب نے ملک الشعراء امرؤ القیس کے مشہور قصیدہ ؎

قِفَا نَبْكِ مِنْ ذِكْرَى حَبِيْبٍ وَمَنْزِلِ — بِسِقْطِ اللِّوَى بَيْنَ الدَّخُوْلِ فَحَوْمَلِ

کا مطالعہ کیا ہوگا۔ انہیں بخوبی معلوم ہو جائے گا۔ کہ شاعر نے اسی قصیدہ کے الفاظ و معانی کو فارسی تراکیب کے سانچے میں ڈھال دیا ہے۔ اس لئے اگر خالص ایرانی مذاق کے شعراء کو منوچہری کے ان اشعار سے زیادہ دلچسپی نہ ہو تو کچھ تعجب کی بات نہیں۔ مگر بایں ہمہ ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ فاضل شاعر نے اس میں ایک گونہ جدت پیدا کر کے شعر گوئی میں ایک انوکھی راہ نکال لی ہے۔ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ؏

ہر یکے را بہر کارے ساختند

مندرجہ بالا قصیدہ کے علاوہ ایک دوسرا قصیدہ ہے۔ جس میں تشبیب۔ تخلیص۔ مدح۔

اور مقطع وغیرہ عربی قصیدہ کے تمام لوازم پائے جاتے ہیں۔ یہ قصیدہ بہتر شعر کا ہے۔ ہم کچھ اشعار نقل کرتے ہیں ؎

تشبیب

الا یا خیمگی خیمہ فرو ہل — کہ پیش آہنگ بیروں شد زمنزل
بتیرہ زن زدہ طبل نختیں — شتر باناں ہمی بندند محمل
نمازِ شام نزدیک است اشب — مہ وخورشید را بینیم مقابل
ولیکن ماہ دارد قصدِ بالا — فروشد آفتاب از کوہِ بابل
چناں دو کفّۂ سیمیں ترازو — کہ ایں کفّہ شود زاں کفّہ مائل

اس کے بعد شاعر اپنے محبوب کے کوچ کرنے کا ذکر کرتا ہے۔ اور اسے اس طرح خطاب کرتا ہے ؎

ندانستم من اے سیمیں صنوبر — کہ گردد روز چونیں زود زائل
من و تو غافلیم و ماہ وخورشید — بریں گردونِ گرداں نیست غافل
نگارینِ منا برگرد و مگری — کہ کارِ عاشقاں را نیست حاصل
زمانہ حامل ہجر است ولابُد — نہ دیک روز بارِ خویش حامل
نگارِ من چو حالِ من چنیں دید — ببارید از مژہ باران وابل
تو گوئی پیپلِ سودہ بکف داشت — پراگند از کف اندر دیدہ پیپل
بیامد اوفتاں خیزاں برِ من — چناں مرغے کہ باشد نیم بسمل
مرا گفت اے ستمگار ایجانم — بکام حاسدم گردی تو عادل
چہ دانم من کہ باز آئی تو یا نہ — بداں گاہے کہ باز آید قوافل
دو ساعد را حمائل کرد با من — فرو آویخت از من چوں حمائل
ترا کامل ہمی دیدم بہر کار — ولیکن نیستی در عشق کامل

اس کے بعد شاعر اپنے محبوب کو تسلی دیتا ہے۔ جو آخر کار اس کو اکیلا چھوڑ کر چل دیتا ہے۔ وہ کارواں سرائے کی طرف نظر کرتا ہے۔ لیکن اسے کوئی انسان یا حیوان۔ پیادہ یا سوار دکھائی نہیں دیتا۔ صرف اس کا اپنا اونٹ ہے۔ جس کے ہاتھ پاؤں باندھے ہوئے ہیں۔ اور وہ گھبرایا ہُوا ہے۔ چنانچہ اِس پر زین کستا ہے۔ اور سوار ہو کر اسی راستہ پر جاتا ہے جدھر قافلہ والے گئے ہیں۔ وہ ایک لق و دق بیابان میں سے گذرتا ہے۔ جس میں اِنتہا درجہ کی سردی ہے۔ اور بہت سرد ہوا چلتی ہے۔ جو خون تک منجمد کر دیتی ہے۔ سنہری ریت پر روپہلی برف کے ٹکڑے پڑے ہوئے ہیں۔ اس کے بعد صبح نمودار ہوتی ہے۔ اور سورج کی گرمی سے برف پگھلنا شروع ہوتی ہے۔ اس کے اونٹ کے پاؤں میں کیچڑ کسی لیسدار مادہ کی طرح چمٹ جاتا ہے۔ آخر وہ افتاں و خیزاں قافلہ کو جا پاتا ہے۔ جو میدان میں خیمے لگائے پڑا ہے۔ وہ دُور ہی سے اونٹوں کی گھنٹی کی آواز سنتا ہے۔ جو اس کو بیل کے راگ سے زیادہ بھلی معلوم ہوتی ہے ؛

گریز اس کے بعد کہتا ہے ؎

نجیب خویش را گفتم سبک تر — الایا دستگیر مردِ فاضل
بچرکت عنبریں باد اچہ گاہ — بچم کت آنہیں باد اصفاصل
بیاباں در نورد و کوہ بگذار — منازلہا بکوب و راہ بگسل
فرود آور بدرگاہِ وزیرم — فرود آوردن اعشیٰ ببابل
بعالی درگہِ دستور کو راست — معالی از اعالی وز اسافل

. . . . . .

. . . . . .

مدیح

ہمی نازو بعہدش میر مسعود — چو پیغمبر بنوشروان عادل
درآید پیشِ او بدرہ چو تاروں — درآید پیشِ او سائل چو عائل
شود واز پیشِ او سائل چو بدرہ — رود از پیشِ او بدرہ چو سائل

آخر میں ہم اس قصیدہ کے آخری سات شعر نقل کرتے ہیں - جن میں شاعر اپنے ممدوح کے جود و سخا کا ذکر کرتا ہے - اور اسے دعا دیتا ہے - جس کو اصطلاحِ شعراء میں حسن طلب کہتے ہیں یعنی شاعر ممدوح سے ایک لطیف پیرایہ میں حصول مطلب کے لئے التماس کرتا ہے قصیدہ کے آخری تین اشعار میں حسن مقطع بھی پایا جاتا ہے - جس کا مطلب یہ ہے کہ قصیدہ کسی ایسی بات پر ختم ہو جو بہت دلکش اور مؤثر ہو تاکہ سامع اخیر میں اُکتا نہ جائے اور اگر نظم میں کوئی عیب یا غلطی واقع ہو گئی ہو تو آخر میں اس کی تلافی ہو جائے ؎

حسن طلب

خداوندا من اینجا آمدستم — بامیدِ تو و امیدِ منفضل
افاضل نزدِ تو نازند ہموار — کہ زی فاضل بود قصدِ افاضل
گرم مرزوق فرمائی بخدمت — ہماں گویم کہ اعشیٰ گفت و عیل
وگر از خدمتت محروم ماندم — بسوزم کلک و بشگافم انامل

مقطع

الا تا بانگ دُرّاج است و قمری — الا تا نام سیمرغ است و طغرل
تنت پائندہ باد و چشم روشن — دلت پاکیزہ باد و بخت مقبل
دہادا یزد مرا در نظمِ شعرت — دلِ بشّار و طبعِ ابنِ مقبل

اس قصیدہ میں شروع سے آخر تک عربی عنصر تقریباً ہر شعر میں پایا جاتا ہے - اور شاعر عربی رسوم و رواج کا ذکر کرنے کے علاوہ عربی شعراء کو بھی یاد کرتا ہے - جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کافی حد تک ان کے حالات سے باخبر ہے ؛

قبلہ والد صاحب بزرگوار مدظلہٗ نے ایک نعتیہ قصیدہ منوچہری کے اسی قصیدہ کے جواب میں لکھا تھا - جس کی تشبیب کے چند اشعار ہم مضمون ختم کرنے کے بعد ہدیۂ ناظرین کریں گے ؛

منوچہری کے کلام پر عربی شاعری کا اثر

درحقیقت عربی شعراء ہی کو منوچہری کے اساتذۂ رہبر خیال کرنا چاہیئے - جن سے وہ لفظاً و معنیً استمداد کرتا ہے - اور جن کے نقشِ قدم پر چلنے کا گرویدہ ہے - چنانچہ وہ ایک اور جگہ کہتا ہے ؎

چوں من ترا مدحت کنم گویم کہ خود اعشیٰ منم
ازبسکہ اندر دامنم از چرخ بارد قافیہ

وہ وہی وزن شعری استعمال کرنا چاہتا ہے۔ جو عربی شعراء نے کیا ؎

بر اں وزن ایں شعر گفتم کہ گفت است ابو شیص اعرابیٔ باستانی

اور اسی قافیہ و ردیف کا شائق ہے ؎

بزیر و بم شعر اعشیٰ و قیس زنندہ ہمی زد بعنّابہا
وَکَأْسٍ شَرِبْتُ عَلَی لَذَّۃٍ وَأُخْرٰی تَدَاوَیْتُ مِنْهَا بِهَا
لِکَیْ یَعْلَمَ النَّاسُ اَنِّیْ امْرُؤٌ اَخَذْتُ الْمَعِیْشَۃَ مِنْ بَابِهَا

ایک اور قصیدہ عربی شاعر ابو شیص کے اس قصیدہ کے قافیہ و ردیف میں ہے۔ جس کا مطلع یہ ہے ؎

سَاَلْقَاكِ وَاللَّیْلُ مُلْقِی الْجِرَانِ غُرَابٌ یَنُوحُ عَلٰی غُصْنِ بَانِ

منوچہری کہتا ہے ؎

جہانا چہ بد مہر و بد خو جہانی چو آشفتہ بازار بازارگانی

وہ پھر عربی شعراء کو یاد کرتا ہے ؎

رسیدم بنزدیک تو شعر گویاں چو نزدیک ہاروں صریع الغوانی
بامید آں تا کنم خدمت تو رہا گردم از محنت ایں جہانی
شنیدم کہ اعشیٰ بشہر یمن شد سوی سودۃ بن علی الیمانی
برو خواند شعرے بالفاظ تازی بشیریں معانی و شیریں زبانی
یکے کارواں اشتر گشن و اوش ہر اشتر بسان کہے از کلانی
شنیدم کہ سوئے خطیب ملک شد بمدحتگری بو نواس بن ہانی
بیک ساعت او گم دہانش بیاگند بیاقوت و بجادۂ بہرمانی

علی بن براہیم از شہر موصل — بیامد بغداد از شعر خوانی
بدادش ہما نگاہ رشید خلیفہ — بواصل دوسہ بدرہ از زر کانی
سوئے تاج عمرانیاں ہم بدنیاں — بیامد منوچہری دامغانی

وہ عربی شعراء کا ذکر صرف اس غرض سے کرتا ہے۔ کہ اپنے ممدوح کو یاد دلائے کہ انہیں اپنے ممدوحین کی مدح کا کیا صلہ ملتا رہا۔ شروع سے آخر قصیدہ تک عربی شعراء کے ناموں کی بھرمار ہے۔ تاکہ وہ اپنے ممدوح کو بھی ان ممدوحین کی سی فراخ حوصلگی کی طرف توجہ دلائے ؛

اسی طرح ایک اور قصیدہ (جس کے ایک دو شعر ہم اوپر نقل کر چکے ہیں) ابن المعتز کے ایک قصیدہ کے ردیف و قافیہ میں کہا گیا ہے۔ جس کا پہلا مصرعہ یہ ہے ؎

وَ نَحْنُ بَنُو الْعِلْمِ اَوْلٰی بِہَا

منوچہری نے ضمیر ہا پر بہت عمدہ گرہ لگائی ہے ؎

چو از زلف شب باز شد تابہا — فرو مرد قندیل محرابہا
سپیدہ دم از بیم سرماء سخت — بپوشیدہ بر کوہ سنجابہا
بمیخوارگاں ساقی آواز داد — فگندہ بزلف اندرون تابہا
بہانگ بخستیں ازیں باب خوش — بجستیم ماہیچو طبطابہا
منجم ببام آمد از نور مے — گرفت ارتفاع سطرلابہا

وہ عربی شعر و شعراء کا اس قدر دلدادہ تھا۔ کہ وہ ان کی تقلید میں شعر کہنے سے کبھی سیر نہ ہوا ؎

از میان خانہ کعبہ فرو آویختند — شعر نیکو را بزریں سلسلہ پیش عزیٰ
امرؤ القیس و لبید و اخطل و اعشیٰ و قیس — بر طللہا نوحہ کردندے و بر رسم تلیٰ
ما ہمہ بر نظم و شعر و قافیہ نوحہ کنیم — نہ بر اطلال و دیار و نہ وحوش و نہ ظبیٰ
بو نواس و بو حداد و بو ملیک ابن البشر — بود و بید و بود رید و ابن احمد یا فتیٰ
آنکہ گفت است اذ تنتنا و انکہ گفت الذا نتین — آنکہ گفت السیف اصدق و انکہ گفت ابلی الھوی

بوالعلاء و بوالعباس و بوسلیک و بوالمثل	وانکہ آمد از لوائح وآنکہ آمد از ہری
گر مدیح و آفرین شاعراں بودے رفع	شعر حسانؓ بن ثابت کے شنیدے مصطفیٰؐ
بر لب و دندان آں شاعر کہ نامش بالغہ	کے دعا کردے رسولؐ ہاشمی خیر الوریٰ
شاعری عباس کردو حمزہ کرد و طلحہ کرد	جعفر و سعد و سعید و سید اُم القریٰ
ورعطا دادن بشعر شاعراں بودے فسوس	احمد مرسل نداد ے کعب را دیبہ ردیٰ

منوچہری کے کلام میں عربی اثر

چونکہ منوچہری کا دیوان شروع سے آخر تک عربی نظم وشعراء اور عربی الفاظ و محاورات سے پُر ہے اور اس میں تاریخ عرب اور عربی رسوم و رواج کی طرف جابجا اشارے پائے جاتے ہیں۔ اس لئے بے محل نہ ہوگا۔ اگر ہم اِن تمام چیدہ چیدہ امور کی ایک مختصر فہرست اس جگہ دیں :-

پہلا نمبر قصیدہ کا اور دوسرا شعر کا ہے سے

۳ - ۹	بزیر و بم شعر اعشیٰ و قیس	زنندہ ہمی زد بعنا بہا
۱۰	وَکَأْسٍ شَرِبْتُ عَلَی لَذَّۃٍ	وَاُخْریٰ تَدَاوَیْتُ مِنْہَا بِہَا
۱۱	لِکَیْ یَعْلَمَ النَّاسُ اَنِّی امْرُؤٌ	اَخَذْتُ الْمَعِیْشَۃَ مِنْ بَابِہَا
۱	سَلَامٌ عَلٰی دَارِ اُمِّ الْکَوَاعِبِ	بتان سیہ چشم عنبر ذوائب
۵ - ۲	رَسُوْمُ الطَّلَلْ وَالدِّیَارُ الدَّوَارِسْ	چو بر صدر منشور توقیع صاحب
۲۸	نگندم رحال و زمام نجیم	وَاَلْہَمْتُ بِالنَّعْرِ وَالنَّحْرِ وَاجِبْ
۲۹	شدم از صحاری من اندر عماری	وَقَدْ صِرْتُ حَقًّا سَعِیْدَ الْعَوَاقِبْ
۴۳	بداں وقت کز آبہا گرد خیزد	وَضَاقَتْ مَیَادِیْنُ جَمْعِ الْکَتَائِبْ
۴۶	تو چوں جبرئیل اندر آئی زبالا	کنی حملہ بر خصم مِنْ کُلِّ جَانِبْ
۷ ۱	اَلْمِنَّۃُ لِلّٰہِ کہ ایں ماہ خزان ہست	ماہ شدن و آمدن راہ رزان است
۱۱ ۱۲ -	کبک دری کوس وار کرد و قِفَا نَبْکِ یاد	باغ پُر از جملہ شد راغ پُر از حلّہ شد

۲۹	۳	ہمی راندم نجیب خویش چوں باد	ہمی گفتم کہ اَللّٰھُمَّ سَھِّلْ
	۶۵	یکے شعرِ تو شاعر تر ز حساں	یکے لفظ تو کامل تر ز کامل
	۶۸	گرم مرزوق فرمائی بخدمت	ہمی گویم کہ اعشیٰ گفت و دعبل
	۷۲	دہاد ایزد مرا در نظمِ شعرت	دلِ بشّار و طبعِ ابن مقبل
۳۱	۴۰	علی بن عبید اللہ صادق	رفیع الشان امیرِ صادق الظّن
	۴۱	جمالِ ملکتِ ایران و توراں	مبارک سایۂ ذی الطول و المن
۳۳	۲۷	کو جریر و کو فرزدق کو زہیر و کو لبید	رؤبہ و عجّاج و دیک الجن و سیف ذو یزن
	۲۸	کو خطیب و کو امیّہ کو خطیّہ کو کمیت	اخطل و بشّار بر دآں شاعرِ اہلِ یمن
	۳۱	ابن ہانی ابن رومی ابن معتز ابن فیض	وعبل و بوشیص و آں فاضل کہ بود اندر قرن
	۳۳	واں دو امرؤ القیس و آں دو طرفہ دو قالبہ	واں دو حسّان و سہ اعشیٰ واں سہ حمّاد و زن
	۳۶	تا بر اں آثارِ شعر خویشتن گرمی نید باز	نہ بر آثارِ دیار و رسمِ اطلال و دمن
۳۵	۳۶	من بسے دیوانِ شعرِ تازیاں دارم زبر	تو ندانی خواند اکاھُبَیْ بِضِغْنِکَ فَاْبْشِرِیْن
۳۹	۱	نوروز بر نگاشت بصحرا بمشک و مے	تمثالہائے عزّہ و تصویر ہائے مَہ
	۱۸	با نظمِ ابن رومی و با نثرِ اصمعی	با شرحِ ابن جنّی و با نحوِ سیبوے
	۱۹	با نکتۂ مغنّی و با دانشِ مُطیع	با خاطرِ مبرّد و با اغراقِ لفظوَے
	۲۰	با خطِّ ابن مقلہ و با حکمتِ ظہیر	با حفظِ ابن معتز و با صحبتِ ابے
۴۷	۱۶	با دبرین صناعتِ مانی کند ہمی	مرغِ حزیں روایتِ معبد کند ہمی
۴۸	۲۸	کثیر الثواب و قلیل العقاب	ثقیلُ الرّکاب و خفیفُ العنان
	۴۵	رسیدم نبزدیکِ تو شعر گویاں	چو نزدیکِ ہاروں صریعُ الغوانی
	۴۷	شنیدم کہ اعشیٰ بشہر یمن شد	سوی سودۃ بن علی الیمانی
	۵۰	شنیدم کہ سوئے خطیبِ ملک شد	بدحتگری بو نواس بن ہانی

۵۲	علی بن براہیم از شہر موصل	بیامد بہ بغداد در شعر خوانی
۶۵	بداں وزن ایں شعر گفتم کہ گفتہ است	ابو شیص اعرابیٔ باستانی
۶۶	ساقبلُ واللیلُ ملقی الجرانِ	غرابٌ ینوحُ علی غُصُنِ بانِ
۵۱ ۳۰	ایا کریم زمانہ علیک عین اللہ	توئی کہ چشمۂ خورشید انور ضوی
۵۵ ۳	گل زرد و گل خیری و بید و باد شبگیری	ز فردوس آمدند امروز سُبحانَ الّذی اَسری
۶	یکے چوں عاشق بیدل دوم چوں جد معشوقہ	سیم چوں مژۂ مجنوں چہارم چوں لب لیلےٰ
۸	یکے مقصورۂ غائب دو دیگر ماجد اعقل	سہ دیگر مخلص اخطل چہارم مقطع اعشےٰ
۹	زبان و اقحوان و ارغوان و ضمیران اُو	جہاں گشتہ است از خوشی لسان لات و العزیٰ
۱۱	نوائے قمری و طوطی کہ بارد سُست مے برسر	نشید بلبل و صلصل فَفَانبَتنَ وَمن ذکریٰ
۱۶	یکے ہمچوں جمیل آمد دوم مانند بی شیعہ	سہ دیگر چوں جریر آمد چہارم چوں اُم اوفیٰ
۱۸	یکے چوں دیدۂ یعقوب و دیگر چوں رُخ یوسف	سہ دیگر چوں دلِ فرعوں چہارم چوں کف موسیٰ
۲۴	یکے ماءِ معین آمد دگر عین الیقین آمد	سیم حبل المتین آمد چہارم عروۃ الوثقیٰ
۲۶	یکے چوں چشمۂ زمزم دوم چوں زہرۂ ازہر	سیم چوں جنگ بوالحارث چہارم دست بوسحیٰ
۳۰	یکے بتخانۂ آذر دوم بُت خانۂ مشکو	سہ دیگر جنت العدن و چہارم جنت المأویٰ
۳۲	یکے چوں بشر بوآدم دوم چوں عمر بو یحییٰ	سیم چوں عیسیٰ بن ہمداں چہارم نہشل جریٰ
۳۵	بزیر گل زند چنگے بزیر سرو بن نائے	بزیر یاسمیں عروہ بزیر نسترن سلمیٰ
۳۸	یکے یعقوب بن اسحٰق و دیگر یوسف چاہی	سیم ایوب پیغمبر چہارم یونس متیٰ
۵۹ ۳۱	رزباں رابدو ابروے برافتادگرہ	گفت لاحول و لا قوۃ الا باللہ
۶۲ ۳	بادہ فراز آور ید چارۂ بیچارگاں	قُومُوا اشْرَبُوا الصَّبُوحَ یَا اَیُّہَا النَّائِمُونَ
۷۷ ۱	نبیند پیش من آمد بشادیٔ برکہ	نخندہ گفتم طُوبیٰ لِمَنْ یَرَیٰ عکّہ

اسی بنا پر منوچہری اپنی وسیع عربی دانی پر بدیں الفاظ فخر کرتا ہے ؎

من بسے دیوانِ شعرِ تازیاں دارم زبر تو ندانی خواند الا ھُبّی بِصَحنِک فاصبحین

یہی وجہ ہے۔ کہ بعض مصنفین نے لکھا ہے۔ کہ منوچہری کا کلام بوجہ تلمیحات کے غزنوی دورِ حکومت کے تمام دیگر شعراء کے کلام کی نسبت زیادہ مشکل ہے۔ ہم اور انتخاب پیش کرتے مگر طوالت کے اندیشہ سے اسی پر اکتفا کرنا مناسب خیال کیا ؛

حاکمِ وقت کا طبعی حق

دربارِ غزنی کے تمام شعراء اپنے ممدوح کے مناقب بیان کرنے میں مبالغہ سے کام لیا کرتے تھے۔ اور منوچہری ان کا لیڈر تھا۔ پروفیسر براؤن کا خیال ہے۔ کہ عنصری۔ فرخی۔ اسدی۔ منوچہری۔ اور دیگر شعراء غزنوی کے قصائد اتنے ہی بناوٹی اور دُور از قیاس تشبیہات سے پُر ہیں۔ جتنے دربار سلاجقہ یا بعد کے شعراء کے قصائد۔ تاہم متقدمین کے اشعار بالعموم سادہ قدرتی خیالات اور آمد سے متصف ہیں ؛

درحقیقت مشرقی شاعری میں عام طور پر ان قصائد کو بنظرِ استحسان دیکھا جاتا ہے۔ جن میں ممدوح کو ان اوصاف کا قدرتی حقدار مانا جائے۔ جن سے وہ اتفاقیہ طور پر متصف ہو۔ غالباً کسی ایرانی شاعر نے اس امر پر منوچہری سے بڑھ کر زور نہیں دیا۔ اس کے قصائد بڑے بڑے مبالغات اور خوشامدانہ مضامین سے پُر ہیں۔ جو غلو کی حد تک پہنچتے ہیں۔ مثلاً ایک جگہ وہ ممدوح کو یوں خطاب کرتا ہے ؎

ایں جہاں گر در رائے تو خداوندِ جہاں واں جہاں من بہ یقینم کہ برائے تو کند
ہمہ عدل است ہمہ حکمت و انصافِ تمام ہر چہ از فضل و کرم با تو خدائے تو کند
نتواند کہ جزائے تو کند خلق بخیر ملک العرش تواند کہ جزائے تو کند

ایک اور جگہ ممدوح کے بارہ میں کہتا ہے ؎

مسعود ملک آنکہ نبود ست و نباشد از مملکتش ابدالدھر جدائی
ایں مملکت خسروِ تائید سماوی است باطل نشود تا ھر گز تائید سمائی
ایزد ہمہ آفاق باو داد و بحق داد ناحق نبود آنچہ بود کارِ خدائی

ایک قصیدہ میں بدیں الفاظ مخاطب کرتا ہے ؎

اے مہر جہاں ایزد بسپرد تو گیہاں گیہاں بہ شمگارے دانم کہ نہ لبسپاری
این ملکت مشرق راوین ملکت مغرب را آرے تو سزاواری آرے تو سزاواری

ایک جگہ تمام دنیا کو اس کے پاؤں کی خاک کے برابر بنا دیتا ہے ؎

اے ملک ایزد جہاں برائے تو کردست ماہمہ را از پئے ہوائے تو کرداست
ہر چہ بکردا ے ملک سزائے تو کرداست نیکو کارے کہ او بجائے تو کرداست
عالم را خاکِ کفِ پائے تو کرداست عزّ و جل ایزدِ مہینِ متعال

ایک اور جگہ کہتا ہے ؎

این ولایت شدن حکم خدا یست ترا نبود چون و چرا کس را بحکم الٰہ

ایک قصیدہ میں اپنے ممدوح کی مدح کو قرآن مجید کے برابر درجہ دیا ہے ؎

گر ہمیر زندہ بودے برلسانِ جبرئیل آمدے در شانِ جودش آیتے از عرشِ خدائے

وہ اپنے ممدوح کو کسی پیغمبر سے بھی برتر خیال کرتا ہے ؎

گر کسے گوید کہ در گیتی کسے برسانِ اوست گر ہماں پیغمبرے باشد بود یا فہ درائے

اس کے خیال کے مطابق دونوں جہان میں اس کے ممدوح کا کوئی ہمسر نہیں ؎

بروئے پاک ورائے نیک و فعل خوب و کارِ خوش ؛ نظیر او ندانم کس چہ در دُنیا چہ در عقبےٰ

ممدوح کی تعریف میں مبالغہ کرنے کے علاوہ حسن طلب اور دعا کے مقام پر اس سے بھی بڑھ کر غلو سے کام لیا گیا ہے۔ اور ممدوح کی درازیٔ عمر اور برقراریٔ تخت و ملک کے لئے بالکل نئے نئے طریقوں سے دُعا کرتا ہے۔ چند ایک مثالیں ملاحظہ ہوں ؎

ہمی تا برزند آواز بلبلہا بہ بُستانہا ہمی تا برزند قالوس خنیا گر بمزمرہا
بہ پیروزی و بہروزی ہمی زی بادلافروزی بدولتہائے ملک انگیز و تخت آویز اخترہا

ایک اور جگہ کہا ہے ؎

ہمی تا کہ خورشید رخشاں برآید کند جانور قصد سوئے مکاسب

مبادا ولایت ز تختِ تو خالی — مبادا سعادت ز بختِ تو غائب

یا مثلاً ؎ تا بربم و بر زیر نوائے گل نوش است — تا بر گل بر باز خروش و رشانست

عمر و تنِ او را نہ قیاس و نہ گمان باد — چوں فضل و تنش را نہ قیاس و نہ کرانست

باد ایر بہار اندر چند انکہ بہار است — باد ابہ خزاں اندر چند انکہ خزانست

یا مثلاً ؎ ملکا بر خور و کامرانی مے کن — ہرگز ایں مملکت و دولت یغما نرود

اور ؎ شادیانہ بزی اے میر کہ گردندہ فلک — ایں جہاں زیر نگین خلفائے تو کند

ملک عرش چو بر خیزی ہر روز ثنائے — ہمہ بر عمر و تن و جان و بقائے تو کند

یا جیسے ؎ تا گل خیری بود چو روئے معصفر — تا تن سنبل بود چو زلفِ مجعد

تا بچہر و رنگ در میانہ کہسار — تا بچد گور در میانہ فدفد

باش ہمیشہ ندیم بختِ مساعد — باش ہمیشہ قرینِ ملکِ مؤید

لبت بے کف بجام و گوش بہ بربط — دلت قوی تن جوان و روئے موّرد

اور ؎

تا طرب و مطرب است مشرق با مغرب است — تا یمن و یثرب است و آمل و استاباد

بنشیں خورشید وار مے خور جمشید وار — فرخ و امید وار چوں پسرِ کیقباد

اور ؎ تا موحد را دل اندر معرفت روشن شود — تا منجم را دو چشم اندر فلک ناظر بود

طالع مسعود پیشِ بختِ تو طالع شود — طائرِ میموں فرازِ فرقِ تو طائر بود

یا مثلاً ؎ تا ہمی باد بہاری باغ را رنگیں کند — تا ہمی ابرِ بہاری راغ را پرنا کند

قدر تو پیشی کند کردارِ تو بیشی کند — بختِ تو خویشی کند گفتارِ تو والا کند

اور ؎ یا رب ہزار سال ملک را بقا دہی — در عز و در سلامت و در یمن و در یسار

الغرض مزید انتخاب باعثِ طوالت ہے۔ قریباً ہر ایک قصیدہ کا یہی حال ہے ؎

(باقی دارد)

جوابِ استفسارِ ادبی

اخبار حقیقت لکھنؤ مورخہ ۱۱ر جولائی ۳۶ء میں ادبی استفسار کے عنوان سے کسی صاحب نے افتخار الشعرا عالیجناب مولوی عبدالباری صاحب آسی کے شعرِ ذیل کی نسبت ؎

پائی ہے حیاتِ شمع ہم سوختہ جانوں نے ظاہر میں اقامت ہے باطن میں روانی ہے

جو لکھنؤ کے دریائی مشاعرہ میں پڑھا گیا تھا۔ سوال کیا ہے کہ شمع کا عین تقطیع سے خارج ہے۔ اسکے جواز کی کیا صورت ہوگی ؟

اس سوال کا جواب معلی القاب عالیجناب نواب مرزا جعفر حسین صاحب المعروف بہ نواب پیارے صاحب آف شیش محل لکھنؤ اور خود جناب آسی صاحب نے لکھا ہے جو اخبار حقیقت مؤرخہ ۲۷ر جولائی اور ۲۹ر جولائی میں چھپا ہے۔ عالیجناب نواب صاحب موصوف اس کے جواب میں یوں رقمطراز ہیں :۔

"یہ شعر جناب آسی کا بحر ہزج مثمن اخرب مسبغ میں ہے، اور وزن مصرعہ اولیٰ کا مفعول مفاعیلان مفعول مفاعیلن ہے۔ صدر و ابتدا۔ اور رکن سوم و ہفتم میں خرب واقع ہوا ہے۔ اور رکن دوم مصرعِ اولیٰ مسبغ ہے۔ باقی رہا عروض اور مصرعہ ثانیہ کا حشو اول و ضرب (عجز) یہ سب سالم ہیں"۔

اہل فن خرب و تسبیغ درمیانی کے مخالف ہیں۔ اس لئے یہ وزن اور یہ نام بحر ان کے مسلمات کی بنا پر صحیح ہونا چاہیئے۔ گو میں ان کی اس رائے سے بہمہ وجوہ موافق نہیں۔ جس کا بیان آگے آئے گا۔ بجز مواقع خاص خرب و تسبیغ درمیانی کا میں بھی قائل نہیں ہوں۔ ان اساتذہ کے اس دعوی کے اثبات کے لئے بعض تشریحات و مصطلحات کے بیان کرنے کی ضرورت ہے ؎

بیان خرب

خرم میرنے دُور کے رشتہ دار اور ہموطن جناب سید غلام حسنین صاحب قدر بلگرامی اعلی اللہ مقامہٗ

اپنی قابل قدر کتاب **قواعد العروض** کے صفحات ۴۵ - ۴۶ میں خرم کی نسبت یوں تحریر فرماتے ہیں:-

یہ زحاف خرم صدر و ابتدا میں واقع ہوتا ہے، علی الخصوص صدر میں۔ نصیر الملۃ والدین عالیجناب **محقق طوسی** علیہ الرحمۃ والغفران اپنی کتاب **معیار الاشعار** میں اس زحاف کو ان زحافات میں شامل کرتے ہیں۔ جو اوائل مصاریع سے خاص ہیں (مگر **اخفش** اس زحاف کا صرف ہر جگہ جائز جانتا ہے) جناب قدر محقق طوسی سے اس لئے موافق ہیں۔ کہ وہ حضرت **خلیل** علیہ الرحمۃ کے ہمزبان ہیں۔ جو موجد فن عروض ہیں ؛

تعریف خرم۔ اس کا شمار زحافات مفردہ میں ہے۔ جو وتد مجموع کہ کسی رکن کے اول میں واقع ہو اور وہ رکن صدر یا ابتداء میں بھی ہو اس وتد مجموع کے متحرک اول کے حذف کرنے کا نام خرم ہے۔ اگر یہ عمل رکن خماسی میں ہو تو ثلم اور سباعی میں ہو تو اسے **خرم** کہتے ہیں۔ رکن اعضب و اثرم و موفور کا ذکر اس محل پر طول لاطائل ہوگا ؛

خرب جناب قدر فرماتے ہیں۔ کہ یہ زحاف اجتماع خرم و کف سے بنتا ہے۔ جب صدر یا صدر و ابتداء دونوں میں کوئی ایسا رکن واقع ہو جس کے اول میں وتد مجموع اور بعدہ دو سبب خفیف ہوں (ایسا رکن صرف مفاعیلن ہے) تو مفاعیلن کے میم کو بوسیلۂ خرم اور حرف ہفتم نون کو بذریعہ کف حذف کرنے کا نام خرب ہے۔ اس عمل سے مفاعیلن سے فاعیلُ باقی رہتا ہے۔ اس کو مفعولُ سے بدل لیتے ہیں۔ اگر اس عمل والا رکن درمیان مصرع میں واقع ہو تو اس کی ترکیب خرم و کف سے نہیں مانتے بلکہ دو کف کے درمیان **تحمیق** جانتے ہیں۔ یعنی دونوں مفاعیلن مفاعیلن حشوی سے دونوں نون بذریعہ عمل کف حذف کرتے ہیں تو مفاعیلُ مفاعیلُ رہ جاتا ہے۔ اب (ل ۔م ۔ف) تین متحرک متوالی ہو گئے۔ لہذا مفاعیلُ مفاعیلُ عمل تحمیق سے مفاعیلُم فاعیلُ ہو جاتا ہے۔ جو برابر وزن مانوس مفاعیلن مفعولُ کے ہے (قواعد العروض صفحہ ۵۲) ؛

ان تعریفات سے ظاہر ہے کہ **خرب** صدر و ابتدا سے خاص ہے۔ پھر اس شعر جناب آسی کے رکن سوم و ہفتم کو (یعنی مفعول کو) اخرب کیسے مانیں۔ جناب قدر اپنی کتاب قواعد العروض صفحہ ۱۱۵

بیان ضرب مشتم بحر ہزج میں تحریر فرماتے ہیں کہ :-

جو لوگ وزن مفعولُ مفاعیلن - مفعولُ مفاعیلن میں حشو دوم کے مفعولُ کو بھی اخرب مانتے ہیں - وہ سخت مغالطہ میں ہیں - کیونکہ خرب دراصل خرم ہے اور خرم اوائل مصاریع سے خاص ہے کما قال النصیر فی المعیار "اما آنچہ باوائل مصاریع خاص بود اسقاط متحرک اول باشد از وتد مجموع کہ آنرا خرم خوانند" - (صفحہ ۱۲۶ قواعد العروض)

جو عروضی کہ خرب درمیانی کو بہ تتبع خلیل و محقق ناجائز مانتے ہیں وہ ہر ایسے رکن کو تناویل ذیل بنا لیتے ہیں - بطور مثال شعر شیخ شیراز علیہ الرحمۃ ؎

گل در چمن نباشد ہمرنگ روئے او ببل بگل مباہی - عاشق بوئے او

یہ شعر بحر مضارع مثمن کا ہے - وزن سالم اس بحر کا مفاعیلن فاع لاتن چار بار ہے - اور شعر مذکور شمس الدین فقیر کے نزدیک بحر مضارع اخرب مقصور میں بروزن مفعولُ فاع لاتن مفعولُ فاعلن ہے یعنی رکن اول و سوم اخرب - دوم سالم اور چہارم مقصور ہے - لیکن مدققین اس وزن میں صدر و ابتدا اخرب اور ارکان اواسط یعنی حشووں کو مکفوف مجبق یا مسکّن اور رکن چہارم کو مقصور مانتے ہیں - لہذا ان کے خیال کے موافق اصل وزن مفعولُ فاع لاتُ مفاعیلُ فاعلن تھا - یہ عام قاعدہ ہے کہ جب تین متحرک متوالی مصرع کے ایک رُکن میں یا دو رکنوں کے اتصال سے پیدا ہو جائیں تو متحرک وسطی کو از روئے تحبیق یا تسکین شاعر کو ساکن کرنے یا نہ کرنے کا اختیار ہے - اس محل پر ہر دو حشو کے درمیان تاے قرشت فاع لات اور میم اور ف مفاعیلُ کے متحرک متوالی ہیں - لہذا زحاف تحبیق یا تسکین سے میم درمیانی کو ساکن کیا تو وزن فاع لا تم فاعیلُ ہو گیا جس کا وزن مانوس فاعلاتن مفعولُ ہوتا ہے - اس صورت میں وزن تو وہی ہو گیا - مگر ترکیب کے غیر ہونے کی وجہ سے خرب درمیانی کا محذور رفع ہو گیا ؛

دفع دخل یا حفظ ما تقدم

عروضیوں نے ہزارہا اوزان رباعی میں سے چوبیس اوزان خوش آئند کو منتخب کیا - اور خواجہ

حسن قطان خراسانی نے بارہ اوزان کو جو مفعولُ سے شروع ہوتے تھے۔ ان کو دائرہ اخرب میں۔ اور جو بارہ مفعولن سے شروع ہوتے تھے۔ ان کو اخرم میں داخل کر کے دائرۂ اخرب و دائرۂ اخرم نام رکھا۔ جناب قدر ان کے اس فعل کو سخت سہو اور مغالطہ پر محمول کرتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ حقیقۃً صدر دونوں ارکان کے اخرب ہیں کیونکہ دونوں ارکان کے صدر کے بعد کن مکفوف یا مقبوض ضرور لاتے ہیں۔ اسلئے صدر کے ساتھ تخبیق ہو کر خرم کی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔ جب رکن مکفوف کے ساتھ تخبیق ہوتی ہے تو رکن ثانی مفعول بن جاتا ہے۔ اس رکن مخبق کو لوگ اخرب مانتے ہیں۔ حالانکہ خرب درمیانی اصولاً خلاف ہے اور جب رکن مقبوض کے ساتھ تخبیق ہو تو اس کو شتر جانتے ہیں۔ مگر شتر بھی ترکیب خرم کی وجہ سے درمیان مصرع میں نہیں آسکتا۔ اسی خرب و شتر کے دھوکے میں لوگ صدر و ابتدا کو اخرم کہتے ہیں۔ چونکہ خرب و شتر درمیان مصرع میں نہیں آتے لہٰذا یوں ماننا چاہیئے۔ کہ رکن آغاز مصرع اور رکن مابعد میں تخبیق ہوئی ہے۔ اسی سبب سے جناب قدر مفعول والے دائرہ کو **شجرۂ اخرب غیر مخبق** سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور مفعولن والے دائرہ کا نام **شجرہ اخرب مخبق** رکھتے ہیں۔ بنا بریں مصرعہ جامی ؎

چوں گفتم با گل رخسارت سخنے ۔ کا جو وزن مفعولن مفعولُ مفاعیلُ فعل ہے۔ جناب قدر کے نزدیک اس کا صدر اخرب ہے۔ اور حشو اول مکفوف مخبق۔ اور حشو دوم صرف مکفوف اور عروض مجبوب ہے ؛

اصل وزن رکن اول و دوم کا مفاعیلن مفاعیلن تھا۔ رکن اول میں زحاف خرب لانے سے مفاعیلن۔ مفعولُ ہو گیا۔ اور دوسرے رکن مفاعیلن میں کف کرنے سے مفاعیلُ بن گیا۔ اب مفعولُ مفاعیلُ کے درمیان دل۔ م۔ ف) تین متحرک متوالی پائے گئے۔ لہٰذا بیچ کے متحرک میم کو عمل تخبیق سے ساکن کیا تو مفعولُ فاعیلُ ہو گیا۔ اس کو وزن مانوس مفعولن مفعولُ سے بدل لیا ؛

فرق تسکین و تخبیق

تسکین اپنا عمل ہر تین متحرک متوالی میں کرتا ہے۔ چاہے وہ تین متحرک متوالی ایک رکن میں

واقع ہوں۔ جیسے مُتَفاعلن سے ستفعلن۔ اور مفتعلن سے مفعولن بعمل تسکین ہوجاتے ہیں۔ یا وہ تین متحرک متوالی دورکنوں کے ملنے سے پیدا ہوں۔ مگر تجلیق ایسے دورکنوں میں عمل کرتا ہے کہ رکن اول کا حرف آخر متحرک ہو اور دوسرے رکن کے اول میں وتد مجموع ہو۔ جب اس طرح تین متحرک متوالی پائے جائیں تو وتد کے پہلے حرف کے ساکن کرنے کا نام تخلیق ہے۔ گویا ان دونو میں نسبت عموم خصوص مطلق کی ہے ؛

بیان تسبیغ

قواعد العروض صفحہ ۱۲۶ بیان بحر ہزج میں دیوان حضرت عرفی علیہ الرحمۃ سے یہ شعر سہ

ہوشم بنگاہے بردجانانہ چنین باید یک جرعہ خرابم کرد پیمانہ چنین باید

نقل کرکے جناب قدر ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ لوگ اس بحر کا نام ہزج مثمن اخرب مسبّغ بلا قید نون غنہ رکھتے ہیں۔ بروزن مفعولُ مفاعیلان۔ مفعولُ مفاعیلن۔ مگر یہ نام صحیح نہیں۔ کیونکہ حشو میں زحاف تسبیغ خلاف اصول ہے۔ چنانچہ خواجہ نصیر اپنی کتاب معیار الاشعار میں تحریر فرماتے ہیں

اما تغییر بزیادت کہ خاص بود بہ اواخر مصاریع وآن دو نوع بود اول حرفے ساکن قبل حرف آخر در آخر مصاریع زیادہ کنند اگر در آخر رکن سببے خفیف بود و آنرا تسبیغ خوانند و آن رکن مزاحف را مسبغ نامند ؛

جب زحاف تسبیغ عروض وضرب سے خاص ہے تو رکن ثانی یعنی حشو میں تسبیغ کا ہونا خلاف مسلّمات ٹھہرا۔ جناب قدر تسبیغ واذالہ وخرب درمیانی کے سخت مخالف ہیں۔ اس لئے ہر ایسے محل پر حتی الامکان ان کو تاویل کی زحمت اٹھانا پڑتی ہے چنانچہ شعر مذکور عرفی کا وزن بجائے مفعول مفاعیلان۔ مفعول مفاعیلن ؛ مفعولُ مفاعیلن مفاعیلُ مفاعیلن جناب قدر تجویز فرماتے ہیں اور بحر کا نام ہزج مثمن اخرب مکفوف بتاتے ہیں۔ اس کے بعد ارشاد کرتے ہیں" دیکھئے کہ تسبیغ و خرب درمیانی کا جھگڑا کیسا صاف ہوگیا" کف درمیانی کو کوئی مانع نہیں۔ پہلی صورت میں بھی تو

خرب درمیانی ماننے سے کف درمیان میں آتا تھا۔ کیونکہ خرب خرم اور کف سے مرکب ہے۔ اس بیان کے بعد جناب آسی کے شعر کے پہلے مصرع کا وزن مفعولُ مفاعیلن مفاعیلُ مفاعیلن حسب تجویز جناب قدر قرار پاتا ہے ؛

عالیجناب پیارے نوالصاحب آف شیش محل لکھنؤ جناب آسی کے شعر کے مصرع اول کا وزن جناب شمس الدین فقیر دہلوی کی رائے کے موافق مفعولُ مفاعیلان۔ مفعولُ مفاعیلن تجویز فرماتے ہیں۔ جس میں تسبیغ و خرب درمیانی کا جھگڑا آ پڑتا ہے۔ اس وزن کے تجویز کرنے کے بعد جناب نواب صاحب ارشاد فرماتے ہیں :۔

اب صرف یہ ثابت کرنا باقی رہا کہ اس عین کا اضافہ اصولاً جائز ہے یا ناجائز۔ اور حرف متحرک بھی موزون میں بجائے حرف ساکن وزن آسکتا ہے یا نہیں ؟

اس سوال سے ظاہر ہے۔ کہ نواب صاحب اُردو و فارسی میں بھی شمع کے عین کو متحرک تجویز فرماتے ہیں ؛

پھر تسبیغ و سبب خفیف و عروض و ضرب و حشو کے تعریفات لکھنے کے بعد ارشاد فرماتے ہیں۔ اب ثابت ہوگیا کہ تسبیغ مصرعہ اولیٰ کے عروض میں یعنی رکن آخر مصرع میں جائز ہے یعنی مفاعیلن مفاعیلان ہوسکتا ہے۔ اور حشو میں بھی تسبیغ جائز ہے۔ یعنی سبب خفیف جو کسی رکن کے آخر میں ہو اس کے ساکن سے پہلے ایک الف ساکن کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ چاہے حشو میں ہو یا عروض و ضرب میں۔ اس کے بعد تسبیغ درمیانی کے شواہد جناب نواب صاحب نے کلام نظیری اور غالب سے پیش فرمائے ہیں۔ اور انہیں شواہد کو دلیل تسبیغ حشوی قرار دیا ہے۔ کوئی اصول یا قاعدہ تسبیغ درمیانی کا معرض تحریر میں نہیں لائے۔ حالانکہ اساتذہ کی تعریف تسبیغ۔ تسبیغ درمیانی کی مخالف ہے صاحب شعر جناب آسی نے بھی کلام بلبل شیراز سے اسناد لکھ کر کوئی قاعدہ نہیں بیان کیا ؛

جو لوگ کہ علم عروض و قوافی سے واقف ہیں۔ اور انہوں نے کلام اساتذہ کا مطالعہ کیا ہے وہ بجز مسطات چہارخانہ میں تسبیغ درمیانی سے انکار نہیں کرسکتے۔ مگر قاعدہ و اصول عروضی کا اثبات

مدعا میں بیان کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ صرف اسناد و شواہد پیش کرنے سے معترض کو یہ کہنے کا حق باقی رہتا ہے کہ صاحب سند سے بھی سہو یا تسامح ہوا ہے۔ خصوصاً جبکہ تعریف تسبیغ۔ تسبیغ درمیانی کے خلاف ہے ؛

جناب نواب صاحب نے تسبیغ کی تعریف عام تر تحریر فرمائی جو مدققین عروضیوں کی تعریف سے کسی قدر مغایر ہے ؛

تعریف تسبیغ نوشتہ نواب صاحب ۔ جو سبب خفیف کہ کسی رکن کے آخر میں ہو۔ اس کے ساکن سے پہلے ایک الف زیادہ کرنا ؛

تعریف تسبیغ محققین ۔ جو سبب خفیف کہ عروض و ضرب میں رکن کی تمامی پر واقع ہو ۔ اس کے متحرک اور ساکن آخر کے درمیان ایک الف ساکن بڑھا دینے کا نام تسبیغ ہے ؛

یعنی یہ زحاف تسبیغ عروض و ضرب سے خاص ہے۔ بلکہ محقق طوسی عروض و ضرب میں بھی غیر از نون غنہ موزون میں ہو یا وزن میں نہیں مانتے۔ خصوصاً جب کہ بحر غایت درازی کو پہنچ جائے کیونکہ کوئی رکن عروضی سباعی سے زیادہ نہیں ۔ اور کوئی بحر متقدمین کے نزدیک مثمن سے بڑھ کے نہیں ۔ لہذا ایک مصرع زیادہ سے زیادہ اٹھائیس حرف کا ہو سکتا ہے۔ پس جو بحرین کہ آٹھ ارکان سباعی سے مرکب ہیں ۔ اگر کوئی ایسی بحروں کے رکن آخر میں بھی تسبیغ غیر از غنہ لائے تو ان کے نزدیک ثقیل ہے، کیونکہ اصل پر اضافہ ہو جاتا ہے۔ مگر نون غنہ کے ساتھ عروض و ضرب میں تسبیغ کو جائز مانتے ہیں ۔ اوّل تو اس میں ثقالت نہیں دوم الف و نون غنہ ان کے نزدیک بمنزلہ ایک حرف کے ہیں صولہ اور تیس رکن کی بیت اختراع متاخرین ہے ۔ خلیل موجد عروض کے زمانہ میں بحر ہزج مسدس سے زیادہ نہ تھی۔ مثمن ہو جائے تو گویا اصل پر اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے بحر ہزج مثمن سالم کو وہ ناموزون کہتے ہیں ۔ بنابر قاعدہ مذکور فخر زمان کا شعر ذیل محقق کے نزدیک ثقیل ہے۔ اگرچہ تسبیغ عروض و ضرب میں اپنے محل پر ہے۔ مگر غیر از نون غنہ ہے ؎

بیا اے ماہ کہ در گلبن نوائے مرغ زار افتاد ہ ز افغان دل بلبل صدا در مرغزار افتاد

یہ بحر اصلاً ہزج مثمن سالم ہے بروزن مفاعیلن آٹھ بار۔ چونکہ عروض وضرب میں تسبیغ کی وجہ سے مفاعیلن مفاعیلان ہو جاتا ہے۔ جو کلمہ ثمانیہ ہے اور دس ارکان میں سے کوئی کلمہ سباعی سے زیادہ نہیں۔ چونکہ بحر خود ہی غایت درازی کو پہنچی ہوئی تھی لہذا یہ اصل پر اضافہ تسبیغ کی وجہ سے ہوا۔ جو محقق کے نزدیک بدعت ہے۔ اگر افتاد کی جگہ ایسا کلمہ ہوتا جس کے آخر میں الف اور نون غنہ ہوتا جیسے افتاں تو عدم ثقالت یا الف ونون کو ایک حرف ماننے کی وجہ سے جناب محقق اپنے زمانہ میں بھی اسے جائز سمجھتے۔ مگر اس شعر میں تسبیغ غیر از نون غنہ ہے۔ اس لئے وہ اسے ناجائز قرار دیتے ہیں۔ مگر شعراء خصوصاً متاخرین نے اس کی پابندی نہ کی اس لئے تسبیغ غیر از نون غنہ والے اشعار کلام شعرا میں بکثرت ملتے ہیں ؛

تقطیع کا عام قاعدہ یہ ہے۔ کہ حروف قابل حذف کے بعد وزن کے ارکان اس طرح مقابل موزون لاتے ہیں۔ کہ متحرک کے مقابل متحرک اور ساکن کے مقابل ساکن واقع ہو۔ لیکن شعر مابہ الفراء میں جناب نواب صاحب کو شمع کا عین متحرک معلوم ہوا جو مفاعیلان کے نون ساکن کے مقابل واقع ہوا ہے۔ لہذا نواب صاحب کو دقت پیش آئی۔ اور جناب آسی سے اس کی نسبت استفسار کرنا پڑا چنانچہ جناب آسی فرماتے ہیں :۔

اب دوسری گذارش یہ ہے۔ (اس بیان کو دوسری گذارش اس لئے فرماتے ہیں کہ ایک مسئلہ تسبیغ درمیانی کا تھا جس کے ثبوت میں صرف اشعار بلبل شیراز پیش کئے ہیں) کہ شمع بفتح اول وسکون ثانی وثالث فارسی والوں کے یہاں ہے۔ لہذا عین متحرک نہ مانا جائے گا۔ اس کے ساکن ہی ہونے سے تسبیغ کا زحاف پیدا ہوتا ہے۔ مگر چونکہ ادا کرنا دو ساکنوں کا ایسی حالت میں دشوار ہوتا ہے۔ لہذا عین کو متحرک پڑھتے ہیں۔ اور بعض اس کے بھی پابند نہیں۔ عین کو ظاہر ہی نہیں کرتے۔ بلکہ شم پڑھتے ہیں۔ مگر تسبیغ تقطیع میں رہتی ہے ؛

جب تقطیع کا دارومدار حروف ملفوظ پر ہے۔ اور وقت تقطیع متحرک کا مقابل متحرک اور ساکن کا مقابل ساکن ہونا وزن اور موزون میں لازم وواجب ہے۔ تو پھر شمع کو شم یا عین کو متحرک پڑھنا

بعضوں کا کیسے درست ہو سکتا ہے، اب میں جواب جناب آسی کی کسی قدر توضیح و تشریح کرنا چاہتا ہوں

الفاظ عربیہ جب کہ ان پر حروف جوازم نہ ہوں۔ یا وقف مقصود نہ ہو۔ یا ضرورت شعری لاحق نہ ہو تو وہ زبان عربی میں ضرور متحرک الآخر از روئے وضع ہوتے ہیں۔ لیکن الفاظ فارسیہ موقوف الآخر ہی ہوتے ہیں۔ اس لئے اہل ایران الفاظ عربیہ کو بھی اپنی زبان میں موقوف الآخر ہی مانتے ہیں۔ مگر معطوف۔ موصوف اور مضاف اضافت و عطف سے مل کر متحرک الآخر ہو جاتے ہیں۔ لہذا شمع و جمع و صبح وغیرہ کے ایسے الفاظ بھی فارسی اور اُردو میں مستعمل ہو کر موقوف الآخر ہی ہوا کرتے ہیں۔ اسلئے شمع کا عین ساکن بھی اس مصرع میں مفاعیلان کے نون ساکن کے مقابل واقع ہوا ہے ؎

کسی لفظ کے ساکن دوم کو جو آخر لفظ میں ہو وقت تقطیع اس وقت متحرک کر لیتے ہیں۔ جب یہ دونوں ساکن درمیان مصراع میں واقع ہوں اور تسبیغ مقصود نہ ہو۔ اگر آخر مصرع میں دو ساکن ہوں۔ تو ان دونوں کو ساکن ہی رہنے دیتے ہیں۔ مصرعہ مابہ النزاع میں اگرچہ عین شمع دوسرا ساکن درمیان مصرع میں معلوم ہوتا ہے، مگر تاویلاً وہ آخر مصرع میں ہے۔ جس کا بیان آگے ملاحظہ ہو :-

یہ صحیح ہے۔ کہ خرب و تسبیغ درمیان مصرع یعنی حشو میں نہیں آتے۔ خرب صدر و ابتدا کے لئے خاص ہے۔ اور تسبیغ عروض و ضرب کے لئے۔ ساتھ ہی قافیہ بھی تو آخر مصرع یا آخریت یعنی عروض و ضرب سے خاص ہے۔ اہل عرب میں ردیف نہیں ہوتی ہے، ایرانیوں نے ردیف ایجاد کی۔ اس لئے ان کو تعریف قافیہ میں "بمنزلہ آخر" کی قید بڑھانا پڑی۔ تاکہ ردیف کو شامل ہو جائے۔ لہذا قافیہ کو بھی درمیان مصرع میں نہ ہونا چاہیئے ؎

جب قافیہ کی تعریف میں قید آخر مصاریع کی مطالع کے لئے اور قید آخریت کی غیر مطالع کے لئے ہے تو چاہیئے۔ کہ قافیہ بھی حشو یعنی رکن دوم میں نہ لائیں۔ حالانکہ بکثرت اشعار قوافی درمیانی کے ہر شاعر کے کلام میں ملتے ہیں۔ جناب ناسخ مرحوم فرماتے ہیں ؎

رسا عدوں کا ہے اسکے عالم کہ جسنے دیکھا ہوا وہ بیدم نیام تیغ قضا مبرم لقب ہے قاتل کی آستیں کا

قوافی عالم اور مبرم حشو میں واقع ہوئے ہیں۔ حالانکہ بنا بر تعریف قافیہ یہ محل ان کا نہیں ؛

اساتذۂ ماہرین فن ایسے بحور مثمن کے (جو چار برابر کے حصوں پر تقسیم ہو سکتے ہوں جن کا نام وہ بحور مسمطات چہار خانہ رکھتے ہیں۔) ایک شعر کے دو شعر مربع بنا لیتے ہیں۔ مربع کے پہلے مصرع میں صرف صدر و عروض اور ثانی میں صرف ابتداء و ضرب ہوتے ہیں۔ حشو کی گنجائش ہی نہیں ہوتی۔ اس طرح جب دوسرا اور چھٹا رکن بجائے عروض۔ اور تیسرا اور ساتواں رکن مثمن بحر کا بجائے ابتدا ہو گیا تو پھر دوسرے اور چھٹے رکن میں تسبیغ کو اور تیسرے اور ساتویں رکن میں خرب کو کونسا امر مانع رہ گیا۔ بحور مسمطات چہار خانہ میں چار قافیے لانے یا نہ لانے کا شاعر کو اختیار ہے۔ چار قافیے نہ بھی ہوں تب بھی ایک شعر کو دو شعر مربع مان کر دوسرے اور چھٹے رکن میں تسبیغ لے آتے ہیں مگر غیر از بحور مسمطات چہار خانہ تسبیغ و اذالہ و خرب درمیانی ٹکسال باہر ہے ؛

اس سے زیادہ تشریح کی میں ضرورت نہیں سمجھتا۔ کیونکہ بحور مسمطات چہار خانہ میں چار قافیے لانا کثیر الوقوع ہے۔ ان چار قافیوں کی وجہ سے یہ بحریں زیادہ دلچسپ اور دلفریب ہو جاتی ہیں ؛

ممکن ہے کہ اس بیان سے یہ امر ثابت ہو گیا ہو کہ تسبیغ و خرب بحور مسمطات کے درمیان مصرع میں اساتذہ فن نے جائز کر لیا اور عمل پیرا بھی ہوئے۔ لہٰذا مصرع مابہ النزاع کی تقطیع جناب قدر کی تجویز کے موافق مفعول مفاعیلن مفاعیل مفاعیلن میں اس محل پر نہیں مانتا بلکہ میرے نزدیک بھی اس مصرع کا وزن مفعول مفاعیلان۔ مفعول مفاعیلن ہی ہے اور تسبیغ و خرب درمیانی بحر کے مسمط چہار خانہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ مگر ان کا درمیان مصرع میں ہونا بیان بالا کی بنا پر ہے۔ اور جائز مانا گیا ہے، ماننا یا نہ ماننا ماہرین فن عروض کی تحقیق پر مبنی ہے۔ میری سمجھ میں جو آیا لکھ مارا۔ میں اپنی رائے پر مُصر نہیں۔ اور میری تجویز کا غلط ہونا نہ عجیب ہے اور نہ بعید ؛

سیّد اولاد حسین شادان بلگرامی
پروفیسر آف یونیورسٹی۔ اورنٹیل کالج لاہور

مولانا حالی کی کتبِ سوانح

اُردو جیسی نو عمر زبان سے یہ توقع رکھنا۔ کہ اس میں اعلےٰ درجہ کی بیاگرافیاں موجود ہوں گی۔ ایک بے بنیاد خواہش ہے۔ خود فارسی کی ہزار سالہ ادبیات میں ایسی کوئی مکمل بیاگرافی موجود نہیں۔ جو جدید اصول سیرت نگاری کے معیار پر پوری اُترے۔ مولانا شبلی حضرت عمرؓ کی سیرۃ کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ع

رہ بر دمِ تیغ است قدم را

اور یہ خیال تمام بیاگرافیوں کے متعلق صادق آتا ہے ؛

عرفی لٹریچر، اپنی عمر کے پہلے تین چار سو سال میں ایک زندہ لٹریچر تھا۔ اس کی بنیاد صداقت، سچائی اور حقیقت پر تھی۔ مصنف جو کچھ لکھتے تھے، اس میں سب سے پہلے یہ دیکھتے تھے۔ کہ ہم جو کچھ لکھ رہے ہیں۔ وہ کہاں تک حقیقت ہے، یہی وجہ ہے۔ کہ رجال کی زندگیوں کی تلاش میں جو عظیم الشان کام ان علمائے جرح و تعدیل نے انجام دیا ہے۔ وہ ہمیشہ حقیقت پسندوں کے لئے مشعل ہدایت کا کام دے گا۔ ان کی نگاہوں نے مناقب کے ساتھ ساتھ مثالب اور مساوی کو بھی دیکھا۔ بڑے بڑے ائمہ حدیث کے متعلق بے لاگ رائیں لکھیں اور قاضی، مُلّا، شیخ اور صوفی جو سامنے آیا۔ امتحان کے ترازو میں تولا گیا ؛

ان تمام مساعی کی غرض کیا تھی؟ صرف یہی کہ ان حضرات کی "حقیقی شخصیت" سامنے آئے۔ ان کی ظاہری عظمت، ان کی اندرونی "انسانیت" کو بے نقاب ہونے سے نہ بچا سکے۔ دنیا کی نظر ان کے عبا و قبا پر پڑتی تھی۔ لیکن ائمہ جرح و تعدیل ان بیرونی مظاہر سے گذر کر ان کو ان کے خلوت کدوں میں دیکھتے تھے ؛

جرح و تعدیل کی ان کوششوں کی غرض اگرچہ بیاگرافی کے اصول کی ترتیب نہ تھی اور اسکے

مرتب کرنے والوں کا مدعا بالکل جداگانہ تھا۔ تاہم "شخصیت حقیقی کی تلاش" ایک ایسا عنصر تھا جو ایک مکمل بیاگرافی کے لئے شرط اوّلین ہے۔ یقیناً ہمارے ان اکابر علماء نے اپنی اس تلاش وجستجو کے ذریعے 'سیرۃ نگاری' کے اس اصول اوّلین کی دریافت کرتے ہوئے اوّلیت کا فخر حاصل کیا ہے ؛

لیکن تاتاری فتنوں نے جہاں مسلمانوں کی سیاسی قوت کو تباہ وبرباد کر دیا، وہاں افسوس کا مقام ہے، کہ علوم اسلامیہ بھی اس "سائینٹفک سپرٹ" سے خالی ہو گئے، جو عہد اوّل کا مخصوص وصف تھا۔ اس کے بعد اسلامی ملکوں میں جو انحطاط آیا۔ اس کے ساتھ علوم وادبیات میں بھی تصنّع، بناوٹ اور ظاہریت زیادہ ہو گئی۔ اور "حقیقت" تقریباً ناپید ہو گئی۔ ان حالات میں یہ بات چنداں تعجب کے قابل نہیں۔ کہ اس زرّیں زمانہ کے بعد نہ صرف اُردو میں بلکہ اس کے سرچشموں یعنی عربی اور فارسی میں بھی حقیقی اور مکمّل بیاگرافیوں کی تعداد بہت کم ہے۔ ہمارا مطلب یہ نہیں کہ اس طویل عرصے میں سوانح اور سیَر بالکل مرتب نہیں کی گئیں۔ نہیں۔ بلکہ ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ وہ بیاگرافیاں، مفقود ہو گئیں۔ جن کا مقصد کسی موضوع کی "حقیقی تصویر" کھینچنا ہو اور جن میں 'ذات' مع اپنے تمام خدوخال کے الفاظ کی صورت میں جلوہ گر ہو ؛

اس تلخ حقیقت کے اسباب بے شمار ہیں۔ لیکن سب سے اہم یہ ہیں۔ کہ حملۂ چنگیزی کے بعد 'ادبیات' میں تقلید اور تتبّع کا مرض پیدا ہو گیا، قوم اور ملّت سے روح آزادی یکسر چھن گئی۔ زندگی کے اندرون وبیرون میں ایک تفاوت پیدا ہو گیا۔ اور حقیقت، بناوٹ میں متشکل ہو گئی تقلید کے مرض نے "تنقید صالح" کو معدوم کر دیا، اور حق پرستی کی جگہ عقیدت نے لے لی۔ نتیجہ یہ کہ معاشرت، ادب اور شخصیت کی تنقید معیوب قرار دے دی گئی۔ اب اس حقیقت سے کسے انکار ہوگا۔ کہ جب "شخصیت" کی تصویر کشی میں سے "بشریت" کے رُخ ورخسار کو نکال دیا جائے۔ تو وہ شخصیت حقیقت کی ترجمان نہیں ہو سکتی ؛

یہی وجہ ہے۔ کہ "بیاگرافیوں" کا جو ذخیرہ عظیم ہمارے پاس موجود ہے۔ اُن میں تلاش کرنے

پر بھی کوئی زندہ اور حقیقی بیاگرافی نہ مل سکے گی، جو کچھ ہے، یا تو اولیاء اللہ اور صوفیائے کرام کے مناقب و خوارق سے لبریز ہے۔ یا بادشاہوں، امیروں اور سپہ سالاروں کے رزم و پیکار کے واقعات ہیں۔ یا پھر شاعروں اور ادیبوں کی بے مصرف زندگی کے بے نتیجہ حالات ہیں۔ جن کے ساتھ ان کے اشعار بغیر تنقید کے درج کر دیئے گئے ہیں۔ اگر قارئین گستاخی نہ سمجھیں تو یہ عرض کروں، کہ اس "نگارخانہ بے معنی" میں ایک تصویر بھی ایسی نہیں۔ جس کی "شخصیت" زندہ ہو ہو کر ہمیں اپنی طرف متوجہ کر سکے، اور جس کی ظاہریت کے اندر سے کوئی "انسانی نفسیات" جلوہ گر ہو سکے ؛

غرض یہ کہنا غلط نہیں۔ کہ تمام سرمایۂ زبان اُردو میں کوئی مکمل "Pure Biography" کی کتاب موجود نہیں۔ خود یورپ میں یہ شعبہ بہت پُرانا نہیں۔ تا بہ اُردو چہ رسد۔ سر سیّد احمد خاں نے مغربی ذوق کو ہندوستان میں رواج دینے کی جو کوششیں کیں۔ اس کی بدولت وہ تعصب اور مخالفت مغربی چیزوں کے متعلق نہ رہی۔ اور علاوہ دیگر اُمور کے علوم و ادبیات بھی ان سے متاثر ہوئے۔ چنانچہ خود 'بیاگرافی' کے متعلق بھی ہم دیکھتے ہیں۔ کہ ان کے لکھنے والوں نے مغربی اصول و مبانی پر اپنی کتابوں کی بنیاد رکھی ؛

اس کے باوجود یہ محسوس ہوتا ہے، کہ بیاگرافی کے متعلق مصنفین کو وہ کامیابی نصیب نہیں ہوئی جو تاریخ کے متعلق ہوئی۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے۔ کہ ہمارے اکثر سوانح نگاروں کا مطالعہ ادبیات یورپ بہت کم تھا۔ نیز وہ ان اصول تنقید سے گہری واقفیت نہ رکھتے تھے۔ جن کی پیروی کا ان کو دعوےٰ تھا۔ مزید برآں یہ کہ ان کی مشکلات ناقابل عبور تھیں۔ سب سے بڑی رکاوٹ جو اس سلسلے میں پیش آئی۔ وہ یہ تھی۔ کہ مصنفین جو مشرقی روایات سے متاثر تھے۔ اور دراصل اسی ماحول میں تربیت پاکر نکلے تھے۔ جلد جلد اپنے گردوپیش کے اثرات کو ترک نہ کر سکتے تھے اور انہیں اپنے مخاطب لوگوں میں کتابوں کو مقبول بنانے کے لئے مشرق و مغرب کا امتزاج کرنا ضروری تھا۔ جس طرح تمدن و معاشرت کے اکثر مسائل میں ہندوستانی عموماً اور مسلمان خصوصاً

ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کر سکے۔ کہ آیا ہمیں خالص مغربی طرز و روش اختیار کر لینی چاہیئے۔ یا مشرق و مغرب کا امتزاج کرنا ضروری ہے۔ بعینہٖ اسی طرح ادبیات میں ابھی تک یہ فیصلہ نہیں ہو سکا۔ کہ ہمیں اپنے علوم و فنون کو خالص جدید تنقید کے ترازو پر تولنا چاہیئے یا نہیں۔ یہ حالت آج بھی موجود ہے۔ چہ جائیکہ اس وقت جبکہ ابھی ملک میں جدید اثرات کے نفوذ کی عمر بہت کم تھی۔ اور جب کہ مغربی اثرات کو قبول کرنے کے لئے ملک بہت زیادہ آمادہ نہ تھا ؛

جو کچھ مندرجہ بالا سطور میں لکھا گیا ہے۔ اس کو صاف کرنے کے لئے صرف ایک ہی مثال کافی ہے۔ جدید تنقید کی ایک بڑی شرط یہ ہے۔ کہ سوانح نگار اپنے موضوع یا ہیرو کے کیریکٹر پر لکھتے وقت جہاں اس کے محاسن کی تصویر بنائے۔ وہاں بتقاضائے بشریت اگر اس میں کچھ عیوب اور کمزوریاں بھی ہوں۔ تو ان کو بھی بلا رُو و رعائت ظاہر کرے۔ تاکہ موضوع کی پوری شخصیت ہمارے سامنے آجائے ؛

اسی ایک اصول کے متعلق ہمارے ایک عالی ترین مصنف کی رائے مشرقیت اور مغربیت کے درمیان ہچکولے کھاتی نظر آتی ہے۔ حالانکہ ہمارا مصنف "تنقید" کا امام اور جرح و تعدیل کا "رہنما" قرار دیا جاتا ہے۔ مولانا حالی نے جب سرسید کی لائف حیاتِ جاوید لکھی۔ تو مولانا شبلی نے اپنے ایک مکتوب میں اس کے متعلق یہ رائے ظاہر فرمائی۔ "حیات جاوید میں مولانا (حالی) نے سید صاحب کی یک رُخی تصویر دکھائی ہے۔ اکثر لوگوں کا خیال ہے۔ کہ کسی کے معائب دکھانے تنگ خیالی اور بدطینتی ہے۔ لیکن یہ اگر صحیح ہو۔ تو موجودہ یوروپ کا مذاق اور علمی ترقیاں سب برباد ہو جائیں۔ پھر ایشیائی شاعری میں کیا برائی ہے۔ سوائے اس کے کہ وہ محض دعوے کرتے تھے۔ واقعات کی شہادت پیش نہیں کرتے تھے۔ بہرحال حیات جاوید کو مدلل مداحی سمجھتا ہوں" ؛

مولانا شبلی نے یہاں جو رائے ظاہر فرمائی ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہیرو کے "معائب دکھانا" "تنگ خیالی" اور "بدطینتی" نہیں۔ بلکہ یہ یورپ کے "مذاق اور علمی ترقیوں" کی

اصل اور بنیاد ہے۔ نیز یہ کہ جہاں یہ وصف موجود نہ ہو۔ وہاں ہیرو کی "تصویر یک رُخی" ہو جاتی ہے۔ ظاہر ہے۔ کہ مولانا اس معاملے میں یورپ کے اصول کی پیروی پر زور دیتے نظر آتے ہیں۔ اور جہاں تک ہمارا خیال ہے۔ مولانا نے اس اصول کی پیروی کی اکثر جگہوں میں کوشش بھی کی ہے ؛

لیکن یہی مولانا شبلی مناقب عمر بن عبدالعزیز کے ریویو میں اس طریقۂ سوانح نگاری کو "فریب دہ"۔ "زیادہ قابل اعتراض"۔ "بلکہ خطرناک" خیال کرتے ہیں۔ آپ کا خیال ہے۔ کہ "قدیم طریقہ صرف سکوت کا مجرم تھا۔ لیکن موجودہ طریقہ درحقیقت خیانت اور خداعی ہے جو واقعہ نگاری سے بہت دُور ہے" ؛

اسی ایک مثال سے واضح ہو جائے گا۔ کہ ہمارے مصنفین، مغربی اصول تنقید پر عمل پیرا ہونے میں کس درجہ مذبذب تھے۔ وہ ایک طرف اس کو "یورپ کے مذاق اور علمی ترقیوں" کی بنیاد قرار دیتے تھے۔ لیکن دوسری طرف اپنے ماحول کی رعایت سے اس کو "قابل اعتراض" بلکہ "خطرناک" بھی سمجھتے تھے ؛

یہ "زبان اُردو" کے عظیم الشان مصنف شبلی کا حال ہے۔ جس کی تصنیفات دوسرے الفاظ میں کُل "سرمایہ ادبیات اُردو" ہیں ؛

اُردو میں "معاصرین کی لائف" کی کتابیں خصوصاً زمانہ زیر تبصرہ میں بہت کم ہیں۔ جس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے۔ کہ مصنفین میں وہ اخلاقی جرأت موجود نہ تھی۔ جو معاصرین کے محاسن و معائب بیان کرنے کے متعلق ہونی چاہیئے ؛

ہاں اتنے عظیم الشان کام کی مشکلات سے عہدہ برآ ہونے کی عزت صرف حالی کے حصے میں آئی۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ہم اُردو میں "فن سوانح نگاری کی" "امامت" کا مستحق بھی انہیں کو سمجھتے ہیں ؛

عام طور پر "تاریخ ادب" کے مصنفین نے اُردو میں بیاگرافی لکھنے والوں کی تعداد دو حضرات

تک ہی محدود رکھی ہے۔ یعنی مولانا حالی۔ اور مولانا شبلی۔ لیکن ایک حیثیت سے ہم اس تعداد کو بڑھا کر چار تک لے جا سکتے ہیں۔ یعنی ان کے ساتھ شرر اور مولوی چراغ علی کے نام بھی شامل کئے جا سکتے ہیں اگرچہ صحیح معنوں میں مولانا حالی ہی ایک ایسے بزرگ ہیں۔ جنہوں نے اپنا اکثر وقت اور اپنی اکثر توجہ سوانح نگاری کی طرف مبذول کی ؛

ہم یہاں ان کتابوں کی ایک فہرست پیش کرتے ہیں۔ جو عام طور پر "سوانح" کے تحت میں شمار کی جاتی ہیں ؛

مولانا حالی (۱) حیاتِ جاوید

" (۲) یادگار غالب

" (۳) حیاتِ سعدی

مولانا شبلی (۴) مولانا روم

(۵) بیان خسرو

(۶) شعر العجم

(۷) سیرۃ النبی

(۸) الفاروق

(۹) المامون

(۱۰) الغزالی

(۱۱) سیرۃ النعمان

مولوی چراغ علی (۱۲) بی بی ہاجرہ

(۱۳) ماریہ قبطیہ

لہ چونکہ اس مضمون کا تعلق "رفقائے سرسید اور ان کی کتابوں" سے ہے۔ اس لئے اردو کے بعض اور سیرۃ نگار مثلاً مولانا عبدالرزاق مصنف نظام الملک اور البرامکہ وغیرہ کو اس فہرست میں شامل نہیں کیا گیا ؛

شرر (۱۴) سوانح بزرگان دین (جو مضامین شرر میں ہیں)

ان کتابوں میں سے حیات جاوید ایک خالص بیاگرافی ہے۔ یادگار غالب۔ حیات سعدی بیان خسرو۔ شعر العجم اور مولانا روم میں سوانح کے ساتھ ساتھ "ادبی تنقید" بھی ہے۔ بلکہ زیادہ صحیح بات یہ ہے۔ کہ ان پر ادبی تنقید کے سلسلے میں تبصرہ ہونا چاہیئے۔ اگرچہ "سوانح مولانا روم" کو خود مولانا شبلی نے سلسلۂ کلامیہ میں شمار کرتے ہوئے اسے فلسفہ اور علم کلام کی کتاب قرار دیا ہے ؛

اسی طرح الغزالی سلسلۂ کلامیہ کی ایک کڑی ہے۔ اور سیرۃ النعمان سوانح عمری کے رنگ میں "فقہ اسلامی کی تاریخ" ہے ؛

سیرۃ النبی، الفاروق، اور المامون تاریخ کی کتابیں ہیں۔ کیونکہ ان کا اسلوب از سر تا پا تاریخی ہے۔ اور خود ان کے مصنف نے ان کو "تاریخ" قرار دیا ہے ؛

پس ان حالات میں ہمارے لئے اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں۔ کہ ہم یادگار غالب۔ حیات سعدی وغیرہ کا ذکر سوانح میں کرنے کے بعد ان کو "ادبی تنقید" کے تحت میں بھی لائیں۔ الفاروق۔ سیرۃ النبی اور المامون کو خالص تاریخ کی کتاب سمجھیں۔ اور ان کے لئے وہی اصول تنقید تجویز کریں۔ جو کتب تاریخ کے لئے ضروری ہے۔ باقی رہی الغزالی اور سیرۃ النعمان، سو ان پر سیرت اور فقہ و کلام ہر دو حیثیتوں سے نظر ڈالی جائے ؛

ہم اس سے پہلے ذکر کر آئے ہیں۔ کہ اردو میں خالص جدید طرز کی کوئی مکمل اور جامع بیاگرافی موجود نہیں۔ حیات جاوید یقیناً ایک "مکمل بیاگرافی" کا اسلوب اپنے اندر لئے ہوئے ہے لیکن یہ بھی ایک ناکام کوشش ہے، مولانا شبلی کی کتابیں "مقدس نامورانِ اسلام" کی سوانح پر مشتمل ہیں۔ لیکن ان کا رنگ تاریخی ہے۔ اور وہ "لائف اینڈ ٹائمز" کے طریقے پر لکھی گئی ہیں۔ اور پھر مذہبی پہلو اپنے اندر لئے ہوئے ہیں۔ جو اگرچہ اپنی جگہ بے حد مقدس اور متبرک کام ہے لیکن چونکہ ہمارے جذبات عقیدت ان بزرگوں کے متعلق تنقید کی اجازت نہیں دیتے۔ اور نہ ہم ان بزرگوں کی زندگی کو ایسی سطح پر سمجھتے ہیں۔ جہاں سے زید و بکر کا قلم تنقید ان کی ارفع و اعلےٰ زندگی پر اٹھ سکے۔ اس لئے

مولانا شبلی کا کام اگرچہ نازک ہے، لیکن کئی ذمہ داریوں سے آزاد بھی ہے ۔

تاہم ہمیں یہ دیکھنا ہے۔ کہ ہمارے مصنفین فرداً فرداً اپنے کام میں کس حد تک کامیاب ہوئے۔ جو فرائض ان پر بطور سوانح نگار عاید ہوتے تھے۔ ان کی ذمہ داریوں سے کہاں تک عہدہ برآ ہوئے۔ اور اس فن کے اصول و قواعد میں سے کن کن قاعدوں پر عمل پیرا ہوئے۔ یا کن کن شرائط کو ملحوظ نہ رکھ سکے۔ اور کیوں ؟ ہم سب سے پہلے مولانا حالی کو لیتے ہیں ۔

الطاف حسین حالی انصاری ۱۸۳۷ء میں پانی پت میں متولد ہوئے۔ یہ امر معنی خیز ہے۔ کہ اس ہنگامہ خیز مقام کی خاک سے ایک ایسی متین اور خاموش شخصیت کا ظہور ہوا جس کی خاموشیاں اپنے اندر ایک انقلاب پنہاں رکھتی تھیں، اگرچہ ہم علمائے یورپ کی طرح ماحول کے اثرات کی ہمہ گیری کے مبالغہ کی حد تک قائل نہیں ہیں۔ تاہم یہ بات کسی حد تک بدیہی ہے۔ کہ کئی بار ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ کرنے والے مقام پانی پت سے اگر کوئی زندہ دل اٹھے گا۔ تو اس کی بصیرت اور نفسیات میں اس سرزمین کی انقلاب پرور تاریخ کے اسباق کا کچھ نہ کچھ حصہ ضرور ہوگا ۔

حالی کی زندگی کے واقعات کو بہ تفصیل بیان کرنا ہمارے مقصد سے باہر ہے۔ مختصراً یہ کہ حالی کی تعلیم خالص مشرقی طریق پر ہوئی۔ اور انہوں نے چند مروجہ درسی کتابیں قدیم طرز کے اساتذہ سے پڑھیں ۔

اس زمانے میں دہلی کالج پوری آب و تاب کے ساتھ چل رہا تھا۔ جو اس دور میں مغربی اور مشرقی تعلیم کے امتزاج کے اصول پر عامل تھا۔ حالی جب پہلی دفعہ دہلی گئے۔ تو انہوں نے وہاں بھی وہی قدیم درس اپنے سامنے رکھا۔ انہیں جدید طرز اور جدید خیالات سے اس درجہ بُعد تھا۔ کہ اپنی خود نوشتہ سوانح عمری میں اقرار کرتے ہیں۔ کہ میں نے اس زمانے میں "دہلی کالج کو آنکھ سے دیکھا تک نہیں"۔ کسے معلوم تھا۔ کہ جدید طرز کا اتنا مخالف کسی نہ کسی دن اُردو شاعری میں خود بھی ایک جدید روشن کا علم بردار ہوگا۔ اور عقائد میں معقول پرستی کا نقیب بن کر شہر بشہر پھرے گا! کرشمۂ قدرت اسی چیز کا نام ہے !

۱۸۵۷ء میں جو قیامت صغریٰ برپا ہوئی۔ اس میں مولانا حالی دہلی میں ہی قیام پذیر تھے۔ اس عہد میں غالب، ذوق اور شیفتہ بزم شعر و سخن کے لئے باعث زینت تھے، مولانا حالی ان کی صحبتوں سے فیض یاب ہوئے۔ لیکن وہ سب سے زیادہ شیفتہ کے رنگ میں رنگے گئے۔ سلاست اور سادگی جو مولانا کی نظم و نثر کی جان ہے، نواب شیفتہ ہی کے اثر سے ہے۔ حالی خود لکھتے ہیں کہ غالب عام طور پر لوگوں کو فکر شعر سے روکا کرتے تھے، لیکن ایک آدھ دفعہ میری غزل سن کر انہوں نے مجھے مشق سخن کو جاری رکھنے کا مشورہ دیا۔ حالی نے یادگار غالب لکھ کر مرزا کی اس استادانہ تربیت کو وہ خراج تحسین ادا کیا ہے۔ جو ہر استاد اور رہنما کے لئے باعث فخر ہے۔

مولانا حالی کے اسلوب نظم و نثر میں واقعیت، سلاست، اور حقیقت کا عنصر کسی حد تک "عربیت" اور عرب شاعروں کے مطالعہ کا مرہون منت بھی ہے۔ جن سے گہرا شغف اور جن کے کلام سے والہانہ دلچسپی مولانا کے لئے ان کی ابتدائی زندگی میں جاذب توجہ رہی ہے، مولانا کی اکثر تصانیف میں ہمیں عربی اشعار، عربی ضرب الامثال، اور عربی جملوں کا استعمال بلا تکلف نظر آتا ہے نمونہ کے طور پر حیات جاوید ملاحظہ ہو۔

حالی کی زندگی میں وہ سال ایک انقلاب انگیز سال تھا۔ جبکہ وہ نواب مصطفےٰ خاں کے ہمراہ پہلی دفعہ سرسید احمد خاں سے ملاقی ہوئے اور دو چار ہوتے ہی مفتوح ہو گئے۔ سرسید بجا طور پر اس فخر کے مستحق ہیں۔ کہ جوان کے دائرۂ اثر میں آیا۔ ان کے ہی رنگ میں ڈوب کر نکلا۔ اس کی کیفیت خود حالی ہی کی زبان سے سنیئے:۔

"چند روز اسی تردد میں یہ حال رہا۔ کہ ایک قدم آگے پڑتا تھا۔ دوسرا پیچھے ہٹتا تھا۔ ناگاہ دیکھا۔ کہ ایک خدا کا بندہ جو اس میدان کا مرد ہے۔ ایک دشوار گزار رستے میں راہ نورد ہے، بہت سے لوگ جو اس کے ساتھ چلے تھے۔ تھک کر پیچھے رہ گئے ہیں بہت سے ابھی اس کے ساتھ اُفتاں و خیزاں چلے جاتے ہیں۔ مگر ہونٹوں پر پپڑیاں جمی ہوئی ہیں۔ پیروں میں چھالے پڑے ہیں۔ دم چڑھ رہا ہے۔ چہرہ پر ہوائیاں اُڑ رہی

ہیں۔ لیکن وہ اولوالعزم آدمی جو ان سب کا رہنما ہے، اسی طرح تازہ دم ہے۔ نہ اُسے رستے کی تکان ہے، نہ ساتھیوں کے چھوٹ جانے کی پرواہ ہے، نہ منزل کی دُوری سے کچھ ہراس ہے، اس کی چتونوں میں غضب کا جادو بھرا ہے، کہ جس کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھتا ہے۔ وہ آنکھیں بند کر کے اس کے ساتھ ہو لیتا ہے۔ اس کی ایک نگاہ ادھر بھی پڑی۔ اور اپنا کام کر گئی۔ بیس برس کے تھکے ہارے خستہ و کوفتہ اسی دشوار گزار رستے پر پڑ لئے۔ نہ یہ خبر ہے۔ کہ کہاں جاتے ہیں نہ یہ معلوم ہے۔ کہ کیوں جاتے ہیں۔ نہ طلبِ صادق ہے، نہ قدمِ راسخ ہے۔ نہ عزم ہے، نہ استقلال ہے، نہ صدق ہے نہ اخلاص ہے، مگر ایک زبردست ہاتھ ہے۔ کہ کھینچے لئے چلا جاتا ہے ؎

آن دل کہ رَم نمودے از خوبرو جوانان
دیرینہ سال پیرے بروش بیک نگاہے "[1]

انگلو عربک سکول میں مدرسی کے وقت سے آخر عمر تک وہ سرسید کے رفیق اور رفیق کار رہے، اور بلا خوفِ تردید کہا جا سکتا ہے، کہ انہوں نے اپنی زندگی میں جو گراں قدر علمی خدمات انجام دیں وہ سرسید مرحوم ہی کی تحریک و ترغیب کی وجہ سے سرانجام ہوئیں۔ مولانا کی شاعری نے اگرچہ بہت سے سرچشموں سے فیض حاصل کیا ہے جن کا ذکر اس سے پہلے آچکا ہے۔ تاہم مسدس جیسی بے نظیر نظم سید صاحب ہی کی فرمائش پر لکھی گئی تھی۔ بہرحال اس مسلمہ میں کسی کو اختلاف کی گنجائش نہیں ہے۔ کہ حالی نے جو کچھ لکھا۔ ایک جذبۂ قومی اور ملی سے متاثر ہو کر لکھا اور یہ جذبہ اسی مقدس بزرگ کا پیدا کردہ تھا ؛

(باقی دارد)

سید محمد عبداللہ

---

[1] دیباچہ مسدس حالی ۱۲۹۶ھ۔ علیگڈھ محمڈن پریس۔ ص ۳، ۴ ؛

اقتباس از آداب الحرب والشجاعۃ للمرو الروذی

کتاب آداب الحرب والشجاعۃ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے علم حرب پر ایک تصنیف ہے جس کا مصنف شریف محمد بن منصور ملقب بمبارکشاہ معروف بفخر مدبر[1] قریشی ہے، باپ کی طرف سے اس کا شجرۂ نسب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ملتا ہے اور ماں کی طرف سے امیر بلکاتگین سے جو حاجب کبیر ایلتگین کے بعد غزنین میں تخت نشین ہوا[2]، شریف محمد نے آداب الحرب کو سلطان شمس الدین ایلتمش کے نام پر معنون کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب ۶۰۷ھ اور ۶۳۳ھ کے درمیان لکھی گئی جو ایلتمش کی حکومت کا زمانہ ہے، اسی مصنف کی تاریخ مبارکشاہی بھی موجود ہے اور چھپ چکی ہے اس کے دیباچہ میں مصنف نے اپنا اور اپنے خاندان کا حال مفصل بیان کیا ہے، کتاب آداب الحرب ابھی تک طبع نہیں ہوئی۔ ریو نے فہرست مخطوطات موزہ برطانیہ ص ۴۸۷ بعد پر اس کا حال مفصل دیا ہے وہاں دیکھنا چاہئے۔ آیندہ صفحات پر اس کتاب کے گیارھویں باب کا اکثر حصہ درج کیا جاتا ہے۔ اس سے کتاب کے مضامین اور مصنف کی طرز تحریر کا اندازہ ہو جائے گا۔ مصنف نے بہت سے مصطلحات فن حرب کا استعمال کیا ہے جو کتب لغت میں نہیں ملتے اسی طرح وہ پنجاب و سرحدی صوبہ کے متعدد جغرافیائی مقامات کا ذکر کرتا ہے جو ساتویں صدی میں موجود تھے مگر ان کا ذکر جغرافیائی، ادبی یا تاریخی کتب میں ہم تک نہیں پہنچا متن برٹش میوزیم کے نسخہ پر مبنی ہے، اس کو حواشی میں آ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، یہ نسخہ غالباً سولھویں صدی میں لکھا گیا تھا۔ اچھا نسخہ ہے مگر اغلاط اس میں بہت ہیں، مقابلہ کے لئے ایشیاٹک سوسایٹی بنگال کا نسخہ استعمال ہوا ہے جو ب کے نام سے حواشی میں مذکور ہے۔ اس نسخہ کا مفصل حال آیوناف کی فہرست ۷۴۴ نمبر ۱۶۰۸ میں دیا ہے،

---

[1] اس مصنف کی بعض تصنیفوں میں بظاہر مدبیر بجائے مدبر لکھا ہے [2] اسکے متن میں اختلاف ہے، قول معتبر یہ ہے کہ وہ ۴۵۵ سے ۴۶۴ تک حکمران رہا،

اس نسخہ میں بھی اغلاط بہت ہیں مگر دونوں نسخوں کے مقابلہ سے بعض عبارتوں کی تصحیح ممکن ہوسکی گو بعض مقامات دونوں میں مخدوش ہیں۔ ایک تیسرا نسخہ انڈیا آفس کے کتاب خانہ میں ہے مگر تادم تحریر اس نسخہ تک رسائی نہیں ہوسکی،

اڈیٹر

باب یازدھم

اندر فضیلت وخاصیت ہر سلاحی وثواب کار بستن آن کہ ہر یک چہ جای بکار آید وخاصیت ہر یک چیست (۹۶ ب)

..... وہیچ سلاح را آن خاصیت وفضیلت نیست کہ تیر

انداختن را از بہر آنکہ جملہ سلاحہا تا[۱] دشمن نباشد (۹۷ ب) کار نتوان بست مگر تیر انداختن کہ (۹۷ ب)

۵ بر دشمن بتوان انداخت وبر شکاری وبر پرندہ وبر ہدف وبر[۲] جاس وبر ہر چہ خواہی بتوان زد وبر ہیچ حال بیکار وہمل نیست وخصم را از [دور][۳] دفع توان کرد وبزد ودر حصار ہا قلعہا وجنگ جایہا این سلاح بکار شود وتیر ناوک وغدرک[۴] وملخک وآفنگ[۵] ودانگ سنگ ونیم دانگ سنگ وجوال دوز ونیم جوال دوز ہمہ بابت حصار است ودر این جایگاہا بکار شود،

۱۰ وسقراط گوید: اگر تیر انداختن وچوگان زدن ہیچ ہنر نیست[۶] ہمین بس کند[۷] کہ اندامہا نرم کند وبندہا را بگشاید وگوشت تن مردم را سخت کند وبیفزاید وچشم را روشن کند ودست وپای را راست دارد[۸] وجنگ را بیاموزد وگرفتگی را بگشاید ومردم را دلیر کند وآرزو وہاد شہوتہا را برانگیزد وہمت را بزرگ کند، و[۹] روا باشد کہ تیر را تقدیر خوانند، وکمانرا تدبیر، وپیکان را مرگ پران ودرفشان،

---

[۱] آ: با، تصحیح از روی ب، [۲] آ: برخاس، تصحیح از روی ب، [۳] از روی ب، [۴] بدا غدرک، [۵] آ: افنگ ب: رفیک مشکوک است، [۶] ب: نیستی، [۷] آ: کنند، ب: مثل تمن، [۸] آ آرد، تصحیح از روی ب، [۹] آ: ادرا، تصحیح از روی ب،

و ہر جائی و ہر جنگی را تیر از نوعی[1] باید و پیکان از نوعی دیگر تا کاری گر آید و اگر نہ ضایع و باطل باشد تیر انداختن، و درین معنی استادان در تیر اندازی کتابہا کردہ اند و شرح آن باز گفتہ چنانکہ تیر زرہ را پیکان ماہی پشت و غلولہ باید، و ازان جوشن را ہمین پیکانہا باید، و ازان سپر چوبین و سپر شوشک[2] و سپر نی[3] نیزہ و سپر چج[4] و سپر کرگ و سپر خدنگ
(۱۹۸) را پیکان مودودی باید، و تیر پرتابی و حصار را پیکان غلولہ و ماہی پشت و سہ سو باید و تیر ۵
خفتان و بغطاق[5] و برگستوان جانگی را پیکان بیلک[6] سپانخی و برگ بید[7] دتتماجی[8] و لبط پای باید، و پوشیدہ را و برگستوان آہنین را تیر خدنگ و یا کلک و پیکان بیلک و درشت پر باید، و

کمان

برچند نوعست: چاچی و خوارزمی و پروانچی و غزنیچی و لوہوری[9] و کروری و ہندوی و کوہی ۱۰
املکان چاچی[10] تیز آید* و اہل ماوراء النہر بدان کار کنند، کمان خوارزمی کوتاہ خانہ و دراز گوشہ باشد و زہ از پوست اسپ کنند و ناتافتہ گرہ زنند و زہ سطبر باشد، و تیر خدنگ ہم سطبر بود و پیکان خرد[11]، زخم نیک نیاید و تیر لرزان رود بسبب سبکی پیکان[12] و گرانی تیر، و کمان پروانچی و غزنیچی و لوہوری و کروری بابت تیر اندازان اختیار است، و کمان کوہی در کوہ[13] ہمایہ

---

[1] ب: نوعی دیگر، [2] فرہنگ آنند راج بمعنی (۱) ساز چہار تار و (۲) تنبورہ یا ہے، اور قریباً یہی معنی سٹائن گاس نے دیئے ہیں مگر معلوم نہیں سپر نے یہ نام کیوں پایا، سٹائن گاس نے لکھا ہے کہ اس چہار تار کا پیٹ بڑا اور گردن لمبی ہوتی ہے خیاید کچھ ایسی ہی خصوصیتیں اس ڈھال میں بھی ہوتی ہونگی [3] و ب ندارد، [4] آ: حج، ب: جج، چج چوبی بلند پنج شاخہ مانند پنجۂ دست و دستہ ہم دار کہ غلہ کوفتہ رلبان بیاد دہند و غربالی را نیز گفتہ اند کہ بدان غلہ پاک کنند (فرہنگ آنند راج) سٹائن گاس نے اس کو چج بھی لکھا ہے [5] ب: بغطاق [6] فرجی و برگستوان (پوششی کہ در روز جنگ می پوشیدہ اند و بر اسپ نیز برای حفظ می افگندہ اند) [7] ب: بیلک، [8] ب: بیل، [9] تتماج، Vermicelli [10] آ: لہوری، ب مثل متن، [11] آ: تیر آمد، ب مثل متن، [12] آ: خورد، [13] آ: بمکی، ب مثل متن، [14] آ: کوہیانہ، ب: کوہیابہ،

شبریہا[1] وانباران (؟) وبہروج وپنجہ[2] گیر کنند وتمامت از شاخ پنجہ وبزکوہی کنند و ہیچ چوب نباشد ونیک آیندہ باشد، وکمان ہندوی ازنی نیزہ باشد وزہ کمان ہم از پوست نی نیزہ باشد وتیر نیک دور زود اما از نزدیک زخم سخت آید، وتیر ہندوی را بیشتر شاخہا باشد کہ در گزہ[3] (؟) وجنبان[4] (؟)، اگر کسی ازان زخم یابد چون تیر بکشند بیشتر پیکان بسبب شاخہا بماند ودر کشیدن آن نیک رنج بینند وبیشتر زہر[5] آلود کنند، وپیکان اہل کوہیانہ[6] ہندستان بیشتر از (۹۸ ب) استخوان باشد وآن چنان باشد کہ ہر استخوان[7] کہ یابند از گاو وگاومیش و - (۹۸ ب) دراز گوش از استخوان ساق ازمردار وکشتار[8] آزاد، کمینہ خرد ومزبلہاء تباہ[9] بپرورند وہر استخوان کہ چرب باشد زہرناک باشد [چون[10]] مدتی برآید ازان برمثل پیکان بتراشند ودر گزہ[11] نہند وہرگاہ کہ بخواہند انداخت سر آن برجایی زنند تا فطرۂ ازان جدا شود چون کسی ازان زخم یابد واز ان استخوان اگر دو آدمی بماند برمثل زہر مار باشد زخم را پارہ کنند وبجویند تا اندک چیزی اگرچہ برمثل کاہی[12] باشد بیرون بکشند، آنگاہ بہتر باشد کہ آزان[13] جرمی خونند، اگر کسی را بدست شود بخورد زود بہ شود اما ہر سال بدان وقت کہ زخم خوردہ باشد بازان بادبشود وآنکس را نیک برنجاند واگر در آن وقت کہ زخم خوردہ باشد از مجامعت[14] کردن وجغرات وشیر[15] خوردن نگاہ ندارد[16] وہلاک شود، تا دندان آدمی واستخوان او سیاہ نشدہ است امید ست کہ علاج کنند وجرمی[17] دہند نیک شود وہرگاہ کہ سیاہ شد آنکس ہلاک شود وآن

---

ذوقافیتین :- ساقی بیاکہ امشب ساقی بکار باشد ٭ زاں دہ مراکہ رنگش چوں گل انار باشد

مے وہ چہار ساغر تا خوشگوار باشد — زیرا کہ طبع عالم ہم بر چہار باشد
ہم طبع را بہ بندش فرزانہ وار باشد — تا نہ خروش باشد تا نہ خمار باشد
نے نے دروغ گفتم ایں چہ شمار باشد — بارے نبید خوردن کم از ہزار باشد

تمام قصیدہ اسی صنعت میں ہے ؛

موسیقی و ترنم - برخیز ہاں اے جاریہ مے در فگن درِ باطیہ — آراستہ کن مجلسے از بلخ تا ارمینیہ
آمد خجستہ مہرگاں جشن بزرگِ خسرواں — نارنج و نار و ارغواں آور و از ہر ناحیہ

یا اے لعبتِ حصاری شغلِ دگر نداری — مجلس چرا نسازی با دہ چرا نیاری
یا اے نہادہ بر میان فرقِ جانِ خویشتن — جسمِ مانندہ بجان و جان توزندہ بتن
اور نوروز بر نگاشت بصحرا بہ مشک و مے — تمثالہائے عزّہ و تصویر ہائے مے
اور جہانا چہ بد مہر و بد خو جہانی — چو آشفتہ بازار بازار گانی
یا سلامٌ علیٰ دارِ اُمِّ الکوَاعِبِ — بتانِ سیہ چشم عنبر ذوائب
اور ہمی ریزد میان باغ لؤلؤہا بزیورہا — ہمی سوزد میانِ راغ عنبرہا بمجمرہا

اس کے علاوہ اور بہت سی مثالیں جمع کی جاسکتی ہیں ؛

خاتمہ الغرض منوچہری کا کلام واقعیت اور فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے بے نظیر ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ ایران کے فلک سخنوری پر ایک درخشندہ ستارہ ہے جو انشاء اللہ ابد الاباد تک چمکتا رہے گا۔ اگر اس کے صرف اس کلام کا انتخاب کر کے جو طبعی امور مثلاً بادل، سیلاب، ہوا، صحرا، پھل، پھول اور جانوروں کے نغموں وغیرہ پر مشتمل ہے، ایک مجموعہ تیار کیا جائے تو وہ ایک قدرتی فلسفیانہ شاعری کا ایک اعلیٰ نصاب معلوم ہوگا۔ اگرچہ اس نے کوئی مثنوی نہیں لکھی جو ہماری قوّتِ بیان میں بہت حد تک اضافہ کرتی تاہم تقریباً تمام قصائد میں اس کا طرزِ بیان کچھ ایسا ہے کہ ایک صاحبِ فراست آدمی جو کچھ ہم تک پہنچا ہے اس سے بہت کچھ حاصل کر سکتا ہے ؛ (باقی دارد)

تتمہ ۱

اختلافات قرأت کی فہرست

ہم صدر مضمون میں لکھ چکے ہیں۔ کہ منوچہری کے کلام کی اشاعت بہت عام نہیں ہوئی۔ اگرچہ دولت شاہ کا خیال ہے۔ کہ دیوان منوچہری ایران میں عام طور پر شائع ہے۔ مگر ہماری نظر سے صرف تین مطبوعہ ایڈیشن اور ایک قلمی نسخہ گذرا ہے۔ ہم نے وعدہ کیا تھا کہ اخیر مضمون پر ہم تینوں مطبوعہ ایڈیشنوں کے اختلافات قرأت کی فہرست پیش کریں گے۔ چنانچہ پہلا ایڈیشن مطبوعہ طہران ہے۔ جسے میرزا حسن خوانساری نے ۱۸۷۹ء میں مرتب کیا۔ دوسرا ایڈیشن مطبوعہ مشہد ہے۔ جو ۱۸۹۴ء میں طبع ہوا اور تیسرا مطبوعہ پیرس ہے جو ۱۸۸۶ء میں طبع ہوا۔ اس کے شروع میں ایک تاریخی دیباچہ اور آخر میں جرمنی زبان میں پورا ترجمہ اور نوٹ موجود ہیں۔ یہ بہترین ایڈیشن خیال کیا جاتا ہے۔ ایڈیشن مطبوعہ مشہد نامکمل ہے۔ جس میں صرف پہلے ۶۴ قصائد موجود ہیں۔ ذیل میں ہر سہ ایڈیشن کے اختلافات کی فہرست دی جاتی ہے:-

	پیرس ایڈیشن	طہران ایڈیشن	مشہد ایڈیشن
قصیدہ ۱ شعر ۶	ہمہ دیدہ زعبہرہا	ہمہ دیدہ زعنبرہا	ہمہ دیدہ زعبہرہا
۱۰	گل دوروچنان چون مہرہا بر دو پیکرہا	گل دوروییہ چنان چوں قمرہا در دو پیکرہا	گل دوروییہ چنان مہرہا در دو پیکرہا
۱۵	برشاخ	در باغ	برشاخ
۱۸	نیکو بہارستاں	زیبا نگارستاں	زیبا نگارستاں
	خراماں	کرازاں	کرازاں
۱۹	بباخترہا	بخاورہا	بخاورہا
۳۰	بہ حلم تو	بہ حکم تو	بہ حکم تو
قصیدہ ۲ ۳	چوں	کے	کے

۶ ؍ ۲ یکے پیرہن	بتن پیرہن	بتن پیرہن
۱۳ ؍ ۲ دہانش	دہانش	دہانش
قصیدہ ۴ ؍ ۱ خونِ انگور	آبِ انگور	
۱۰ ؍ ۱ قدح	قدم	
قصیدہ ۶ ؍ ۶ زیرش	چنگش	
۵ ؍ ۵ صواب است	ثواب است	
قصیدہ ۷ ؍ ۷ یرقان است	خفقان است	خفقان است
۲۰ ؍ ۲ عیبِ تنش این است	عیبش جز این نیست	عیبِ تنش این است
۴۲ ؍ ۲ شریاں	رگ را	رگ را
قصیدہ ۸ ؍ ۳۳ غائب نشود	بیروں نرود	بیروں نرود
قصیدہ ۹ ؍ ۶ جعد	زلف	زلف
۲۰ ؍ ۲ مصر	روم	مصر
قصیدہ ۱۱ ؍ ۱۱ کمان	کمند	کمند
قصیدہ ۱۲ ؍ ۱۱ درکارہاء دنیا	باکارہاء عقبیٰ	درکارہاء دنیا
۲۳ ؍ ۲ نوبہار	روزگار	روزگار
۳۱ ؍ ۲ ایزد	یزداں	ایزد
قصیدہ ۱۴ ؍ ۳۲ باغ بہاری	بادِ بہاری	بادِ بہاری
قصیدہ ۱۶ ؍ ۳۳ اعتقاد	اقتباس	اختیار
قصیدہ ۱۷ ؍ ۲۶ زود آتشِ بلند	زیں آتشے سیاہ	زیں آتشے بلند
قصیدہ ۳۱ ؍ ۲۳ از میغ	چوں میغ	زاں میغ
قصیدہ ۳۴ ؍ ۶ راحت	ہستی	دست

قصیدہ ۳۵	خیل الاخسرین	خیل الآخرین
قصیدہ ۳۷	بے شراک	بادپائے
قصیدہ ۶۸	قیصر	قیس
قصیدہ ۸۶	نکو پیکر	نکو پیکیہ
قصیدہ ۹۱	بدخوی	بدخواہ
قصیدہ ۹۲	بہادرہ	بمذہب

ہم نے طوالت کے خوف سے صرف چند ایک اختلافات پر اکتفا کیا ہے۔ ورنہ فہرست اختلافات تقریباً اس سے دس حصے زیادہ لمبی ہے۔

تتمہ ب

تشخیص اغلاط

صفحہ سطر	غلط	صحیح
۵/۱۰	کبک بر	کبک نر
۷/۵۸	دربارت	دربارت
۸/۱۱	بوسہ دادہ	بوسہ بدادہ
۱۲/۳	کشید	کشیداو
۱۶/۲۲	ماہ رویان است	ماہ روان است
۱۹/۲۰	برگل برباز	برگل وبربار
۲۷/۱۵	بقول عمل	بقول وعمل
۳۲/۱۴	بخاری	بخواری
۴۷/۲۲	دوانند	دواند

صفحہ سطر	غلط	صحیح
۶/۳۱	بہار	بہارے
۷/۵۹	استقامت	استقامتہا
۱۰/۲۴	اورا	ورا
۱۵/۲۱	دیگر	دگر
۱۸/۲۲	و	ور
۲۶/۱۴	ربانش	زبانش
۳۳/۲۴	زندباف زندخواں	زندباف وزندخواں
۴۷/۲۴	کردی اور زنیسو کے درمیان واو چاہیئے	
۵۱/۱۹	برگل سرخ	بگل سرخ

صفحہ سطر	غلط	صحیح
۵۲/۱۵	ہرگز	مرگز
۵۳/۱۰	بُود	بُد
۵۴/۱۶	بیش صد	بیش ازصد
۵۴/۱۹	بہ معذورم	نہ معذورم
۵۶/۸	بریرہ	برہ
۵۷/۲	منکّر	منکَر
۱۸/	چاکرد	چاکر
۶۳/۲	دلخواہن	دلخواہاں
۶۴/۴	'دُل' اور 'رستم' کے درمیان واؤ چاہیئے	
۱۱/	گرچنو	گرچہ تو
۶۴/	چنیں	چونیں
۷/	نہند	نہد
۶۶/۱۸	حرکت	حرکات
۸۳/۴	خورشید	خورشیدے
۱۱/	ابجدار وکل من	ابجدر او کلمن
۸۶/۸	تو تن ہمی پوشی بر پیرہن	تو تن پوشی ہمی بر پیرہن
۹۱/۱	کش خرام شیر گام	کش خرام تیز گام
۹۲/۳	حورا	جوزا
۹۳/۲	'بے حذ' اور 'از' کے درمیان 'باشد' زیادہ کرو +	

صفحہ سطر	غلط	صحیح
۹۵/۲۴	'مدح' اور 'تشبیہ' کے درمیان داؤ زیادہ کرو	
۹۶/۱۱	الابصمنك	الاهبی بصمنك
۱۰۲/۸	'او' اور 'دیبہ' کے درمیان واؤ بڑھاؤ	
۱۰۳/۱۳	دوسخ	دوزخ
۱۰۷/۸	ماویہ	ماریہ
۱۱۰/	روز	روزے
۱۱۹/۱۰	سپاری	ستیاری
۱۲۱/۹	نشینی	بہ نشینی
۱۲۲/۴	'و' اور 'گل' کے درمیان 'با' زیادہ کرو۔	
۱۲۴/۱۶	ضمیراں	ضمیراں
۱۲۵/۱۷	'مرتکے' کے بعد 'است' زیادہ کرو +	
۱۲۶/۹	مہتر کہتر	مہتر و کہتر
۱۲۷/۹	ہستی	ہیئتی
۱۲۸/۲۱	مسہد	مشہد
۱۳۰/۳	معشوق و معشوق	معشوق و مشوق
۱۳۱/۱۴	اودہانش	او ہم دہانش
	یاقوت ہیچارہ	یاقوت دہیچارہ
۱۳۲/۸	بپرسیدے	نپرسیدے
۱۳۵/۹	زشتی	زشت
۱۳۷/۱	گر	اگر

صفحہ سطر	غلط	صحیح
۱۴۱/۱	ازرمنی	زرمینی
۱۴۲/۴	وہنی	ہنی
۱۴۶/۲	'جنتہ العدن' اور 'چہارم' کے درمیان واؤ چاہیئے	
/۲۱	'بے درد' اور 'دوم' " " "	
۱۵۰/۱۴	نیرزد	بیرزد
۱۵۲/۱۵	گلاب لولو	گلابِ خوش ولولو
۱۵۵/۲	برند	بزند
۱۵۵/۴	'سر' اور 'پہلو' کے درمیان واؤ ڈالو	
۱۵۶/۲۴	کس را	کسے را
۱۵۷/۱۴	خارجہاں	خارجیاں
۱۵۹/۵	از	ز
۱۶۱/۱	چڑی	چوں
/۴	آویخیت	آویخت
/۳	بچگاں را	بچگاں
	'مدور' اور 'بے قد' کے درمیان 'ہمہ' بڑھاؤ	
/۱۱	بچگاں نہ ہیچ نفیر	بچگان ونہ نفیر
/۱۴	چوں زائد ہے	
/۱۶	دہانشاں	رہاشاں
۱۶۲/۱۳	درخویش	رزخویش
۱۶۷/۲۱	نہادہ	بنہادہ

صفحہ سطر	غلط	صحیح
۱۶۸/۹	'پسر' اور 'خویش' کے درمیان 'از' بڑھاؤ	
/۱۰	'درون' اور 'کردہ' کے درمیان واؤ ڈالو	
/۲۲	بندہ	پسندہ
۱۶۹/۱۴	شوکہ	گوشہ
/۱۷	معبود	مسعود
۱۷۳/۱۴	اوحرب	ابوحرب
/۲۲	مسکن	مسکنش
۱۷۴/۹	روندہ	دردروندہ
۱۷۶/۹	نماز	نمازے
/۲۴	'وگاہ' میں واؤ زیادہ ہے	
۱۷۸/۴	سہ یکے	تُوسہ یکے
۱۷۹/۲۴	عروس	عروسے
۱۸۱/۱۵	زمین بوقلموں	زمیں برنگ بوقلموں
۱۸۳/۱	خف	بخف
/۲	نازوخلف	نازوصلف
۱۸۴/۲۲	بروبرد	برُوبزد
۱۸۷/۸	نفرمود	نفرمودی
/۲۱	خوردون	خورد
۱۸۸/۲۱	برچیدہ	برچد
/۲۴	بسر	بسرش

(۴) فرد

ز تیغ و زکینت حزیں شد عدو زواشادِ تو شاد گردد دلے

(قلمی نسخہ دیوان منوچہری موجودہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری صفحہ ۱۳۳)

(۵) فرد

عجب دل تنگ و غمخوارم زحد گذشت تیمارم تو گوئی در جگر دارم دو صد یا ہیج گرگانی

(قلمی نسخہ دیوان منوچہری موجودہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری صفحہ ۱۳۳)

(۶) قصیدہ ۸۳ کا ایک شعر

قلمی نسخہ میں قصیدہ ۸۳ کے دسویں شعر کے آگے یہ شعر زائد ہے :-

واں مرغکِ لط ہمچوں ختنی کافور بربستہ بشاخ در ہم سنبل و ہم عنصل

(ایضاً صفحہ ۱۰۶)

تتمّہ

منوچہری کے ممدوحین کی فہرست

(۱) ابوسعید سلطان مسعود بن یمین الدولہ محمود غزنوی ؛

(۲) شمس الوزراء احمد بن عبدالصمد وزیر سلطان مسعود غزنوی ؛

(۳) خواجہ فضل بن محمد الحسینی ؛

(۴) فلک المعالی امیر منوچہر بن قابوس بن وشمگیر دیلمی ؛

(۵) ملک الشعراء حکیم ابوالقاسم حسن المتخلص بہ عنصری ؛

(۶) خواجہ ابوالحسن احمد بن حسن میمندی ؛

(۷) خواجہ علی بن محمد ؛

(۸) خواجہ احمد وزیر سلطان ؛

(۹) خواجہ ابوالعباس ؛

(۱۰) سپہ سالار مشرق علی بن عبید اللہ الشہیر بصادق ؛

(۱۱) خواجہ محمد ؛

(۱۲) خواجہ ابوحرب محمد بن مختیار ؛

(۱۳) ابوالحسن بن علی بن موسیٰ عمرانی ؛

(۱۴) خواجہ ابوسہل زوزنی دبیر سلطان مسعود ؛

(۱۵) ابوریحان بن ربیع ؛

(۱۶) اسد بن حارث بن منصور امام حبلیان ؛

(۱۷) خواجہ خطیر ؛

(۱۸) خواجہ طاہر ابومنصور ؛

(۱۹) خواجہ عمید سلطان وزیر سلطان مسعود ؛

(۲۰) شاہ ابوالمظفر ؛

(۲۱) خواجہ خلف ؛

اثنائے مضمون میں منوچہری کے قصیدہ پر تنقید کرتے وقت ہم نے وعدہ کیا تھا۔ کہ آخر مضمون میں ہم قبلہ والد صاحب[1] بزرگوار کا قصیدہ پیش کریں گے۔ جو آپ نے منوچہری کے مندرجہ ذیل قصیدہ کے جواب میں لکھا تھا ؎

الا یا خیمگی خیمہ فرو ہل کہ پیش آہنگ بیروں شد ز منزل

چنانچہ قبلہ بزرگوار کا قصیدہ درج ذیل ہے :-

الا اے ساربان بربند محمل کہ شد خورشید را محمل بمنزل

---

[1] حضرت علامہ اصغر علی صاحب روحی سابق پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور - ۱۲ ؛

سبک بردار سر از بالش خواب — که نالاں شد جرس ہا در قوافل
دلم زافسردگی از کار رفتہ است — سرت گردم مشو از چارہ غافل
بگلبانگ حدی برکش نوائے — کہ بندِ صبر دل بردارد از دل
نشستن فارغ از دل دور میداں — چو زو ناخن بدل یاد منازل
توقف را مثل دانی چہ آرم — غبار خاطرِ محمول[1] و حامل
دریں منزلگہم آرام جاں نیست — بہ نخجی کن زمامِ سیر عاجل
عدیلم گو برن بالیشتِ من بیشت — بمحمل پیکرِ جوزا مماثل
بزجر سانح و بارح[2] مزن فال — مینديش از وعیدِ تلخ عادل
مرا با وعدۂ عرقوب مفریب — نیارم تاب پیمانِ مماطل
فلک در التماسِ مہلت آمد — دمادم میدمد در گوشِ اہمل[3]
ولے چوں شوقم آمد کارفرما — برآوازِ جرس گوید کہ عجّل
خرامانند در کہسار کبکاں — سرایانند بر گلبن عنادل
دریں کہسار و طرفِ لالہ زارش — طنابِ خیمہ را پیوند بگسل
بہارِ مرغزارِ دامن کوہ — بکوئے دوست می بینم مزابل[4]
دری وادی بنم حضرِ رہِ خضر — وَکَم مِن عَالِمٍ قَد لَجَّ جَاہِل
مہارِ نجتیم در دستِ من نہ — رفیقم گرنہ فاللہُ کافل
رہ باریک و تاریکِ بیاباں — ہزبراں سہمگیں گرگاں مصاول
بزنگِ گورِ ظالم تیرہ و تنگ — لبسان عرصۂ محشر زلازل

---

[1] محمول راکب و حامل مرکوب ۱۲ منہ

[2] سانح و بارح کہ اہل عرب بداں فالِ نیک و بد می گیرند ۱۲ منہ

[3] مہلت دہ ۱۲ منہ

[4] جائے خاکروبہ انداختن ۔ ۱۲ منہ

مغاک و تل و بیم دزد و سیلاب ظلام و برق و رعد و ابر باطل
بیابان می برم دشت و جبل را من و این جملہ رنج راہ و بازل
بجوئے وصل یار دلنوازے چہ خوش باشد بشب قطع مراحل
بویژہ آنکہ خلاقش لقب کرد بدیوان ازل فخر الاماثل
محمدؐ انجمن آرائے ہستی سرور سر حلقۂ بزم اوائل
جبینش نور وحدت را ہم آغوش چو در آیات قرآنی فواصل
حدوث آمد قدم را دوش با دوش وجودش برزخے در ہر دو حائل
نبودے جوہرش گر اصل آدم ملک کے آمدے بر سجدہ مائل
فراز قبۂ خضرا بر آمد بروں رفت از حد عالی و سافل
نگاور را بہ تگ می راند در راہ سوارے کآمدش جبریلؑ راحل
بکشف سر کنہ ذات بیچوں بصدر لامکاں خواندش کہ انزلؑ
قدر سر بر خط فرمان رانش قضا را انجمن تحصیل حاصل
نژادش پاک از آلودگیہا چو آبے کش چکانند از جنادل
بلے از نور محضش آفریدند جمیل الوجہ محمود الخصائل
بخلوت خانۂ مطلق ھو اللہ بمحفل خوش لقا شیریں شمائل
دل و دستش ز فیض لایزالی زہے کان عطا بحر فواضل
سرور سینہ اش ناز تنیماں بہار خاطرش نزل ارامل
کسے کز خنجرش زخمے بخوردست بہ تیغ جور گردوں باد بسمل
بدامانش در آویزائے نگوں بخت چو مقبل نیستی مگذر ز مقبل
بدریائے کہ ہر موجش بلائے است مشو بے دفع بسم اللہی وسائل

لہ خاصتہ - ۱۲ منہ ف امام الانبیاء ۱۲ منہ ۲ فرودآ - ۱۲ منہ

بطوفا رگاہِ آشوبِ حوادث — بساحل برشدن کاریست مشکل
پرد تا آشیاں کے مرغکِ زار — کہ در کنجِ قفس ماند زحبائل
شہنشاہا دو عالم بارگاہا — بعرضِ حاجتم گستاخ سائل
نہالِ شوقِ تو در گلزینے — نشاندستم چو نخل اندر خمائل
شمارِ شوق سرکش را پس از مرگ — دمد از خاکِ من نخلِ انامل
بود ورد تو فرضِ عین لاریب — فرائض جملہ بے وردت نوافل
بزیرِ نیلگوں کاخ مقرنس — نیابم جز بدرگاہِ تو موئل
دو صد نفریں فرست اے خواجہ گر من — گزینم دیگرے بر تو بمسائل
دل از مہر کساں پرداخت اینک — بشغلے غیرِ یادت نیست شاغل
سوارہ می برد چوں باد نکبا — ہبوطِ عمرِ بے صوتِ جلاجل
گزیدہ بہرۂ عمرم چو بگذشت — نکش بر صرفِ سعیم خطِّ باطل
کسے کو بر لبِ دریا نشیند — عجب گر تشنگی میرد بساحل
بحکمِ وحی لَا تَنْهَرْ زِ یزداں — بجاں می پوۂ ہموارہ عامل
زبذلِ لطف نگذشتی سرِ مو — چو شوخے بر زباں میرِ[1] اِدِ عَدِلْ
نبودے گر یدالله دستِ پاکت — کجا ناپاک را می بود[2] غاسل
خَلِیْلِیَّ ارْجِعَا یَوْمًا فَقُوْلَا — اِلٰی مَا یَنْتَهِیْ سَیْرُ الرَّوَاحِلْ
سَقَانَا الدَّهْرُ کَاْسًا مِنْ اُجَاجٍ — فَهَلْ یَا قَوْمِ مِنْ عَذْبِ الْمَنَاهِلْ
فَشِمْنَا بَرْقَ طَیْبَةَ مِنْ بَعِیْدٍ — فَاَعْجَلْنَا عَنِ الْمَرْعٰی الزَّوَامِلْ
فَلَمَّا اَنْ وَرَدْنَاهَا عِطَاشًا — سَقَانَا مِنْ نَدَی اَکُفِّہٖ وَابِلْ

---

[1] اشارہ بذو الخویصرۂ خارجی - ۱۲ منہ

[2] اشارہ بقصۂ اعرابی کہ مہمان آنحضرت صلعم بود و شب تخمہ کرد ۱۲ منہ

[3] مدینۂ منورہ - ۱۲ منہ

بحق ہر دو نور چشم زہرا — شہید خنجر و شیر ہلاہل
چو بر بندم ازیں دیر فنا رخت — سرافرازم کن از ایمان کامل
چو رو آرم بمیدان قیامت — بگردن نامۂ عصیاں حمائل
ز ہول یجعل الولدان شیبا — بدر روز ہمہ شیران بابل
بگوشم در دمند اقرء کتابک — تنم لرزد ز اہوال نوازل[1]
بفرمانا مرا آزاد سازند — ز بیم آتش و جبر سلاسل
چو خواندم ما غنتم از چہ رسم — کہ در پیش است منزلہائے ہائل
ہم از لطف تو میدانم کہ روحی — بہ بزم سفلہ طبعاں نیست نازل
ز نیرنگ کلام من بفسرد — فسون سامری و سحر بابل
ولے جز نکتہ داں کے باز داند — مقام ابن وائل راز باقل[2]
دگر ہنگام آں آمد کہ نازند — خزاعہ زادگاں در بزم و عبل[3]
منوچہری گر از ایراں زمین است — عجب نبود ز پنجابش مقابل
منوچہری نباشد چہرہ با من — ندارد جز ز طبع جوز ماثل
بلے او بود دُرّ تاج مسعود[4] — منم خرمہرہ وار افتادہ در گل
ولے زانجا کہ مداح رسولم — دو صد مسعود را سنجم بنائل
ز فیض جود اُمی نازم امروز — بعز دولت انعام شامل

نوٹ - آخر کے چھ سات شعر تبلا رہے ہیں - کہ یہ قصیدہ منوچہری کے جواب میں لکھا گیا ہے۔ اور یہ کہ منوچہری سلطان مسعود کا درباری شاعر تھا۔ نہ کہ سلطان محمود کا جیسا کہ ہم اصل مضمون میں اس موضوع پر بالتفصیل بحث کر آئے ہیں ؛

صوفی محمد ضیاء الحق گورنمنٹ کالج جھنگ

---

[1] حوادث - ۱۲ منہ [2] مردے است غیر فصیح از اہل عرب ۱۲ منہ [3] دعبل خزاعی شاعر بیت مشہور ۱۲ منہ
[4] سلطان مسعود غازی غزنوی ۱۲ منہ ؛

مولانا حالی کی کتب سوانح

حیات جاوید

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ نومبر ۱۹۳۷ء)

حیات جاوید اگرچہ تاریخی لحاظ سے حیات سعدی وغیرہ کے بعد آتی ہے لیکن اہمیت اور قدر و قیمت کے خیال سے ہم سوانح عمریوں میں سب سے پہلے اسی کو لیتے ہیں۔ کیونکہ اگرچہ ابنائے روزگار نے اسکو چنداں شرف قبول نہیں بخشا۔ اور اس کے متعلق جو بدگمانی ملک و قوم میں پھیل چکی تھی۔ وہ اس کے محاسن کے بے نقاب کئے جانے میں حارج ہوئی۔ پھر بھی ہمارے لئے (جو خوش قسمتی سے اس پُرآشوب زمانے سے بہت دور ہیں) سب سے زیادہ قابل توجہ امر یہ ہے۔ کہ جن بدگمانیوں اور غلط فہمیوں کے طفیل اس عظیم و جلیل شخصیت کی بزرگی جلوہ عام پر نہ آسکی۔ وہ آہستہ آہستہ بہت حد تک رفع ہو چکی ہیں۔ پھر کونسا امر مانع رہ جاتا ہے۔ کہ ہم پرانی لکیر سے ہٹ کر اس گراں قدر تصنیف کو اس کے اصلی رنگ میں دیکھیں۔ اور انصاف اور تحسین کی کسوٹی ہاتھ میں لے کر کھوٹے اور کھرے کو خوب پرکھ کر یہ فیصلہ نہ کریں۔ کہ فرزندان عصر نے اس کے متعلق جو رائے ظاہر کی۔ اس میں منصفانہ تنقید کا حصہ زیادہ تھا۔ یا ماحول کے اثرات سے پیدا شدہ سوءظن کا!

سرسید احمد خاں (جن کی لائف حیات جاوید کا موضوع ہے) ایک جامع اوصاف شخص تھے۔ ان کی زندگی گوناگون مشاغل اور ہنگاموں کا مرکز اور ہزارہا عزائم اور مہمات کا منبع رہی ہے۔ پس ایک ایسی متنوع اور "یک و ہزار سودا" زندگی جس کی جزئیات پر عبور حاصل کرنے کے لئے نصف صدی بلکہ پورے ایک دور کا لٹریچر پڑھنا ضروری ہو۔ آسانی سے نہیں لکھی جاسکتی۔ اگرچہ خود سرسید جب

پہلے پہل ان سے ان کی لائف کی ترتیب کے متعلق ذکر کیا جاتا۔ تو اکثر فرمایا کرتے۔ کہ "میری لائف میں سوا اس کے کہ لڑکپن میں خوب کبڈیاں کھیلیں۔ کنکوّے اڑائے۔ کبوتر پالے۔ ناچ مجرے دیکھے اور بڑے ہو کر نیچری۔ کافر اور بے دین کہلائے۔ اور رکھا ہی کیا ہے۔" لیکن کون نہیں جانتا۔ کہ سرسید نے ان بظاہر انکسار آمیز لیکن درحقیقت الفاظ میں اپنی شاندار زندگی کا نقشہ کھینچ کر رکھ دیا ہے ان کا مطلب سوا اس کے کیا ہے۔ کہ ان کی لائف کا ابتدائی زمانہ "بشریت" کی تکمیل میں گذرا۔ اور آخری حصہ دین، مذہب اور قوم کی فلاح و بہبود کی کش مکش میں بسر ہوا ؛

پس ایک ایسے شخص کے سوانح لکھنے کی ذمہ واری اتنی آسان اور اس کی زندگی کے اختلافی پہلوؤں میں منصفانہ محاکمہ اتنا سہل نہ تھا۔ ایک طرف یہ مشکل کہ جس شخص نے مذہب، اخلاق، معاشرت، تعلیم۔ سیاست۔ لٹریچر۔ تنقید معاشرت، غرض حیاتِ انسانی کا کوئی پہلو ایسا نہیں، جس پر اپنے خیالات ظاہر نہ کئے ہوں۔ اسکے حالات کے دریائے بے پایاں کو سمیٹے تو کون؟ اُدھر یہ دقت کہ جس شخص نے چالیس برس تک تعصب اور جہالت سے نہ ختم ہونے والی جنگ جاری رکھی۔، تقلید کی جڑ کاٹی نکتہ چینی کی بنیاد رکھی، جو رسوم صدیوں سے چلی آتی تھیں، ان کو باطل کیا۔ جن عقائد کا نام اصول دین رکھ لیا گیا تھا۔ بدلائل ثابت کیا۔ کہ وہ فرع بھی نہیں۔ زمانہ مشرق کی طرف جا رہا تھا تو اس نے مغرب کا رخ کیا نتیجہ یہ کہ کسی نے اسے راست باز کہا کسی نے کاذب۔ کسی کے نزدیک وہ ہمدرد قوم ٹھیرا۔ کسی کے خیال میں دشمن دین و ملت، ایک طرف یہ آوازیں اُٹھ رہی تھیں۔ کہ مجدد دین آگیا، دوسری طرف یہ غل ہو رہا تھا۔ کہ یہی دین میں بدعت کا دروازہ کھولنے والا ہے۔ یہی فاسق و فاجر۔ بلکہ صریح کافر ہے۔ یہ اختلاف! یہ نزاع! یہ مناظرہ! اس میں ثالث بالخیر کے فرائض انجام دے تو کون!

یہ بارِ گراں حالی نے سر پہ اٹھایا۔ اور اس کی ذمہ واریوں سے کامیابی کے ساتھ عہدہ برآ ہو کر ایک ایسی تصنیف یادگار چھوڑی۔ جو سوانح نگاری کے فن میں پہلی منظم اور باقاعدہ کتاب کہی جا سکتی ہے ؛

مولانا سے قبل کرنل گریہم نے بھی انگریزی زبان میں ایک لائف لکھی۔ لیکن اس کے متعلق یہ رائے ظاہر کی گئی ہے۔ کہ وہ ایک مکمل بیگرافی ہونے کا دعوے نہیں کر سکتی۔ اسی طرح حاجی اسمٰعیل خاں رئیس دتاولی کی تحریک سے منشی سراج الدین صاحب مالک و مہتمم "چودھویں صدی" نے لائف کی داغ بیل ڈالی۔ اور بہت حد تک اس کے لئے میٹریل جمع کر کے اس کو ایک خاص حد تک مرتب بھی کیا۔ لیکن وہ شائع نہ ہو سکی ؛

مولانا حالی نے ان دونوں سوانحعمریوں کے محاسن و معائب سے فائدہ اٹھایا۔ ان کی خوبیوں کو اپنی کتاب میں جذب کیا۔ اور ان کی کمزوریوں سے احتراز کیا ؛

مولانا کو سرسید کی لائف لکھنے کا خیال پہلے پہل اس وقت پیدا ہوا۔ جبکہ وہ کالج کی بنیاد رکھ چکے تھے۔ اگرچہ ان کا حال ابھی تک "پہلی رات کے چاند کا سا تھا کہ کسی نے دیکھا کسی نے دیکھا ہی نہیں"۔ تاہم ملک میں ان کی خدمات کی قدر پیدا ہو چکی تھی۔ اس زمانے میں کچھ سوال مرتب کر کے برائے جواب مولانا نے سرسید کے پاس روانہ کئے۔ لیکن انہوں نے لائف کے خیال کو پسند نہیں کیا۔ بعض دوسرے لوگوں نے بھی یہی رائے دی۔ کہ سرسید کی لائف ان کی زندگی میں لکھنی مناسب نہیں۔ چنانچہ یہ ارادہ موقوف ہو گیا ؛

لیکن یہ ارادہ ہمیشہ مولانا کے دل میں موجود رہا۔ اور آخر کار انہوں نے ۱۸۹۴ء میں علیگڈھ میں اسی غرض سے قیام کیا۔ اور اس وسیع و ذخیرہ معلومات سے فائدہ اٹھایا۔ جو وہاں موجود تھا۔ نیز منشی سراج الدین صاحب کا مسودہ بھی حاصل کیا گیا۔ اس کے علاوہ اس وسیع اور مصروف زندگی کے حالات کو جمع کرنے کے لئے علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ۔ تہذیب الاخلاق اور سید صاحب کی جملہ تصانیف کو کھنگالا۔ ان کے خطوں۔ ان کے دوستوں کے بیانات، انگریزی اخباروں، موافق اور مخالف رسالوں اور مدبران سلطنت کی تحریروں کا ایک ایک حرف پڑھا، اور اس سے مفید مطالب کا استقصا کیا گیا۔ اور ان کا نچوڑ اور خلاصہ نکال کر حیاتِ جاوید کے اوراق میں بند کر دیا۔ حالی کے ایک دوست کے اس بیان میں کوئی مبالغہ معلوم نہیں ہوتا۔ کہ اگر اس تمام ذخیرے

کو مرتب کیا جاتا تو اس کی وسعت کا احاطہ کرنے کے لئے کئی ضخیم جلدوں کی ضرورت ہوتی ۔

حیاتِ جاوید دو حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصّہ میں زندگی کے حالات اور کارنامے بقید و ترتیب تاریخی درج کئے گئے ہیں۔ اور دوسرے حصّے میں کارناموں پر تبصرہ کیا گیا ہے اور ان کی مجموعی قدر و قیمت کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ کتاب کے مفصل مضامین کا اندراج اگرچہ یہاں بہت نامناسب خیال نہ کیا جاتا۔ لیکن اس کو موجب تطویل اور بے ضرورت خیال کرتے ہوئے۔ اس موقعہ پر نظر انداز کیا جاتا ہے سرسید کی زندگی کے متعلق ہم نے گذشتہ اوراق میں جو کچھ لکھا ہے، اس کا ماخذ بہت حد تک حیاتِ جاوید ہی ہے نیز سیّد صاحب کی زندگی خود اتنی مستغنی از تعریف اور ان کے کارنامے اتنے بالا از تعارف ہیں۔ کہ یہاں ہم اس کو حذف کرتے ہوئے اس کے لئے معافی چاہتے ہیں اور اس تصنیف کے مقصد اصلی یعنی حیاتِ جاوید کی تنقید کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

ایڈمنڈ گوس، انسکلوپیڈیا برٹانیکا میں 'بیاگرافی' کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں :-

"Biography is a faithful portrait of a soul in its adventures through life."

یعنی "بیاگرافی" موضوع کی ہو بہو تصویر ہو۔ جو مکمل ہونے کے علاوہ حقیقت پر مبنی ہو۔ اور اس تمام تصویر کشی میں منتہائے نظر صرف صداقت کی ترجمانی ہو۔ پھر اس کے لئے ضروری ہے کہ مظاہر کی نقاشی کے ساتھ ساتھ موضوع کی اندرونی "شخصیت" اور "انفرادیت" بھی پوری صفائی کے ساتھ نمایاں کی جائے۔

ان صفات چہار گانہ کی طرح بعض اور اوصاف بھی ایسے ہیں۔ جو سوانح نگار کے لئے بیحد ضروری ہیں۔ مثلاً یہ کہ تصادم آرا کے وقت اخلاقی جرأت کا ثبوت دیتا ہو اور بیرونی اثرات سے بالکل متاثر نہ ہوتا ہو۔ موضوع کے معائب اور کمزوریاں دکھانے میں اسی طرح واقعیت کا خیال رکھے۔ جس طرح محاسن کے بیان میں۔ موضوع کی شخصیت کی تصویر کشی میں ذاتی رجحان کو دخل نہ دیتا ہو۔ اور جذباتی، سیاسی، اور مذہبی محرکات سے وہ ہیرو کو واقعہ اور حقیقت کے

خلاف نمایاں نہ کرے۔ سوانح نگار کا مقصد محض "یادگار" ہی نہ ہو۔ کیونکہ اس عیب سے بیاگرافی ایک اچھی بیاگرافی کے پایہ سے گر جاتی ہے۔ اور سب سے آخری بات یہ کہ ان ضروریات کے ساتھ ساتھ مصنف اس کو اسلوب بیان، ترتیب، اور واقعات کے حسن انتخاب سے ایک ادبی شاہکار بنائے

یہاں یہ بتا دینا ضروری ہے، کہ اب تک حیاتِ جاوید کے متعلق موافق اور مخالف آراء کا اظہار ہو چکا ہے۔ جس کا خلاصہ یہاں درج کیا جاتا ہے ؛

یہ بالکل قدرتی بات ہے۔ کہ سرسید احمد خاں کے تمام کاموں اور کارناموں کی طرح ان کی لائف کی اچھائی اور برائی کے متعلق شدید اختلاف پایا جاتا ہے۔ اگرچہ ان کے قدردانوں کی ایک اچھی خاصی تعداد ملک میں پیدا ہو گئی ہے۔ اور اس وقت بھی پیدا ہو گئی تھی۔ تاہم چونکہ سید صاحب نے مذہب، اور سیاست دونوں میں ایک جدید خیال اور "دبستان" کی بنیاد رکھی ہے جس سے اصولاً ایک گروہ کو دیانت دارانہ اختلاف تھا۔ اور اب تک ہے۔ اس لئے حیاتِ جاوید کے متعلق اظہار رائے میں بھی قدرتی طور پر تنقید کرنے والے حضرات دو گروہوں میں منقسم ہو گئے ہیں ؛

ہمیں سب سے پہلے خود مصنف کے خیالات سن لینے چاہئیں۔ کہ انہوں نے اس کتاب کی تصنیف میں کیا خاص اصول مدنظر رکھا۔ اور کونسے آداب اور قواعد ہیں۔ جن کی پیروی ضروری سمجھی گئی۔ حیاتِ جاوید کے دیباچہ میں مولانا حالی فرماتے ہیں :۔

"اگرچہ ہندوستان میں جہاں ہیرو کے عیب و خطا کا معلوم ہونا اس کی تمام خوبیوں اور فضیلتوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ ابھی وہ وقت نہیں آیا۔ کہ کسی شخص کی بیاگرافی کریٹیکل طریقہ سے لکھی جائے اس کی خوبیوں کے ساتھ اس کی کمزوریاں بھی دکھائی جائیں۔ اور اس کے عالی خیالات کے ساتھ اس کی لغزشیں بھی ظاہر کی جائیں۔ چنانچہ اسی خیال سے ہم نے جو دو ایک مصنفوں کا حال اب سے پہلے لکھا ہے۔ اس میں جہاں تک ہم کو معلوم ہو سکیں۔ ان کی اور ان کے کلام کی خوبیاں ظاہر کی ہیں۔ اور ان کے پھوڑوں کو کہیں ٹھیس نہیں لگنے دی۔ لیکن اول تو

ایسی بائیوگرافی چاندی سونے کے ملمع سے کچھ زیادہ وقعت نہیں رکھتی . . . . . الخ

لیکن ہم کو اس کتاب میں اس شخص کا حال لکھنا ہے جس نے چالیس برس برابر تعصب۔ اور جہالت کا مقابلہ کیا ہے . . . . . ہم میں وہ پہلا شخص ہے جس نے مذہبی لٹریچر میں نکتہ چینی کی بنیاد ڈالی ہے۔ اس لئے مناسب ہے۔ کہ سب سے پہلے اسی کی لائف میں اس کی پیروی کی جائے۔ اور نکتہ چینی کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے۔ اگرچہ سرسید کے معصوم ہونے کا نہ ہم کو دعوے ہے۔ اور نہ اس کے ثابت کرنے کا ہم ارادہ رکھتے ہیں۔ لیکن اس بات کا ہم کو خود بھی یقین ہے۔ اور ہم چاہتے ہیں۔ کہ اوروں کو بھی اس کا یقین دلائیں۔ کہ سرسید کا کوئی کام سچائی سے خالی نہ تھا۔ اور اس لئے ضرور ہے۔ کہ ان کے ہر کام کو نکتہ چینی کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ کیونکہ سچ میں اور صرف سچ میں یہ کرامت ہے۔ کہ جس قدر اس میں زیادہ کریدی جاتی ہے۔ اسی قدر اس کے جوہر زیادہ آب و تاب کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں "

ہم اس طویل اقتباس کی معافی چاہتے ہیں۔ لیکن اس کی ضرورت اس لئے پیش آئی۔ کہ اپنی تصنیف کے متعلق خود مصنف کا بیان زیادہ وقیع سمجھا جایا کرتا ہے۔ اس بے حد قیمتی اور پُر معنی عبارت میں مولانا حالی نے سوانح عمری کا نظریہ، اپنی مشکلات، پہلی سوانح عمریوں کے نقایص اور موجودہ تصنیف کا اصول کا ریبان کر دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے :-

۱۔ چونکہ ہمارا ماحول ابھی تک یورپ کے کرٹکل طرز سوانح نگاری کے لئے سازگار نہیں ہے۔ اس لئے ابھی وہ وقت نہیں آیا۔ کہ سوانحعمری یورپ کے طریقے پر لکھی جائے :

۲۔ پہلی سوانحعمریوں (یعنی حیاتِ سعدی اور یادگار غالب) میں صرف محاسن ظاہر کئے ہیں

۳۔ حیات جاوید میں نکتہ چینی کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ اگرچہ سرسید نے جو کام کیا۔ اس کی بنیاد سچائی پر ہے۔ اس لئے سوانح نگار کا فرض ہے۔ کہ اوروں کو بھی اس کا یقین دلائیں۔ کہ وہ جو کچھ کرتے تھے۔ سچائی کے ساتھ کرتے تھے۔ بہرحال ان کے خیالات، عقاید، اور کاموں پر نکتہ چینی ضروری ہے :

سطور بالا سے یہ ظاہر ہوگیا ہوگا۔ کہ حالی، ہیرو کے معائب و محاسن کی یکساں بے نقابی کو ضروری سمجھتے ہیں۔ علے الخصوص سرسید کے متعلق اس پر عمل کرنا ضروری ہے ؛

اس میں کچھ شبہ نہیں۔ کہ جہاں تک سرسید کی بیرونی زندگی اور خارجی واقعات کی تصویر کا تعلق ہے۔ حیاتِ جاوید ایک جامع کتاب ہے۔ پہلے ذکر آچکا ہے۔ کہ سید صاحب کی لائف پیدائش سے لے کر وفات تک۔ گویا ایک پوری صدی کی تاریخ ہے۔ ہمارا مصنف خاندان اور خاندانی ماحول سے ابتدا کرتے ہوئے ان کی رحلت تک اپنے ہیرو کے ساتھ ساتھ سفر کرتا نظر آتا ہے۔ اور اس انتہائی مصروفیت کی زندگی کے کسی کارآمد لمحے میں کہیں بھی ساتھ نہیں چھوڑتا۔ سید صاحب دہلی کے سادات کے ایک معزز گھرانے میں متولد ہوئے۔ ان کی طفلی کے واقعات، خاندانی روایات، شریف دہلی کے رسوم و رواج جن میں سید صاحب پرورش پاتے ہیں۔ سب کے سب پوری سلاست، اور پاکیزگی کے ساتھ مصنف کے قلم سے نکلے ہیں۔ پھر اس دور سے گذر کر عنفوان شباب کا رنگین زمانہ آجاتا ہے۔ اس میں والدہ کی زبردست نگرانی اور تربیت کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ تقریباً ہم اللہ کی جزئیات کا حال بتانے کے بعد تعلیم کا مفصل حال بتایا گیا ہے۔ تعلیم کی قیود اور پابندیوں سے گذر کر جوانی کی لغزشوں اور رنگینیوں کا ذکر آتا ہے۔ اور ان عیش و نشاط کی مجالس کی تفاصیل بیان کی ہیں۔ جن میں عام طور پر اس زمانے کے نوجوان زندگی کی بہاریں گذارا کرتے تھے۔ جن کے متعلق خود سرسید فرماتے ہیں۔ کہ "ہم بھی اس رنگ میں مست تھے۔ ایسی گہری نیند سوتے تھے۔ کہ فرشتوں کے بھی اٹھائے نہ اٹھتے تھے" لیکن دفعتہً بڑے بھائی کا انتقال ہوجاتا ہے جس سے سید صاحب کے خیالات میں ایک انقلاب پیدا ہوجاتا ہے۔ اور اب وہ پرانی شوخیاں مولویت اور زہد میں تبدیل ہونے لگتی ہیں ؛

بہرحال ہمارا مصنف سید صاحب کی زندگی کے ہر دور کے متعلق نہایت دلچسپ اور پُر از معلومات جزئیات بیان کرتا چلا جاتا ہے۔ اور نہایت خوبی سے اپنے موضوع کی شخصیت کی تدریجی رفتار ترقی کا حال قارئین کے سامنے رکھتا جاتا ہے۔ اس پہلی منزل کے بعد ملازمت شروع ہوتی ہے۔

اس کے مختلف مدارج کی ساری تفصیلات مہیا کی گئی ہیں۔ مختلف ملازمتوں کے دوران میں کارکردگیوں کے واقعات بھی جمع کئے گئے ہیں۔ زمانہ غدر جو کہ ان کی زندگی اور ملازمت کا نہایت نازک دور تھا۔ پوری جامعیت کے ساتھ مفصل لکھا گیا ہے۔ فتحپور۔ دہلی۔ رہتک۔ بجنور۔ غازی پور۔ بنارس۔ علی گڈھ جہاں کہیں سید صاحب بسلسلہ ملازمت تشریف لے جاتے ہیں۔ مصنف ان سب مقامات کے متعلق ان کی خدمات اور فرائض منصبی کے حالات شرح وبسط کے ساتھ بیان کرتا ہے اور اپنی عبارت کو اقتباسات کے ساتھ مربوط کرتا چلا جاتا ہے ؛

چونکہ کتاب کا پہلا حصہ ان کی زندگی کے موٹے موٹے واقعات کا خاکہ ہے۔ اس لئے انہوں نے اس تاریخی ترتیب سے ملازمتوں کے ذکر کے ساتھ ساتھ سید صاحب کی تصنیفی کوششوں کا ذکر بھی کیا ہے۔ غرض اس طریق سے یہ بخوبی نظر آتا جاتا ہے۔ کہ ان کے تصنیفی رجحان کی ابتدا کہاں سے ہوئی۔ اور کس طرح حالات اور اثرات اور ماحول کے بدلتے رہنے سے ان کے رجحان میں بھی اہم انقلابات آتے رہے۔ گویا ہم جام جم۔ انتخاب الاخوین اور تحفہ حسن سے جو سید صاحب کی ابتدائی تصانیف ہیں۔ آہستہ آہستہ بلند ہوتے ہوتے ان کے ساتھ خطبات احمدیہ اور تفسیر القرآن تک پہنچ جاتے ہیں۔ اور سید صاحب کی ان تبدیلیوں کے اسباب اور محرکات خارجی بھی تدریجاً ہماری سمجھ میں آتے جاتے ہیں ؛

مندرجہ بالا سطور میں یہ ذکر آچکا ہے۔ کہ مصنف نے سید صاحب کے ماحول کے اثرات کا مفصل حال کتاب میں درج کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ نادانستہ طور پر اس زمانے کی معاشرت رسوم ورواج، اور اوضاع واطوار زندگی کی ایک تاریخ سی بن گئی ہے۔ جو اگرچہ بیاگرافی کے ساتھ گہرا اور لاینفک تعلق تو نہیں رکھتی۔ لیکن بیاگرافی کی تکمیل کے لئے بہرحال ممدات میں سے ہے۔ حیات جاوید کا ابتدائی حصہ جس میں سید صاحب کے خاندانی حالات، تعلیمی واقعات اور شرفا کی سوسائٹی کے قصے ہیں۔ کتاب کی افادی حیثیت میں بہت اضافہ کرتا ہے ؛

مولانا حالی نے جس ڈھنگ سے اس وسیع ذخیرۂ معلومات کو چند صفحات میں جمع کر دیا ہے

اگرچہ اس سے بعض نقائص بھی پیدا ہو گئے ہیں۔ جن کا ذکر آگے چل کر کہیں آئے گا۔ لیکن اس سے ایک فائدہ یہ ہو گیا ہے۔ کہ موضوع کی پوری شخصیت جہاں تک کہ اس کے مظاہر کا تعلق ہے کمال صحت کے ساتھ نمایاں ہو گئی ہے۔ گویا حیات جاوید کے اوراق میں ہمیں سرسید اپنی عظیم و جسیم بزرگانہ شخصیت کے سمیت نظر آتے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں۔ کہ کبھی سرسید عمارتوں کے کتبات پڑھنے کے لئے چھینکوں پر لٹک رہے ہیں۔ اور مولانا صہبائی گھبرا جاتے ہیں۔ اور ان کے چہرے کا رنگ متغیر ہو جاتا ہے۔ کبھی غدر کے پر آشوب فتنوں کے اندر "نامحمود خاں" کے ساتھ الجھتے دکھائی دیتے ہیں۔ کبھی مسٹر ہیڈن فارن سکرٹری حکومت ہند کے ساتھ اسباب بغاوت ہند کے متعلق پُر جوش مباحثہ ہو رہا ہے۔ کہیں سائنٹیفک سوسائٹی کا سنگ بنیاد رکھا جا رہا ہے کہیں خطبات احمدیہ کے لئے "خواب و خور حرام ہو رہا ہے"۔ اور خطوں میں لکھا جا رہا ہے۔ کہ "ظروف خانگی بھی بیچ کر خطبات کے لئے رقم مہیا کرو"۔ پھر تہذیب الاخلاق میں قوم و ملک کے اخلاق کی اصلاح و تہذیب کے ہنگامہ پرور مضمون چھپ رہے ہیں۔ اور مولوی امداد علی اور علی بخش خاں کے ساتھ معارضے ہیں۔ اب وہی سرسید ہیں۔ کہ علی گڈھ کالج میں چلتے پھرتے دکھائی دیتے ہیں۔ اور "زندہ دلان پنجاب" سے روپیہ وصول کر رہے ہیں۔ کچھ وقت اور گذرتا ہے۔ کہ سمیع اللہ خاں سے "تُو تُو مَیں مَیں" کرتے سنائی دیتے ہیں۔ آخر میں کبھی نہ خاموش ہونے والی زبان سے یہ الفاظ ادا ہوتے ہیں۔ کہ "اب وہ وقت قریب ہے۔ کہ ہمیشہ چُپ رہنا ہوگا۔ اس لئے خاموش رہنے کی عادت ڈالتا ہوں"۔ تا آنکہ ۲۴ مارچ ۱۸۹۸ء کو یہ سیماب مجسّم "سپرد خاک کر دیا جاتا ہے"۔

اس کے بعد قوم، ملک، ابنائے وطن اور حکومت کی طرف سے جو ماتم ہوتا ہے، وہ پورے پورے اقتباسات کی شکل میں کتاب میں درج کیا گیا ہے۔ تاکہ اس جوش و خروش کی گہرائی اور وسعت کا اندازہ ہو سکے۔ جو اس نامور بزرگ کی وفات کے غم نے پہنائے عالم میں پیدا کیا۔

کتاب کا دوسرا حصہ اور بھی جامع۔ دلکش اور پُر از معلومات ہے۔ سید صاحب کے اوصاف و محاسن، ان کی خدمات، ان کی تحریکوں کی سپرٹ۔ ان کے اخلاق و عادات اور تصنیف و

تالیف کے طریقے اور دیگر بے شمار مباحث و مضامین ایسے ہیں۔ جن میں سید صاحب کی شخصیت اور سیرت بہت حد تک نمایاں کی گئی۔ مفصل اقتباسات جو بعض جگہ طبیعت کے لئے بار ہیں۔ سوانح کی جامعیت کو قایم رکھنے کا مقصد پورا کر رہے ہیں ؛

سرسید نے اپنی زندگی میں مذہب، معاشرت اور سیاست کو اپنا مرکز توجہ بنائے رکھا۔ حیات جاوید ضمنی طور پر اپنے زمانے کی سوسائٹی کے قلب و دماغ اور معاصرین کے رجحان مذہبی و نفسی پر بھی ایک طرح کا تبصرہ ہے۔ یہ کتاب ہمارے سامنے اس ماحول کی پوری صورت نمایاں کرتی ہے۔ جس میں سید صاحب نے اپنے مشن اور تحریک کی ابتدا کی اور اس حد تک اسکو زیور تکمیل سے آراستہ بھی کر دیا۔ حیات جاوید کو پڑھ کر یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ گویا ہم اس زمانے کی سیر کر رہے ہیں ؛

جدید کتابیں جو خالص فنی نقطہ نگاہ سے لکھی جاتی ہیں۔ ان میں ان اثرات کا سراغ بھی لگایا جاتا ہے۔ جنہوں نے "ہیرو" کی ذہنیت، رجحان اور جماعتی شعور کے بنانے میں کوئی حصہ لیا ہو۔ اگرچہ خالص فنی خیال سے ہم شاید حالی کی اس کتاب کو اس معیار کے مطابق مکمل ثابت نہ کر سکینگے لیکن اس میں کچھ شک نہیں۔ کہ ہمارے مصنف نے اپنی اس کتاب میں ان اثرات خارجی اور ان کے عمل اور ردِ عمل دکھانے کی بہت حد تک کامیاب کوشش کی ہے۔ خاندان کا اثر۔ بچپن میں والدہ کی تربیت کا اثر، سیاسی وقایع اور مذہبی انحطاط کا اثر، شادی کا اثر، بیوی کے مرجانے کے بعد متاہل نہ ہونے کا اثر، تصنیفی رجحان کی پختگی کے اسباب، غرض بے شمار بحثیں حیات جاوید میں ایسی مل جائیں گی۔ جن کے صحیح ہونے میں ہم کوئی کلام نہ کر سکیں گے۔ "اثرات کا سراغ لگانا" اگرچہ حالی کی جدت نہیں۔ لیکن چونکہ حالی کے زمانے میں یورپ کی ادبیات کی وساطت سے اس اصولِ تصنیف کا علم ہندوستان میں مصنفین کو ہو چکا تھا۔ اس لئے یہ کامیاب Application بالیقین ان کی تصنیف کے محاسن میں سے ہے ؛

ایک اور ضروری سوال ابھی باقی ہے۔ اور وہ یہ کہ۔ مولانا حالی نے جو تصویر سرسید کی بنائی ہے کیا وہ ان کی مکمل اور ہو بہو تصویر ہے؟ گذشتہ سطور میں ہم لکھ آئے ہیں۔ کہ حیات جاوید

جہاں تک شخصیت کے مظاہر کا تعلق ہے۔ ایک جامع کتاب ہے۔ لیکن اس کے باوجود ہمیں اس میں یہ نقص نظر آتا ہے۔ کہ یہ سرسید کی "شخصیت" کے ساتھ ساتھ ان کی نفسیات کے بیان کرنے سے اکثر قاصر رہی ہے۔ اس میں سید صاحب کے مشن، ان کے کارناموں، ان کی خدمات اور ان کے مشاغل و فرائض پر ایک مفصل تبصرہ تو ضرور ملے گا۔ لیکن "بشریت" کے خدوخال نمایاں کرنے کی بہت کم کوشش کی ہے۔ دراصل اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ حالی کا مقصد اس کتاب کے لکھنے سے یہ ثابت کرنا تھا۔ کہ سید صاحب کہاں تک اپنے مشن میں حق بجانب تھے اور کہاں تک اس میں کامیاب ہوئے؟ پس جہاں تک غرض و غایت اصلی سے بحث ہے۔ حالی اس میں کامیاب ہوئے۔ لیکن "بشریت" کا بے نقاب کرنا ان کے مقاصد میں تھا۔ نہ انہوں نے اس کی کوشش کی۔

اگرچہ ہم ضرورت سے زیادہ یورپ اور ان کے اصول تنقید کی نقالی کو پسند نہیں کرتے لیکن بایں اعتبار کہ خود حالی نے اس طرز سوانح نگاری کو سراہا ہے۔ یہ کہنا بے جا نہیں۔ کہ انگریزی زبان کی بعض عمدہ سوانح عمریوں میں بڑے بڑے ہنگاموں اور معرکوں کی زندگی کے بین السطور میں مصنفین کو "بشریت" کی جو رنگینیاں نظر آئی ہیں۔ اور بشری محاسن و معائب کے جو خصائص ان کو مل سکے ہیں۔ وہ انہوں نے بلا تکلف اپنی بیاگرافیوں میں درج کرتے ہوئے اپنے موضوع کی "شخصی" اور "ذاتی" زندگی کو زیادہ نمایاں کیا ہے۔ سر جان سٹریچی نے ملکہ وکٹوریہ کی جو لائف لکھی ہے۔ وہ ہمارے اس خیال کی تائید کے لئے کافی ہے۔ حیات جاوید کے سلسلے میں ہماری یہ توقع غالباً حد سے بڑھی ہوئی مغرب پسندی نہ سمجھی جائے گی۔ کیونکہ یہ شرط خود مولانا کے نزدیک سوانح نگاری کے لئے ضروری ہے۔ یہ چیز یورپ کے "ملامت پسندوں" کے اس طریقے سے جدا ہے۔ جو عیوب کے بے محابا اعلان و افشا پر فخر کرتے ہیں۔ اسی طرح یہ حضرت فرائڈ Freud کے جدید طریقہ "تجزیہ نفسی" سے بھی مختلف ہے۔

حقیقت یہ ہے۔ کہ کتاب میں اس حسن کو ظاہر کرنے کے لئے روزمرہ کے وہ واقعات یا

نجی خطوں کے وہ شگفتہ اور بے ساختہ لکھے ہوئے فقرات جن میں کاتب اپنی ذات یا خودی یا انجام سے غافل ہوتا ہے۔ بہت کارآمد ہوتے ہیں۔ سنجیدہ تحریریں اور باقاعدہ سوچی اور سمجھی ہوئی گفتگوئیں جن کا تعلق زیادہ تر انسان کی سوشل ذمہ دارانہ پبلک زندگی سے ہوتا ہے۔ وہ لطف نہیں پیدا کر سکتیں۔ جو پرائیویٹ زندگی کے بعض لطائف سے ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے سرسید کے خطوط بھی بہت حد تک Serious خشک اور پُر از متانت ہیں۔ اور ان سے بھی ہمارا مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔ اس سے بظاہر مولانا حالی کے لئے ایک جائز عذر موجود ہے۔ کہ ایک ایسا شخص جس کی زندگی سراپا متانت، یکسر مقصد، مکمل تبلیغ و تحریک ہو۔ اس کی لائف میں یہ آب و رنگ آئے تو کہاں سے؟ لیکن اگر ہمیں معاف کیا جائے۔ تو یہ عرض کیا جائے۔ کہ یہ کسی حد تک اس اسلوب اور رجحانِ طبع کے طفیل بھی ہے۔ جو حالی کا خاصہ ہے۔ سرسید کی متین اور سنجیدہ زندگی کے لئے حالی کی متانت سے زیادہ کسی اور چیز کی ضرورت بھی تھی۔ اور وہ جوش بیان اور شگفتگی ہے جس سے حالی کسی حد تک محروم ہیں ؛

نہ صرف یہ کہ سید کی زندگی کو ان دلچسپ ذاتی اور "بشری" جزئیات سے پُر لطف نہیں بنایا گیا بلکہ یہ بھی ہے۔ کہ ایسی جزئیات ہیں بھی بہت کم! لوکہارٹ کی "لائف اف سکاٹ" اور باسول کی "لائف اف جانسن" کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے۔ کہ ان میں روزمرہ کے معمولی واقعات سے زندگی کے خاکہ میں خوبصورت رنگ بھرا گیا ہے۔ لیکن حالی کی کتاب ان بیل بوٹوں سے بہت حد تک خالی ہے۔ بچپن کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے۔ یا شائد عنفوان شباب کا حال۔ بے شک پُر لطف ہے۔ اخلاق و عادات، اور طرز تصنیف و تالیف کا باب دلکش ہے۔ لیکن مفصل نہیں ؛

اب جہاں تک "اخلاقی جرأت" کا سوال ہے۔ مولانا حالی اس وصف سے ایک بہت بڑی حد تک متصف تھے۔ اگرچہ ان کا عام لب و لہجہ اپنی معاشری زندگی میں اور تصانیف میں بھی نرم تھا۔ لیکن صداقت کو نمایاں کرنے اور موضوع کے عیوب کو ظاہر کرنے میں اپنے عام اسلوب کے ماتحت انہوں نے اکثر مقامات پر اخلاقی جرأت کا ثبوت دیا ہے۔ خود ان کا سرسید احمد خاں کے ساتھ

ان کے مشن میں شامل ہونا ان کی تحریکات میں ان کی ہم نوائی کرنا اور سب پر مستزاد یہ کہ ان کا ایک ایسے مختلف فیہ موضوع کو اپنی تصنیف کا موضوع بنانا اس کا ثبوت ہے ۔ کہ ان میں صداقت کو نمایاں کرنے کی اخلاقی جرأت تھی۔ اگرچہ "ماحول" اور "فضا" سے مرعوب ہونے کا خود اقرار کرتے ہیں "اور کرٹکل بیاگرافی لکھنے کو "ہندوستان میں بے کار خیال کرتے ہیں۔ جہاں "ہیرو" کے ایک عیب یا خطا کا معلوم ہونا اس کی تمام خوبیوں اور فضیلتوں پر پانی پھیر دیتا ہے"۔

مولانا شبلی نے حیات جاوید کے متعلق جو شدید نکتہ چینی کی ہے۔ اس کے ساتھ اتفاق یا اختلاف کرنا تو محض اصول و مبانی کے معیار پر ہو سکتا ہے۔ لیکن ان کا لب و لہجہ قدرے سخت ہے "حیات جاوید کو میں لائف نہیں۔ بلکہ کتاب المناقب سمجھتا ہوں اور وہ بھی غیر مکمل"۔ پھر فرماتے ہیں کہ "یہ مدلل مداحی ہے"۔ پھر ارشاد ہوتا ہے "۔ یہ یک رخی تصویر ہے۔ اور اکثر لوگوں کا خیال ہے ۔ کہ کسی کے معائب دکھانے تنگ خیالی اور بد طینتی ہے"۔ اگر اس آخری فقرے سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہے ۔ کہ یہ مولانا حالی کا خیال ہے۔ تو یہ واقعات کے خلاف ہے۔ کیونکہ مولانا "بیاگرافی" کے لئے اس وصف کو ضروری سمجھتے تھے۔ اور ان کے نزدیک محاسن کے ساتھ معائب دکھانے ضروری ہیں۔ علی الخصوص "سرسید" کے تمام اعمال پر نکتہ چینی کرنا ان کے نزدیک بہت ضروری ہے۔ کیونکہ انہوں نے "ہی نکتہ چینی" کی بنیاد رکھی ہے۔ مولانا اس اصول کے قایل تھے۔ اور انہوں نے اس کا نمایاں الفاظ میں دعوے کیا ہے۔ ہاں اس بارے میں مشرقیت ضرور آڑے آتی ہے ۔ جو مولانا شبلی کے نزدیک (اور ہمارے نزدیک بھی) ایک خوبی ہے ؛

لیکن دیکھنا یہ ہے۔ کہ واقعی مولانا نے اس اصول کی پابندی کرتے ہوئے سرسید کے محاسن و معائب کا پلہ برابر رکھا ہے۔ اور ان کے ذاتی کیریکٹر کے علاوہ ان کے پبلک کیرکٹر کی خامیوں کو بے نقاب کیا ہے ؟

اگر معاصرین پر جنبہ داری اور گروہ بندی کا الزام درست بھی ثابت ہو جائے۔ تو موجودہ نسلیں جو اپنی عصبیت میں شاید اس قدر شدید نہ ہوں۔ حالات گذشتہ کا صحیح جائزہ لیتے ہوئے غالباً کسی

رائے پر پہنچ سکتی ہیں۔ آج سرسید کے مشن، ان کی تحریکات کے فوائد اور نقصانات، ان کے مذہبی خیالات اور سیاسی عقاید کا عمل اور ردِ عمل ہمارے سامنے ہے۔ حالات کے مطالعہ کے بعد ہم بہ جرأت کہہ سکتے ہیں۔ کہ مولانا حالی نے جو تصویر سید صاحب کی پیش کی ہے۔ وہ ہو بہو نہ تھی۔ اور ان میں عقیدت اور محبت کو شامل کیا گیا ہے۔ اس سے زیادہ تعجب خیز بات یہ ہے۔ کہ ان اقوال و عقاید کے لئے جو تاویلات کی گئی ہیں۔ ان کے خلاف بھی قوم کے شعور اور ضمیر نے عرصہ ہوا۔ بغاوت کر دی ہے۔ مولانا شبلی سید صاحب کی جماعت کے ایک ممتاز فرد تھے۔ لیکن غالباً سب سے پہلے وہی تھے۔ جنہوں نے سید صاحب کے خیالات و عقاید سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے قوم کے لئے فکر کی ایک نئی راہ کھولی ؛

لیکن ان سب باتوں کے باوجود ہم کہیں گے۔ کہ مولانا حالی نے صداقت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا ہوگا۔ ان کا اعلےٰ معیارِ زندگی، ان کا پاکیزہ اخلاق، ان کی سادہ اسلامیت سب اس بات کی شاہد ہیں۔ سید صاحب کے ساتھ انہیں جو خلوص تھا۔ ان کے جوشِ اسلامی اور حبِ قوم سے ان کے دل میں جو ولولہ محبت پیدا ہوتا تھا۔ ان کے کارناموں اور مخالفین کی ضد اور جہالت کا جو اثر ان کے قلب پر ہوتا تھا۔ اس کا تقاضا تھا۔ کہ وہ اپنے "محبوب" رہنما کے متعلق بادلِ نخواستہ بھی کوئی ایسی بات نہ لکھیں۔ جس میں ان کی نیت اور فعل پر شبہ ہو سکے۔ حالی کچھ تو قضا اور ماحول سے مجبور تھے۔ جہاں ہیرو کے نقائص سننے کی لوگوں کی عادت ہی نہیں۔ کچھ انہوں نے تنقید کے ایک اُصول پر ضرورت سے زیادہ عمل فرمایا۔ جس کو اپنے "موضوع کے ساتھ دلچسپی اور ہمدردی" کہا جاتا ہے۔ پس بقول مہدی حسن مرحوم "ایک شریف نے ایک شریف تر انسان کی ہمدردانہ سرگزشت لکھی ہے۔" مولانا حالی نے سید صاحب کی جن باتوں کو سراہا ہے۔ اور جن اختلافی معاملات میں ان کی جنبہ داری کی ہے۔ ان میں واقعی مولانا کی دیانت دارانہ رائے یہی ہوگی۔ خواہ آج مکان و زمان کے اس وقفہ کی حالت میں ہمیں دونوں بزرگوں سے اختلاف کرنے کی گستاخی کرنی پڑے ؛

ہماری مشرقی عقیدت کا تقاضا ہے۔ کہ ہم سرسید اور مولانا حالی دونوں بزرگوں کے کارناموں پر نکتہ چینی نہ کریں۔ اور بقول مہدی حسن مرحوم اس "ہمدردانہ سرگذشت" کے اوراق کو داغدار نہ بنائیں۔ لیکن افسوس کہ یورپ سے ہم لوگوں کو جو "ایمان بالغیب" ہوگیا ہے۔ اور یورپ نے جس فن تنقید کے "تریاق" یا "اثر مسموم" کو ہم میں پھیلا دیا ہے۔ وہ مجبور کر رہا ہے۔ کہ قوم اور ملک کی رائے بعض مباحث و معاملات میں "ہیرو" کے بعض کاموں سے اختلاف کرے ؛

سید صاحب کی زندگی میں بعض واقعات ایسے ہیں۔ جن سے ان کی ذات ہمیشہ سے بدگمانیوں اور غلط فہمیوں کا محل بنی ہوئی ہے۔ اور مشکل یہ ہے۔ کہ حیات جاوید کی تاویلات اور بیانات کے باوجود وہ غلط فہمیاں ملک میں موجود ہیں۔ اگرچہ یہ بھی صحیح ہے۔ کہ مرور زمانہ نے ان میں سے بعض کو تجربہ کی روشنی میں صاف کر دیا ہے ؛

بعض اختلافی مسائل جو مابہ النزاع ہیں۔ وہ یہ ہیں :-

(۱) "آیام غدر" میں سید صاحب کا طرز عمل ؛

(۲) سید صاحب کا "مغربی تمدن" کو پسند کرنا۔ اور اس کے بعض پہلوؤں کو اختیار کر لینا ؛

(۳) سید صاحب کا مذہب کو معقولات کے تابع کر دینا۔ اور بعض ایسے عقاید کا انکار جو مسلمات میں سے تھے۔ اور بعض کا اقرار جو دین میں پہلے موجود نہ تھے ؛

(۴) سید صاحب کا آخری عمر میں سید محمود کے ہاتھ میں کھیلنا اور پرانے رفقا سے اختلاف، ٹرسٹی بل کے واقعات ؛

(۵) سید صاحب کا انڈین نیشنل کانگرس سے الگ رہنا۔ اور مسلمانوں کے لئے الگ سیاسی حکمت عملی کا وضع کرنا ؛

سید صاحب نے ایام غدر میں جو طرز عمل اختیار کیا۔ اور ضلع بجنور میں باغیوں سے جس طریق سے صف آرائی کی۔ وہ باغیوں کے نقطۂ نگاہ سے یقیناً قابل مذمت تھا۔ اور اب بھی جو لوگ اس لڑائی کو "بغاوت" سے زیادہ کچھ سمجھتے ہیں۔ وہ سید صاحب کی کارروائیوں کو اچھا نہیں سمجھتے

لیکن ہمیں یہاں اس سے بحث نہیں۔ ہم مولانا حالی کی اس رائے کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں۔ کہ سید صاحب نے عاقبت بینی کے خیال سے نہایت دیانت دارانہ یہی ضروری سمجھا۔ کہ باغیوں کی مخالفت کی جائے۔ لیکن یہ عذرات اس بات کو جائز نہیں ٹھہراتے۔ کہ سید صاحب "تاریخ سرکشی بجنور" میں محمود خاں رئیس بجنور کو "نامحمود خاں" کہہ کر پکاریں ؛

سید صاحب مغرب اور مغربی تمدن کے اس درجہ دلدادہ ہو گئے تھے۔ کہ نہ صرف اس کے مظاہر سے ان کو دلچسپی تھی۔ بلکہ اس کی "سپرٹ" کے بھی عاشق تھے۔ سید صاحب نے اس محبت اور وابستگی کی وجہ سے جو "لباس و طعام و مکان اور طرز ماندوبود اور طرز معاشرت وغیرہ" انگریزی طریقے پر اختیار کر لیا تھا۔ حالی اس کو "تعلیم یافتہ ترکوں کا طریقہ" کہتے ہیں۔ حالانکہ حیات جاوید کے اوراق میں ترکوں کی محبت کی کوئی اور مثال نہیں ملتی۔ یہ اس بات کی شہادت ہے۔ کہ ہیرو کے بعض عیوب یا بعض خصائص کو اچھے رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ حالانکہ ہندوستانیوں نے جس وسیع پیمانے پر اب مغربی تمدن کو اختیار کر لیا ہے۔ اس کے پیش نظر یہ امر چنداں قابل اعتراض نہیں رہا۔ لیکن چونکہ اس زمانے کی سوسائٹی میں یہ طریقہ بود و ماند پسندیدہ نہ سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے حالی نے اس کو ایک مرغوب لباس بنانے کی کوشش کی ہے ؛

سید صاحب نے انگلستان سے ایک خط میں لکھا "کہ ہندوستان کے لوگ انگریزوں کے ساتھ تہذیب و شائستگی میں وہی نسبت رکھتے ہیں۔ جو ایک وحشی بدصورت ایک لایق اور خوبصورت آدمی کے ساتھ رکھتا ہے"۔ مولانا حالی کا سکوت بلکہ بامعنی تاویل بیداری ہندوستان کے موجودہ دور میں گرفت سے بالکل باہر نہیں۔ ہمارا خیال ہے۔ کہ مولانا حالی نے سید صاحب کی حد سے بڑھی ہوئی مغرب پسندی اور "تفریح" کو صحیح رنگ میں پیش نہیں کیا۔ بلکہ ان تمام حالات کو وہ روغن دینے کی کوشش کی ہے۔ جو قابل قبول ہو۔ اسی طرح جہاز پر گردن مروڑی ہوئی "مرغی وغیرہ کے متعلق جس قدر ازالہ شبہات کیا گیا ہے۔ وہ بھی فرائض سے غفلت کا ثبوت ہے اور ایک طرح کی "وکالت" ؛

لہ حیات جاوید۔ ص ۴۲۳ ؛

سید صاحب نے مذہب اور عقل کی جنگ یا اگر باہم مصالحت کے سلسلے میں جو اجتہادات کئے ہیں۔ ان کے متعلق صرف اتنا لکھنا کافی خیال کیا گیا ہے۔ "اگرچہ یہ نہیں کہا جا سکتا۔ کہ ہر مسئلہ مختلف فیہ کی نسبت جو کچھ سرسید نے لکھا ہے۔ وہی صحیح ہے۔ اور ہر ایک اختلاف میں انہی کی رائے صائب ہے۔ لیکن . . . ۔" جہاں کہیں مولانا حالی نے کسی کمزوری کا ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد ایک بڑی سی "لیکن" لکھ کر کمزوری کو محاسن میں تبدیل کرنے کی کوشش بھی کر دی ہے۔ سید صاحب کے اکثر اجتہادات سے حالی کو شدید اختلاف تھا۔ اور ان کے نزدیک سید صاحب غلطی پر تھے لیکن اس کو ظاہر کرنے میں چشم پوشی کو روا رکھا گیا ہے۔ ان تمام معاملات میں حالی یہ فرماتے ہیں کہ اس سے مذہب کو سائنس کے حملوں سے بچانا مقصود تھا۔ لیکن نصف صدی گذر چکنے کے بعد بھی کون کہہ سکتا ہے۔ کہ "مذہب" سائنس کے حملوں سے بچ گیا۔ ہاں ہم میں مغرب پسندی ضرور پیدا ہو گئی۔ اور مذہب کو دیکھنے کے لئے مغربی زاویۂ نگاہ اختیار کر لیا گیا۔

اسی طرح دیسی زبانوں کو ذریعۂ تعلیم بنانے اور علوم مشرقیہ کو زندہ کرنے کے مسئلے میں مولانا حالی نے سید صاحب کو ایک ایسے رنگ میں پیش کیا ہے۔ جو آج کچھ اچھا نہیں معلوم ہوتا۔

سید صاحب آخری عمر میں سید محمود کی رائے سے بے حد متاثر ہو جاتے تھے۔ "قانون ٹرسٹیان" کے سلسلے میں سید صاحب نے جس ضد اور سختی کا ثبوت دیا ہے۔ اس سے کالج کے وقار اور شہرت اور خود ان کے سکونِ دل کو بہت صدمہ پہنچا۔ انہوں نے اس بل کو منظور کرانے کے لئے جو جائز و ناجائز طریقے اختیار کئے۔ وہ اس جلیل القدر شخصیت کے شاندار محاسن کے پہلو میں زیبا نہیں معلوم ہوتے۔ نواب وقار الملک جو سید صاحب کے زبردست مداح لیکن اس بل کے معاملے میں ان کے مخالف تھے۔ ایک پمفلٹ میں لکھتے ہیں[1]۔

"کہ صرف اسی پر قناعت نہیں کی گئی۔ کہ مروت سے ہی کام نکل سکے۔ بلکہ اس سے زیادہ کارروائی ہوئی ہے۔ میں نے بچشم خود سید صاحب کی وہ تحریر بھی دیکھی ہے اور سید صاحب نے اس کو مخفی

---

[1] وقار حیات ۔ ص ۳۹۵

بھی نہیں رکھا۔ کوئی دقیقہ اس بات کے لئے اٹھا نہیں رکھا ہے۔ کہ رائے دینے والے سیّد محمود کے حق میں رائے دیں۔ رائے دینے والوں کو یہاں تک خوف دلایا گیا ہے۔ کہ اگر وہ سیّد صاحب کی تجویز سے اتفاق نہ کریں گے۔ تو سیّد صاحب صرف سکرٹری کے عہدے سے ہی استعفا نہ دیں گے۔ بلکہ جو مدرسہ کے متعلق اس وقت تک ہُوا ہے۔ اس سب کو ملیامیٹ کر کے رکھ دیں گے"۔ الخ

ان دنوں میں سیّد صاحب کی طبیعت میں جو کمزوری اور ضد پیدا ہو گئی تھی۔ وہ یہاں تک بڑھ گئی تھی۔ کہ "اب جو آپ کے قلم سے ناں نکل گئی۔ تو خدا ہی ہے۔ جو اس کی جگہ ہاں نکلے"۔[1]

ان تمام تنازعات میں مولانا حالی سیّد صاحب کی "ڈسپاٹک طبیعت" کا اقرار کرتے ہوئے اُن کے طرزِ عمل کو کسی حد تک "استحسان" کا لباس پہنانا چاہتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں[2] کہ "اگر فرض کر لیا جائے۔ کہ سرسیّد کی رائے اس باب میں خطا پر تھی۔ تو بھی جب سوسٹی بل قاعدہ کے موافق پاس ہو چکا تھا۔ تو کالج کے ہواخواہوں کو اسے سر پر رکھنا چاہیئے"۔ ہواخواہانِ کالج کے بارے میں جو ارشاد ہُوا۔ بجا اور درست! لیکن سیّد صاحب کے متعلق ہم کیا قطعی رائے قایم کریں۔ کہ اس شور و شر میں حق بجانب تھے۔ یا غیر حق بجانب!

حالانکہ واقعات یہ ہیں۔ کہ اس زمانے میں خود مولانا حالی سیّد صاحب کی مخالفت میں دوسروں کے ساتھ شریک تھے۔ اور ان دنوں کالج کی اصلاح کے متعلق جو سلسلۂ مضامین اخبارات میں نکلنے کو تھا۔ مولانا حالی کا نام بھی ان میں ہوتا[3]۔ لیکن حیاتِ جاوید میں جو پاسِ ادب ملحوظ ہے۔ وہ مشرقی عقیدت اور خاطرداری کا پہلو لئے ہوئے ہے۔ ع

نام نیک رفتگاں ضائع مکن تا بماند نام نیکت برقرار

ایک لحاظ سے یہ بھی قابلِ داد ہے!!

---

[1] وقارِ حیات۔ ص ۴۱۸ ۔ نواب وقار الملک کا ایک خط۔

[2] حیاتِ جاوید۔ ص ۱۹۲ [3] وقارِ حیات۔ ص ۴۲۰

سید صاحب نے نیشنل کانگرس سے مسلمانوں کو من حیث القوم الگ رکھا۔ گویا درحقیقت انہوں نے سید صاحب نے مسلمانوں پر بہت بڑا احسان کیا۔ کہ ایک خاردار جھاڑی میں جو شاید اوروں کے لئے درخت بار دار ہو۔ ان کا دامن الجھنے نہیں دیا" اگرچہ آج بھی اسلامی سیاست کا رجحان ادھر ہی ہے۔ لیکن اب ہوا کا رُخ تبدیل ہو گیا ہے۔ اور حالات میں اس قدر انقلاب آگیا ہے۔ کہ سید صاحب کی رائے پر دیر تک قایم رہنا ممکن ہے مضر ثابت ہو۔ کیونکہ اب تو "اسیران قفس" نے "بہ نخل خانہ صیاد آشیان بستند" کے مصداق حکومت کے مسند پر قدم رکھ دیا ہے ۔

مولانا حالی پر اس خاص معاملہ میں بھی بطور رسوخ نگار ہمارا یہ اعتراض ہے۔ کہ انہوں نے سید صاحب کی اس رائے کے لئے اپنی طرف سے جو تاویلات پیش کی ہیں یہ کام ان کے فرائض سے خارج تھا ۔

اس تمام بحث کے بعد نتیجہ صاف ظاہر ہے۔ کہ مولانا حالی نے سید صاحب کی یہ لائف اگرچہ مفصل اور تمام حالات کی جامع لکھی ہے۔ اور کسی نہ کسی جگہ دبی زبان سے ان کے طرز عمل اور رائے کی مخالفت بھی کی ہے۔ لیکن ہے "ہمدردانہ"۔ بلکہ "بے حد ہمدردانہ" اور بعض جگہ سعی تاویل کی وجہ سے واقعی "مدلل مداحی" معلوم ہوتی ہے ۔

یہ صحیح ہے۔ کہ "تنقید" کا معنی قطع و برید اور تنقیص نہیں۔ بلکہ "ہمدردانہ تبصرہ" ہے لیکن "ہمدردانہ" سے مطلب یہ ہے۔ کہ ہم "موضوع" کو اس کے ماحول اور خاص حالات سے مجبور پاکر اس کی مشکلات پر ہمدردی سے نظر ڈالیں۔ اور اس کے نقطۂ نگاہ کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ نہ یہ کہ وہ نقایص جو مسلّم طور پر نمایاں ہوں۔ اور ان میں شبہ کی گنجائش نہ ہو۔ ان کی بھی تاویل کریں۔ سید محمود صاحب کے حق میں سید صاحب کی مسامحت اور مولانا حالی کی اس کے متعلق تاویل بلکہ خاموشی ناقابل درگذر ہے[1]

مولانا نے حیات جاوید کے باب "ریفارمیشن" میں سید صاحب کے مصلح، مجدد یا رفارمر ہونے کے متعلق جو کچھ لکھا ہے۔ وہ وقایع نگاری نہیں۔ بلکہ وکالت ہے (ص ۳۸۲ - ۳۸۶)

---

[1] حیات جاوید - ص ۳۰۴

اسی محبت کے جوش میں فرماتے ہیں " علمائے سلف میں سے کسی شخص نے عام اصلاح کا ارادہ نہیں کیا (ص ۳۷۷) حالانکہ مسلمانوں کی تاریخ اس کی تردید کر رہی ہے ؛

مسلمانوں کی انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے متعلق جو مخالفت تھی۔ اس کی ایک وجہ یہ قرار دیتے ہیں۔ کہ مسلمان " ابتدائے اشاعت اسلام سے جس ملک میں گئے۔ اور جہاں جا کر رہے مستثنیٰ صورتوں کے سوا کبھی ان کو غیر ملک اور غیر قوم کی زبان سیکھنے کی طرف توجہ نہیں ہوئی " (ص ۲۶۶) آپ فرماتے ہیں۔ کہ " وہ طبعی مناسبت جو تیرہ سو برس سے ان میں متوارث چلی آتی تھی۔ ایک اجنبی زبان کو سیکھنے کی ان کو اجازت نہ دیتی تھی " (ص ۲۶۷) حالانکہ ایران، ہندوستان اور چین کی مثالیں اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں۔ کہ مسلمان جہاں گئے۔ انہوں نے کچھ عرصہ کے بعد ملک کی دیسی زبانوں کو اپنایا۔ اور ان میں وسیع لٹریچر پیدا کیا۔ ہاں اس کلیہ کے کچھ مستثنیات بھی ہیں ؛

ہم حیات جاوید کے معنوی محاسن و نقائص کے موازنہ سے فارغ ہو چکے۔ اب صرف یہ دیکھنا باقی ہے۔ کہ اس تصنیف کی ظاہری خصوصیات کیا ہیں ؟ اور یہ کہاں تک ایک ادبی تصنیف قرار دی جا سکتی ہے ؟ یہاں بطور جملہ معترضہ یہ عرض کر دینا ضروری ہے۔ کہ یورپ میں (جس کی ہم اعلانیاً یا عملاً تقلید کرتے ہیں۔ خواہ اقرار باللسان نہ ہو) بیاگرافی کا موجودہ رجحان یہ ہے کہ بیاگرافی کی خوبی میں form کا بہت زیادہ حصہ نہیں[1]۔ بلکہ اصل چیز جو ضروریات میں سے ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ " موضوع " کی واقعی اور حقیقی تصویر کھینچی جائے۔ اور اس میں صداقت کا پورا خیال رکھا جائے لیکن اس کے ساتھ یہ بھی ماننا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ موضوع کی ہو بہو تصویر بنانے کے لئے بہر حال قلم، الفاظ اور ترتیب الفاظ کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ البتہ یہ صحیح ہے۔ کہ تصنیف کو ایک ادبی شاہکار بنانے کے لئے واقعیت اور صداقت کا خون نہیں ہونا چاہیئے ؛

اسی خیال کے ماتحت ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ کہ حیات جاوید کی ظاہری خصوصیات یعنی ترتیب مضامین، اسلوب بیان، اور زبان کا سرسری جائزہ لے لیں۔ اگرچہ یہ وہ مضمون ہے جس کے متعلق اردو ادب کے مؤرخین بہت کچھ لکھ چکے ہیں۔ لہٰذا اس سلسلے میں ہمارے لئے ان کی خوشہ چینی شاید چنداں

[1] Harold Nicolson

معیوب نہ سمجھی جائے ؛

حیات جاوید ایک طویل اور ضخیم تالیف ہے۔ اور ہو سکتا ہے۔ کہ یہ ضخامت اُس حد سے بڑھے ہوئے جوشِ عقیدت کے سبب ہو جس کا ذکر گذشتہ سطور میں آچکا ہے۔ ہم مصنف کے ممنون ہیں کہ ان کی مساعی سے سرسیّد کی طویل اور پُر از واقعات زندگی کے مفصل حالات ہمیں مل گئے ہیں۔ جو مواقع بوجہ معاصر ہونے کے انہیں حاصل تھے۔ یا جو نظر ان کی اس زمانے کی تاریخ، ماحول۔ اور علمی ادبی اور سیاسی سرگرمیوں کے متعلق تھی۔ وہ کسی بعد میں آنے والے کو قدرتاً حاصل نہ ہو سکتی تھی۔ اندریں حالات یہ مبارک بات ہوئی۔ کہ سید صاحب کی لائف کا بیش بہا ذخیرہ ہمارے ادب میں پیدا ہو گیا ہے۔ ملک میں حالی کی ذات اور ان کے کارناموں کے متعلق جو خوشگوار دلچسپی نشو و نما پا رہی ہے۔ کیا ہم اس سے یہ توقع رکھ سکتے ہیں۔ کہ کوئی فاضل حیات جاوید کا ملخص تیار کرتے ہوئے اُردو ادب میں قیمتی اضافہ کریں گے۔ جس سے سرسیّد اور مولانا حالی کی ارواح پُر فتوح کو مسرت حاصل ہو گی۔ اور ملک اور ادب پر احسان ہو گا ؛

حیات جاوید کے مطالعہ سے باوجود اس کی ضخامت اور طویل الذیل ہونے کے ایک طرح کا فائدہ ضرور ہوتا ہے۔ کہ اس سے سیّد صاحب کی لائف کا حال زیادہ تفصیل کے ساتھ ذہن نشین ہو جاتا ہے لیکن اس بات کا کچھ جواب نہیں۔ کہ بعض اوقات لمبے لمبے اور پے در پے اقتباسات بار خاطر ہو جاتے ہیں۔ اور اگر ان کے مضامین کو سمیٹا جاتا۔ تو شاید زیادہ دلکشی پیدا ہو جاتی ؛

کتاب سہولت کے خیال سے دو حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔ پہلے حصے میں سید صاحب کی زندگی کے واقعات اور کارنامے (علمی۔ مذہبی۔ سیاسی) گنائے گئے ہیں۔ حصہ دوم میں انہی کارناموں پر مفصل تبصرے ہیں۔ اس ترتیب اور تقسیم سے تکرار، اور طول پیدا ہو گیا ہے۔ اور یہ بھی ضخامت کو بڑھانے والا ایک عنصر ہے۔ اصولاً تو اس تقسیم پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا لیکن بایں گرانی میں ادبی، سیاسی، اور علمی تنقید کا عنصر ضرورت سے زیادہ داخل ہو گیا ہے (جو بجائے خود

بہت قابل قدر ہے) ۔

اسلوب بیان کی خصوصیات وہی ہیں۔ جو ایک لمبی کتاب کے لئے ضروری ہیں۔ فقرے سادہ لیکن طویل، بیان منطقیانہ اور مدلّل، تحریر سے صداقت، خلوص، ہمدردی، اور یک رنگی ظاہر ہو رہی ہے، ہر ہر پیراگراف سے مولانا حالی کی شخصیت جلوہ گر ہو رہی ہے۔ مصنّف کو اپنے "ہیرو" کے متعلق جو گہری واقفیت ہے۔ اس کا راز ہر ہر سطر سے آشکارا ہوتا ہے۔ اس لئے بعض بعض بیانات میں مصنف کا اضطراب تفصیل اور جامعیت کے لئے چھلک رہا ہے ۔

کتاب میں سیّد صاحب کی علمی، ادبی، سیاسی، اور مذہبی سرگرمیوں کا ذکر ہے۔ اور اس سلسلے میں کئی موقعوں پر خالص فنی اور اصطلاحی بحث و تمحیص کی ضرورت پڑی ہے لیکن بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے۔ کہ انہوں نے اپنے عام اسلوب کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ وہی سادگی، وہی پاکیزگی، وہی متانت قایم رکھتے ہیں۔ تفسیر القرآن کے متعلق جو تنقید و تبصرہ ہے۔ اس میں خالص دینی اصطلاحات کا آنا ناگزیر ہے لیکن کوشش یہی ہے۔ کہ جو لکھا جا رہا ہے آسانی سے سمجھا جائے ۔

مولانا کی علمی اور پبلک زندگی کی سب سے بڑی شان یہ ہے۔ کہ ان میں "خود پسندی" بالکل نہیں۔ سرسیّد کی لائف میں جن کے ساتھ عمر کا بہت سا حصہ انہوں نے بسر کیا۔ اس بات کے بیشمار مواقع تھے۔ کہ وہ سیّد صاحب کے کارناموں کے ضمن میں اپنی شہرت علمیت اور بڑائی کا صور بھی پھونکیں۔ لیکن سوائے چند شاذ مقامات کے ان کا اپنا ذکر اس ضخیم کتاب میں کہیں نہ ملے گا ۔

اس خوبی کے ساتھ ایک وصف یہ بھی ذکر کرنے کے قابل ہے۔ کہ انہوں نے طعن و تعریض سے اکثر احتراز کیا ہے، مولانا حالی نے حیات جاوید میں مولانا شبلی کے رسالہ "مسلمانوں کی گذشتہ تعلیم" پر جو اظہار رائے کیا ہے اس میں ناراضگی یا مخالفت کا شائبہ تک نہیں لیکن یہی مولانا شبلی ہیں جنہوں نے حالی کی حیاتِ جاوید کے متعلق جو شدید نکتہ چینی کی ہے۔ اس کا لب و لہجہ درشتی کی طرف مائل ہے۔ مقالات میں امام ابن تیمیہ کے ذکر میں مجدد کے اوصاف و شرائط کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ "لیکن آج کل صرف یورپ کی تقلید کافی ہے"۔ (ص ۲۶۸) مولانا حالی نے سیّد صاحب کے مجدد یا ریفارمر ہونے کے متعلق جو کچھ لکھا ہے۔ یہ اس پر چوٹ ہے[1]۔ اس قسم کی

[1] اس بحث کے لئے مشہور انشاپرداز مہدی حسن کا مضمون "شبلی حالی کی معاصرانہ چشمک" ملاحظہ ہو ۔

تعریضیں حالی کی تحریروں میں بہت کم پائی جائیں گی ؛

کہا جاتا ہے کہ مولانا حالی اپنے اسلوب بیان میں سرسید کے مقلد تھے۔ اور غالباً یہ زیادہ غلط نہیں، سید صاحب کی تحریروں میں عالمانہ صفائی نہیں تھی۔ مولانا حالی کی تحریروں میں علمیت کی شان نظر آتی ہے، ہاں سید صاحب کی طرح الفاظ کی تراش خراش، تشبیہ و استعارہ کے تکلفات، شاعری اور خیال آرائی، بات کم اور عبارت طویل، قافیہ پیمائی اور جادو طرازی، ان کی کتابوں میں نہ ملے گی۔ نظم و نثر دونوں میں انہوں نے اپنے اس شعر پر عمل کیا ہے ؎

صنعت پہ ہو فریفتہ عالم اگر تمام ہاں سادگی سے آئیو اپنی نہ باز تو

حیات جاوید میں مولانا کا طرز تحریر نثر سچی ہے۔ مثلاً ایک واقعہ بیان کرتے ہیں۔ پھر اس کی تشریح اور توجیہ کے لئے بہت سا وقت صرف فرماتے ہیں جس سے ان کی یہ کتاب "تبلیغی" بن گئی ہے۔ لیکن یہ نقص شاید صرف حیات جاوید میں پایا جاتا ہے، اس معاملے میں حیات سعدی اور یادگار اور مقدمہ شعر و شاعری بے عیب ہیں۔ کیونکہ وہاں "ہیرو" کی صفائی پیش کرنے کے لئے انہیں اتنی بے قراری نہیں ؛

موجودہ تصنیف میں ایک خاص بات بہت نمایاں ہے (اور شاید دوسری تصانیف بھی کسی حد تک اس میں شریک ہیں) اور وہ یہ ہے۔ کہ بعض جگہ بے موقع "وعظ و نصیحت" شروع کر دیتے ہیں، اور مسلمانوں کو حسن اخلاق اور ہمدردی قوم پر ابھارتے ہیں جس سے یہ سوانحعمری "یادگاری" اور "تبلیغی" بن جاتی ہے لیکن یہ چیز اس زمانے کے ماحول اور کتاب کے مقصد کے مطابق ہے۔ کیونکہ اس عہد کے اکثر مصنف اسی طریق عمل کے پابند ہیں ؛

حالی میں "جوش بیان" کی کمی ہے۔ سید صاحب کو ۱۸۵۷ء کے ماحول میں دکھاتے ہیں۔ لیکن تمام واقعات کا ذکر اس سکون سے کر رہے ہیں، گویا کہ وہ ایک قوم کا خفیف سا اضطراب تھا جس نامور شخصیت کی سوانح کے لئے وہ حیات جاوید جیسی کتاب لکھتے ہیں۔ اس کی وفات کی تقریب پر صرف معاصرین کے مراثی اور ماتمی تقریروں اور تحریروں پر اکتفا کرتے ہیں۔ اور زبان قلم مارے شدت غم کے بعض رسمی الفاظ سے آگے نہیں بڑھتی ؛

گذشتہ سطور میں سٹائل کی جن کمزوریوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان کے لئے مستثنیات تلاش کی جا سکتی ہیں۔ لیکن ہر کلیہ کے لئے مستثنےٰ کا ہونا ضروری ہے ؛

سید محمد عبداللہ

(ترجمہ)

ادبیاتِ ایران

ایران فی الحال جادۂ ترقی ادبیات میں اکثر ممالک سے بہت پیچھے ہے۔ دوسرے ممالک میں مرور دہور سے ادبیات نے تنوع پیدا کر لیا ہے اور اسی پر تو تنوع سے تمامی طبقاتِ ملت کی روحوں کو اپنا مسخر کر لیا ہے۔ اور ہر مرد و عورت طفل و جوان و پیر اور امیر و غریب سب کو رغبت پڑھنے پر بنا دیا ہے۔ جو باعث ترقی معنوی افراد قوم ہو گیا لیکن ایرانی بدبختی سے جادۂ اسلاف سے قدم باہر رکھنے کو مایہ تخریب ادب جانتے ہیں۔ اور عموماً وہی جوہر استبدادی سیاسی ایرانی جو دنیا میں مشہور ہے۔ درباره ادبیات بھی دیکھا جاتا ہے چنانچہ جب کوئی لکھنے والا قدم اٹھاتا ہے۔ تو اس کی نظر صرف گروہ ادبا و فضلا پر منحصر رہتی ہے۔ اور ادنیٰ توجہ بھی دوسرے گروہ کی طرف نہیں ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ وہ لوگ جو تھوڑا بہت لکھنا پڑھنا جانتے ہیں اور سادہ و بے تکلف عبارات لکھ پڑھ سکتے ہیں۔ یہ بھی پیش نظر نہیں ہوتے۔ مختصر یہ کہ ڈیما کریسی ادبی کے پاس تک نہیں پھٹکتے۔

اس میں شک نہیں۔ کہ یہ مسئلہ مخصوص ایران ایسی سلطنت کے لئے کہ جہاں کی جہالت و عدم اعتناء ہر طرح کی ترقی گروہ مردم کے لئے مانع ہے بہت زیادہ سرمایہ افسوس ہے۔ کیونکہ وہ لوگ جو علم و دانش سے بہرہ رکھتے ہیں۔ اور سالک مسالک حقایق رہ کر راہ کسب قوت و غذاء روحی میں منہمک ہیں۔ لیکن وہ اشخاص کہ بغواء ھم کالانعام بل ھم اضل میں شامل ہیں۔ اگر کوئی ان کی فکر نہ لے اور ان کی پرواہ نہ کرے۔ تو یہ تا قیام قیامت جہل و ذلت و تاریکی میں حیران و سرگردان رہیں گے۔

اکثر ممالک متمدنہ میں اسی قسم کے خیالات باعث تاسیس تعلیم عمومی جبری ہوئے ہیں۔ یعنی ارباب علم و بینش و فضل و کمال کو یہ منظور ہوا۔ کہ عوام بھی مراتب علم و معرفت سے بہرہ یاب ہو جائیں

اگر ایسا نہ ہو۔ اور اہل فضل یہ خیال کریں کہ آخر کار خود عوام خوبہائے علم کو سمجھ کے اس کے کسب و تحصیل کے درپے ہوں گے۔ اور کسی پر لازم نہیں ہے کہ اپنے اوقات عزیز کو ان کی اصلاح میں صرف کرے۔ ہرگز ایسا نہیں کہ عوام اپنے آپ اس قسم کے خیالات میں پڑیں۔ اگر یہ ادعا مبنی بحقیقت ہوتا تو اب تک ایرانی کب کے باسواد ہو گئے ہوتے۔ بجائے اس کے کہ تقریباً دو فیصدی بھی پڑھے لکھے نہیں ہیں کم سے کم ایک تہائی یا چوتھائی قوم ایرانی پڑھی لکھی ہوتی۔ حالانکہ ہم دیکھتے ہیں۔ کہ بہت سے ہمارے ہموطن اشخاص اعیان و رزرگان و تجار میں سے جنہیں ہر طرح کے اسباب حاصل ہیں پھر بھی اب تک ایک شخص ایسا نہیں کہ ایک مہینہ بھی اپنے اوقات کا تحصیل نوشت و خواند میں صرف کرے اور کو رسوادی ہی بہم پہنچالے ؛

خلاصہ یہ کہ ہمارے ملک میں ارباب قلم وقت تحریر عموماً عوام سے صرف نظر کر لیتے ہیں۔ اور اسی انشاء غامض اور عوام نفہم کا تتبع کرتے ہیں۔ باوجودیکہ ممالک متمدنہ کی یونیورسٹیوں میں کہ جن کے سررشتہ ترقی ہاتھ لگ گیا ہے انشاء سادہ و بے تکلف اور عوام فہم ہی کو تمام اقسام انشاء پر اختیار کیا گیا ہے۔ حالانکہ اس ملک کے لوگ مدرسوں کے پڑھے ہوئے ہیں۔ اور انشاء مشکل کے سمجھنے میں چنداں عاجز نہیں۔ پھر بھی انشاء سادہ ان کے نزدیک مستحسن اور ممدوح ہے۔ اور لکھنے والے ہمیشہ کوشش کرتے رہتے ہیں کہ جہاں تک ہو سکے وہی زبان رائج اور معمولی جسے لوگ کوچہ و بازار میں بولتے ہیں۔ اسی کو تعبیرات و اصطلاحات متداولہ کے ساتھ لباس ادبی میں لایا جائے اور نکات صنعتی سے آراستہ کر کے تحریر میں لایا جائے۔ حتےٰ کہ علماء متبحر بھی کوشش کرتے رہتے ہیں کہ اپنی تصنیفات اور تحریرات کو جہاں تک ہو سکے زبان سادہ میں لکھیں۔ علاوہ ازیں بیشتر علماء مطالب کے سمجھانے میں علمی حقایق کو پیرایہ حکایت میں بیان کرتے ہیں۔ چنانچہ عالم و منجم مشہور **فلاماریون** فرانسیسی کہ زمانہ موجودہ کے مشہور ترین علماء میں سے ہے بہت سے مسائل مہمہ علم ہیئت و نجوم و ریاضی کو بطور افسانہ و ناول بیان کرتا ہے۔ اور یہ ناول فی الحال اکثر زبانوں میں ترجمہ ہو گئے ہیں۔ اور دنیا ان سے مستفیض اور بہرہ مند ہو رہی ہے

حالانکہ اگر وہ چاہتا تو صرف اپنے ہمسر علما و فضلا کو طرف خطاب قرار دیتا اس صورت میں اس کا وقت کم صرف ہوتا۔ لیکن اس کی صدا اُن چند علما کے کان تک پہنچتی جن کو مخصوصاً ہیئت و نجوم سے تعلق خاطر ہے۔ حالانکہ اس وقت اس کی آواز تمام دنیا میں گونج رہی ہے۔ اور کروڑوں بنی نوع انسانی کی جانیں اسرار طبیعی اور ادراک حسن بے نہایت آفرینش سے آشنا ہو کر لذت یاب ہو رہی ہیں ۔

جب کسی کی توجہ ادبیات حالیہ فرنگستان پر ہو تو ممکن ہے۔ کہ نظر اولیٰ میں کثرت افسانہ کو۔ جو فی الحال رکن اعظم ادبیات فرنگستان ہے۔ اس بات پر محمول کرے کہ ادبیات فرنگستان خرابی و نقصانات کی طرف جا رہے ہیں۔ درصورتیکہ بے شک و شبہ کسی زمانہ میں اور دنیا کے کسی حصہ میں ترقی ادبی جو اب فرنگستان میں ہے کبھی نہیں ہوئی تھی۔ زندگانی اہل فرنگ پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے بھی یہ امر بہت واضح ہو جاتا ہے کہ کتاب بھی مثل چھری۔ کانٹا۔ جراب اور رومال کے ان کے لوازم حیات سے ہو گئی ہے۔ بے شک اس کا عمدہ سبب انشاء کا صورت افسانہ و حکایت میں آجانا ہے ۔

افسانہ سے علاوہ منافع مذکورہ کے دوسرے اہم فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔ درحقیقت اُن لوگوں کے لئے جنہیں کسب معاش میں روزانہ زحمت اٹھانا پڑتی ہے وقت فرصت انشاء رومانی مدرسہ کا کام دیتا ہے۔ کیونکہ ایسے لوگ مدرسہ میں جا کر اُن معلومات کی تکمیل نہیں کر سکتے جو فی الحال روز بروز ترقی پذیر ہیں۔ اور نہ ان کا دماغ ہی اتنا ہوتا ہے کہ علمی اور فلسفی کتابوں کا مطالعہ کر کے معرفت حاصل کریں۔ مگر افسانہ زبان شیریں اور طرز دلکش و لذت بخش سے بہت سے لازم اور مفید معلومات ہم کو سکھاتا ہے۔ جس سے دماغ اور جان کو تازگی اور فرحت و نشاط حاصل ہوتی ہے۔ چاہے وہ معلومات تاریخی یا علمی ہوں یا فلسفی و اخلاقی ۔

علاوہ اس کے ایک قوم کے لوگ جو اختلاف شغل و کار و معاشرت کی وجہ سے ایک دوسرے کے حالات خیالات حتیٰ کہ جزئیات نشست و برخاست سے بھی ناواقف ہوتے ہیں افسانہ ایک دوسرے کے حالات سے واقف اور ایک دوسرے کے نزدیک کر دیتا ہے۔ مثلاً ایک شہری نہیں

جانتا کہ دیہات میں دلہن دولھا کے گھر کس طرح جاتی ہے۔ اور دیہاتی کو نہیں معلوم کہ شہر کی عورتیں دن کیسے بسر کرتی ہیں۔ یہاں تک کہ شہر کے فقرا اسی شہر کے اغنیاء کے کاروبار سے اور اس کے برعکس متمول اور بڑے لوگ ماتحتوں اور خادموں کی زندگانی سے بے خبر ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ خود ہمارے ایران میں بڑے بڑے شہروں کے رہنے والوں کے کان تک ایک دوسرے کے اوضاع و اخلاق و عادات کے حالات نہیں پہنچتے ہیں۔ مثلاً ہوسکتا ہے کہ باشندگان **قوچان** نہ جانتے ہوں کہ طہران میں بقرعید کیونکر ہوتی ہے۔ اور باتوں کا قیاس اسی پر کرلو۔ افسانہ ایک قوم کے گروہ ہائے مختلفہ کو ایک دوسرے سے آگاہ اور آشنا بنا دیتا ہے۔ شہری کو دیہاتی سے۔ ملازم حکومت کو تاجر سے۔ کرد کو بلوچی سے۔ قشقائی کو گیلک سے۔ پابند شریعت کو صوفی سے۔ صوفی کو زردشتی (آتش پرست) سے۔ زردشتی کو بابی سے۔ طلبہ کو پہلوانوں سے۔ کچہری والے کو بازاری سے نزدیک کرکے ہزاروں اختلاف مغائرت تعصب آمیز کو جو بوجہ جہالت و نادانی و عدم آشنائی ایک دوسرے کے درمیان پیدا ہوئے ہیں دور کر دیتا اور مٹا دیتا ہے۔ اسی طرح جو لوگ تمام اقوام و ممالک کے حالات تمدنی و اندرونی و روحانی سے واقف اور خبردار ہونا چاہتے ہیں۔ اور کتب تاریخی نہیں پڑھنا چاہتے ہیں کہ جو صرف زندگانی سیاسی و فوجی ایک ملک و قوم کی اور وہ بھی بطور ناقص و ناکافی بتاتی ہیں، مطلع اور مطمئن ہونا چاہیں کوئی طریقہ اس ملک و ملت کے حالات معلوم کرنے کا اس ملک کے افسانہ پڑھنے سے بہتر نہیں ہے۔ جیسا کہ فی الحال مثلاً کوئی خان کرد جو کسی دامن کوہ میں وسط کردستان میں رہتا ہے۔ افسانہ کے وسیلہ سے بہت کچھ جزئیات معاشرت و رسوم اہل آئس لینڈ سے واقف ہوسکتا ہے۔ جو دنیا کے سرے پر وسط بحر اوقیانوس میں واقع ہے اور ممکن ہے کہ اب تک وہاں کسی ایرانی کا قدم نہ پہنچا ہو۔ اور اسی طرح اس کے برعکس ؛

کہہ سکتے ہیں۔ کہ کسی قوم و ملت کے حالات اخلاقی اور خصائل مخصوصہ کے دکھانے کے لئے افسانہ سے بہتر کوئی آئینہ نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ دور بیٹھ کے ملت روسیہ کے پہچاننے کے لئے **تولستوئی** اور **دوستوبوسکی** کی کتابوں کے پڑھنے سے بہتر کوئی وسیلہ نہیں ہے۔ اسی طرح

اگر ایک شخص ایرانیوں کو جاننا چاہے تو موریر کی کتاب **حاجی بابا** اور **جنگ ترکمان** اور **قنبر علی** مصنفہ **کاؤنٹ کوبینو** سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہو سکتی ۔

چونکہ انسان عموماً افسانہ ایسی چیزوں کے پڑھنے کی طرف راغب اور ذاتاً مائل ہے۔ لہٰذا اس کے وسیلہ سے ہر طرح کی سیاسی یا علاوہ سیاسی تبلیغ (پروپگنڈا) کی جا سکتی ہے۔ اگر الجزائر میں سنکوتریچ لہستانی ایسے ماہر مصنف ہوتے کہ ان کے افسانے یوروپ اور امریکہ میں مشہور ہوتے تو ہر ایک افسانہ سو فوجوں اور بہت سے فصیح و بلیغ لکچروں کا کام دیتا جس طرح سنکوتریچ کے رومانوں نے لوگوں کی محبت و شفقت کو اس سلطنت اور قوم کی طرف جذب اور مائل کیا۔ اور عام اہل دنیا کی فکروں کو ان کا معین و مددگار بنا دیا ۔

سب سے بڑھ کے فائدہ افسانہ اور انشاء رومانی کا یہ ہے جو ایک قوم اور سلطنت کی زبان کو عاید ہوتا ہے۔ فقط انشاء رومانی ہی ہے جو خواہ بشکل کتاب یا تھیٹر یا اخبار مواقع استعمال کلمات و محاورات و ضرب الامثال و ترکیب کلام مختلف و لہجہ ہائے گوناگون پیدا کرتا ہے۔ حتےٰ کہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ایک ملت کے مختلف طبقات کی گفتار کا گرامو فون ہے۔ حالانکہ انشائے قدیمی (کلاسیک) اور علمی اس خدمت سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا ہے۔ اور شاذ و نادر اُن کلمات کے استعمال کا موقع پیدا کر سکتا ہے۔ جو اس کی دسترس سے باہر ہیں۔ مثلاً کم اتفاق واقع ہوتا ہے کہ ایک قصیدہ یا غزل گو شاعر کہ یہ دونوں صنف کلام ایران میں مرغوب تر ہیں عید نوروز کے موقع پر یا دربارہ شکار ایسی نظم لکھے کہ جس میں نوروز اور شکار کے تمام کلمات و اصطلاحات و تعبیرات وغیرہ جو شکار اور نوروز کے مناسب ہیں کسی قصیدہ یا قطعہ میں صرف کرے۔ اگر ایسا ارادہ بھی کرے تو مجبوراً بہت سے کلمات اور تعبیرات اہم سے اسے صرف نظر کرنا پڑے گا۔ کیونکہ بعض کلمات منافی وزن شعر ہوں گے اور بعضے فصاحت قصیدہ سے خارج ۔

یہ دائرہ کلمات و تعبیرات کے محدود ہونے ہی کا سبب ہے کہ اغیار جو فارسی کو کتابیں پڑھ کے حاصل کرتے ہیں باوجودیکہ اس سہل زبان کی تحصیل میں ایک مدت دراز صرف کر دیتے ہیں

پھر بھی جب ہم سے فارسی بولتے ہیں۔ تو ہم ایرانیوں کو ان کی فارسی پر بے ساختہ ہنسی آجاتی ہے مثلاً عثمانی کہ تعلیم و تعلم زبان فارسی ان کے مدارس میں لازمی ہے۔ انہیں چند الفاظ دوست اور معشوقہ کے لئے معلوم ہوتے ہیں۔ جیسے یار۔ دلدار۔ جاناں۔ دلبر۔ نگار وغیرہ۔ مگر یہ نہیں سمجھتے کہ یہ یار مثلاً چمٹے سے آگ جان میں لگاتا ہے۔ یا اس کی ضرب دست چہرہ رقیب گستاخ پر چمک اور کشیدہ (تھپڑ) کہلاتی ہے ؛

میں خود ایک عثمانی ترک سے ملا جس کو ہزارہا اشعار دیوان شعراء ایران کے زبانی یاد تھے باوجود اس کے ہم مجبور ہوئے کہ اپنے سادہ مطالب کو فرانسیسی میں ایک دوسرے سے ادا کئے کیونکہ اس کی فارسی ہم اور ہماری فارسی وہ کمتر سمجھتا تھا۔ اس کا سبب ظاہر ہے کہ ایسی کتابیں جو زبان حال رائج میں لکھی گئی ہوں ان کے ہاتھ میں نہیں ہیں۔ جن سے وہ فارسی سیکھیں۔ اور ہمارے انشاپرداز عموماً اپنی کسرشان سمجھتے ہیں کہ نثر میں لکھیں۔ اور اگر نثر لکھنا بھی چاہتے ہیں تو طرز تحریر گلستان سے قدم باہر نہیں رکھتے ؛

باربیہ دومینار مشہور مستشرق فرانسیسی تمثیلات میرزا فتح علی آخوند کے ترجمہ کے مقدمہ میں کسی ایسی کتاب کے نہ ہونے کے بارہ میں جو زبان فارسی معمولی میں لکھی گئی ہو۔ اور یورپین طالب علموں کو فارسی سیکھنے میں کام آئے لکھتے ہیں :۔

خود اہل مشرق سے درخواست کرنا چاہیئے کہ ایک نمونہ اور سرمشق اپنی زبان رائج کا ہمارے لئے مہیا کریں لیکن بدقسمتی سے اس قسم کی کتابیں خود ان کے پاس کچھ زیادہ نہیں ہیں۔ اور ایسے شخص کے لئے جو قواعد اور ذوق ادبی عالم اسلام سے آشنا ہے۔ یہ کمی نثر زبان رائج کی کسی طرح سزاوار تعجب نہیں ہے چونکہ عالم اسلام میں اگر کوئی شخص بولنے کے موافق کوئی کتاب یا اخبار لکھنا چاہے۔ تو اس میں وہ اپنی کسرشان اور توہین اور آمیزش در مقدسات اور حکم خیانت در علم معانی و بیان سمجھتا ہے اور ایسی سعی لغو اور باطل ہوتی ہے۔ کیونکہ موجب لعن وطعن ہوتا ہے ؛

تعجب اس بات کا ہے کہ تمام اس عہد آخر میں ہمیشہ مصنفین جیسے حسن علی خان امیر نظام

ومیرزا ابوالقاسم قائم مقام ومیرزا عبدالوہاب نشاط جو صاف اور سادہ لکھا کرتے تھے اور متقدمین کی تقلید نہیں کرتے تھے۔ باین ہمہ مورد تحسین عام ہوئے اور ان کے مصنفات میں سے جو ہاتھ آیا متعدد بار چھپ چکا ہے۔ پھر بھی ہمارے ادیب اس سے تنبہ حاصل نہیں کرتے اور ان کا خوف کسی طرح زائل نہیں ہوتا ؛

المختصر ہم نے جو یہ کہا کہ انشاء حکایتی استعمال کلمات کے لئے بہترین انشا ہے ظاہر ہے کہ جب کلمات اور لغات رائجہ کسی جگہ محفوظ ہو جائیں گے اور ان کے محل استعمال معین اور واضح ہونگے تو کسی وقت میں اور تعبیرات قدیم درمیان سے اُٹھ جائیں گے اور ان کی جگہ نئے کلمات اور تعبیرات لے لیں گے اور کتاب ہائے افسانہ وقصہ بہترین خزانہ ہو جائیں گے۔ حتیٰ کہ زبان کے لئے کتب لغات وفرہنگ سے بھی بہتر ہونگے۔ کیونکہ لغات چاہے کتنا ہی مفصل اور مشرح ہوں۔ پھر بھی محل استعمال لغات واصطلاحات جیسا کہ چاہیئے معلوم نہیں ہوتا۔ حالانکہ افسانہ برعکس لغات کملحقہ اس امر سے عہدہ برآ ہوتا ہے ؛

علاوہ اس کے بہت سے کلمات وتعبیرات واصطلاحات واشارات لسانی ایسے بھی ہیں جو ہرگز کتب لغات میں نہیں آسکتے۔ جیسے کہ وہ کلمات جو عموماً مشہدی اور اوباشوں میں معمول ہیں ؛

(باقی دارد)

شاداں

راسا اور ابوالفضل

پنڈت موہن لال وشنولال پنڈیا اپنے مضمون میں جس کا خلاصہ ہم اپنی پہلی قسط میں درج کر آئے ہیں۔ لکھتے ہیں کہ 'چند چھند ورمن مہیما' میں جو سمبت ۱۶۲۹ بک مطابق ۱۵۷۲ء سنہ ۹۸۰ھ کی تالیف ہے۔ مذکور ہے کہ سمبت ۱۶۲۷ بک ۱۵۷۰ء میں جلال الدین اکبر بادشاہ نے پرتھی راج راسو اپنے دربار کے شاعر گنگ جی سے سنی تھی۔

یہ بیان اگر صحیح ہے۔ تو ظاہر ہے کہ راسا جلال الدین اکبر کے عہد میں موجود تھا لیکن جو تاریخ پنڈت جی دے رہے ہیں وہ صحیح نہیں معلوم ہوتی۔ اس تاریخ میں ایک یا دو دہائی کا فرق ہو تو کوئی تعجب نہیں۔ کیونکہ ہندو یات میں اکبر کا شغف اس عہد سے بعد کا قصہ ہے بعض وجوہ ہمارے پاس ایسے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ راسا اکبر کے عہد میں موجود تھا۔ بلکہ یہ بھی ممکن ہے کہ اسی زمانہ میں وجود میں آیا ہو۔ ابوالفضل کے بعض بیانات سے جن کی تفصیل ذیل میں آتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ وہ راسا کے بعض مطالب سے واقف ہے۔ لیکن یا تو راسا اس کی موجودہ شکل میں اس کے پاس نہیں ہے یا کوئی اور تالیف جس کے مضامین راسا سے ملتے جلتے ہیں۔ مگر بعض امور میں متناقض اس کے سامنے ہے۔ ابوالفضل مسلمانی تاریخ کے ان بیانات سے جو شہاب الدین کے حالات میں مفصل ملتے ہیں اعراض کر کے ہندی مآخذ کی سند پر کہتا ہے کہ پرتھی راج نے شہاب الدین کو سات مرتبہ شکست دی اور آٹھویں مرتبہ اس سے مغلوب ہوا۔ چنانچہ :-

"ہندی ناماہا برگوید ہفت بار (بہ) سلطان پیکار آراست و شکست داد۔ پانصد و ہشتاد و ہشت ہجری نزدیک تھانیسر ہشتم بار در بر دگر فتار شد (ص ۵۳۱ - آئین اکبری مرتبہ بلاکمین) سلطان سے پہلے (بہ) میرا اضافہ ہے۔ جو قلمی نسخہ کی سند پر کیا گیا ہے۔

یہ بیان یقیناً راسا کے بیانات کے مخالف ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ شہاب الدین نے بیس سے زیادہ مرتبہ پرتھی راج سے شکست کھائی۔ پکڑا گیا اور زرِ فدیہ دے کر رہا ہوا۔ ابوالفضل کا بیان ممکن ہے کہ ہمیر مہاکاویہ سے ماخوذ ہو جو کہا جاتا ہے سمت ۱۴۶۶ بکرمی کی تالیف ہے۔ اس کے بعد ابوالفضل گویا ہے:۔

"راجہ را صد گونا مور ملازم بود۔ ہر یکے را سامنت گفتے شگفت کاری ایشان در کابل گفت و رنگنجد و عادت دخر و نپذیرد"۔ یہ اشارہ ہے ان سامنتوں کے ان مبالغہ آمیز اوصاف کی طرف جو راسا میں ان کی طرف منسوب ہوئے ہیں۔ مثلاً سات آدمی باری باری لڑ کر شام تک سات ہزار آدمی قتل کرتے ہیں۔ ایک ایک وار میں کئی کئی دشمنوں کی گردنیں اڑا دیتے ہیں۔ ایک ہی ضرب میں ہاتھی کی سونڈ اڑ جاتی ہے۔ ان سامنتوں کے سر اگرچہ تن سے جدا ہو جاتے ہیں لیکن دھڑ بدستور جنگ میں مصروف رہتا ہے اور مشکل تمام ٹھنڈا پڑتا ہے۔ اسی لئے ابوالفضل کہتا ہے کہ ان قصوں کو عقل قبول نہیں کر سکتی۔ مگر قرینِ عقل مسلمانی تاریخ کے بیان کو ٹھکرا کر ہندو بیان کو ترجیح دینا اور پھر عقل کا سوال اٹھانا ہمارے نزدیک ابوالفضل کی زیادتی ہے۔

اکبر کا یہ زبردست مؤرخ راسا کے اس مشہور قصہ سے بھی واقف معلوم ہوتا ہے۔ جس میں جے چند والی قنوج راجسوجگ مناتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ جے چند اس تقریب کے موقعہ پر تمام راجاؤں کو دعوت دیتا ہے۔ سب آتے ہیں مگر پرتھی راج شرکت سے انکار کرتا ہے۔ جے چند اس کا مجسمہ طیار کرا کر بطور دربان کھڑا کر دیتا ہے۔ پرتھی راج اس توہین پر مشتعل ہو کر پانسو گھڑ چڑھوں کے ساتھ یلغار کرتا ہوا قنوج پہنچ کر اپنا بُت اٹھا لے جاتا ہے جے چند کی لڑکی یہ خبر سن کر پرتھی راج پر نادیدہ عاشق ہو جاتی ہے۔ باپ کو پتہ لگتا ہے۔ وہ گھر سے نکال دیتا ہے پرتھی راج کو ان باتوں کی خبر لگتی ہے۔ وہ چاند اجھاٹ کو جے چند کے دربار میں جانے کے واسطے آمادہ کر کے خود معہ اپنے سامنتوں کے بھیس بدل کر ملازم کی حیثیت سے ساتھ ہو جاتا ہے۔ اور موقعہ پا کر قنوج کی شہزادی کو لے کر نکلتا ہے۔ پرتھی راج کے وہ سامنت مختلف

بہروپوں میں اس کے ساتھ تھے۔ ان میں سے ایک ایک سامنت جے چند کی فوجوں کا مقابلہ کرتا ہے۔ چنانچہ سب سے پہلے گوبندرای گہلوت سد راہ ہوا اور بڑے معرکے انجام دے کر مارا گیا اس نے سات ہزار آدمی مارے۔ اس کے بعد نرسنگھ دیو اور چاندا اور پنڈیر اور سارو مول سولنکی اور پالہن دیو کچھواہہ مع دو بھائیوں کے عجیب و غریب کارہای نمایاں سر کرکے راہی عدم ہوئے۔ علےٰ ہذا باقی سامنتوں پر گذری۔ اور سب کے سب راہ میں کام آئے اور راجہ مع چاندا بھاٹ اور دو بھائیوں کے اپنی نئی رانی کو لے کر دلی پہنچ گیا۔ ابو الفضل کی اصل عبارت ذیل میں درج ہے :-

"چنان برگزارند راجہ جے چندر اٹھور فرماں روای ہندوستان در قنوج دادگری کردی و دیگر راجہا لختے نیایش بدو نمودی و از فراخی مشرب بسیاری ایرانی و تورانی پرستار بودی (یہ اشارہ ہے مسلمانی فوجوں کی طرف۔ جو جے چند کے ہاں ملازم بتائی جاتی ہیں) سگالش جگ راجسو فرا پیش گرفت و در سر انجام آن شد و ناگزران او آنست کہ راجہا بخدمت گری قیام نمایند تا دیگ شوئی و آتش فروزی بدینہا باز گردد۔ و نیز دران انجمن گزین دختر خود را با بہین راجہ پیوند بخشد۔ راجہ پتھورا نیز سگالش رفتن داشت ناگاہ یکی را بر زبان رفت۔ با وجود سلطنت چوہان اندیشہ راجسو اور اسزاوار نبود۔ راجہ آتش حمیت برافروخت و باز ماند۔ راجہ جے چند بلشکر کشی رو آورد۔ کارو یدگان درازی کار و نزدیکی ساعت گذارده باز آوردند و بچارۂ انجام این جشن پیکر راجہ پتھورا از طلا ساختہ بدربانی نشاندند۔ راجہ ازین آگہی بر آشفت و با پانصد گزیدہ مرد بطرز ناشناساں رہ نوردید و ناگہانہ بدان ہنگامہ در پیوست۔ آن تمثال را برداشت۔ فراوان مردم راجان بشکردہ بہار بیمائی باز گردید۔ دختر راجہ کہ آمادۂ دیگرے بود از شنید داستان مردانگی شیفتۂ پتھورا شد و تن بدان نداد۔ پدر رنجیدہ از شبستان بیرون آورد و از برای او منزلی جداگانہ برساخت۔ پتھورا ازین آگہی بر شورید و نخواہش پیوند او برگشت و بدین قرار گرفت کہ چاندا باد فروش کہ از دمسازان با پر لیست ؛ بعنوان نیایش گری پیش جے چندر رود و راجہ با برخی گزیدہ مردم آئین ملازمان ہمراہ باشد۔ شوق اندیشہ

بکر دار آورد و بدین طلسم ہوش مندی و جادوی مردانگی جویای آرزومند را برگرفت و بشگرف کاری و تیز دستی بملک خود باز گردید و آن صد سامنت را گوناگون لباس ہمراہ داشت۔ یکی پس از دیگری استادہ فوجہا را شکست۔ نخستین گوبند رای گہلوت بجنگ ایستاد و کارنامہا بجا آورد و فرو شد ہفت ہزار کس در آویزہ او سیلاب نیستی در شدند۔ سپس نرسنگھ دیو و چاندا و پندیر و سار و ھول سولنکی و پالہن دیو کچھواہہ با ہر دو برادر اولین روز یکی پس از دیگری شگرف کار بہا کردہ نقد زندگی بمردانگی سپردند۔ و آن را دمردان کارزار ہمہ در راہ فرو شدند و راجہ با چاندا باد فروش و دو برادر داماد عروس بدہلی آورد و جہانی بشگفت زار افتاد" (صد ۵۳۲) ؛

میں اس تمام بیان کا راسا کے بیان سے بخوف طوالت مقابلہ نہیں کرنا چاہتا۔ کیونکہ راسا میں جزویات اور آرائشی حصہ کی اس قدر بھرمار ہے کہ اس سے ایک سیدھا سادا مسلسل بیان لینا ایک داستان لکھنے کے مترادف ہے۔ اس لئے میں پہلے دن کی جنگ کے بعض خط و خال یہاں نقل کر دیتا ہوں۔ تاکہ ناظرین ان کا فرق خود ملاحظہ کرلیں۔ اس کے لئے راسو سار کو میں نے اپنا رہبر بنالیا ہے اور بے حد اختصار سے کام لیا ہے ؛

" سات ہزار لچھ فوج نے جن کے افسر میر ہمام اور میر گردان تھے ساونتوں پر حملہ کیا۔ ان کی روک تھام کے لئے گوبند رای گہلوٹ دونوں ہاتھوں میں دو تلواریں لے کر آگے بڑھا اور دو دستہ شمشیر زنی شروع کر دی۔ اور دم بھر میں کشتوں کے پشتے لگا دیئے۔ آخر میر ہمام خاں سے اس کا مقابلہ ہوا۔ میر نے اس پر تومر (گرز یا نیزہ) کا وار کیا اور چاہتا تھا کہ کمان ڈال کر کھینچ لے۔ گوبند رای بروقت اچھل کر الگ ہوگیا اور وار خالی دیا۔ اس پر میر نے بالک کا ہاتھ مارا۔ لیکن بجائے زیر ہونے کے اپنے دشمن پر جھپٹا۔ میر نے ایسا نیزہ مارا کہ کلیجہ کے پار نکل گیا۔ راجپوت نے اس پر بھی کونت کا ہاتھ مارا۔ اتنے میں میر نے اس کا سر اڑا دیا۔ سر تو گر گیا مگر دھڑ نے آفت مچادی۔ کٹار کے ایک ہی وار میں میر کو تومر دہ صد سالہ بنا دیا اس کے بعد چار اور میروں کو موت کے گھاٹ اتارا۔ اتنے میں آراس (آرائش) کا زنبور کلیجہ میں لگا اور گہلوٹ کا تن بے سر لاش بن کر

گر پڑا۔ مسلمانی فوج اب زور باندھ کر آگے بڑھی ؛

ادھر سے بچّون رای نے مورچہ لیا۔ اس کے مقابلہ کو پانسو مسلمان سپاہی بڑھے۔ یہ دیکھ کر کیہر رای۔ کھنٹھیر پرمار۔ بیپار رای۔ پڈھیار۔ بھوہارا رای چندیل۔ بھوپ کچّھارای چالکّ ۔ اور واہیا نرسنگھ رای پانچ سامنت پیدل ہو کر اس کی امداد کو آئے۔ اور حریف کو للکارا۔ خوب ہتیار چلا۔ گھمسان کا معرکہ رہا۔ آخر میں بچّون رای کا سر کٹ کر الگ جا گرا۔ مگر دھڑ نے وہ کارنمایاں کیا جسے دیکھ کر دیوتا بھی عش عش کرنے لگے۔ اس نے دم بھر میں ساری مسلمان فوج کو تتر بتر کر دیا۔ بچّون رای کے ختم ہوتے ہوتے تیسرا پہر ختم ہو چکا تھا ؛

اب حریف کی طرف سے باگھ رای گجھیلا اور میر کمود خاں نے ساونتوں پر یورش کی۔ اس طرف سے چند پنڈیر نے ہتیار کیا۔ اور مست ہاتھی کی طرح دشمن کی فوج میں گھس گیا۔ ہزاروں میروں کو کاٹتا چھانٹتا میر کمود خاں کے مقابلہ میں آیا۔ میر نے اس کے بھالا مارا ادھر سے چند نے سیل مارا۔ دونوں کے وار بھرپور پڑے اور دونوں کا کام تمام ہو گیا ؛

پنڈیر کے کھیت رہتے ہی ادھر سے کرمبھ راے نے اور اُدھر سے باگھ رای گجھیلے نے ہتیار سنبھالے اور دونوں ایک دوسرے کے مقابلہ پر ڈٹ گئے۔ پہلے تلواروں سے لڑے جب تلواریں ٹوٹ گئیں۔ کٹاریں پکڑیں اور وار چلے۔ اس گھمسان میں بچّون رائے کا سیرن میر سے سامنا ہو گیا۔ سیرن نے بچّون کے سینے میں نیزہ پیل دیا۔ جس سے بچّون رای بے جان ہو کر زمین پر گرا۔ مگر گرتے گرتے حریف کے تلوار کا ہاتھ مار تا گیا ؛

بچّون رای کو گرتا دیکھ کر نرسنگھ رای واہیا سیرن کے مقابلہ میں آیا۔ سیرن نے پہلے تو اس پر بان (تیر) چلایا۔ لیکن جب وہ بان کو خاطر میں نہ لایا۔ تب اس نے تلوار کا وار کیا۔ اتنے میں نرسنگھ کا ہاتھ بھی چل چکا تھا۔ الغرض دونوں ڈھیر ہو گئے ؛

کرمبھ رای کے مرنے پر اس کا سگا بھائی پلہن میدان میں اترا۔ اور خوب داد شجاعت دے کر آخر کار ہلاک ہوا ؛

اس کے بعد بچّون رای کا فرزند ملے سنگھ چار تلواریں باندھ کر حریف پر دوڑا۔ کرمبہ کے خاندان کے اور دو چار بھائی بیٹے اس کے ساتھ تھے۔ اس بہادر نے ایسی صف شکنی کی۔ کہ دشمن کی فوج نے بھی اس پر تحسین و آفرین کے پھول برسائے۔ اس نے جس سوار کے ہاتھ مارا زرہ بکتر سمیت کاٹ کر گرا دیا۔ ایک ہی ہاتھ میں کئی کئی زبردست جوانوں کی گردنیں کاٹ دیتا تھا۔ میر اور سامنت دونوں اس کی دلاوری کی داد دیتے تھے۔ زخمی بچّون رای بھی اپنے فرزند کی بہادری دیکھ کر پھولوں نہیں سماتا تھا۔ اس کے ساٹھ گہرے زخم آئے۔ تب کہیں وہ بے جان ہو کر گرا ۔

اب دشمن نے اس جماعت پر ہاتھیوں کو ریل دیا۔ کنہ چوہان اسی وقت تلوار لے کر ان ہاتھیوں کی طرف جھپٹا۔ وہ ان سینکڑوں ہاتھیوں سے اس طرح لڑ رہا تھا۔ جیسے کوئی پہلوان اکھاڑے میں اپنے پٹھوں کو زور کراتا ہو۔ زبردست ہاتھی اس کی شمشیر کا زخم چکھ کر چیخ اُٹھتے۔ کالے کالے ہاتھیوں میں اس کی تلوار بادلوں میں بجلی کی طرح کوند رہی تھی۔ ان کے زخموں سے خون جھرنے کی طرح بہ رہا تھا۔ اس خونی دریا میں کٹی سونڈیں مگرمچھ اور ڈھالیں کچھوے معلوم ہوتی تھیں۔ اُدھر کنہ یہ قہر ڈھا رہا تھا ۔

ادھر سارنگ رای سولنکی غنیم کی فوج کے سر تن سے جدا کر رہا تھا۔ جس میر پر اس کا ہاتھ پڑا۔ سر خربوزے کی طرح کٹ کر دُور جا گرا۔ آخر کئی دشمنوں نے مل کر اسے موت کے گھاٹ اُتارا۔ اتنے میں اندھیرا بھی ہو چکا تھا۔ اور جنگ ختم ہوئی ۔

آج کی جنگ میں دشمن کے سات ہزار مسلمان۔ دو ہزار گھوڑے اور بہت سے ہاتھی کام آئے اور ادھر صرف سات سامنت کھیت رہے۔ رات کے وقت لاشیں اٹھائی گئیں۔ اور نرسنگھ رای واہیا۔ گوبند رای گہلوت۔ چند پنڈیر۔ سارنگ رای سولنکی۔ پلپن رای سالما۔ سورے سنگھ وغیرہم کی لاشیں جب سامنے لاکر رکھی گئیں تو پرتھی راج روتا ہوا زخمی بچّون رای کے لپٹ گیا۔ گوبند رای ابھی تک سسک رہا تھا ۔

ابوالفضل کا بیان بظاہر راسا کے بیان پر مبنی معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اگر غور کی جائے تو ان میں کافی اختلاف موجود ہے۔ آئین اکبری میں گوبند رای اور راسا میں گوبند رای ہے۔ جو بقول ابوالفضل تن تنہا سات ہزار آدمی قتل کرتا ہے۔ راسا میں یہ تعداد ساتوں ساونتوں کی کارگذاری کا نتیجہ ہے۔ آئین میں چند پنڈیر ایک فرد واحد کو دو شخص مانا گیا ہے۔ یعنے چاند اعلٰحدہ اور پنڈیر علٰحدہ آئین میں سارو ھول سولنکی راسا میں سارنگ رای سولنکی ہے۔ آئین میں نرسنگھ دیو راسا میں نرسنگھ رای ہے۔ آئین کی رو سے ان سات ساونتوں کے یہ نام ہیں :-

(۱) گوبند رای گہلوٹ (۲) نرسنگھ دیو (۳) چاندا (۴) پنڈیر (۵) سارو ہول سولنکی (۶) پالہن دیو (۷) برادر پالہن دیو (۸) برادر پالہن دیو ۔ اس طرح آٹھ ساونت بنتے ہیں اور ابوالفضل سات بتاتا ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ چاندا پنڈیرا ابوالفضل کے نزدیک ایک شخص ہے جس کو اس کے مرتب نے دو شخص بنا دیا اور آئین کے مذکورۂ بالا متن میں چاندا اور پنڈیر کے درمیان واؤ غلط لایا گیا ہے لیکن راسا کا متن بھی ایسے نقائص سے پاک نہیں - راسا کے تفصیلی بیان میں یہ ساونت مارے جاتے ہیں ۔

(۱) گوبند رای گہلوت (۲) بچن رای (بار اوّل) (۳) چند پنڈیر (۴) بچن رای (بار دوم) (۵) نرسنگھ رای (۶) کرمسہ (۷) پلہن (۸) ملے سنگھ (۹) سارنگ رای سولنکی۔ مگر مقتولین کی فہرست میں صرف چھ نام ملتے ہیں یعنے (۱)، (۵)، (۳)، (۹)، (۷)، (۸)۔ یہاں ہم سمجھتے ہیں کہ فہرست میں بچن رای کی شمولیت جس کو راسو سار میں دو مرتبہ مقتول دکھایا گیا ہے۔ بالکل غیر ضروری ہے وہ قتل نہیں ہوتا اور آیندہ واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف زخمی ہوتا ہے باقی نام آئین اور راسا میں تقریباً مماثل ہیں۔ صرف اتنا فرق ہے کہ آئین میں پالہن کے دو بھائیوں کے نام نہیں دیئے گئے جو راسا میں موجود ہیں۔ یعنے کرمسہ اور ملے سنگھ ۔

ابوالفضل اپنا سلسلہ بیان جاری رکھتے ہوئے کہتا ہے کہ اس واقعہ کے ایک سال بعد سلطان شہاب الدین نے جے چند والی قنوج کے ساتھ دوستی کر لی اور لشکر لے کر لڑنے آیا۔

اور پرتھی راج کا بڑا علاقہ فتح کر لیا۔ پرتھی راج اپنی نئی رانی پر اس قدر فریفتہ تھا۔ کہ اس کو دنیا و مافیہا کا مطلق ہوش نہیں تھا۔ کسی کی مجال نہیں تھی کہ شہاب الدین کی آمد کی اس کو اطلاع دے سکتا آخر اراکین دولت نے جمع ہو کر چاندا کو ساتوں ڈیوڑھیوں سے پار کر کے حرم سرا میں بھجوایا۔ وہ پرتھی راج کو ہوش میں لایا۔ پرتھی راج اپنی گذشتہ فتوحات پر مغرور حسب معمول تھوڑا سا لشکر لے کر میدان کارزار میں جا دھمکا۔ لیکن اب وہ بات نہیں رہی تھی۔ اس کے دل چلے سامنت پیوند خاک ہو چکے تھے ادھر معاملات سلطنت بالکل ابتر و درہم تھے اور جے چند جو ہمیشہ ایسے موقعوں پر اس کی امداد کرتا رہتا تھا۔ اُلٹا اس کے دشمن کا مددگار ہو گیا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پرتھی راج نے بُری طرح شکست کھائی۔ گرفتار ہُوا اور شاہ اسے غزنیں لے گیا۔ چنانچہ آئین :۔

"از بخت برگشتگی راجہ بدان مہین بانو شیفتہ شد و از ہمہ واپرداخت۔ چوں سالی برین گذشت سلطان شہاب الدین ازین داستان با راجہ جے چند طرز دوستی پیش نہاد۔ سپس لشکر ہا فراہم آوردہ بہ پیکار بر آمد۔ لبسیاری جا بر گرفت۔ کس را یارای گذارش چہ کہ دسترس نبود۔ آخر اولیای دولت فراہم آمدہ چاندا را از ہفت در گذرانیدند و او بحرم سرا در شدہ لختے راجہ را بشورش در آورد۔ و از غرور فیروزی لبسان ہر بار قدری لشکر فراہم آوردہ کارزار پیش گرفت۔ چون دلاوران والا پسیج درین مرتبہ نبودند و کار سلطنت از رونق افتادہ بود و جے چند کہ ہمواره کمک می کرد۔ بر خلاف پیشین مددگار غنیم شد۔ درین نا وروگاہ راجہ گرفتار آمد و سلطان دستگیر کردہ بغزنین برد" (ص ۵۳۲)

اس بیان کا اکثر حصہ اگرچہ معتبر تاریخ کی رو سے بے بنیاد ہے مگر ہم سمجھتے ہیں۔ کہ اس موقعہ پر بھی ابوالفضل راسا کی خوشہ چینی میں مصروف ہے۔ اس کے بعد ابوالفضل اسی قصہ کو لے بیٹھتا ہے۔ جس میں اندھا پرتھی راج چاندا بھاٹ کی نشان دہی سے آواز پر تیر مار کر سلطان کو ہلاک کر ڈالتا ہے۔ یہ روایت بھی یقیناً اس کو راسا سے ملی ہے۔ وہُوَ ہٰذا :۔

"چاندا از حقیقت منشی و وفاداری بغزنین شتافت و سلطان را ملازمت نمود و نوازش یافت و بہ پنجتہ کاری راجہ را دریافت و در زندان دمسازی نمود۔ گفت چنان بخاطر میرسد کہ من نزد سلطان

تیراندازی ترا برگویم۔ او میل تماشہ خواہد کرد۔ وران زمان کارا ورا بساز۔ قرار دادہ بجای آمد و سلطان را تیر دوزگر دانید۔ ہوا خواہان راجہ و چاندارا از ہم گذرانیدند (ص ۵۳۲ آئین اکبری)

سلطان کی سات مرتبہ شکست کا قصہ اگرچہ ابوالفضل نے ہندو روایت کی بنا پر تسلیم کر لیا ہے مگر بالکل غلط ہے۔ اس لئے کہ سلطان معزالدین محمد بن سام کے سوانح حیات میں ان شکستوں کے لئے کوئی مناسب موقعہ نظر نہیں آتا۔

جے چند کے لشکر میں مسلمانی فوجوں کا موجود ہونا پھر بیان واقع نہیں معلوم ہوتا۔ ایسے ابتدائی زمانہ میں قلب ہندوستان میں مسلمانوں کا پایا جانا غیر اغلب ہے۔ سواحلی مقامات پر البتہ مسلمان موجود ہیں لیکن ہندو رزمیہ کا یہ بیان صدائے بازگشت ہے۔ اس عہد کی جب مسلمان ہندوستان میں آباد ہو کر ہندوؤں کے ساتھ ملی جلی زندگی کے عادی ہو گئے ہیں اور فوجی خدمات کے لئے عام طور پر پسند کئے جاتے ہیں۔

سلطان شہاب الدین کا اندھے پرتھی راج کے تیر سے مارے جانے کا قصہ بھی غلط معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ سلطان موصوف حسب بیان طبقات ناصری ملاحدہ کے ہاتھ سے غزنیں جاتے وقت منزل دمیک پر مارا جاتا ہے۔ قطعہ ذیل جو کسی ہمعصر شاعر کے قلم کا نوشتہ ہے۔ طبقات میں محفوظ ہے:۔

شہادت ملک بحر و بر معزالدین کز ابتدائے جہان مثل او نیامد یک

سوم ز غرۂ شعبان بسال شش صد و دو فتادہ در رہ غزنیں بمنزل دمیک

طبقات سے بھی قدیم سند ہمارے پاس فخر مدبر کی سلسلۃ الانساب کی ہے جو بعہد قطب الدین ایبک تالیف ہوئی ہے اور جس کا دیباچہ ڈینی سن راس نے تاریخ فخر الدین مبارک شاہ کے نام سے ۱۹۲۷ء میں چھاپا ہے۔ اس تالیف میں بھی سلطان کا قتل منزل دمیک میں بتایا گیا ہے۔ چنانچہ:۔

"وچون بمنزل گاہ دمیک رسید حکم و تقدیر ایزدی عز اسمہ کہ در ازل براندہ بود و قرنی زیادت نمانی بحق شہید شد و برحمت خدای پیوست" (ص ۲۹ تاریخ فخر الدین مبارک شاہ ۱۹۲۷ء۔ طبع رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن)

محمود شیرانی

الحوادث الجامعہ فی المائۃ السابعہ

مئی ۱۹۳۵ء کے اورینٹل کالج میگزین میں میں نے ایک مضمون "ملّامہ ابن الفوطی" پر شائع کیا تھا۔ ان کی تصانیف کی فہرست میں ایک کتاب موسوم بہ "حوادث المائۃ السابعہ" کا ذکر اس مضمون میں[1] ہے جس کا پورا نام حاجی خلیفہ نے "الحوادث الجامعہ والتجارب النافعہ فی المائۃ السابعہ" لکھا ہے۔ ۱۹۳۲ء میں المکتبۃ العربیۃ بغداد نے اس کتاب کو شائع کیا تھا۔ لیکن مضمون مذکور کو لکھتے وقت مجھے اس کے چھپ چکنے کا علم نہ تھا ورنہ میں اس وقت ضرور اس کو معرض بحث میں لاتا۔ مطبوعہ اڈیشن کے ناشر استاد مصطفیٰ جواد ہیں۔ جنہوں نے اپنے دیباچے میں کتاب اور اس کے مصنّف کو ناظرین سے روشناس کیا ہے۔ شروع میں چار صفحے کا ایک مقدمہ محمد رضا الشبیبی سابق وزیر معارف کا لکھا ہوا ہے۔

کتاب مذکور (جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے) ساتویں صدی کے حوادث پر مشتمل ہے اور عربی کی دیگر کتب تواریخ کی طرح واقعات کو بہ ترتیب سنین لکھا گیا ہے۔ جس قلمی نسخے سے اس کو طبع کیا گیا ہے وہ ناقص الاوّل ہے لہٰذا مصنّف کے نام اور تاریخ تالیف کا کہیں ذکر نہیں۔ ۶۲۶ھ کے واقعات کے بیچ میں کہیں سے شروع ہوتا ہے۔ اور ۶۹۹ھ کے اخیر پر تمام ہوتا ہے۔ یہ واحد قلمی نسخہ ابتداءً شام کے ایک فاضل عیسائی مستشرق جرجس صفا کے کتب خانے میں تھا جس نے ۱۹۱۳ء میں رسالہ المشرق میں اس پر ایک مضمون لکھا۔ اور اس میں بتلایا کہ وہ بظاہر مصنّف کا خود نوشتہ ہے۔ اس لئے کہ اس میں جا بجا جملوں کو کاٹ کر ان کی اصلاح کی گئی ہے۔ اور بعض صفحوں پر سادہ ورق چپکا کر ساری عبارت کو بدل کر دوبارہ لکھا گیا ہے۔ بعض جگہ پورا صفحہ یا اس کا کچھ حصّہ خالی چھوڑ دیا گیا ہے وغیرہ۔ اس کے کچھ عرصہ بعد

---

[1] دیکھو میگزین مذکور صـ۶

اس نسخے کو مصر کے مشہور فاضل اور رئیس احمد تیمور پاشا نے جو جس صفا سے خرید لیا۔ اور اس کی ایک عکسی نقل مکتبۃ الاوقاف العراقیہ بغداد کو بطور ہدیہ بھیجی۔ اسی نقل سے یہ مطبوعہ اڈیشن شائع کی گئی ہے ۔

افسوس ہے۔ کہ کتاب کی طباعت عمدہ نہیں ہوئی اور متن کی تصحیح میں بھی زیادہ توجہ صرف نہیں کی گئی۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ کتاب کا اور اس کے مصنف کا نام دریافت کرنے میں تحقیق و تفتیش سے کام نہیں لیا گیا۔ ہمارے نزدیک یہ امر بدرجۂ غایت مشکوک ہے کہ یہ کتاب "الحوادث الجامعۃ" ہے اور یہ کہ اس کے مصنف ابن الفوطی ہیں ۔

ناشر کے پاس جو دلیلیں اس بات کو ثابت کرنے کے لئے ہیں کہ یہ کتاب "الحوادث الجامعہ فی المائۃ السابعۃ" ہے۔ وہ نہایت ضعیف ہیں اور کچھ ایسی قابل توجہ نہیں ہیں، وہ لکھتے ہیں کہ کتاب کے متن میں ۶۲۶ھ سے ۷۰۰ھ تک کے واقعات تو موجود ہیں اور دو جگہ پر مصنف نے یوں لکھا ہے۔ کہ "ہم اس واقعہ کو اوپر بیان کر آئے ہیں"۔ اور ان اوپر بیان کئے ہوئے واقعات میں سے ایک واقعہ ۶۱۴ھ کا ہے اور دوسرا ۶۱۶ھ کا۔ جس سے ظاہر ہے کہ کتاب غالباً ساتویں صدی کے آغاز سے شروع کی گئی ہے۔ لہٰذا "حوادث المائۃ السابعۃ" کا نام اس پر صادق آتا ہے اور یقیناً یہ وہی کتاب ہے جس کے مولف ابن الفوطی ہیں۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ ۶۹۶ھ کے واقعات میں جہاں مصنف نے سلطان غازان خان کے بغداد آنے اور مدرسہ مستنصریہ کا کتب خانہ دیکھنے کا ذکر کیا ہے۔ وہاں یہ الفاظ لکھے ہیں "فدخل خزانۃ الکتب ولمحھا" یعنی سلطان کتب خانے میں داخل ہوا اور اسکو ملاحظہ کیا۔ چونکہ اس زمانے میں ابن الفوطی اس کتب خانے کے لائبریرین تھے۔ اس لئے ان الفاظ سے فوراً یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ انہی کے قلم سے نکلے ہوئے ہیں۔ کیونکہ خاص طور سے کتب خانے میں داخل ہونے اور معائنہ کرنے کا ذکر وہی شخص کرے گا۔ جس کا اس ذکر سے کوئی خاص مقصد ہو یعنی اس کو کتب خانے کی تخصیص منظور ہو۔ سوائے لائبریرین کے ایسی تخصیص کس کو منظور ہوگی ؟

پہلی دلیل تو بالکل بے سروپا ہے۔ اگر مصنف نے ۶۱۴ھ اور ۶۱۶ھ کے واقعات کی طرف اشارے کئے ہیں۔ تو اس سے یہ نتیجہ کیسے نکلا۔ کہ کتاب ۶۰۱ھ کے واقعات سے شروع ہوتی ہے؟ ہو سکتا ہے کہ وہ ایک ایسی تصنیف کا جزء ہو جو کئی جلدوں میں لکھی گئی ہو اور عربی تواریخ کے عام قاعدے کے مطابق آدمؑ کے وقت سے شروع ہوتی ہو۔ ایسی تصنیف میں ۶۱۴ھ اور ۶۱۶ھ کے واقعات کی طرف اشارہ کرنے سے کونسی چیز مانع ہوگی؟ دوسری دلیل بھی اگرچہ بظاہر بے معنی ہے تاہم اس کو غلط ثابت کرنے کے لئے ایک قطعی جواب موجود ہے۔ میں نے اپنے پہلے مضمون میں جس کا اوپر حوالہ دیا جا چکا ہے واضح طور سے یہ دکھلا دیا ہے۔ کہ ابن الفوطی کے عہدۂ لائبریرین کا زمانہ ۶۹۴ھ سے پہلے ختم ہو چکا تھا۔ اور یہ کہ جب سلطان غازان خان کتب خانہ مستنصریہ کو دیکھنے آیا ہے تو اس وقت ابن الفوطی نہیں بلکہ جمال الدین یاقوت المخازن وہاں کے لائبریرین تھے البتہ وہ ان کی معیت میں اس وقت کتب خانے میں موجود ضرور تھے[1] سطور ذیل میں میں ان وجوہات کو بیان کرتا ہوں جن کی بنا پر میرا یہ قیاس ہے۔ کہ یہ کتاب ابن الفوطی کی "الحوادث الجامعۃ" نہیں ہے۔

علامہ ابن الفوطی کے مختصر حالاتِ زندگی یہ ہیں۔ کہ وہ ۶۴۲ھ میں پیدا ہوئے۔ ۶۵۶ھ میں جب ہولاکو خان نے بغداد کو تاراج کیا تو یہ قیدیوں میں گرفتار ہو گئے۔ خواجہ نصیر الدین طوسی نے ان کو رہا کرایا اور اپنے ساتھ مراغہ لے گئے۔ سات آٹھ برس تک ان کو پڑھایا لکھایا۔ پھر اپنے کتب خانے کا خازن مقرر کر دیا۔ ۶۷۹ھ تک وہ اس خدمت پر مامور رہے پھر بغداد چلے آئے اور اپنی زندگی کا باقی حصہ وہیں گذارا۔ ۷۲۳ھ میں فوت ہوئے۔

خواجہ نصیر الدین طوسی نے جتنا بڑا احسان ان پر کیا وہ بیان بالا سے ظاہر ہے۔ کہ نہ صرف ان کو غلامی کی زندگی سے بچا لیا بلکہ اپنی تعلیم و تربیت سے ان کو علامۂ عصر بنا دیا۔ اسی وجہ سے وہ اپنی کتاب "تلخیص مجمع الآداب" میں جہاں کہیں خواجہ کا ذکر کرتے ہیں۔ اس کے نام کے ساتھ

---

[1] اورینٹل کالج میگزین مئی ۱۹۳۵ء ص ۱۶ ح ۲

"مولانا" یا "مولانا السعید" کے الفاظ اضافہ کرتے ہیں[1]۔ لیکن مطبوعہ "الحوادث الجامعہ" میں جہاں خواجہ نصیر الدین کی وفات کا ذکر ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں:۔ "وتوفی بعدہ خواجہ نصیر الدین ابوجعفر محمد بن الطوسی فی ثامن عشر ذی الحجۃ[2]" صرف چھ یا سات سطریں لکھی ہیں جن میں خواجہ کے ساتھ اپنے ذاتی تعلق کا ذکر تک نہیں کیا اور نہ اس مختصر عبارت سے ذرہ بھر بھی یہ پایا جاتا ہے کہ لکھنے والا اس کی وفات سے متاثر ہے۔ صاف معلوم ہو رہا ہے کہ چلتے چلتے ایک معمولی واقعہ کی طرح چند سطروں میں اس کا ذکر کر کے آگے بڑھ گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی ایک دو مقام پر خواجہ کا ذکر کرتا ہے۔ ایک جگہ تو صرف اتنا لکھا ہے کہ "وصل السلطان اباقاخان الی بغداد فی جند متکاثر من الموالی والعساکر وخواجہ نصیر الدین طوسی[3]" اور دوسری جگہ بیان کیا ہے کہ ۶۶۲ھ میں خواجہ نصیر الدین طوسی بغداد میں وارد ہوئے۔ پھر واسط اور بصرہ گئے اور رصدگاہِ مراغہ کے لئے بہت سی کتابیں خریدیں۔ "فیھا (یعنی فی سنۃ ۶۶۲) وصل نصیر الدین محمد الطوسی الی بغداد . . . . ثم انحدر الی واسط والبصرۃ وجمع من العراق کتبا کثیرۃ لأجل الرصد[4]"۔ ہمیں معلوم ہے۔ کہ ۶۶۲ھ میں ابن الفوطی رصدگاہِ مراغہ کے کتب خانے میں خازن کے عہدے پر مامور تھے۔ لیکن اس عبارت سے معلوم ہو رہا ہے۔ کہ لکھنے والے کو خواجہ سے یا رصدگاہ کی لائبریری سے کوئی مخصوص دلچسپی یا لگاؤ نہیں ہے ٭

علامہ تاج الدین علی بن انجب الساعی (المتوفی ۶۷۴ھ) ابن الفوطی کے شیخ تھے۔ اور محی الدین یوسف بن الجوزی حدیث میں ان کے استاد تھے۔ ان دونو بزرگوں کے ذکر میں بھی "الحوادث الجامعہ" کے مصنف نے ان کا اپنے ساتھ کوئی تعلق ظاہر نہیں کیا۔ ابن الساعی کی وفات پر لکھتا ہے:۔ "وفیھا توفی تاج الدین علی بن أنجب بن عبد اللہ المعروف بابن الساعی المؤرخ وکان مولدہ سنۃ ثلاث وتسعین وخمس مائۃ . . . .[5]"، ابن الجوزی کا نام اسطرح

---

[1] دیکھو اورنٹیل کالج میگزین مئی ۱۹۲۵ء ص ۱۳، ۱۴، ۱۵، [2] صفحہ ۳۸۰، [3] صفحہ ۳۷۵ [4] صفحہ ۳۵۰

[5] صفحہ ۳۸۶ ٭

لیتا ہے :۔ "وتولی العمل فی ذلک استاذ الدار محی الدین یوسف بن الجوزی . . . . [1]" واقعۂ بغداد میں جو مشاہیر قتل ہوئے ان کی فہرست میں ابن الجوزی کا نام صرف اس طرح لکھا ہے :۔ "محیی الدین بن الجوزی استاذ الدار" ساتویں صدی کا ایک ذی علم اپنے استادوں کے نام ایسی لاپروائی اور بے توجہی سے ہرگز نہیں لے سکتا ۔

۶۵۶ھ میں بغداد کی المناک تباہی کے وقت ابن الفوطی وہاں موجود تھے ۔ اور انہوں نے وہ محشر خیز منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا ۔ اس وقت ان کی عمر ۱۴ - ۱۵ برس کی تھی ۔ یہ وہ عمر ہے جبکہ ایسے واقعات کا اثر دل پر نہایت گہرا اور دیرپا ہوتا ہے ۔ خصوصاً جبکہ دیکھنے والا خود بھی مورد آفات بنا ہو ۔ انہوں نے اپنے گھر کی بربادی اپنے سامنے دیکھی اور خدا جانے اپنے اعزہ و اقارب میں سے کتنوں کا خون اپنی آنکھوں سے بہتے دیکھا ہوگا ۔ اور سب سے بڑھ کر یہ ہوا کہ خود ان خونخوار تاتاریوں کے ہاتھوں میں گرفتار ہو کر غلام بنائے گئے ۔ ایسے عبرت انگیز ذاتی تجربوں کے بعد ہم کو ضرور ان سے توقع ہونی چاہیئے ۔ کہ وہ خرابی بغداد کا ایک مؤثر نوحہ ہمیں سنائیں گے ۔ وہ خود شاعر تھے ۔ اور شاعروں کے قدردان تھے ۔ طبیعت یقیناً حساس پائی ہوگی ۔ یا خیر ۔ اگر اپنے بیان میں شاعری نہ بھی دکھاتے تاہم اپنے ان چشم دید واقعات کا ذکر ذرا تفصیل کے ساتھ تو کرتے ۔ برخلاف اس توقع کے انہوں نے ۶۵۶ھ کے حوادث کو خاصا اختصار کے ساتھ لکھا ہے [2] ۔ اور کہیں کسی جملے سے یہ نہیں پایا جاتا ۔ کہ لکھنے والا ان سب باتوں کو اپنے سامنے دیکھ رہا تھا یا ان سے متاثر ہوا تھا ۔ بلکہ اس کے عمومی انداز بیان سے اس کی بے تعلقی خاصی واضح ہوتی ہے ۔

۶۵۷ھ میں ہولاکو خاں نے مراغہ میں جو رصدگاہ خواجہ نصیر الدین طوسی کے لئے بنائی اور جہاں ابن الفوطی نے اپنی زندگی کا مفید ترین حصہ اور وہ بھی اکیس برس کا طویل زمانہ گذارا ۔ اس کا ذکر "الحوادث الجامعہ" میں اس قدر اختصار کے ساتھ کیا گیا ہے ۔ کہ ہم بجنسہ ان الفاظ کو

---

[1] صفحہ ۲۱۰ ۔ [2] صفحہ ۳۲۸ ، [3] صفحہ ۳۲۳ - ۳۲۷ ۔

یہاں لکھ دیتے ہیں :-

"وفیہا (یعنی فی سنۃ ۶۵۷) وضع نصیر الدین طوسی الرصد بمراغہ و عین فیہ جماعۃ یتولون عملہ الی ان انتخر فی سنۃ اثنتین وسبعین"[1]

کیا یہ مناسب موقع نہ تھا۔ کہ ابن الفوطی اس مقام پر رصد کا ذکر ذرا زیادہ دلچسپی کے ساتھ کرتے۔ اور ایسے الفاظ میں کرتے کہ کسی نہ کسی طرح اس کے ساتھ ان کا ذاتی تعلق ظاہر ہوتا؟

۶۷۹ھ میں عطا ملک جوینی نے ابن الفوطی کو مراغہ سے بغداد بلا لیا اور تاریخ نویسی کی خدمت پر مامور کیا[2]۔ ساتھ ہی وہ مدرسہ مستنصریہ کی وسیع لائبریری کے خازن بھی مقرر کئے گئے" الحوادث الجامعہ فی المائۃ السابعۃ" ضرور ہے۔ کہ انہوں نے ۷۰۰ھ کے بعد لکھی ہوگی۔ ۶۷۹ھ اور ۷۰۰ھ کے درمیان جو واقعات رونما ہوئے وہ ان کے چشمدید تھے۔ اس لئے طبعی طور پر ہمیں یہ اُمید تھی۔ کہ ان واقعات کو وہ سابقہ واقعات کی نسبت زیادہ مفصّل لکھیں گے۔ لیکن حالت برعکس ہے ۶۵۶ھ تک کے واقعات کو مصنّف نے جس تفصیل کے ساتھ لکھا ہے وہ بعد کے واقعات میں نہیں ہے اور جوں جوں زمانہ آگے بڑھ رہا ہے بیان زیادہ مختصر ہوتا جاتا ہے۔ شروع شروع کے سالوں میں ہر سال کے حوادث آٹھ آٹھ دس دس صفحوں میں مرقوم ہیں۔ برخلاف اس کے آخری سالوں کو (خصوصاً ۶۹۰ھ کے بعد) ایک ایک دو دو صفحوں میں ختم کر دیا ہے۔ یہ صورت حالات ابن الفوطی کے مصنّف ہونے پر دلالت نہیں کرتی۔

لیکن سب سے قوی دلیل جو ہم اس بارے میں پیش کر سکتے ہیں یہ ہے۔ کہ "الحوادث الجامعہ" کی مطبوعہ ایڈیشن کے شروع میں قلمی نسخے کے ایک صفحے کا فوٹو نمونۂ خط کے طور پر دیا گیا ہے۔ اوپر ہم کہہ چکے ہیں۔ کہ فاضل ایڈیٹر کے نزدیک قلمی نسخہ مصنف کا خود نوشتہ ہے۔ گویا دوسرے لفظوں میں وہ علامہ ابن الفوطی کے خط کا نمونہ ہے۔ میں نے اپنے سابق مضمون میں تلخیص مجمع الآداب مؤلفہ ابن الفوطی کی جلد خامس پر تبصرہ کرتے ہوئے بتلایا تھا کہ وہ علامہ موصوف کے اپنے ہاتھ کی لکھی

---

[1] ص ۳۴۱، [2] اورنٹیل کالج میگزین ص ۱۶ [3] میگزین مذکور ص ۰

ہوئی ہے۔ وہ اس وقت مخدومی پرنسپل محمد شفیع کے کتاب خانے میں ہے۔ اور انہوں نے اورینٹل کالج میگزین بابت اگست ۱۹۳۳ء میں اس کے دو صفحوں کا فوٹوگراف شائع کیا ہے۔ خطاطی کے ان دو نمونوں کو پہلو بہ پہلو رکھ کر مقابلہ کرنے سے فوراً یہ بات واضح ہو جاتی ہے۔ کہ وہ ایک ہی شخص کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ہرگز نہیں ہیں۔ الحوادث الجامعہ والا نمونہ یقیناً ابن الفوطی کے زمانے سے بہت بعد کا خط ہے۔ ہم اس بات کے ماننے سے انکار نہیں کرتے کہ وہ مصنف کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا ہوگا۔ لیکن وہ مصنف ابن الفوطی نہیں۔ بلکہ تقریباً ایک صدی بعد کا کوئی آدمی ہے جیسا کہ نمونۂ خط سے ظاہر ہے ؛

آٹھویں اور نویں صدی میں مصر و شام میں بہت سی تاریخی کتابیں لکھی گئیں اور ان میں سے بعض بہت بڑے پیمانے پر ہیں۔ ہمارا قیاس ہے کہ مطبوعہ کتاب ان میں سے کسی کا ایک جزو ہے۔ میں نے پوری کتاب کو شروع سے آخر تک دیکھا۔ لیکن افسوس کہ کہیں بھی مصنف نے اپنا یا اپنی کسی اور تصنیف کا ذکر نہیں کیا۔ جس سے اس کا کچھ حال معلوم ہو سکتا ؛

فاضل ایڈیٹر کے دیباچے سے علامہ ابن الفوطی کے متعلق بعض نئی اطلاعات میسر ہوئیں جن کو یہاں لکھ دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ اس کو میرے سابق مضمون کا تتمہ سمجھنا چاہیئے ؛

"تلخیص مجمع الآداب" ابن الفوطی کی جلد خامس جس کا ابھی ذکر ہوا مصنف کی خود نوشتہ ہے۔ محمد رضا الشبیبی نے مطبوعہ کتاب پر جو مقدمہ لکھا ہے اس میں وہ اطلاع دیتے ہیں کہ اس کی چوتھی جلد کہ وہ بھی مصنف کی خود نوشتہ ہے۔ دمشق میں دار الکتب الظاہریہ میں موجود ہے[1] ؛

علامہ ابن الفوطی کی تالیفات مجموعی طور پر تقریباً تین سو جلدوں میں تھیں[2]۔ جن کو ضرور ہے۔ کہ انہوں نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوگا۔ لیکن ہماری حیرت کی انتہا نہیں رہتی جب ہم یہ دیکھتے ہیں۔ کہ ان تین سو جلدوں کے علاوہ انہوں نے دوسرے مصنفوں کی کتابوں کو اور خاصی ضخیم کتابوں کو اپنے قلم سے نقل کیا! فاضل ایڈیٹر نے اپنے مقدمے میں ذیل کی عبارت

---

[1] صفحہ ب [2] دیکھیو میرا پہلا مضمون ؛

صفدی اور ابن حجر کے حوالے سے لکھی ہے :-

قال الصفدی . . . عنی بالحدیث (یعنی ابن الفوطی) وقرأ بنفسہ وکتب بخطہ الملیح کثیرًا من الکتب القدیمۃ، قال ابن حجر " ملکت بخطہ خریدۃ القصر للعماد الکاتب فی اربع مجلدات فی قطع الکبیر (کذا) قدمتھا لصاحب الیمن فأثابنی علیھا ثوابًا جزیلًا " [1]

ایسے بزرگوں کو اپنے وقت میں چھاپہ خانوں کی کیا ضرورت تھی ؟

محمد اقبال

بابا فرید گنج شکر۔ شیخ ابراہیم اور فریدثانی

اس مضمون کو ڈاکٹر موہن سنگھ صاحب نے بہت محنت سے مرتب کیا ہے۔ اس کے بعض حصے ضمنی بحث کے ساتھ ان اصحاب کے لئے اہمیت رکھتے ہیں۔ جو اصلی پنجابی متون سے استفادہ نہیں کر سکتے۔ اس مضمون کو بغیر کسی قابل ذکر تصرف کے بجنسہٖ چھاپ دیا گیا۔ تاکہ مضمون نگار کا نقطۂ نظر پوری طرح سے واضح ہو۔ بعض اکابر صوفیہ کا ذکر اس طریق کے مطابق نہیں ہے۔ جو ہم میں متعارف ہیں مگر ایک غیر مسلم مضمون نگار اگر اس سے پوری طرح مانوس نہ ہو تو باعث تعجب نہیں ہونا چاہیئے۔ قارئین کرام سے توقع ہے کہ وہ "خذ ما صفا" پر عمل پیرا ہونگے ۔ ایڈیٹر

۱۔ جس سوال کا حل مطلوب ہے۔ وہ یہ ہے کہ گورو نانک کی ملاقات ان تین درویشوں میں سے کس سے ہوئی اور آوگرنتھ اور بابا نانک کی جنم ساکھیوں میں جو کلام فرید سے منسوب ہے۔ وہ کس کا یا کن کن کا ہے ۔

---

[1] صفحہ س ۔

۲۔ جن کتب سے ہم نے مندرجہ ذیل جواب کی ترتیب میں استناد کیا ہے۔ وہ یہ ہیں :۔

ا۔ گورو گرنتھ صاحب کا قلمی نسخہ جو کرتارپور میں ہے۔ اور جس کے اختتام میں ۱۶۰۴ء ثبت ہے ۔

ب۔ باباناتک کی ایک سوانح عمری جو پنجاب یونیورسٹی کے قلمی نسخہ ۴۱۴۱ میں شامل ہے۔ اس نسخہ کی تاریخ تحریر ۱۷۰۱ء ہے ۔

ج۔ خلاصۃ التواریخ جو ۹۶-۱۶۹۵ء میں تحریر ہوئی ۔

د۔ کہیں کہیں ہم نے سیر الاولیا۔ اخبار الاخیار۔ فوائد الفواد۔ تاریخ فرشتہ۔ آئین اکبری۔ اور تحقیقات چشتی سے استصواب کیا ہے اور اقتباسات لئے ہیں ۔

۳۔ باباناتک کا عہد حیات ۱۵۳۸-۱۴۶۹ء ہے۔ گورو امرداس تیسرے گورو کا ۱۵۷۴-۱۴۷۹ء اور گورو ارجن دیو گورو گرنتھ صاحب کے مؤلف کا ۱۶۰۶-۱۵۶۳ء ۔

۴۔ پہلے ہم شیخ فرید الدین ثانی سے نپٹ لیتے ہیں۔ خلاصۃ التواریخ (دہلی ۱۹۱۸ء) میں مرقوم ہے (صفحہ ۳۴-۳۵) :۔

" سہرند۔ از شہرہائے دیرین از اعمال سامانہ سلطان فیروز شاہ در زمان فرماں روائی خویش سنہ ہفت صد و شصت ہجری آں را از سامانہ جدا ساختہ پرگنہ علیحدہ مقرر ساخت و روز بروز آبادی و رونق آں زیادہ گشت۔ اگرچہ دراں خطہ بسیارے از نزدیکانِ درگاہِ الٰہی خوابگاہ دارند امّا از اولیاے زمانِ حال شیخ فرید الدین ثانی و شیخ محمد معصوم کابلی دراں شہر آسودہ اند و ایں ہر دو اولیاے عظام در زمان حضرت شاہ جہاں بادشاہ (۱۶۵۸-۱۶۲۷ء) بہدایت خلایق کامروا بودند و طوایفِ انام از اوت آوردہ بہرۂ دینی مے اندوختند۔ اکنوں از اولاد ایشاں سجادہ نشین ہستند "

۵۔ اوپر کی تحریر سے ہم یہ استنباط کرتے ہیں کہ ۱۶۰۴ء میں تالیف شدہ آدگرنتھ میں جو کلام شیخ فرید کی طرف منسوب ہے وہ ان کا نہیں ہے اور نہ وہ شلوک جن پر

تنقید کے رنگ میں نانک (۱۵۳۸ - ۱۴۶۹) اور امرداس (۱۵۷۴ - ۱۴۷۹) نے جوابی شلوک لکھے (جو نیچے درج ہوں گے) شیخ فرید ثانی کا کلام ہے (فرید ثانی کے زمانہ کے لئے دیکھو نمبر ۹ نیچے جہاں مزید تائیدی ثبوت دیا ہے) ؛

۶ - ۱۷۰۱ء میں نقل شدہ جنم ساکھی (ب) میں یوں درج ہے (صفحات $\frac{۵۸۴}{۲ او ۱}$ - $\frac{۵۸۹}{۱}$ ساکھی نمبر ۱۷) :-

"راوی کے اس پار اور ویاہ (بیاس) کے آدھ میں ماجھ کے بیچ میں جنگل ہیں جنگل ہیں اُتراہ (تیراہی ؟) پٹھانوں کے گاؤں تھے۔ اُن میں بابا نانک آنکلا۔ دو تین کوس تک اُجاڑ تھی۔ وہاں کے پٹھانوں کا پیر بابا فرید تھا۔ فرید کے تخت پر براہم (ابراہیم) بالا راجہ تھا۔ اس کا مُرید لکڑیاں چُننے کے لئے آیا ہُوا تھا۔ کامل درویش خبردار۔ خدا کا پیارا پیر کے حکم کے مطابق لکڑیاں چننے کے لئے آیا تھا۔ اس اُجاڑ میں باباجی بیٹھے تھے۔ مردانہ رباب بجا رہا تھا۔ مردانہ نے سلوک پڑھا . . . ."

۷ - انڈیا آفس۔ لندن۔ کے ایک قلمی نسخہ کی ایک فوٹو زنکوگراف کردہ جلد (ڈیرہ دون ۱۸۸۵ء) یونیورسٹی لائبریری۔ لاہور میں ہے۔ اس "جنم ساکھی (د) بابا نانک" کو سترھویں صدی عیسوی کے نصف اول کی تصنیف قرار دیا جاتا ہے۔ اس میں لکھا ہے (صفحہ ۲۱۴ - ۲۱۶) :-

"راوی چناؤ (چناب) دیکھ کر اجاڑ میں سے ہو کر چلا۔ پٹن دیس میں آنکلا۔ پٹن سے تین کوس پر اُجاڑ تھی۔ وہاں آ بیٹھا۔ مردانہ ساتھ تھا۔ پٹن کا پیر شیخ فرید تھا۔ اس کے تخت پر شیخ برہم (ابراہیم) تھا۔ اُس کا ایک مُرید صبح کے وقت لکڑیاں چُننے آیا تھا۔ اس کا نام شیخ کمال تھا"

کامل درویش کے بجائے اس نسخہ میں شیخ کمال تحریر ہے (دیکھو نمبر ۳۶ ب نیچے)

۸ - بھائی گورداس بھلہ کی تاریخ وفات ۱۶۳۷ء ہے۔ ۱۵۷۹ء میں اس نے سکھ دھرم قبول کیا۔ اس کے قلم سے ایک وار ہے۔ جو حالاتِ نانک پر مشتمل ہے۔ اُس وار میں

یوں لکھا ہے۔ (دار نمبر ا۔ پوڑی نمبر ۴۴)؛ اچل وٹالہ (ضلع گورداسپور) کے میلے سے بابا ملتان کی زیارت کے لئے گیا۔ وہاں ملتان کا پیر دودھ کا کٹورا بھر کر لایا۔ بابا نے بغل سے چنبیلی کا پھول نکال کر دودھ سے لبالب بھرے کٹورے کے اوپر رکھ دیا۔ ملتان کی زیارت کر کے بابا کرتارپور آیا ؛

۹۔ بابا فرید گنج شکرؒ کی تاریخ وفات مختلف کتابوں میں مختلف لکھی گئی ہے۔ بیل (اوری اینٹل بایوگرفیر) ۱۲۶۵ء تسلیم کرتا ہے اور صاحب خلاصۃ التواریخ روز شنبہ پنجم محرم سال ششصد وشصت وہفت ہجری یا ۱۲۶۴ء۔ گیانی لدھا سنگھ فرید کوٹی نے اوری اینٹل کالج میگزین بابت ماہ فروری ۱۹۳۳ء میں ایک مضمون شایع کیا تھا۔ اس میں اس نے شیخ فرید کا شجرہ دیا ہے۔ لکھا ہے کہ یہ شجرہ شیخ شاہ محمد غوثؒ سے جو اس وقت چلّہ بابا فرید گنج شکر واقعہ ریاست فرید کوٹ میں گدی نشین ہیں۔ حاصل ہوا۔ اس شجرہ (نبساولی) کی رُو سے شیخ ابراہیم دسویں پُشت متصوّر ہوتے ہیں۔ اگر فی کس ۲۵ برس کی میعاد زیست تعیّن کریں تو ابراہیم کا زمانہ بابا گنج شکر کی تاریخ وفات سے ۲۲۵ برس بعد قرار پاتا ہے یعنی ۱۲۶۵ + ۲۲۵ یا ۱۴۹۰ء کے قریب قریب شروع ہوتا ہے۔ اور یہ زمانہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ جنم ساکھی قلمی محررہ ۱۷۰۱ء کے مطابق گورو نانک اپنے پہلے سفر کے دوران میں دوآبہ باری کے علاقوں کی سیاحت کر چکے تھے ؛

۱۰۔ پس ہماری رائے میں بابا نانک کے ہم عصر شیخ براہم یا ابراہیم تھے۔ انہی سے نانک کی ملاقات ہوئی اور نانک کو شاید پہلے پہل انہی سے وہ کلام ملا جس کے متعلق تحقیق کا ہم اب آغاز کرتے ہیں۔ اس نظریہ کی تائید میں وہ شجرہ بھی پیش کیا جا سکتا ہے جو پاک پٹن کے گدی نشینوں کے قول کے مطابق ہے (دیکھو نمبر ۳۶ ب نیچے) اس فہرست میں شیخ ابراہیم کی گدی نشینی کی تاریخ $\frac{۹۴۰ھ}{۱۵۳۳ء}$ ہے۔ گورو صاحب اس وقت حیات تھے ؛

۱۱۔ اوپر ہم کنایۃً عرض کر چکے ہیں۔ کہ نانک اور امرداس ہر دو کو "فرید" سے منسوب کلام سے اظہارِ اختلاف کرنا پڑا اور طرفین کے شلوک پڑھنے سے صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ نانک اور امرداس کا

کلام "جوابی" ہے ۔

۱۲۔ رہی یہ بات کہ کیا وہ کلام تحریر کی صورت میں نانک اور امرداس تک پہنچا یا کسی کی زبان سے جس کلام کے مضمون سے انہوں نے اختلاف رائے کی بنا پر جوابی شلوک کہے یا کہ وہ کلام خود مصنف کی زبان سے اُن تک پہنچا۔ کیا وہ اشعار جو جنم ساکھی ب میں شیخ ابراہیم نے نانک سے کہے لکھے ہیں وہ خود شیخ ابراہیم کے تھے یا اس گدی کے قائم کرنے والے فرید کے تھے۔ بہرکیف اگر جنم ساکھی اور آدگرنتھ دونوں میں درج اشعار میں فرید کا نام موجود ہے تو ہمیں یہ شک کرنے کی کوئی گنجایش نہیں کہ وہ خود ابراہیم کے بھی ہو سکتے ہیں ۔

۱۳۔ اب ہم جنم ساکھی ب کے اشعار کو لیتے ہیں اور نمبر ۴ میں انہی اشعار کی اس صورت کو لینگے جس میں وہ شری گورو گرنتھ صاحب مؤلفہ ۱۶۰۴ء میں درج ہو چکے تھے ۔

(۱) نانک ۔ جنم ساکھی ب : آپے پٹی، قلم آپ، اُپر لیکھ بھی توں
ایکو کہئے نانکا دوجا کاہے کوں

(۲) شیخ ابراہیم ۔ اک صاحب تے ڈوہ ہادی
ہئوں کیہڑا سیوی ریں، تے کیہڑا ردی ریں،

(۳) نانک ۔ ہک صاحب ہکا حد۔ ہکو سیویں دوجے رو
دوجا کاہے سمریئے جمے تے مرجائے ہکو سمرو نانکا جل تھل رہیا سمائے

(۴) ابراہیم :۔ پاڑ پٹولا دھج کریں کملڑی پہراں ۔ جنی ویسیں سہہ ملے ہوں سیئی ویس کراں

(۵) نانک ۔ کاہے پٹولا دھج کریں کتل پہریں کائے ۔ گھر ہی بیٹھیاں سہہ ملے جے چیت رکھیں ٹھائے
گھر ہی مُندھ و دیس پرنت سار سمالے ۔ نانک ہلدیاں ڈھل نہ ہووئی جے نیت راس کرئے

(۶) ابراہیم ۔ نڈھی تھی نہ راویا وڈی تھی گیٹاس ۔ دھن کو کیندی گورپئی تے سہہ نہ ملیا راس

(۷) نانک ۔ محل کُجی مروڑی کالی منوں کُدھ ۔ جے گُنہ ہوون تاں چرو نانک اوگن مُندھ

(۸) ابراہیم ۔ کون سُو اکھر کون گُن کون سو منیا منت ۔ کون سُو یس میں کریں جیت وس آوی کنت

(۹) :- نِون سُوا کھر کھون گُن جیہا نیاں منت ہ ایہ ترے بھنیں ویس کریں تاں وس آوی کنت
سیوا کرے جو کنت کی کنت نسی کا ہوئے ہ گربی کنت نہ پایئے بھاویں کھری سوالیو ہوئے
سیوا اتاس بھاوسی جا کوں ندر کرئے ہ نانک سبھے سہیاں پرے کنت نسی کا ہوئے
جنم ساکھی (د) ہیں اوپر ہی کی عبارات ہیں ۔

۱۴ - شلوک نمبر ۶ گورو گرنتھ صاحب میں یوں ہے :-

فریدا اندھی کنت نہ راویو ڈوہی تھی مُیاس
دھن کو کیندی گور ہیں تیں سہناں ملیاس

نمبر ۴ یوں ہے :-

فریدا پاڑ پٹولا دھج کریں کنبلڑی پہریوں ہ جنی ویسیں سہ ملے ہی ویس کریوں

نمبر ۵ - جو نمبر ۴ کا جواب ہے - وہ گورو نانک دیو سے نہیں بلکہ گورو امرداس (۱۵۷۴ - ۱۴۷۹) سے منسوب ہے - اس جوابی شلوک کے پہلے محلہ ۳ لکھا ہے - نیز جوابی کلام نمبر ۵ کا دوسرا شلوک گورو گرنتھ صاحب میں پہلے شلوک کے ساتھ درج نہیں - دوسرا شلوک کہاں پر ہے یہ میں ابھی تک معلوم نہیں کر سکا ۔

یہی شلوک کبیر کے مجموعہ کلام میں معمولی اختلاف کے ساتھ ملتا ہے (دیکھو میری انگریزی کتاب کبیر اینڈ دی بھگتی موومنٹ) ۔

نمبر ۸ اور نمبر ۹ کے متعلق یوں ہے کہ نمبر ۹ کا دوسرا اور تیسرا شلوک پہلے کے ساتھ گورو گرنتھ صاحب میں درج نہیں - اور نمبر ۸ بالکل وہی عبارت ہے - فرید لفظ دونوں مجموعوں میں نہیں - نہ ہی گورو گرنتھ صاحب کے مطابق سوال و جواب دونوں میں نانک ہی کا نام ہے - اگرچہ نمبر ۸ سالم اور نمبر ۹ کا پہلا شلوک "سلوک فریدجی" کے عنوان سے درج ہیں ۔

۱۵ - گورو گرنتھ صاحب میں اس طرح کے اختلافی اور جوابی شلوک ایک طرف فرید کے علاوہ کبیر سے بھی متعلق ہیں - اور دوسری طرف نانک اور امرداس کے علاوہ گورو ارجن دیو مؤلف آدگرنتھ کے

قلم سے بھی موجود ہیں۔ ذیل کی اطلاعات معنوی اور تاریخی اعتبار سے نہایت مفید اور دلچسپ ہیں:۔

فرید:۔

فریدا کالی جنیں نہ۔ راویا دھولی راوے کوئے کرسائیں سیوں پرہڑی رنگ نویلا ہوئے

گورو امرداس:۔

فریدا کالی دھولی صاحب سدا ہے جے کو چت کریئے آپنا لائیاں پرم نہ لگ ای جے لوچے سبھ کوئے
ایہہ پرم پیالہ خصم کا جیں بھاوے تیں دئے

فرید:۔

فریدا رتی رت نہ نکلے جے تن چیرے کوئے جو تن رتے رب سیوں تن تن رت نہ ہوئے

گورو امرداس:۔

ایہ تن سبھو رت ہے رت بن تن نہ ہوئے جو سہہ رتے آپنے تت تن لوبھ رت نہ ہوئے
بھے پئے تن کھین ہوئے لوبھ رت وچوں جائے جیوں مہنیتر دھات سدھ ہوئے تیوں کا بھوٹو مت میل گوائے
نانک تے جن سوہنے جے رتے ہر رنگ لائے

فرید:۔

فریدا پاڑ پٹولا دھج کریں کنبلڑی پہرے اوں جنی ویسیں سہہ ملے سے ای ویس کریں اوں

گورو امرداس:۔

کائے پٹولا پاڑتی کنبلڑی پہریئے نانک گھر ہی بیٹھیاں سہہ ملے جے نیت راس کریئے

فرید:۔

فریدا من میدان کر ٹوئے بٹے لاہ اگے مول نہ آوسی دوزک سندی بھاہ

گورو ارجن دیو:۔

فریدا خالق خلق میں خلق وسے رب ماہیں مند اکسنوں آکھیئے جاں تس بن کوئی ناہیں

فرید:۔ فریدا میں جانیا دکھ مجھ کوں دکھ سبائیے جگ اوچے چڑھ کے دیکھیا تاں گھر گھر ایہا اگ

(باقی دارد) موہن سنگھ دیوانہ

تنقید و تبصرہ

(۱) "ندیم" مدیر سید ریاست علی ندوی .. چندہ سالانہ للمعہ ..... ملنے کا پتہ:-
دفتر "ندیم" خانقاہ منعمیہ، رام ساگر روڈ، آگیا

یہ صوبہ بہار کا مشہور علمی و ادبی اُردو ماہنامہ ہے۔ جسے اب سید ریاست علی ندوی مرتب فرما رہے ہیں۔ سید ریاست علی ندوی اپنی رفاقت دار المصنفین، اعظم گڈھ کے زمانہ میں کافی شہرت حاصل کر چکے ہیں، اور تاریخ صقلیہ کی تالیف و تدوین کے سلسلے میں آپ کی محنت و کاوش، اور قابلیت و لیاقت ایک دنیا سے خراج تحسین وصول کر چکی ہے۔ "ندیم" کے یہ مرتب جدید شاندار مقاصد و عزائم لے کر اُٹھے ہیں، امید ہے کہ آپ کی ادارت میں "ندیم" بہت جلد ترقی کر کے ملک کے کامیاب علمی و ادبی رسائل میں ممتاز حیثیت حاصل کرے گا اور صوبہ بہار کے علم و ادب میں قابل قدر اضافہ کا موجب ہوگا۔

پیش نظر پرچہ نومبر ۱۹۳۷ء کا نمبر ہے۔ نظم و نثر دونوں کا معیار اچھا خاصہ ہے۔ تصویروں کے انتخاب میں بھی حسن ذوق کا ثبوت دیا گیا ہے۔ علمی و تاریخی مضامین میں "ہندوستان کے عہد اسلامی میں تعلیم کا نظام" اور "اسپین موجودہ خانہ جنگی سے پہلے" خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ افسانوں میں "میرا نامہ اعمال" بھی قابل تعریف ہے۔

رسالہ کی ظاہری دلفریبیوں کے نقطۂ نظر سے کاغذ تو عمدہ ہے، مگر کتابت میں عمدگی اور پاکیزگی کی اور زیادہ ضرورت ہے تاکہ یہ رسالہ صوبہ کے مستقبل کے رسائل کے لئے بہترین نمونہ بن سکے۔

اہل بہار سے ہماری پُرزور درخواست ہے۔ کہ وہ "ندیم" کو پڑھیں، خود خریدیں، اور اپنے احباب کو خریدنے کی ترغیب دلائیں، تاکہ سید ریاست علی اطمینان و سکون کے ساتھ اپنے صوبہ کی علمی اور ادبی خدمات بجا لا سکیں۔

عبد القیوم (میکلوڈ عربک ریسرچ سٹوڈنٹ)

(۲) **واقعاتِ اظفری** (ص ۲۰۲ - طباعت عمدہ، دلپسند ٹائپ قیمت دو روپیہ آٹھ آنے - ملنے کا پتہ - مدراس یونیورسٹی -)

اس حقیقت سے کسے انکار ہوسکتا ہے - کہ روزنامچے، خودنوشت سوانح عمریاں، اور سفرنامے جس قدر دلچسپ ہوتے ہیں - اسی قدر مفید اور پُراز معلومات بھی ہوتے ہیں اس میں شبہ نہیں - کہ خودنوشت سوانحعمریوں میں بعض نقائص بھی ہوتے ہیں - اور بعض اوقات اِن کے صفحات میں تصنّع کے اثرات پائے جاتے ہیں - تاہم اگر سوانح نگار، حقیقت کو ملحوظِ خاطر رکھنے والا ہو - تو یہ صنف سوانح عمری کی سب اصناف سے زیادہ مقبول ہوسکتی ہے ؛

خاندانِ مغلیہ کی یہ ایک عجیب خصوصیت تھی - کہ اس کے افراد اگر ایک طرف شجاعت وجرأت میں ممتاز تھے - تو دوسری طرف ذوق علم سے متصف اور زیورِ حکمت سے آراستہ بھی تھے تیمور کی توزک، حسین بیقرا کی مجالس العشاق، الغ بیگ کی زیج، حیدر گورگان کی تاریخ رشیدی بابر اور جہانگیر کی تزوکات، اورنگ زیب کے رقعات، دارا شکوہ کی تصانیف، جہان آرا کی مونس الارواح وغیرہ، زیب النسا کی شعروشاعری ہمارے دعوے کی دلیل ہے ؛

اورنگ زیب کے بعد اگرچہ سلطنت مغلیہ میں انحطاط آگیا - اور خاندان تیموریہ کے افراد ان پرانے اوصاف سے خالی ہوتے گئے - تاہم کچھ نہ کچھ مٹے ہوئے نشان اب بھی باقی تھے - اِس دَور میں بھی مغل شاہزادے شعروسخن کا شوق کیا کرتے تھے - اور ان میں سے بعض صاحبِ تصانیف بھی تھے ؛

مدراس یونیورسٹی کا شعبہ فارسی واُردو ہمارے شکریہ کا مستحق ہے - کہ اس کی سرپرستی میں خاندان مغلیہ کے ایک غیر معمولی فرد کی ایک تصنیف منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی - زیرِ تبصرہ کتاب واقعات اظفری میرزا محمد ظہیر الدین ملقب بخت گورگانی کی فارسی تصنیف کا اُردو ترجمہ ہے - اظفری شاہ عالم بادشاہ دہلی کے ہم جد اور ہم عصر تھے - ۱۱۷۲ھ میں قلعۂ دہلی میں پیدا ہوئے - اور وہیں تعلیم حاصل کی - تیس سال تک اس زمانہ کی نامبارک رسم کے مطابق قلعہ معلّی میں قید رہے اِس کے

بعد وہاں سے روپوش ہو کر جے پور۔ انبیر، لکھنؤ اور بنگالہ گئے اور بالآخر مدراس میں مقیم ہو گئے اور وہیں انتقال کیا۔

شاہ عالم ثانی کا عہد ایک دور اختلال تھا۔ اس میں مرہٹہ گردی، غلام قادر روہیلہ کا تخت دہلی پر متمکن ہونا اور تیموریوں کا بالکل بے بس ہو جانا ایسے واقعات ہیں جن پر بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ تاہم ظفری کو قلعہ معلی کے اندرونی واقعات سے جو واقفیت ہے۔ وہ شاید کسی اور کو نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ واقعات ظفری میں بعض حالات زیادہ مفصل ملتے ہیں خصوصاً غلام قادر کی حرکات ناشائستہ کا ذکر نہایت شرح وبسط کے ساتھ کیا گیا ہے۔

ظفری کی بعض اور تصانیف میں بھی یہ محسوس کیا جاتا ہے۔ کہ اس کے دل میں تیموری خاندان کی تباہی کا درد بہت گہرا ہے۔ اور وہ محسوس کرتا ہے۔ کہ تیموریوں میں ترکی حیات کی کمی ہو گئی ہے۔ اس کتاب میں شاہ عالم بادشاہ کی وعدہ خلافیوں کو اپنے خاندان کے زوال کا ایک سبب قرار دیتا ہے۔ ظفری نے غلام قادر روہیلہ کے ہنگامہ میں بادشاہ کی بہت سی خدمات انجام دیں لیکن ہنگامہ کے فرو ہو جانے کے بعد کوئی صلہ نہ ملا۔

حقیقت یہ ہے کہ ظفری کی یہ کتاب اس تاریک دور کے بہت سے پوشیدہ اسرار کو بے نقاب کر گئی چونکہ اس میں سیر وسفر کے حالات بھی ہیں۔ اس لئے اس کی جغرافیائی اہمیت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا قلعہ معلی کے جزئیات، اس زمانے کے معتقدات اور دیگر رسوم ورواج پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ ظفری نے انگریزوں کے اخلاق وعادات کا جو مرقع اس کتاب میں کھینچا ہے۔ اس سے اس کے مطالعہ ومشاہدہ کی گہرائی کا کچھ اندازہ ہو سکے گا۔ موجودہ تصانیف کے علاوہ ظفری کی دوسری تصانیف کا حال بھی اس کتاب سے اچھی طرح معلوم ہوتا ہے۔

ظفری اپنے زمانے کی رسم کے مطابق بعض واقعات کو بہت پھیلا کر لکھتا ہے حالانکہ ان کی اہمیت کچھ زیادہ نہیں لیکن یہی اس زمانے کا مذاق تھا۔

زیر تبصرہ کتاب، ظفری کی فارسی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے۔ جو جناب عبدالستار صاحب نشتی فاضل نے کیا۔ اور اب جناب مولوی محمد حسین صاحب محوی صدیقی کی نظر ثانی کے بعد شائع ہوا ہے۔ ترجمہ جیسا کہ توقع تھی عمدہ اور رواں معلوم ہوتا ہے جس کی خوبی کی ایک علامت یہ بھی ہے۔ کہ بادی النظر میں یہ ترجمہ معلوم نہیں ہوتا۔

سید محمد عبداللہ

۳۔ صحیفۃ التکوین

(مصنفہ ہز ہائینس محمد ناصر الملک والئے چترال۔ ص ۲۷۰۔ طباعت کتابت اعلیٰ مصوّر، ظاہری زیب و زینت کے لحاظ سے بہت عمدہ۔ قیمت ۲ روپیہ ۸ آنے۔ مجلد کی قیمت ۳ روپے ملنے کا پتہ۔ قومی کتب خانہ ریلوے روڈ لاہور)

ایک مغربی محقق کا قول ہے۔ کہ گذشتہ ایک صدی کے دوران میں یورپ کے افکار و تصوّرات کو جس قدر ڈارون کے نظریۂ ارتقا نے متاثر کیا اتنا کسی اور خیال نے نہیں کیا۔ یہی وہ عقیدہ ہے۔ جس نے مذہب پر تنقید و تبصرہ کی تحریک کو تقویت دی۔ یہی وہ علمی مسئلہ ہے۔ جس نے یورپ میں "استعماری رجحانات" کو بڑھا کر ان کو ایک حقیقتِ ثابتہ بنا دیا۔ اور یہی وہ نظریہ ہے جس نے اس استعماری اجارہ داری کو قائم رکھنے کے لئے جنگی سپرٹ کو نشو و نما دی۔

۱۸ ویں ۱۹ ویں صدی میں، ایشیا کے ممالک میں مشرق و مغرب کی جو آویزش رونما ہوئی، اس کا ایک خاصہ یہ تھا۔ کہ یورپ نے مشرق اور مشرقیات کو بے حد متاثر کیا۔ اور یہ اثر سیاسیات کے علاوہ مذہب اور دینیات تک پر حاوی ہو گیا۔

اسلامی ممالک میں جدید گروہ نے مذہب اور سائنس میں تطبیق دینے کی کوشش کی اور وہ مسائل جن کی طرف خاص توجہ کی گئی۔ ان میں سے ایک مسئلہ ارتقا بھی تھا۔ اس گروہ میں سرسید اور علامہ شبلی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ہمارے اپنے زمانے میں جناب عنایت اللہ خان صاحب المشرقی نے اپنی کتاب "تذکرہ" میں ارتقا کے علمی اصول کو قرآن سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔

جو حضرات علمی مسائل کو قرآن سے ثابت کرنے کے خیال میں منہمک ہیں۔ ان کی کاوشوں کو بعض اکابر علم زیادہ پسند نہیں کرتے۔ کیونکہ سائنس کے اکتشافات اکثر نظری ہوتے ہیں۔ اور ان میں روز بروز تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ تاہم علمی رجحان رکھنے والوں کی طرف سے

قرآن مجید کے عمیق مطالعہ کا یہ شوق و شغف کچھ کم لائق تحسین نہیں ۔

ہز ہائینس والئے چترال ہمارے خاص شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے فرماں روائی اور علم دوستی کو باہم تطبیق دیتے ہوئے ایک ایسی کتاب لکھی ہے ۔ جسے بجا طور پر اسلامی لٹریچر میں ایک بیش بہا اضافہ سے تعبیر کیا جا سکتا ہے ۔

"صحیفۃ التکوین" دراصل حیاتیات کے اہم مسئلہ کے متعلق ہے ۔ جس میں کائنات کی تخلیق، زندگی کی ابتدا اور ارتقا سے بحث ہے ۔ مصنف نے دیباچہ کتاب میں اس امر کی وضاحت فرمائی ہے ۔ کہ اس کتاب کی غرض و غایت یہ نہیں ہے کہ سائنسدانوں کے نظریات کو بزور تاویل قرآن مجید سے ثابت کیا جائے ۔ بلکہ یہ اقدام اس حقیقت کی بنا پر ہے ۔ کہ چونکہ سائنسدانوں کے بعض تجربات و مشاہدات، قرآن مجید کے ارشادات کے مطابق ہو جاتے ہیں ۔ اس لئے ان مسائل کا بیان کر دینا یا ان کی تشریح کر دینا کسی طرح بھی قرآن مجید کی تقدیس اور بزرگی کے منافی نہیں ۔ علی الخصوص جبکہ گذشتہ زمانے میں بعض اکابر ائمہ و صوفیہ نے بھی قرآن کی تشریح و توضیح کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا ہے ۔ مثلاً امام فخر رازی امام راغب اصفہانی، و دیگر اشاعرہ کرام نے اپنے زمانے کے علمی مسلمات کو قرآن کی روشنی میں بامعان نظر دیکھ کر اپنے نتائج تحقیق کو تصنیفات کی صورت میں پیش کیا ہے ۔

ہمیں یہ اقرار کرنا پڑتا ہے ۔ کہ مصنف نے "مسئلہ ارتقا" کے متعلق جہاں تک کہ اسکا تعلق مغربی کشف حقایق سے ہے ۔ گہری واقفیت بہم پہنچائی ہے ۔ پھر جہاں تک کہ اس کا تعلق آیات قرآنی کے ساتھ تطبیق سے ہے ۔ وہ بھی کافی غور و تفکر اور مطالعہ کے اثرات کی حامل ہے ۔ اگرچہ "نظم" علمی مسائل کے بیان کے لئے کوئی موزون اور تسلی بخش ذریعۂ اظہار خیال نہیں ۔ تاہم موجودہ کتاب کے سلسلے میں کہا جا سکتا ہے ۔ کہ شعر و قافیہ کی دشواریوں نے وضاحت کے راستے میں کوئی خاص مشکلات نہیں پیدا کیں ۔

یہ کتاب ارتقائے حیات کے مختلف مراحل کا جس شرح و بسط کے ساتھ ذکر کرتی ہے

اس کی جزئیات سے بحث کرنے کی یہاں گنجائش نہیں۔ ہم یہاں صرف ایک اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں جس میں ہمارے فاضل مصنف اور شاعر نے سب کچھ کہنے کے باوجود دامن احتیاط کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا ؛

عام خیال تو یہ ہے۔ جو ڈارون کے نظریہ نسل انسانی کی ایک خاص بات ہے۔ کہ انسان اپنے ابتدائی ادوار زندگی میں بندر یا نساس تھا یا اس سے مماثل تھا۔ اور اسی سے اس نے ترقی کی ہے۔ بظاہر یہ خیال قرآن حکیم کے عقیدہ خلافت بشری سے ٹکراتا نظر آتا ہے لیکن ناظرین ہمارے مصنف کی حس دینی سے ضرور متاثر ہوں گے۔ جب وہ مندرجہ ذیل اشعار میں حضرت ڈارون سے اختلاف کرتے دکھائی دیں گے :۔

ورا رو پا ڈارون فرزانہ لیک ازدین خدا بیگانہ
کرد او انکار ذات کبریا گفت از خود کرد عالم ارتقا
گفتۂ او را نسازی حرز جان نیست انسان ہرگز از بوزینگان
قربت انسان با بوزینہ نیست بین این دور رشتہ دیرینہ نیست

آدم علیہ السلام کی پیدائش کے متعلق ارشاد ہوتا ہے :۔

نزد من پیدائش ابت البشر بود چون عیسےٰ ز مادر بے پدر
ہر چہ خواہد خالق ارض و سما می شود ز انسان بلا چون و چرا

فاضل مصنف لکھتے ہیں۔ کہ میں نے ابلیس اور آدم کے جنت سے نکلنے کے واقعہ کو بھی منظوم کیا تھا اور تمام اسرار کی پردہ کشائی کا ارادہ تھا۔ لیکن جمہور سے ڈر کر میں نے حذف کر دیا ہے۔

بہر تسکین دل ملائے من شد تلف آن لؤلؤئے لالائے من
آنچہ قرآن گفت آمنّا بگو منکشف گردد در معنی بہ تو

وہ چھپے ہوئے اسرار جن کے متعلق آیات قرآنی نے صراحت نہیں کی اور فہم انسانی نے

مختلف ادوار میں انکے متعلق مختلف تصورات قائم کئے ہیں۔ مصنف کی نظر سے اوجھل نہیں۔ ان میں مصنف کی ساری دلیل" واللہ اعلم بالصواب" پر ختم ہو جاتی ہے ۔

جہاں کتاب میں بے شمار خوبیاں ہیں۔ وہاں ہمارے خیال میں اس بات کی بھی ضرورت تھی۔ کہ کتاب کے دیباچہ میں مصنف ذرا زیادہ عام فہم الفاظ میں مسئلہ ارتقا کی باریکیوں سے پردہ اٹھا دیتے۔ تاکہ علما کے علاوہ عوام بھی کتاب سے فائدہ اٹھاتے۔ کیونکہ یہ نظریہ جس قدر زیادہ مشہور ہے۔ اسی قدر مشکل اور پیچیدہ بھی ہے ۔

امید ہے۔ کہ وہ فارسی دان حضرات جنہیں دینی اور علمی گتھیوں کے سلجھانے کا شوق رہتا ہے۔ اس کتاب کا خیر مقدم کرتے ہوئے مصنف کے ذوق اور جستجو کی داد دیں گے، دوسری طرف وہ ارباب علم جن کو خلق انسان کے متعلق مغربی نظریوں سے آگاہی مطلوب ہے اس کتاب سے ضروری معلومات حاصل کر سکیں گے ۔

سید محمد عبداللہ

اسماء شعرا

(جن کا کلام لسان العرب میں درج ہوا ہے)

سلسلہ کے لئے دیکھو یہی میگزین بابت نومبر ۱۹۳۷ء

٣٥٤، ٣٥٦، ٣٥٨؛ ٣٦٠، ٣٦٢، ٣٦٣، ٣٦٨، ٣٧٢، ٣٧٤، ٣٧٦، ٣٧٨، ٣٨٠، ٣٨٢، ٣٨٤، ٣٨٦، ٣٨٨، ٣٩٠، ٣٩٢، ٣٩٤، ٣٩٦، ٣٩٨، ٤٠٠، ٤٠٢، ٤٠٤، ٤٠٦، ٤٠٨، ٤١٠، ٤١٢، ٤١٤، ٤١٦، ٤١٨، ٤٢٠، ٤٢٢، ٤٢٤، ٤٢٦، ٤٢٨، ٤٣٠، ٤٣٢، ٤٣٤، ٤٣٦، ٤٣٨، ٤٤٠، ٤٤٢، ٤٤٤، ٤٤٦، ٤٤٨، ٤٥٠،

٢٤٢، ١٣٤، ١٣٢، ٧٤، ٩٤، ٣٠، ٢٤، ٨ب: ٣، ٤٠٧، ٣٩٦، ٦، ٣٨٨،
٢٦١، ٢٢٢، ٢١٨، ٩١٩، ٩٥، ١٨٤، ٢١٧، ٠٦١(ئ)، ٢١ ٥٧ (ئ)،
٤٢٤، ٤١٠، ٤٠٩، ٣٦٨، ٣٦٤، ٣٥٠، ٣٢٣ (ئ)، ٠ ١٧٤،
٩١، ٨٩، ٢٦، ٤٣، ٧٤، ٨٢، ٤٩٤، ٥٧٤، ٤٤٤، ٤٢٥
١١١، ٩١، ٨٩، ٩٥، ١٠٥، ٩٥، ٩٠، ٨٩، ٥٧، ٤٥، ٩٦ب: ٣٧٨،
٢٧٢، ٢٦٦، ٢٥١، ٢٣٧ (ئ)، ٢٠٨، ١٧٨، ١٧٨، ٣٤، ١٣٦، ١٣٨، ١٢٣
٣٧٧، ٣٥١، ٣٣٧، ٣٣٠، ٣٢٢، ٣١٠، ٣٠٦، ٢٨٧، ٢٨٥، ١٨٤
١٠٧١، ١٠٥، ٩٥، ٩٤، ٩٠، ٨٩، ٨٧، ٧٥، ٤٥، ٤٩ب: ٣٧٨،
١٨٩، ١٨٨، ١٨٠، ١٧٨، ١٧٢، ١٤٩، ١٤٦، ١٣٥، ١٢٣، ١١٥، ١١٠
٢٨١، ٢٥٣ (ئ)، ٢٤٧، ٢٤٦، ٢٤٣، ٢٤٢ (ئ)، ٢٣٤، ٢٣٣، ٢٣٣،
٣٤٤، ٣٤١، ٣٤٠، ٣٥٥، ٣٤٦، ٣٤٤، ٣٣٤، ٣٣٥، ٣٣٣ب: ٢١١،
٣٩٤، ٤٠١، ٤١٣، ٤٨٠، ٤٢٨، ٤٣٧، ٤٣٨، ٤٣٩، ٤٣٩، ٤٦٨
٩٠٨، ٩٠٤، ٩٠٠، ٧٨٤، ٧٨٧، ٦٧٥، ٥٧٥، ٤٧٣، ٤٧٢، ٤٩، ٢١،
١١٥، ١١٦، ١٢٧، ١٢٨، ١٣٤، ١٤٠، ١٥٤، ١٦٩، ١٨٢، ٢٠٣، ٢٢٩،
٢٣٢، ٢٣٩، ٢٥٤، ٢٥٨، ٢٨٥، ٢٩٤، ٢٩٩، ٦ب: ٩٠٨، ٩٠٨،
٣، ١٧، ١٩، ٢٦، ٣٤، ٤٥، ٦٢، ٦٠٠، ٦٩، ٧٠٤، ٧٠١، ٧٠٦، ٨٠١، ٨١٣،
١٥٣، ٢٠١، ٢١٤، ٢١٩، ٢٨١، ٢٨٦، ٢٩١، ٢٩٤، ٢٩٥، ٢٩٥،
٢٢٢، ٢٤١، ٢٤١، ٢٤٧، ٢٨٣، ٢٩٠، ٢٩١، ٢٩٣، ٢٩٤، ٢٩٥،
٣٢٠، ٣٢٥، ٣٢٦، ٣٣٢، ٣٣٣، ٣٣٤، ٣٤٢، ٣٥٨، ٣٦٤،
٣٨٣، ٣٨٤، ٣٨٧، ٣٩٤، ٤٠٧، ٤٠٨، ٤١٥، ٤٢٧، ٤٢٨،

٤٣٠، ٤٣٣، ٤٣٥، ٤٣٦، ٤٣٧، ٤٤٢، ٤٤٥، ٤٤٧، ٤٤٨،
٤٥٩، ٤٦٠، ٤٦١، ١٨: ٢٦، ٣٣، ٤٦، ٤٨، ٩٧، ١٥٢، ١٦٤،
١٧٦، ١٨٩، ٢٠٧، ٢٤٩، ٢٨٨، ٢٩٠، ٢٩٤، ٣٠٣، ٣٠٨، ٣١٠،
٣١١، ٣١٤، ١٩: ٢٢، ٢٧، ٣٢، ٣٥، ٣٦، ٤٠، ٤٨، ٧٣، ٨٥، ٩٠،
٩٣، ٩٧، ١٠٦، ١٠٧، ١١٨، ١٢٣، ١٢٩، ١٤٨، ١٥٩، ١٦٦، ١٨١،
١٨٧، ١٩١، ٢٠٨، ٢٠٩، ٢٣٩، ٣١٢، ٣١٨، ٣٢٤، ٣٣٢، ٣٤٠، ٣٤٣،
٣٦١، ٣٦٥، ٣٧٠، ٣٧٩، ٢٠: ١٥، ١٧، ٢٨، ٧٦، ٨٧، ١٠٨، ١٠٩،
١١٧ (؟)، ١٢٤، ١٤٠، ١٤٨، ١٥٣، ١٥٧، ٢٢٥، ٢٥٩، ٢٨٠، ٣٥٥،
٣٥٩؛

مؤنّثة رَوْح بن زِنْبَاع ٩: ٢١٤؛

رويس ١٣: ٢١١؛

ابن رُوَيْبِنْد الثَّقَفِيّ ١٦: ١٩٠؛

رُوَيْبِنْد بن كَثِير الطائي ٢: ٣٦١، ٩: ٣٢٥، ١٢: ٣٧٠؛

رِيَاح الجُدَيْبِي ٨: ٤٦؛

رِيَاحُ الدُّبَيْرِيّ ٩: ٢١٩، ١٥، ٨؛

زَيَّان بن حُوَيْصٍ ١٠: ٢٥٠؛

الزاي

الزاهري (كذا) ١٧: ٢٩٢؛

زَامِل بن مُصَادٍ العَيْنِيّ ١٧: ٧٧؛

الزَّبَّاء (الملكة) ٤: ٤٥٦، ١١: ٩٥، ١٢: ١٣؛

زَبَّان بن سَيَّارٍ الفزاري ٥: ٣٦٦، ١٩: ٢٣٩؛

الزِّبرِقان بن بدر البَهْدَلِيّ التميمي ٢: ٢٣٩، ٨: ١٥، ١٠: ١٢٩، ٢١٤

١٢ : ٢٥٨، ١٣ : ٢٨٤، ٣٧٤، ١٦ : ١٣١، ٢٠ : ٥٢؛
ابن الزِّبَعْرَى (هو عبد الله) السهمى ٢ : ٣٥١، ٣ : ٤٢٥، ٥ : ١٥٣،
٣٨٥ (؟)، ٧ : ٢٣٠، ١٠ : ٤٠٥، ١٢ : ٢٧٨، ١٦ : ٩٤؛
ابو زُبَيْد الطائى (اسمه حَرْملة بن المنذر) ١ : ٦٤، ٩٠، ١١٣، ١٤٨،
٢٠٥، ٢٥٨، ٤٦١، ٤٧٧، ٤٩٢، ٢ : ٥٩، ٧٢، ٨٨، ١٢٥، ١٩١، ٢٧٧،
٢٨٦، ٣ : ١٠٥، ٣٣٦، ٣٣٧، ٣٤٩، ٤ : ٥٢، ٦٤، ١١٤، ٣٠٩،
٣٥٦، ٤٠٧، ٤١٨، ٤٢٨، ٤٣٧، ٥ : ٣٠، ٩٢، ١٧٢، ٢٨٩، ٣٢٠،
٣٤٩، ٦ : ١٠، ٤٦، ٧٠، ٢١٧، ٢٥٤، ٢٨٥، ٤٠٥، ٤٢٧، ٧ : ٣٦،
٣٤٩، ٣٦٣، ٤٠٧، ٤١٠، ٨ : ٣٦، ٥٣، ١٠٦، ١١٩، ١٣٨، ٢٢٥،
٢٩٠، ٣٨٦، ٩ : ٥١، ٢٤٣، ٣٥٧، ٤٢٤، ١٠ : ٤٤، ٩٦، ٩٧، ١١٧،
١٨٢، ٢٣٣، ٢٦٩، ٢٨٣، ٣٤٠، ٣٤٤ (؟)، ٤٢٥، ٤٣٥، ٤٤٦،
١١ : ٥، ٣٨، ١٠٥، ١٦٧، ٢١٤، ٢٣٦، ٤٠٧، ١٢ : ٣٠، ٤٩، ١١٨،
١٣٣، ٢٣٠، ١٣ : ١١٦، ٢١١، ٥١١، ١٤ : ١٨٨، ٢١٣، ١٥ : ١١٣،
١٥٧، ٢٦٠، ١٦ : ١٨٣، ٢٨٧، ١٧ : ١٣٦، ٢٤٨، ٢٥٢، ٣٧١،
٤٢٦، ١٨ : ٩٢، ١٩٣، ٢٠٠، ١٩ : ٩٤، ٢٠١، ٢٠ : ٤٢، ١٠٣،
١١٩، ١٧٥، ٢٥٩، ٢٧٦، ٣٥٥، ٣٦٠،
ابن الزبير - ملاحظة هو عبد الله بن الزبير
ابو الزبير الثَّعْلَبِىّ ١١ : ٣٥٣؛
الزبير بن عبد المطلب (عم رسول الله ص) ٢ : ٣٦٠، ٣٨٠ (؟)، ٣٨٩؛
ابو الزَّحْف (؟) ١٥ : ٩٤؛
ابو زَحْفٍ الكَلْبِى ١٣ : ٣٨٣؛

ابو الزَّحف الكِلبي ٦ : ٤٧، ٢٥١؛
زُرَّين أو فى الفُقَيمى ٩ : ١٣٢؛
ابن اخى زِرّ بن حُبَيش الفقيه القارئ ١٥ : ١٧ (؟)؛
زُرارة ٤ : ١٤٦ (يہى شعر زرارة بن صَعْب كى جانب منسوب ہے)
زُرارة بن سُبَيْع الأسدى ١٩ : ٢٦١ (؟)؛
زُرارة بن صَعْب ٢٠ : ١٢؛
ابو زرارة النصرى ٢ : ٤١٥؛
زرافة الباهِلِيّ ٧ : ٣٦١ (؟)؛
ابو زُرعة التيمى او التميمى ٧ : ٣٤٥، ٨ : ٢٠١؛
ابو زُعَيب الحَبَشِيّ - ملاحظہ ہو ذلم
زُغبة (ابو شقيق) الباهلى ٦ : ٤٠٦ (؟)، ١١ : ٣١٢ (؟)، ٣٢٣؛
ابو زُغبة الخَزْرَجِيّ ١١ : ٣٧٠، ١٢ : ٣٢ (؟) (الخزرجى كى بجائے الخارجى لكھا ہے)
١٥ : ٢٩ (؟)، ١٦ : ١٢٦ (؟)؛
زُفَر بن الحارث الكلابى ٥ : ١١٥، ٣٣١، ٧ : ٢٠٠، ١١ : ٣٠٤ (؟)، ١٢ : ٢١٤،
١٣ : ٥١٩، ١٧ : ١٥، ١٨ : ١٢؛
زفر بن الجِبار المحاربى ٤ : ١٦٧؛
الزَّفَيان السَّعْدى ١ : ٣٥٠، ٣٩٤، ٤ : ٢١، ٣٣، ١٨٧، ٢٤٧، ٤١٣،
٦ : ٤٥، ٤٧، ٧ : ١٠٥، ٢٢٦، ٩ : ٢٢٣، ٢٢٧، ٢٥١ (؟)، ١١ : ٢٣٤، ٢٦٠، ٣٥٩،
٣٧١، ٣٩٣، ٣٩٩، ١٢ : ١٢٨، ١٦٨، ٢٢٦، ١٣ : ٢٧٥، ٣١٨، ٣٨٨، ١٥ : ٢١٣،
٢٤٧، ١٦ : ٢٠٨، ١٧ : ٦٩، ٤٢٩، ١٩ : ٤٦، ٢٠١ (؟)؛
زُمَيل بن أُبَيْر (او أُبَين) الفزارى (وقيل له ابن ام دينار) ٥ : ٣٨٦،

۳۸۷، ۱۲: ۲۱۰ (؟)، ۲۹۱ (؟)؛ (معجم الشعراء میں ابن وبیر لکھا ہے)
ابو زِنباع الجُذامی ۶: ۷۵؛
زِنباع بن رَوح ۱۱: ۲۴۶ (؟)؛
زُنیر ۱۳: ۲۲۰؛
ابن زُنیم ۸: ۳۴۶؛ (نیز ملاحظہ ہو انس بن زنیم اللیثی)
زُنیم بن حَرَجة ۱۳: ۷؛
زهرة بن سرحان ۔ ملاحظہ ہو الراهب
زهیر = زهیر بن ابی سُلمٰی
زهیر بن جناب الکلبی ۵: ۱۹۷، ۱۳: ۷۴، ۱۴: ۲۳۱، ۱۵: ۳۱۶، ۱۸: ۲۳۶؛
زهیر بن حَرام الهُذَلی ۳: ۱۹۱؛
زهیر بن خَبّاب ۱۷: ۲۳؛
زهیر بن ذؤیب العدوی ۱: ۱۰۱؛
زُهَیر بن ابی سُلمٰی ۱: ۱۶، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۳۰، ۴۵، ۶۲، ۹۳، ۱۱۲، ۲۳۷، ۲۴۱، ۲۴۲، ۲۷۴، ۲۷۵، ۲۹۰، ۲: ۷، ۸، ۲۰۳، ۲۳۱، ۳۶۹، ۳۸۴، ۳۸۵، ۴۰۱، ۴۰۳، ۴۸۰، ۳: ۱۵، ۷۵، ۹۵، ۱۱۰، ۱۲۸، ۱۸۰، ۱۹۹، ۲۱۷، ۳۲۱، ۴۰۷، ۴: ۳، ۱۳۲، ۱۴۳، ۱۴۷، ۱۵۴، ۲۸۴، ۳۱۷، ۳۲۱، ۳۳۰، ۳۳۹، ۴۰۰، ۴۵۱، ۴۷۱، ۵: ۶۰، ۱۸۷، ۱۸۹، ۱۹۲، ۲۴۲، ۲۷۱، ۳۳۸، ۶: ۴، ۳۶، ۸۰، ۱۰۴، ۱۴۲، ۱۴۸، ۱۶۸، ۲۰۹، ۲۱۱، ۲۱۶، ۲۲۳، ۲۴۲، ۳۳۵، ۷: ۶۴، ۸۴، ۱۳۸، ۱۶۹، ۱۹۴، ۲۰۱، ۲۵۸، ۴۰۲، ۸: ۶، ۱۱، ۹۰، ۱۷۲، ۱۸۳، ۲۰۴، ۲۵۳، ۳۸۴، ۳۹۳،

و: ۲۰، ۱۰۸، ۱۵۰، ۱۵۳، ۲۴۸، ۳۲۱، ۳۲۵، ۳۵۹، ۳۸۶، ۴۰۵،
۴۳۴، ۴۰۰، ۲۴۶، ۱۶۲، ۱۵۵، ۱۳۳، ۱۲۳، ۲۰۰، ۴: ۱۰، ۴۷۳،
۳۷۵، ۳۶۰، ۳۱۶، ۲۸۳، ۲۱۱، ۱۹۳، ۱۸۴، ۵۸: ۱۱، ۴۴۵،
۱۹۹، ۱۵۰، ۷۷، ۷، ۳۶، ۱۹، ۴: ۱۲، ۱۷، ۳۹۱،
۲۵۲، ۳۲۷، ۳۲۴، ۲۹۳، ۲۸۹، ۲۸۰، ۲۷۵، ۲۳۴،
۵۵، ۱۸، ۱۲: ۳، ۳۷۹، ۴۰۳، ۳۷۶، ۳۷۷، ۳۷۱، ۳۶۱، ۳۵۴،
۲۲۸، ۲۸۱، ۲۰۴، ۱۸۷، ۱۷۶، ۱۷۴، ۹۸، ۹۵، ۶۹،
۴۰۷، ۳۸۷، ۳۶۲، ۳۴۸، ۳۳۵، ۲۹۵، ۲۹۷، ۲۳۷، ۲۳۵،
۶۹، ۵۹، ۲۲، ۱۷: ۹، ۴۹۹، ۴۹۳، ۴۶۱، ۴۲۸، ۴۲۴، ۴۱۲،
۳۳۸، ۲۹۴، ۲۸۳، ۲۸۲، ۲۵۳، ۱۸۱، ۱۷۶، ۱۱۹،
۳۸۴، ۳۸۳، ۳۴۴، ۳۱۵، ۲۷۰، ۲۵۸، ۲۴۷، ۲۳۲، ۲۲۹،
۲۲۵، ۲۰۷، ۱۹۸، ۱۷۴، ۱۷۱، ۱۶۸، ۱۵۱، ۱۴۲، ۱۲۳،
۱۳۰، ۱۱۷، ۹۰، ۸۹، ۵۵، ۴۷، ۴۶: ۱۶، ۴۰۹، ۴۰۷، ۳۸۶،
۱۹، ۹۱، ۷۱: ۲۸۴، ۲۷۷، ۲۲۶، ۲۲۲، ۲۱۱، ۱۷۴، ۱۴۵، ۱۰۸،
۲۴۲، ۲۳۱، ۲۳۰، ۲۲۹، ۲۲۲، ۲۱۱، ۱۷۴، ۱۴۵، ۱۰۸،
۳۰۰، ۱۸: ۴۴۳، ۴۰۲، ۳۶۴، ۳۵۵، ۳۵۰، ۳۰۲، ۳۰۰، ۲۷۵(؟)،
۲۶۸، ۱۷۲، ۱۷۱، ۱۶۳، ۱۳۲، ۱۱۶، ۹۰، ۵۵، ۳۴، ۱۳۲(؟)،
۳۶۰، ۲۱۸، ۱۷۴، ۱۴۷، ۱۳۸، ۱۳۲، ۱۰۸، ۱۰۲، ۳۹: ۹، ۱۴۵،
۴۲۴، ۴۱۸، ۴۰۳، ۳۹۱، ۳۸۶، ۳۷۵، ۳۶۰، ۳۱۶، ۲۸۳، ۲۱۱،
۳۷۵، ۳۶۰، ۳۱۶، ۲۸۳، ۲۱۱، ۱۹۳، ۱۸۴، ۵۸: ۱۱، ۴۴۵،
۱۹۹، ۱۵۰، ۷۷، ۷، ۳۶، ۱۹، ۴: ۱۲، ۱۷، ۳۹۱،
۲۵۲، ۳۲۷، ۳۲۴، ۲۹۳، ۲۸۹، ۲۸۰، ۲۷۵، ۲۳۴،
۵۵، ۱۸، ۱۲: ۳، ۳۷۹، ۴۰۳، ۳۷۶، ۳۷۷، ۳۷۱، ۳۶۱، ۳۵۴،
۲۲۸، ۲۸۱، ۲۰۴، ۱۸۷، ۱۷۶، ۱۷۴، ۹۸، ۹۵، ۶۹،
۴۰۷، ۳۸۷، ۳۶۲، ۳۴۸، ۳۳۵، ۲۹۵، ۲۹۷، ۲۳۷، ۲۳۵،
۶۹، ۵۹، ۲۲، ۱۷: ۹، ۴۹۹، ۴۹۳، ۴۶۱، ۴۲۸، ۴۲۴، ۴۱۲،
۳۳۸، ۲۹۴، ۲۸۳، ۲۸۲، ۲۵۳، ۱۸۱، ۱۷۶، ۱۱۹،
۳۸۴، ۳۸۳، ۳۴۴، ۳۱۵، ۲۷۰، ۲۵۸، ۲۴۷، ۲۳۲، ۲۲۹،
۲۲۵، ۲۰۷، ۱۹۸، ۱۷۴، ۱۷۱، ۱۶۸، ۱۵۱، ۱۴۲، ۱۲۳،
۱۳۰، ۱۱۷، ۹۰، ۸۹، ۵۵، ۴۷، ۴۶: ۱۶، ۴۰۹، ۴۰۷، ۳۸۶،
۱۹، ۹۱، ۷۱: ۲۸۴، ۲۷۷، ۲۲۶، ۲۲۲، ۲۱۱، ۱۷۴، ۱۴۵، ۱۰۸،
۲۴۲، ۲۳۱، ۲۳۰، ۲۲۹، ۲۲۲، ۲۱۱، ۱۷۴، ۱۴۵، ۱۰۸،
۳۰۰، ۱۸: ۴۴۳، ۴۰۲، ۳۶۴، ۳۵۵، ۳۵۰، ۳۰۲، ۳۰۰، ۲۷۵(؟)،
۲۶۸، ۱۷۲، ۱۷۱، ۱۶۳، ۱۳۲، ۱۱۶، ۹۰، ۵۵، ۳۴، ۱۳۲(؟)،
۳۶۰، ۲۱۸، ۱۷۴، ۱۴۷، ۱۳۸، ۱۳۲، ۱۰۸، ۱۰۲، ۳۹: ۹، ۱۴۵،
۴۲۴، ۴۱۸، ۴۰۳، ۳۹۱، ۳۸۶، ۳۷۵، ۳۶۰، ۳۱۶، ۲۸۳، ۲۱۱،

زہیر بن مسعود الضبّی ۱: ۱۸۷، ۵: ۱۶۲، ۸: ۳۳، ۱۱: ۳۱۴، ۱۲: ۱۰۶؛
زہیر بن الحرث الضبی ۱۳: ۱۲۴؛
زیاد الاَعجم ۱: ۳۶۹، ۷: ۲۵۶، ۳۰۶، ۸: ۳۵۹، ۱۰: ۱۵۶ (؟)، ۲۰۴،
۱۲: ۳۶، ۱۳: ۶۷، ۱۶: ۲۸، ۱۷: ۲۵۰، ۱۹: ۱۷۴، ۳۵۹ (؟)،
۲۰: ۲۷۱؛
زیاد بن جمیل ۶: ۹۱؛
زیاد بن حَمَدَ ۱۸: ۳۹ (؟)؛
زیاد بن سَیّار الفزاری ۱۰: ۳۷۸، ۱۲: ۲۹۹،
زیاد الطّمّاحی ۱: ۳۲۶، ۵: ۲۵، ۹: ۱۴۳، ۱۹: ۱۰۶؛
زیاد بن عُلبَۃَ الھذلی ۱۵: ۴۲۵؛
زیاد العنبری ۸: ۲۹۹؛
ابو زیاد الکلابی ۳: ۴۳۸؛
زیاد المِنقَری ۲: ۲۶، ۳: ۲۷۴، ۱۰: ۴۱۳، ۱۱: ۲۵۷، ۱۲: ۳۴۴،
۱۳: ۴۱۳، ۱۶: ۷۴، ۱۰۰؛
زیاد بن مُنقِذ ۴: ۴۲۲، ۱۲: ۳۹۴، ۱۵: ۳۷۷، ۱۶: ۹۶، ۹۷،
۱۸: ۳۹ (؟)؛
زیادۃ بن زید العُذْرِی (ھو ابن اخت ھُذبۃَ) ۱: ۳۹۵،
۲۰: ۲۱۸؛
زیادۃ بن زید العدوی ۲۰: ۲۳۱؛ (ممکن ہے کہ العُذْرِی کی بجائے العدوی
لکھا گیا ہو)
ابو زید ۱: ۴۸۶، ۴: ۲۰۵، ۶: ۲۱۶، ۷: ۴۷، ۸: ۳۵، ۹: ۸۹،

١٣: ١٨، ١٦: ١٨٢؛
زيد بن تُرْكِيّ الدُّبَيْرِي ١٦: ٨٦؛
زيد الخَيْل الطائي ٢: ٣٩٣، ٣: ٢٢١، ٤: ٤٠٦ (؟)، ٥: ٣٥٩، ٦: ٤٧١،
٨: ٣٤٧، ٩: ٢٥٢، ١٢: ٢٥٢، ١٤: ٦٦، ١١٩، ١٨٠، ٢٢٣، ٢٦٩،
١٩: ٢١٥، ٢٠: ٢٧؛
زيد بن ضبة ١٩: ١٨٢؛
زيد بن عَتاهِيَة التميمي ٥: ٢٥٢؛
زيد بن عدي ٧: ٥٨؛
زيد بن عمرو بن قيس بن عَتّاب بن هرمي بن رياح. ملاحظة: الاخوص بن
عبد الله الرياحي
زيد بن عمرو بن نُفَيْل ٤: ١١٨، ١٤: ٣٦٧، ١٨: ٢٧٥، ٢٠: ٣٠٠ (؟)،
٣٨١ (؟)؛
زيل الفوارس الضَّبّي ٥: ١٥٨؛
زيد بن كُثْوَة العَنْبَرِي ٩: ٤١٤؛
زينب بنت الطثرية (اخت يزيد بن الطثرية) ٦: ٢٣٠، ١٣: ٤٣،
٣١٨ (؟)، ٤٠٩ (؟)، ٤١٢ (؟)، ٤٦٤؛

س

ساعدة - ملاحظة: سر ساعدة بن جُؤَيَّة الهذلي
سَاعِدَة جُؤَيَّة الهُذَلِيّ ١: ٤٤، ٧٠، ١٨٨، ٢١٠، ٢٣٦، ٢٧٣، ٢٧٤، ٢٨٣،
٣٠٣، ٣٠٨، ٣٤٩، ٤٥٩، ٤٠٤، ٤٠٧، ٤٠٨، ٤٤١، ٤٧٥، ٤٨١،

ه: ۲۶، ۱۳۱، ۲۷۱، ۳۷۱، ۲۱۱، ۲۱۶، ۲۷۳، ۲۹۳، ۳۲۵، ۳۶۴؛
۲۱۳، ۲۱۵، ۲۳۲، ۲۸۰، ۲۸۸، ۳۰۹، ۳۳۰، ۳۳۶، ۳۵۹، ۳۶۷،
۳۷۴، ۳۸۷، ۴۰۰، ۲۹۷، ۳۱۱، ۱۹: ۱۱، ۹۶، ۱۴۵، ۱۹۵، ۲۰۷،
۳۸، ۹۶، ۱۱۴، ۱۷۰، ۱۸۳، ۲۳۲، ۲۶۳، ۱۴۵، ۸: ۴، ۱۸، ۱۷۳،
۲۲۳، ۲۴۴، ۲۵۲، ۲۷۶، ۲۹۵، ۲۹۶، ۳۳۳، ۳۴۲، ۳۶۱، ۴۲۲،
۱۵: ۲۰، ۲۵، ۲۷، ۶۶، ۹۳، ۱۲۷، ۱۳۰، ۱۴۰، ۱۵۴، ۱۵۵، ۱۹۲، ۲۱۵، ۲۲۲،
۲۸۳، ۳۰۴، ۳۴۹، ۳۵۱، ۳۵۴، ۳۵۷، ۳۶۴، ۳۶۹، ۱۳۷۱، ۳۷۶،
۳۰۵، ۵۰۵، ۴: ۷۴، ۱۱۱، ۱۴۵، ۱۵۹، ۱۶۲، ۲۰۹، ۲۳۹، ۲۴۷، ۲۷۹،
۳: ۸، ۲۷، ۷۹، ۱۴۷، ۲۲۱، ۲۲۶، ۲۲۴، ۲۳۴، ۲۴۳، ۲۸۵،
۲۴۳، ۳۲۱، ۳۶۱، ۳۸۸، ۴: ۳۴۳، ۱۵۴، ۲۱۶، ۲۹۴، ۳۲۹، ۴۰۴،
۱۱: ۴۹، ۶۵، ۷۰، ۱۱۳، ۱۳۰، ۱۳۸، ۱۵۵، ۲۲۹، ۲۳۰، ۲۳۱، ۲۳۴،
۴۴۴، ۱۰: ۱۷، ۴۳، ۱۵۰، ۲۲۱، ۲۸۳، ۳۶۶، ۳۹۰، ۴۱۵، ۴۴۴،
۳۴۳، ۹: ۲۷، ۱۲۰، ۱۴۸، ۲۳۳، ۲۴۳، ۲۴۴، ۲۴۷، ۲۵۰، ۲۶۶،
۴۰۱، ۱۵۵، ۳۴۰، ۸: ۱۱۳، ۱۳۴، ۲۱۱، ۲۸۸، ۳۷۹، ۳۸۳، ۳۸۹،
۳۴۰، ۳۴۹، ۳۸۰، ۷: ۳۴، ۵۳، ۵۵، ۱۰۴، ۱۲۷، ۱۳۹،
ی: ۱۲۶، ۲۲۳، ۴: ۹۹، ۲۰۳، ۱۰۹، ۱۵۱، ۲۴۱، ۲۵۰، ۲۷۸،
۳۵، ۱۱۱، ۱۴۴، ۱۸۱، ۲۳۸، ۲۷۹، ۲۸۴، ۲۹۰، ۳۱۷، ۳۲۴، ۳۴۷، ۳۵۷،
۱۴۸، ۱۷۱، ۱۹۲، ۲۴۷، ۲۵۶، ۲۵۷، ۲۵۸، ۲۶۹، ۲۸۴، ۴: ۲۱، ۲۶،
۴۰۳، ۴۱۶، ۴۳۲، ۴۴۶، ۴۶۵، ۳: ۴۳-، ۸۶، ۹۲، ۱۰۵، ۱۲۳، ۱۴۶، ۱۹۱،
۵، ۴۹۵، ۲: ۶۶، ۹۶، ۱۲۱، ۱۲۳، ۱۳۰، ۱۳۲، ۱۴۰، ۱۴۲، ۱۸۴، ۱۹۵، ۲۵۶؛)

ساعدۃ بن عَجْلَانَ الہُذَلِیّ ۱: ۲۱۲، ۷: ۱۶۶، ۹: ۲۰۲، ۱۲: ۴۰۴، ۱۳۲ (نیز ملاحظہ ہو ابن العجلان الہذلی)
سالم بن دارۃ الغَلْبی ۱: ۲۹۳، ۳: ۲۸۷، ۵: ۳۵۴، ۶: ۳۸۶، ۲۹۰، ۴۷۰، ۷: ۳۷۶، ۸، ۱۰: ۳۸۱، ۱۵: ۵۰، ۶۷، ۱۳۹؛
سالم بن قُحْفان ۴: ۳۰۴، ۱۱: ۳۸۲، ۱۲: ۱۵۱، ۱۹۸ (؟)؛
سالم بن وابصۃ ۱۱: ۳۷۵، ۱۴: ۳۶۹؛
سامۃ بن لؤی بن غالب ۱۲: ۱۹۴؛
سَبُرۃ بن عمرو الفَقْعَسِی الاَسَدِیّ ۱۲: ۲۱۵، ۱۸: ۱۹۸، ۱۹: ۴۵، ۲۰: ۱۶۶؛
سُبَیْع بن الخَطِیم ۵: ۲۹۷، ۱۶: ۳۱؛
سَجاح ۹: ۴۴۴؛
سُحیمان وائل الباہلیّ ۱: ۴۴۴، ۳: ۳۶۶؛
سُحَیم ۱۱: ۲۷۲، ۱۲: ۱۲۲، ۲۰: ۹۰؛
سُحَیم عبد بنی الحَسْحاس — ملاحظہ ہو عبد بنی الحسحاس
سُحَیم بن وَثِیل الریاحی (او الیربوعی) ۵: ۵۰، ۳۸۳، ۷: ۱۶۲، ۳۹۶، ۸: ۱۴۷ (؟)، ۹: ۳۴۳، ۴۵۵، ۱۰: ۱۲، ۱۲۶، ۱۸: ۱۶۵، ۲۷۹، ۲۰: ۱۷۹، ۱۸۰؛
ابوسدرۃ الاسدی (او لہجیمیّ) ۱: ۳۰۷، ۱۷: ۳۴۹؛
سَدُوس بن ضِباب ۱۳: ۱۰۲، ۱۵: ۲۳۸، (ابن کی بجائے بنت لکھا ہے) ۱۹: ۱۸۷؛
سدیف (شاعر بنی العباس) ۲: ۱۰۹، ۱۰: ۲۷۷؛
سراج بن قُرّۃ الکلابی ۱۱: ۲۸۶؛ سُرَاقَۃ البارقی ۱۳: ۸۶، ۱۹: ۳؛

سُراقَة بن مِرْداس بن ابی عامر (اخو العباس بن مرداس) ۹: ۳۴۳؛
سعد بن زید مَناة ۱۳: ۲۳۷، ۱۶: ۷۱، ۱۵۶؛
سعد القَرْقَرة ۱۱: ۴۷، ۶۱؛
سعد بن مالک بن ضُبَیْعة ۳: ۲۳۱ (؟)، ۹: ۴۵۹، ۱۱: ۱۰۴ (؟)؛
ابن سعد المَعْنی ۱۱: ۲۷۵ (ابن کی بجائے ابو لکھا ہے، مگر دونوں کے تحت میں ایک ہی شعر مذکور ہے)، ۱۵: ۳۷۷؛ سعد بن المنتخر ۸: ۱۰۲؛
سَعْد بن ناشِب المازنی ۲: ۲۰۶، ۳: ۲۳۱؛
السَعْدِی ۲: ۴۷۲؛
سُعْدَی الجُهَنِیَّة - ملاحظہ ہو سَلْمَی الجهنیة
ابن سَعْنَة ۵: ۴۳؛
سعید بن عبد الرحمٰن بن حسان ۸: ۳۰۵، ۹: ۲۷۹؛
سعید بن مسحوج الشیبانی ۲۰: ۸۸؛
السفاح بن بُکیر الیربوعی ۱۸: ۹۸؛ (نیز ملاحظہ ہو اسفاح الیربوعی)
السَّفّاح بن خالد التَغْلِبی ۲: ۲۲۳، ۶: ۱۱؛
ابو السَّفّاح السَّلُوْلِی ۳: ۳۸۵ (؟)؛
السفاح الیَربوعی ۴: ۲۹۴؛
ابو سفیان ۹: ۲۰۹؛
حِدّة سفیان ۱۷: ۲۸۰؛
مُکَیْن بن نَضْرَة (او نُضْرَة) البَجَلِی ۵: ۱۲۹، ۲۰: ۲۳۲؛
سلام بن عوبة الضبی ۱۹: ۱۴۳ (؟)؛
سلمان الطائی ۹: ۳۸۰؛

سَلامَة بن حَبْدَل ١: ٢٦، ٢١٣، ٢٤٩، ٣٨٦، ٣٩٧، ٢: ١٩، ٥٠، ٦٠،
١٠٥، ١١٣، ٢٩٨، ٢٩٩، ٣: ٦٢، ٩١، ٣٤٣، ٤: ٢٧٠، ٩: ١٩، ١٥٨،
٣٥٠، ٤٣٨، ١٠: ١٢٢، ١٢: ٢٣، ٣٤، ٧٦، ٣١٤، ٣٧٥، ١٣: ٦٠،
٣٥٨، ١٤: ١٠٤، ١٥: ٢٨٨، ١٦: ١٢١، ٢٤٥، ١٧: ٤٧، ١٨: ٣٠١،
٣٠٥، ١٩: ٩٠، ١١١، ٢٦٩، ٢٠: ٥٨، ٦٦؛

سلامة بن عبادة الجَعْدي ٩: ٩٨، ١٠٤؛

ام سَلَمَة (زوج النبيّ) ٧: ١٣٩؛

سَلَمة بن الاكوع ٩: ٤٨٧، ١٠: ١٠٤، ١١: ٩٤، ١٣٧، ٢٤٥ (لاحظ ايضاً ابن الاكوع)

سَلَمة الجُعْفيّ ١٧: ٢٥٠؛

سَلَمة بن الخُشْنُب الأَنْبارِيّ (او النمارى) ٢: ٣٦٣، ٣: ٣٤٣، ٤: ٣٤٩،
٥: ٨٢، ٧: ٦٠، ١١٤ (؟)، ٩: ٧، ١٤: ٣٦؛

سلمة بن عبد الله العَدَوِيّ ٣: ٣٢٧؛

سلمة العبسي ١٢: ٣٠؛

ابوسلمة المُحارِبيّ ١: ١٨٧، ٣: ٦٧، ٤: ٣٤٧؛

سلمة بن هند الخاضري (من بني اسد) ١١: ١٤٨؛

سَلْمَى (او سُعْدَى) الجُهَنِيّة ٥: ٢٧٥، ٩: ١٠٩، ٣٧٩، ١٠: ٢٤، ١٣: ٣٦٩؛

سلمى بنت ربيعة ١٣: ٢٢٨؛

سلمى بن ربيعة الضبي ٤: ٣٢٣، ١٩: ٣٥٥؛

سلمى بن عونة الضبي ١٦: ١٥٢ (؟)؛

سلمى بنت مَجْدَعَة الجُهَنية لاحظ سلمى الجهنية

سلمى بن المُقْعَد الهذلي ٢: ٤٦، ٣: ١٧١، ١٤: ٤٢؛

السُّلُولی ۱۶: ۳۰۶؛
السُّلَیک بن السُّلَکۃ السَّعْدی ۱: ۴۱۳، ۴۹۳، ۲، ۲۶۷، ۳: ۱۹۰، ۲۸۳ (؟)، ۴: ۷۱، ۵: ۳۰۲، ۷: ۱۶۴، ۸: ۱۵۷، ۹: ۴۸، ۱۱: ۹۰، ۱۳: ۳۱۵، ۱۴: ۲۱۰، ۱۵: ۴، ۳۴۹، ۱۶: ۳۴۹ (؟)، ۱۸: ۴۷، ۱۹: ۱۹۲؛
سُلَیم بن ثُمامۃ الحَنَفی ۱۹: ۲۹۵ (؟)؛
سلیم بن سلام الحنفی ۶: ۱۷۴؛
ابوسلیمان الفَقْعَسِی ۱: ۴۸۸؛
سلیمان بن یزید العدوی ۱۰: ۲۳؛
سُمَاعۃ بن أسول النعامی ۱۹: ۲۸۴؛
ابن سماعۃ الذهلی ۱۶: ۹۵؛
سِماک العاملی (اخو مالک بن عمرو) ۴: ۲۹۶، ۱۶: ۳۸؛
السَّمَوْأل بن عادِیاء ۲: ۳۳۲، ۳۸۰، ۸: ۱۱۹، ۱۷: ۳۰ (؟)، ۱۹: ۲۰؛
سِنان الأبانی ۱۸: ۲۷۲؛
سِنان بن عَمْرو ۱۰: ۱۹۱؛
سِنان بن الفحل ۲۰: ۱۹۹؛
سِنان بن محرش السعدی ۹: ۱۰۰؛
سَهْل بن شیبان ۔ ملاحظہ ہو الفند الزمانی
سَهْم بن ایاس الهذلی ۱۶: ۵۲؛
سَهْم بن حَنْظلۃ الغَنَوِی ۱: ۱۷۳، ۱۶: ۲۶۹، ۱۸: ۱۵۱؛
سَهْم الغنوی ۱: ۴۸۳؛ (صاحبِ معجم الشعراء کے نزدیک یہ سَهْم، سهم بن حنظلة سے مختلف ہے)

ابوسَہْم الہذلی ۴: ۸۴، ۸: ۲۰۲، ۱۱: ۱۵۶، ۱۲: ۱۵۵، ۱۵: ۲۳۱، ۲۰: ۲۵۶؛
ابوسَہْو الہذلی ۱۸: ۴۱؛
سہیل بن ابی کاہل ۹: ۱۹۰؛ ابوسواج ۴: ۲۰۵؛
ابوسواج الضبی ۱۸: ۴۷؛ (سواج کی بجائے ابوسواج پڑھنا چاہیئے)
سواد بن قارب ۸: ۳۰؛
ابن سَوادَۃ ۷: ۲۳۰؛
سوادۃ بن زید بن عدیّ ۸: ۳۶۸ (؟)؛
سَوّار بن حبان المِنقَری ۷: ۲۰۳ (؟)؛
سَوّار بن المُضَرِّب السَعدِیّ ۳: ۲۴۱، ۳۲۲، ۹: ۳۰۷، ۱۴: ۳۰۷، ۱۷: ۵۴، ۱۶۸، ۲۰: ۲۶۹؛
ابوالسَوداء العِجلی ۳: ۳۳۱، ۵: ۱۹۳، ۱۳: ۴۰۹، ۲۰: ۴۳؛
سُوَر الذِئب ۱۰: ۳۸۳، ۱۳: ۴۷؛
سُوَید ۹: ۴۰۰، ۱۰: ۹۴، ۱۴: ۳۳۰، ۱۷: ۴۳۳، ۱۹: ۵۰، ۱۸۵؛
سُوَید الحارثی ۷: ۳۶۷، ۸: ۲۷؛
سُوَید بن حذاقِ العَبدِیّ ۹: ۳۱۹ (؟)؛
سوید بن الصامت الانصاری ۱: ۳۹۷، ۳: ۳۹۶، ۴: ۹۹، ۱۷: ۳۹۶، ۱۹: ۲۷۷؛
سوید بن الصَلت ۱: ۲۵۲ (؟)؛
سوید بن عامر المُصطَلقی ۲۰: ۱۶۱؛
سوید عمایر الہذلی ۱۴: ۶؛

سوید بن ابی کاهل الیشکری ۴: ۲۶۷، ۷: ۴۲۱، ۹: ۱۶۸، ۴۱۷،
۱۰: ۳۵، ۳۸، ۷۲، ۱۲۸، ۱۹۱، ۲۰۶، ۲۳۳، ۲۶۲، ۲۶۴، ۱۱: ۹۲،
۱۳: ۱۳۷؛
سوید بن کُراع العُکلی (کراع اسم امه واسم ابیه عُمَیْر) ۱: ۲۱۷،
۳: ۴۴۶، ۴: ۳۲۰، ۴۷۹، ۷: ۱۸۴، ۸: ۳۸۰ (یہی شعر سوید
بن ابی کاهل کی طرف منسوب ہے ۱۳: ۱۳۷)؛ ۱۰: ۱۹۵، ۲۶۱ (یہ شعر بھی
سوید بن ابی کاهل کی طرف منسوب ہے ۱۰: ۳۶۲)، ۱۱: ۱۲۱، ۱۲: ۱۸۶،
۱۹: ۱۸۲؛
سَیّار الاَبانی ۲: ۱۱۲، ۱۰: ۲۵، ۱۱: ۳۸۲ (یہی اشعار سِنان الابانی کی
طرف منسوب ہیں ملاحظہ ہو ۱۸: ۲۷۲)؛
سَیّار بن قصبر ۱۷: ۴۶؛
سیف بن ذی یَزَن ۱۰: ۱۶۹، ۱۱: ۴۰۹، ۱۲: ۳۸۹، ۱۳: ۴۰۰، ۱۴: ۱۸،
۱۵: ۱۶۶، ۳۵۶؛

ش

شَمّاس بن نَہار۔ ملاحظہ ہو المُمَزَّق العَبْدی
شُبْرُمة الضَّبّی ۱۱: ۲۹۹؛
شُبْرُمة بن الطُّفَیْل ۱۰: ۴۴۲، ۱۱: ۱۲۵، ۱۲: ۲۶۶؛
ابو شِبْل الاعرابی ۱: ۱۳۳؛
شَبیب بن البَرْصاء ۱: ۳۷۱، ۷: ۴۰، ۱۵: ۲۸۸، ۴۳۰، ۱۶: ۱۹۳،
۱۹: ۳۶۸، ۲۰: ۱۸۰، ۳۷۳؛
شبیب بن شَیْبَة ۱۲: ۳۹۵، ۳۹۷؛

شبيب بن عمرو الطائي ٤: ٢٣٤؛
شبيب بن عوانة ٧: ٣٧٢؛
شُبَيل بن عَزْرة الضَّبَعِيّ ٧: ١٢٣، ١٠: ١٩٧؛
شُبَيْم بن خُوَيلد الفزاري ١٦: ٣٨؛ (نيز ملاحظه هو شبيم بن خويلد)
شداد العبسي (ابو عنترة) ٨: ١٥٢؛
ابو شداخة (من بني قيس بن ثعلبة) ٨: ٢٦٩؛
شُرَيح بن أوفى العَبْسِيّ ١٥: ٤٠؛
شريح بن بجير بن أسعد التغلبي ٣: ٣٨٢؛
شريح بن جواس الكلبي ٧: ٣٣١؛
الشريف الرضي ١٨: ٨، ٢٠: ٣٢٢؛
شريك بن حيان العنبري ٣: ١٠٧، ١٨: ٨؛
شِظاظا (هو لصّ من بني ضبّة) ٦: ٣٩٩، ٩: ١١١؛
ابن شعوب الليثي (هو ابو بكر بن الاسود) ٤: ٣٣٩؛
شقران السلامي ١٥: ٣٣٠، ١٨: ٣١٦؛
شَقِيق بن السَّلِيك ١٥: ٧١ (؟)؛
الشمّاخ (هو ابو سعيد مَعْقِل بن ضرار) ١: ٣٨، ٤٧، ٧٠، ١٤٧، ١٦٨، ١٨٤،
٣١٢، ٢٢٢، ٣٩٦، ٤٣٩، ٢: ٤ (؟)، ١٦، ٣٤، ٦٩، ٨٣، ١٠٨، ١٣٨،
٣٤٤، ٤١٨، ٣: ٢٩، ٣٢، ٣٦، ٤٠، ٤٣، ٦٧، ٩٨، ١٠٢، ١٠٨، ١٣٠،
١٣٥، ١٤٥، ١٤٨، ١٨٠، ١٨٣، ١٨٤، ١٩١، ٢٠٣، ٢١٩، ٢٢٥، ٢٥٣،
٣١٧، ٣٣٣، ٣٨٨، ٤١٣، ٤٦٤، ٤: ٢٢، ٢٤، ٥٠، ٨١، ١٠٩، ١٨٤،
٢٣٩، ٢٥١، ٢٥٧، ٢٦٦، ٣٥٩، ٤٠٠، ٤٠١، ٤٢٤، ٤٧٦، ٥: ٥٠، ٦٢،

٩٧، ١١٠، ١٧٠، ٢٢٩، ٢٣٠، ٣٠٦، ٣٢٧، ٣٤٦: ٩، ٥٠، ٥٧، ٨٣،
٩٧، ٩٨، ١٦٥، ١٧٠، ٢٥٥، ٣٠٠، ٣٢٨، ٣٣٦، ٣٩٥، ٤١٧، ٤٢٢،
٧: ٩، ٣٢، ٤٢، ٤٧، ٩٠، ٩٦، ١١٤، ١٧٩، ١٨٢، ١٨٦، ١٨٩، ١٩٩،
٢٠٠، ٢٠٣، ٢٠٥، ٢١٩، ٢٢٨، ٢٣٢، ٢٣٤، ٢٤١، ٢٤٧، ٢٦٦، ٢٨٣،
٢٨٣، ٢٨٦، ٢٨٧، ٢٨٩، ٢٩٩، ٣١٧، ٣٤١، ٨: ١٠، ١١٤، ٢٠٦،
٣١٨، ٣٤٦، ٣٥٠، ٣٥٨، ٣٩٦، ٩: ٣٩، ٤٦، ٤٧، ٨٢، ٨٧، ١٤٤،
١٩٩، ٣٥٣، ٣٧١، ٣٧٨، ٤٠٠، ٤٥٨، ١٥: ١٦، ١٨١، ٢١٤، ٢٧، ١٠،
١٢٣، ١٣٢، ١٥٧، ١٧: ١٧، ١٧٦، ٢٢٣، ٢٤٨، ٢٨٨، ٣٤٧،
١١: ٩٦، ١٥٠، ١٥٤، ٢٥٩، ٢٧٢، ٢٧٨، ٣٦٨، ٤٠١، ١٢: ٢٨،
٣٥، ٣٦، ١٢١/٢٧٥، ١٢٠، ١٣٠، ١٤٣، ١٥٩، ١٨٧، ١٩٧، ٢٦٤، ٣٢٦،
٣٣٦، ٣٨٥، ١٣: ٢٤، ٢١٨، ٢٣٩، ٣٤٣، ٣٤٢، ٣٤٣، ٣٦١، ٣٧٠،
٤٠٧، ٤٣٣، ٤٤١، ٤٧٠، ٤٧١، ٤٨١، ١٤: ١٨٠، ٢٢٠، ٢٨٥،
٣٥٧، ١٥: ٥٠، ١٢٠، ١٣٩، ٢١٤، ١٦: ٢٣٤، ٢٤٤، ٢٦٥،
٢٧٠، ١٧: ١٣، ١٢٤، ٢٠٨، ٢٧٣، ٣٢١، ٣٢٣، ٣٥٣، ٣٧٨،
٣٩٣، ٤١٢، ١٨: ٧٠، ١٥٤، ١٩٤، ٢١١، ٢١٤، ٢٧، ٢٩٠(؟)،
٣٠٤، ٣١٣، ١٩: ٢٧، ٥٢، ٩١، ١٤٦، ٣٦٩، ٢٠: ٨٨، ١١٤،
١٥٠، ٢٠٤، ٢٣١، ٢٥١، ٣٥٤، ٣٦٧!
شَمِر ٦: ٢٩٩، ٢٠: ٢٨؛
شَمِر بن الحارث الضَّبِّيّ ٤: ١٢٦ (؟)، ٧: ٣٠٨، ١٧: ٣٠٩،
ابو شَمِر بن حُجْر ١٥: ١٥٢ (؟)،
الشَّمَرْدَل ٢: ١٤١، ٩: ٤٤٥!

الشمردل بن شريك اليربوعي ۱۴: ۲۹۳؛
شمعلة بن الاخضر الضبي ۱۲: ۵۲، ۱۶: ۲۷۳، ۱۷: ۲۴۹؛
الشماء بنت زيد بن عمارة ۱۸: ۶؛
الشنفرى ۱: ۱۶۳، ۲۴۵، ۲: ۳۱۵، ۳۵۶، ۳: ۱۴۴، ۵: ۲۳۵
۶: ۴۳، ۲۸۸، ۷: ۴۰۸، ۸: ۴۰۲، ۹: ۱۱۹، ۱۰: ۲۵ (۹)، ۳۰۸
۱۱: ۴۵، ۱۲۸، ۱۴۶، ۱۳: ۵۷، ۱۶۱، ۲۳۲، ۱۴: ۲۹۷، ۱۶: ۲۵۰
۱۷: ۴۱۴، ۱۸: ۲۱۴، ۲۰: ۱۰۰، ۱۹۶، ۳۶۹؛
شهاب بن ابی ذؤيب الهذلی ۵: ۲۷۵ (۹)، ۱۳: ۱۱۳ (۹)؛
ابن شهاب الهذلی ۱۰: ۷۷؛ (یہی شعر ابو شہاب الہذلی کی جانب منسوب ہے، ملاحظہ ہو ۴: ۱۱۰)
ابو شهاب الهذلی ۴: ۱۱۰، ۵: ۲۷۵؛ (نیز ملاحظہ ہو ابو ذویب الہذلی)
شهل بن شيبان. ملاحظہ ہو الصِّنّ الزمانی
شوّال بن نعيم ۷: ۹:
الشُّوَيْعِر. ملاحظہ ہو محمد بن حُمران بن مالك الجعفی
الشُّوَيْعِر الحنفی. ملاحظہ ہو هانئ بن توبة الشيبانی
ابو الشِّيْص ۹: ۸۲؛
شُيَيْم بن خُوَيْلِد ۱۱: ۳۶۸؛

ص

صالح بن الاحنف ۱۵: ۱۳۶؛
ابن الصامت الجُشَمِيّ ۲: ۱۶۴:

الصَّبَّاح بن عمرو الهَمْدانی ۱۵ : ۴۷ ؛
ابن الصَّبْغاء ۱۱ : ۲۴۷ ؛
ابو صَحار ۱۴ : ۲۵۲ ؛
صَخْر النَّخَعی الهُذَلی ۱ : ۲۸ ، ۵۴ ، ۱۶۷ ، ۲۰۰ ، ۲۶۲ ، ۲۸۱ ، ۳۱۸ ، ۳۴۰ ، ۳۹۸ ، ۴۱۱ ، ۴۲۲ ، ۴۵۴ ، ۲ : ۱۶۵ ، ۲۳۶ (۹) ، ۴۱۸ ، ۳ : ۱۷ ، ۲۵ ، ۲۹۵ ، ۳۲۰ ، ۴۴۸ ، ۴۹۸ ، ۴ : ۵۹ ، ۱۱۲ ، ۱۵۱ ، ۱۷۴ (۹) ، ۱۷۱ ، ۲۷۷ ، ۳۹۸ ، ۴۲۷ ، ۴۳۷ ، ۴۵۹ ، ۵ : ۲۵۶ ، ۳۵۵ ، ۳۸۸ ، ۴۲۳ ، ۶ : ۳۶۷ ، ۷ : ۹۵ ، ۸ : ۱۶۱ ، ۹ : ۱۷ ، ۲۴۵ ، ۳۷۰ ، ۳۷۳ ، ۴۶۸ ، ۴۸۱ ، ۱۰ : ۱۹ ، ۸۰ ، ۹۱ ، ۱۲۶ ، ۱۷۱ ، ۳۷۹ ، ۳۹۲ ، ۴۴۴ ، ۴۴۸ ، ۱۱ : ۸۳ ، ۹۱ ، ۱۱۵ ، ۲۰۹ ، ۲۸۲ ، ۱۲ : ۲۲۵ ، ۲۴۳ ، ۱۳ : ۱۶۶ ، ۲۴۱ ، ۳۴۳ ، ۴۲۰ ، ۴۲۶ ، ۴۷۶ ، ۵۰۱ ، ۱۴ : ۲۷ ، ۲۸۰ ، ۲۸۷ ، ۳۶۵ ، ۳۷۲ ، ۱۵ : ۱۰۲ ، ۱۲۸ ، ۱۳۲ ، ۲۰۳ ، ۲۱۷ ، ۱۶ : ۱۴ ، ۳۰ ، ۲۲۱ ، ۱۹ : ۵۷ ، ۷۳ ، ۲۲۸ ، ۲۰ : ۱۹۱ ، ۱۹۷ ؛
صَخْر بن حَبْناء ۱ : ۴۷ ؛
صَخْر بن عمرو (بن) النَّدبد السُّلَمی ۵ : ۳۵۵ ، ۷ : ۲۰۹ ، ۱۱ : ۲۰۴ ، ۱۳ : ۳۲۴ ، ۳۸۸ ، ۲۰ : ۱۹۱ ؛
صخر بن عمیر (او عمیرة) ۳ : ۱۱۷ ، ۱۳ : ۷ ، ۹۷ ، ۱۴ : ۲۹ ، ۷۸ ، ۱۴۵ ، ۲۰۱ ؛
ابو صَخْر الهُذَلی ۱ : ۲۱۷ ، ۲۷۹ ، ۳۵۱ ، ۳۶۳ ، ۲ : ۲۸۴ ، ۴۶۱ ، ۴ : ۵۰ ، ۶۵ ، ۷۰ ، ۱۳۲ ، ۱۵۲ ، ۱۵۵ ، ۱۷۸ ، ۵ : ۴۲۲ ، ۶ : ۳۶ ، ۴۲ ، ۱۰۲ ، ۷ : ۱۱۸ ، ۲۱۹ ، ۴۱۹ ، ۴۳۳ ، ۸ : ۱۶۵ ، ۹ : ۷۶ ، ۱۵۷ ،

۱۱: ۷، ۱۹۴، ۱۲: ۱۶۳، ۱۳: ۲۶۱، ۴۳۱، ۴۳۲، ۴۷۶، ۴۷۷،
۱۴: ۱۶، ۳۱۲، ۱۵: ۱۶۶، ۲۱۷، ۲۹۳، ۳۱۴، ۴۰۸، ۱۶: ۱۱۱،
۱۲۰، ۱۲۲، ۱۷: ۳، ۱۱۴، ۱۸: ۱۲۸، ۱۹: ۲۱۶، ۲۳۷، ۲۰: ۲۵۰،
۲۹۴؛
ابوصخرۃ ۲۰: ۲۴۹، (یہی شعر ابوصخیرۃ کی جانب منسوب ہے)
ابوصُخَیْرَۃ ۲۰: ۱۶۶؛
ابوصَدَقۃ الدُّبَیْری ۱: ۱۹۰؛
ابوصدقۃ العجلی ۱۹: ۱۸۴؛
ابوالصَّرِیح الکِنْدِیّۃ ۱: ۳۱۵؛
صریم بن معشر۔ ملاحظہ ہو اُفْنُون التَغْلبی
ابوصَعْتَرَۃ البولانی ۱: ۲۷۰، ۱۲: ۷۰، ۱۶: ۲۷۴؛
ابوصَفْوان الاسدی ۵: ۴۰۱، ۱۳: ۵۰۷؛
الصَّعِق بن حکیم بن مُعَیَّۃ الربعی ۱۲: ۱۹۸؛
صَلاءَۃ بن عمرو الاَفْوَہ۔ ملاحظہ ہو الاَفْوَہ الاَوْدِی
ابن ابی الصلت۔ ملاحظہ ہو امیۃ بن ابی الصلت
ابوالصَّلْت الثَّقَفِیّ ۹: ۲۳۶، ۱۵: ۱۵۲، ۱۶: ۶۳، ۲۰: ۱۶۹،
الصَّلْتان العَبْدِی ۲: ۲۰۸؛
الصِّلِّیان العَبْدِی ۱۹: ۳۵۹ (؟)؛
الصَّمَّۃ بن عبدِ اللہ القُشَیْری ۱: ۴۸۵، ۲: ۴۹۴ (؟)، ۴: ۳۳۰،
۶: ۲۳۵، ۱۰: ۲۵۹؛
صِنّان بن عَبّاد الیشکری ۸: ۳۹۵ (؟)؛

ابو الصوف الطائی ۲۰: ۳۷؛

ض

ضابئ بن الحارث البُرْجُمِیّ ۵: ۱۶، ۶: ۴۳۸، ۹: ۱۸۸، ۱۱: ۵۳، ۱۲: ۲۵۹، ۱۳: ۲۱۹، ۲۱۹، ۲۴۰، ۱۶: ۱۵۶، ۱۷: ۹۲ (؟) ۲۱۱؛

ضَبّ ۱۳: ۲۴۸؛

ضَبّ بن نُعَرَة ۱۷: ۳۱۵؛

ابو ضب الهذلی ۸: ۲۸؛

الضباب بن سَبِیع بن عوف الحنظلی ۱۳: ۲۶۹؛

الضباب بن سُبَیع ۱۵: ۴۲؛

ضباب بن واقد الطُّهَوِیّ ۵: ۳۴۱، ۶: ۲۶۵ (؟)؛

ضباب بن وَقدان السدوسی ۲۰: ۲۵؛

ابو ضبة الهذلی ۴: ۳۸۸؛

ابن الضَّبْعاء ۱۱: ۱۹؛ (یہی مصرع ابن الضَبْغاء کے تحت میں مذکور ہے)

الضَبّی ۱۰: ۲۱۵، ۲۶۲؛

الضحاك العامری ۳: ۳۵۰؛

ضرار بن الخطاب الفهری ۳: ۱۴۰؛

ضرار بن عتبة العبشمی ۴: ۲۳۴؛

ضرار بن عمرو السَّعدی ۱: ۱۰۴؛

ضَمْرَة بن ضمرة بن جابر بن قطن النهشلی ۸: ۸۶، ۹: ۴۳۳،

۹: ۴۳۳، ۱۰: ۱۰۹، ۱۰۵، ۱۳: ۵۷، ۱۵: ۱۶۸، ۱۹: ۲۷۵، ۲۰: ۹۷، ۳۰۴،
ضَیغم الاَسَدِیّ ۱۵: ۱۶، ۲؛

ط

الطائی ۳: ۹۶، ۹: ۳۸، ۱۲: ۲۵۷، ۱۶: ۶۹؛
طالب بن ابی طالب بن عبد المطلب ۱۷: ۳۶۹؛
ابو طالب بن عبد المطلب [عم الرسول (ص)] ۱: ۱۶۳، ۲۳۷،
۲: ۲۲۵، ۲۵۵، ۳: ۳۵۵، ۴۶۰، ۴: ۱۷، ۶: ۳۷، ۱۰۲، ۴۶۰، ۷: ۴۰۲،
۸: ۲۸۰، ۹: ۶۳، ۱۲: ۲۷۶، ۴۰۰، ۱۳: ۱۹، ۹۹، ۱۴۲، ۳۱۶، ۵۱۸،
۱۴: ۸۸، ۱۰۰، ۱۸۹، ۲۶۲، ۱۵: ۱۲۰، ۲۹۸، ۱۷: ۳۰۴، ۱۸: ۸۷،
۱۹: ۶۴؛
طالق بن عدی ← ملاحظہ ہو طَلْق بن عدی
ابن الطَّثْرِیَّة (اسمہ یزید) ۷: ۱۷۲، ۱۸۴، ۸: ۲۶۵، ۱۰: ۱۰۴، ۱۲:
۷۰، ۷۴، ۱۴: ۱۰۲، ۱۶: ۲۳۰، ۱۷: ۲۴۸، ۱۹: ۳۲۲؛
طَرَفَة بن العَبْد ۱: ۲۱، ۳۱، ۱۶۸، ۲۰۱، ۲۸۶، ۳۱۳، ۳۲۴، ۳۴۷،
۳۴۳، ۲: ۱۹، ۳۷، ۱۱۰، ۱۱۴، ۱۲۰، ۱۴۷، ۱۷۵، ۲۸۴، ۲۸۹، ۳۲۱،
۳۲۴، ۳۳۱، ۳۳۴، ۳۵۳، ۴۰۷، ۴۵۸، ۴۶۳، ۴: ۱۹، ۸۵،
۱۴۹، ۱۵۸، ۱۷۶، ۲۲۰، ۳۱۶، ۳۳۲، ۳۳۴، ۳۵۸، ۳۹۶،
۴۰۷، ۴۴۴، ۴۸۴، ۴۸۴، ۴: ۲، ۴۴، ۷۶، ۸۶، ۹۴، ۱۰۴، ۱۴۲،
۱۹۵، ۲۰۱، ۲۱۲، ۲۱۹، ۲۲۲، ۲۶۴، ۲۷۷، ۳۱۶، ۳۳۱، ۳۹۹،

٢٦م، ٢٨م، ٣٠م، ٣٢م، ٣٤م، ٤٧م، ٥: ٥٧، ٨٣، ١١٩،
١٥٧، ٢٥٥، ٢٥٧، ٣١٣، ٣٢٧، ٣٤١، ٣٤٥، ٣٤٥،
٤: ٢٢م، ٤٧، ٨٩، ٩٠، ١٤١، ١٥٨، ١٩٠، ٢٢٥، ٢٤٣، ٢٥٠،
٢٥٥، ٢٦٢، ٢٨٢، ٣٠٨، ٣١٥، ٣٤٩، ٣٧٧، (؟)، ٣٧٩،
٦: ٤، ٣٤، ٨٠، ٨٧، ٨٨، ١١٩، ١٤١، ١٤٣، ١٤٩،
١٨٥، ٢١٧، ٢٢٣، ٢٢٩، ٢٧٢، ٣٢٣، ٤٢٣، ٤٢٦،
٨: ١١، ١٩، ٣٠، ١٠٠، ١٨٢،
٣٩٣، ٩: ٨، ١٢٣، ١٣٩، ١٥٠، ١٩٥، ٣٠٨، ٣٧٢، ٣٤٣، ٤٠م، ٤٥٣،
٤٨٩، ٤٩٨، ٥٠م، ٢٦١، ٢٧٤، ٢٠٣، ٢٢٥، ٢٤٠م، ٢٧٩، ٣٠٩،
٣٤١ (؟)، ٣٩٣، ٣٩٤، ٤٠م، ٥٠م، ١١: ٥، ٨٤، ٥٠، ٩٠، ١١٢،
١١٨، ١٨٧، ٢٢٥، ٢٧٤، ٢٥٦، ٢٧٢، ٢٧٩، ٣١٠، ٣٢٤، ٣٩١،
١٢: ٥٧، ٤٠١، ٢٧٢، ٣٣٧، ٣٥٤، ٣٨٧، ١٣: ١٧، ٢٤، ١٢١،
١٢٣، ١٣١، ٢٧٤، ٢٩١، ٣٠٥، ٣١٢، ٣٣١، ٣٥٢، ٣٢٤ (؟)، ٣٨٤،
٤٣٤م، ١٤: ٢٩، ٥١، ١٤٩، ١٧٤م، ٢٠٢، ٣١١، ١٥: ٣٢، ٤٢، ٧٤،
١٦٢، ١٧٣، ١٧٤م، ٢٢٨، ٢٣٥، ٣٢٩، ٣٣٨، ٣٤٨، ٣٨٤،
٥٠٤م، ١٣٤م، ١٦: ٣٠، ٤٢، ٩٤م، ٧٤، ٧٩، ١١٤، ١٢٠، ١٥٣، ١٧٣،
٢٣٠، ٢٣٨، ٢٨٤، ٢٩٠، ٢٩٧، ١٧: ١٤م، ٥٤م، ٧٣، ١٧٤، ١٨٣،
٣٤٣، ٣٤٦، ٣٤٩، ٤٠م، ٤٢م، ٤٤م، ٤٩م، ١٨: ٣٩، ٤٠م، ٨٩، ٩٩، ١٣٢، ١٤٢،
١٧٣، ٢١٩، ٢٦٥، ٢٧١، ٢٧٧، ٢٩٨٠، ١٩: ٣١، ٣٢، ٤٢، ١١م، ١٩م،
٢٢٣، ٣٢٧، ٣٥٩، ٣٧٥، ٢٠: ٩٩، ١٢٥، ١٩١، ٢٣٢، ٢٧٥، ٣٢٦،

جدّ طرفة ١٢: ٤٣؛

الطِّرِمّاح ← ملاحظة: أبو الطرماح بن الحكيم

الطِرِمّاح الأجَئ ١٥: ١٥٢ (؟)؛
الطرماح بن الحُكَيم ٧: ٣٣٤؛
الطرماح بن الحكيم ١: ١٠٦، ١٥٢، ٢٠٦، ٢٥٥، ٢٦٧، ٣٣٤، ٣٤٢، ٣٤٥،
٣٨٣، ٣٣٤، ٨٠٤، ٢: ٤٩، ٥٠، ١١٠، ١١٧ (؟)، ١٣٢، ١٧٢، ٢٢٤،
٢٣٨، ٣٥٣، ٤٠٤، ١٥٤، ٨١٤، ٣: ٤٠، ٨٥، ١١٦، ١٢٤، ١٣٤، ٢٠٢،
٢٢٧، ٢٤١، ٣٤٢، ٢٥٣، ١٧٢، ٣٧٢، ٤٧٢، ٨٧٢، ٢٨١، ٣١٤،
٣١٥، ٣١٦، ٣٢٤، ٣٧٢، ٢٣٤، ٣٤٤، ٣٩٤، ٣٦٣، ٣٩٣، ٤٠٧،
٤٣٥، ٤٥٠ (؟)، ٤٦٤، ٤٧٣، ٤: ٤، ٦، ٥٨، ٨٥، ٨٦، ٨٩، ٩٣،
١٠٣، ١٠٨، ١٤٣، ١٦٦، ١٨٥، ٢٢٤، ٢٥٨، ٣٠٨، ٣١٧، ٣٢٨،
٣٤٠، ٣٥٢، ٣٦٤، ٣٩٦، ٤٨٣، ٥: ١٤، ٤٤، ٥٥، ١٠٦، ١٢٨، ١٣٦،
١٥٩، ١٧٥، ١٩٠، ١٩٤، ٢٢٣، ٢٤٠، ٢٥٤، ٣٠٣، ٣٠٥، ٣٣٣، ٤٧٣،
٤: ٨٠، ١٠٠، ٢٣٤، ٢٢٤، ٢٥٧، ٢٥٨، ٣٠٥، ٣٨٤، ٤٢٩، ٧: ١٤،
٢١، ١٠٤، ١٦٦، ٢٠٧، ٢٥٩، ٢٦٤، ٢٩٥، ٣١٤، ٣٨٠، ٤٠٠، ٤٠٨، ٤١٤،
٤١٥، ٨: ١٣، ٢٦، ٢٨، ٥٧، ٢٩، ١٢٠، ٢٦٠، ٢٧٧، ٣٠٨، ٣١٠، ٣٢٨،
٣٥٣، ٤٠٤، ٤٠٥، ٤١٠، ٩: ٣٠، ٤٨، ٨١، ٩٢، ٩٣، ١٠٧، ١١٤، ٨١٨،
١١٩، ٤١٥، ٤٢٠، ٢٥٣، ٣٢٥، ٣٦٩، ٤١٤، ٤٢٠، ٤٠٤، ١٠: ٢٢، ٤٣،
٥٧، ٨٢، ١٢٢، ١٣٢، ٤٢٤، ٤٣٥، ٤٥٢، ٤٥٧، ٤٧٦، ٣٠٠، ٣٢٨،
٤٠٦، ٤٠٩، ٤٢٠، ٤٩٤، ١١: ١١٠، ١١٤، ١١٧، ٤٠١، ٤٦٧، ٤٧٨، ٤٧٠،
٤٧٢، ٤٩٣، ٤٢٨، ٤٢٤، ١٢: ١٣٤، ٤٠٣، ٤٢٤، ٤٢٧، ٤٢٩، ٤٣٥،
٤٥٤، ٤٨٥، ١٣: ٧، ٤٥٩، ٤٨١، ٤١٩، ٤٢٠، ٤٢٥، ٤٢٢، ٤٩٢، ٤٥٣، ٤٥٧،
٤٩٠، ٤٩٢، ٤٥٥، ٤٦٩، ٤٧٥، ١٤: ١٩، ١٠٠، ١١١، ١٨٩، ٤٢٩، ٤٢٩٣،

۳۲۲، ۳۳۳، ۵/۱: ۲۷، ۲۷، ۷۸، ۸۳، ۹۶، ۱۱۷، ۱۳۶، ۱۴۷، ۱۸۸،
۱۸۹، ۱۹۴، ۲۱۳، ۲۲۳، ۲۲۴، ۲۲۵، ۲۳۱، ۲۷۴، ۳۲۸، ۳۳۲،
۳۷۵، ۳۷۶، ۴۰۴، ۴۱۰، ۴۳۱، ۴/۱: ۱۳، ۴۶، ۷۳، ۷۵، ۸۱، ۱۰۹، ۱۵۶،
۱۵۹، ۲۱۱، ۲۴۱، ۲۶۰، ۲۶۱، ۲۹۹، ۷/۱: ۷، ۸۷، ۲۹، ۴۳، ۵۲، ۹۲، ۹۹،
۱۰۰، ۱۰۳، ۱۰۸، ۱۵۳، ۱۶۱، ۱۶۵، ۱۷۹، ۲۰۸، ۲۳۰، ۲۳۷، ۲۴۳ (؟)، ۲۴۰، ۲۵۰،
۲۶۳، ۲۸۵، ۳۳۵، ۳۴۰، ۳۴۱، ۳۶۸، ۳۹۵، ۸/۱: ۱۸، ۱۹، ۲۷، ۲۹،
۳۵، ۴۰، ۶۹، ۹۲، ۱۳۷، ۲۶۹، ۲۷۰، ۲۷۴، ۲۷۷، ۲۸۸، ۱۹: ۲۷،
۱۲۴، ۱۴۷، ۱۵۴، ۱۸۹، ۲۳۹، ۲۵۵، ۲۹۸، ۳۶۴، ۲۰: ۵، ۶، ۳۴،
۴۳، ۶۵، ۸۰، ۱۰۳، ۱۱۰، ۱۵۹، ۱۷۱، ۲۰۷، ۲۲۲، ۲۴۷؛

الطرماح بن عدی ۴/۱: ۹۱، ۱۹: ۱۷۰؛

طُرَیح ۳: ۲۲۳، ۳۴۹، ۴: ۱۶۷، ۲۵۵، ۶: ۱۶۳، ۷: ۱۲۰، ۸: ۲۱۷، ۹:
۳۴۸، ۱۳: ۹، ۹۵، ۱۴: ۷۸، ۱۷: ۵۴، ۱۹: ۲۹۵، ۲۰: ۱۵۱؛

طُرَیف بن تمیم ۱۲: ۲۴؛

طریف العیسی ۲۰: ۱۸۲؛

طریف بن عمرو ۱۱: ۱۴۱ (؟)؛

طریف بن مالک العنبری ۲: ۳۶، ۱۰: ۳۸، ۱۱: ۱۴۱، ۱۵: ۴۷؛

طُفَیل ـ ملاحظہ ہو طُفَیل العَنَوِی

ابن طفیل ۳: ۱۷۲؛

طُفَیل السعدی ۱۷: ۳۳۵ (؟)؛

الطُّفَیل بن عمرو ۱۵: ۳۷۰؛

طُفَیل العَنَوِی ۱: ۳۰، ۲۹۱، ۳۲۸، ۳۸۴، ۴۵۸، ۴۷۶، ۲: ۴۰۴، ۱۰۶، ۱۰۹،

۱۱۰، ۱۲۰، ۱۶۲، ۱۹۵، ۲۲۲، ۲۲۷، ۲۴۷، ۳۷۹، ۳۸۶، ۳: ۶، ۴۷،
۲۷۸، ۳۱۱، ۳۱۴، ۴: ۱۸۶، ۲۳۸، ۵: ۲۴۲، ۲۴۳، ۳۶۲، ۶: ۸، ۱۱۶،
۲۴۵، ۲۷۵، ۲۸۷، ۳۱۴، ۸: ۳۷، ۳۰۱، ۳۵۰، ۹: ۱۶، ۲۰۹، ۲۱۳،
۲۷۸، ۴۰۳، ۳۱۳، ۱۰: ۱۲۸، ۲۱۲، ۲۳۶، ۳۳۰، ۳۸۰، ۱۱: ۶۰، ۶۶،
۸۷، ۱۳۶، ۱۷۷، ۲۹۵، ۴۰۲، ۱۲: ۱۱۷، ۳۳۳، ۱۳: ۲، ۹، ۷۷، ۱۱۸،
۱۱۹، ۱۸۲، ۲۳۶، ۲۷۸، ۳۶۴، ۳۹۴، ۱۴: ۳۰۸، ۳۳۷، ۱۵: ۵۱،
۵۷، ۱۰۸، ۱۹۷، ۲۴۸، ۲۶۵، ۲۹۸، ۳۲۴، ۱۷: ۷، ۷۷، ۱۰۵، ۳۸۴،
۴۱۶، ۴۵۵، ۱۸: ۱۴، ۸۳، ۱۲۰، ۲۹۵، ۱۹: ۲۹، ۳۳، ۳۴، ۵۵، ۱۲۴،
۳۲۸، ۳۷۰؛

طفیل بن یزید الحارثی ۱۲: ۲۸۶؛

طَلْق بن عَدِیّ ۲: ۴۶۵، ۳: ۵۰۹، (طلق کی بجائے طالق لکھا ہے)، ۴: ۳۲، ۵:
۱۷۱، ۸: ۲۵۸، ۱۲: ۳۳۲، ۱۷: ۲۳۹، ۲۹۱، ۱۸: ۲۰۷؛

طُلَیْحة بن خُوَیلد الاسدی ۱۳: ۱۵۰، ۱۹۳؛

الطماحی ۹: ۳۲۳، ۲۰: ۴۶؛

ابو الطَّمحان القَینیّ (هو حنظلة بن شرقیّ) ۴: ۴۰۱ (ر)، ۸: ۱۶۴، ۹: ۲،
۱۲: ۲۲، ۵۹، ۱۳: ۲۸، ۱۴: ۲۶۲، ۱۷: ۷۷، ۱۸: ۷۷ (ر)، ۱۹: ۳۱،
۲۰: ۶۹؛

طَهمان بن عمرو الکلابی ۲: ۱۳۲، ۱۱: ۲۹۸، ۱۳: ۲۳۲؛

الطُّهَوِیّ ۱: ۸۹، ۱۹: ۲۰۲؛

ابو طوق الاعرابی ۴: ۸۷؛

طُوَیس (هو عبد النَّعیم) ۷: ۴۳۴؛

ابو الطیب ۱: ۱۱۲، ۴۲۷، ۴: ۲۵۵، ۶: ۱۶۱، ۱۵: ۳۹۹، ۱۶: ۲۰۸، ۱۹: ۵۸،
(نیز ملاحظہ ہو المتنبی)
ابن الطَّیفان الدارمی ۱۳: ۲۶۷؛
ابن الطیفانیۃ ۱۱: ۷۶؛

ع

ابن عباس الجحدری ۶: ۲۰۵ (؟)؛
عاتکۃ بنت عبد المطلب ۱۰: ۵۳؛
عادیۃ (اُحَیحۃ بن)، ۷: ۴۰۷؛
عارق الطائی ۹: ۳۸۵، ۱۲: ۱۲۱، ۱۹: ۲۰۵؛
العامر ۹: ۳۶۸؛
ابن العامر الکلابی ۱۰: ۲۹۷؛
ابو عامر الکلابی ۳: ۱۶۴، ۷: ۴۰۸، ۱۰: ۳۶، ۱۲: ۲۹۰، ۱۶: ۱۳۳، ۱۹: ۲۶۰؛
ابو عازب الکلابی ۶: ۸۱ (یہی شعر ۱۰: ۲۹۷ پر ابن العامر الکلابی کی جانب منسوب ہے)۔
عاصم بن ثابت الانصاری ۳: ۳۴۴، ۴: ۳۵۹، ۱۳: ۴۲۲، ۱۴: ۱۶۵؛
عاصم بن منظور ۳: ۳۸۰؛
ابن ابی عاصیۃ ۲: ۲۶۴؛
ابو العاصیۃ السُّلَمی ۸: ۱۴۹؛
ابو عامر (جدّ العباس بن مِرداس) ۶: ۴۲۷، ۱۲: ۱۰۸ (؟)؛
عامر بن جریر الطائی ۷: ۳۰۹ (شاید جُوَین کی بجائے جریر لکھا گیا ہو)؛

عامر بن جُوَین الطائی ۱: ۱۳۲، ۶: ۲۰۹، ۱۲: ۲۵۲، ۱۳: ۳۵، ۶۳؛ (نیز ملاحظہ ہو عامر بن جبیر اور عمرو بن جُوَین)۔
عامر بن الحارث — ملاحظہ ہو جِرَان العَوْد
عامر بن الحُلَیس — ملاحظہ ہو ابوکبیر الھذلی
عامر الخَصَفِی ۱۰: ۳۷۷، ۲۰: ۲۸۹؛
عامر بن شَقِیق الضَّبّی ۱۱: ۳۲۸، ۴: ۲۷۹؛
عامر بن الطُّفَیل السعدی ۱: ۵۶، ۲: ۵۸ (؟)، ۳۵۸، ۳: ۹۷، ۴: ۲۵۲، ۴۷۹، ۹: ۴۷، ۱۰: ۴، ۷۹، ۹۰، ۹۳، ۱۳۲، ۱۱: ۱۵۱، ۳۳۶، ۱۲: ۱۲، ۱۳: ۲۹۳، ۴: ۱: ۵۷، ۱۱۳، ۱۸۲، ۳۶۶، ۵: ۲۷۵، ۳۱۴، ۱۸: ۲۴۵، ۲۵۴؛
عامر بن العَجْلان الھذلی ۹: ۲۰؛
عامر بن عُقَیْل السعدی ۱۷: ۳۳۵ (؟)، ۳۸۸؛
عامر بن فُھَیرۃ ۱۰: ۳۸۲، ۱۱: ۴۲۳؛
عامر بن قیس ۶: ۳۹۹؛
عامر بن کثیر المحاربی ۵: ۲۹، ۱۶۴؛
عامر بن کعب بن عمرو بن سعد ۱۱: ۲۸۳؛
ابو عامر الکلابی ۳: ۱۲۱، ۷: ۳۷؛
عامر بن مالک (مُلاعِب الأسِنّۃ) ۱۲: ۳، ۴: ۱: ۲۸۸؛
العامری ۲: ۴۷۹؛
العامریۃ ۴: ۱۴۶، ۷: ۱۲۴، ۱۵: ۴، ۱۷: ۱۲۴، ۳۸۹، ۲۰: ۲۱۱؛
عُثمان بن کعب (بن عمرو بن سعد) ۷: ۳۲۷، ۱۳: ۴۹۵، ۴: ۲۴،

۱۶: ۱۷، ۲۰۷،
ابن ابی عائذ — ملاحظہ ہو اُمَیَّة بن ابی عائذ الھذلی۔
عائذ بن منقذ العنبری ۱۵: ۳۶۲؛
عائشة (بنت ابی بکرؓ) ۱۰: ۱۷۶، ۱۶: ۳۰۱؛
العائف الضَّبّی ۴: ۱۱۹؛
عَبّاد بن لَحْفَة بن مازن — ملاحظہ ہو ابو الرَّبَیس۔
عبادة بن لحفة — ملاحظہ ہو ابو الرَّبیس المازنی۔
العَبّاس ۱: ۱۰۷، ۲: ۳۱۹، ۷: ۶۱، ۹: ۳۰۰، ۱۰: ۲۶۶، ۱۹ م، ۱۱: ۲۸۵،
۱۲: ۲۳۳، ۲۷۷، ۳۷۷، ۱۹: ۳۲۳؛
ابو العباس ۱۹: ۳۳۴؛
عباس بن عامر الاصم ۵: ۹۷؛
العباس بن عبد المطلب ۲: ۱۵، ۴: ۴۴۴، ۱۳: ۲۴۲ م، ۱۷: ۳۲۷؛
(نیز ملاحظہ ہو العباس)
العباس بن مِرْدَاس السُّلَمی ۱: ۶۵، ۱۵۷، ۲۱۸، ۲۳۰ (؟)، ۲۵۵، ۲:
(۲۷، ۴۲۳، ۴: ۲۶۷، ۴۷۴ (؟) [نیز ملاحظہ ہو ۷: ۳۲۷]، ۵:
۷، ۱۳۳، ۲۶۰، ۶: ۱۷۰ (؟)، ۷: ۲۰، ۲۹۹، ۳۲۷، ۴۰۰، ۸: ۱۸۳ (؟)،
۲۶۲، ۹: ۳۹۶، ۱۰: ۸۶، ۱۳: ۸۹، ۱۹۳، ۲۷۶، ۳۰۱، ۱۵: ۱۶۳،
۴۰۹، ۱۶: ۲۰۵، ۱۷: ۱۷۶، ۱۸: ۱۲۱، ۱۴۷؛ (نیز ملاحظہ ہو العباس)
ابو العباس النُّمَیری ۱۹: ۶۱
عَبْد بن حَبِیب الھُذَلی ۱: ۳۲۱، ۳: ۴۹ م؛
عبد اللہ بن اوفی الخزاعی ۴: ۳۶۱، ۱۰: ۳۱؛
عبد اللہ بن ابی اوفی ۱۰: ۴۲؛ (بیہی شعر ۴: ۳۶۱ پر عبد اللہ بن اوفی الخزاعی

کی جانب منسوب ہے)۔

عبداللہ ذوالبِجادَیْن المزنی ۳: ۹۱، ۱۵: ۲۰۳ (ذوالبجادین کی بجائے ذوالنجادین لکھا ہے)، ۱۸: ۱۳۴؛

عبداللہ بن ثعلبۃ الحَنَفی ۶: ۳۷۶؛

عبداللہ بن الحَجّاج الزُّبَیْدی التَّغلبی ۱: ۲۴۶، ۲: ۵۹، ۹: ۵۴، ۱۳: ۱۰۵؛ ۱۹: ۱۸۲ (یہی شعر عبداللہ بن الحجاج الثعلبی کی جانب منسوب ہے دیکھو ۱۳: ۱۵۱)؛

عبداللہ بن الحجاج الثعلبی (من بنی ثعلبۃ بن ذُبیان) ۱۳: ۱۵۱، ۱۴: ۱۰۵؛

عبداللہ بن الدُّمَیْنۃ ــــ ملاحظہ ہو ابن الدُّمَیْنۃ

عبداللہ بن رِبعیِ الاسدی ۱۸: ۳۳؛

عبداللہ بن ربعی الدُّبَیری ۸: ۲۹۶؛

عبداللہ بن رَواحۃ الانصاری ۱: ۲۱۵، ۹: ۵۴، ۱۱: ۲۱۶، ۱۳: ۶۰، ۳۶۶، ۱۴: ۴۷، ۹۷، ۱۵: ۴۱، ۱۷: ۵۷، ۱۸: ۹۱، ۱۷۱، ۱۹۳، ۲۶۶، ۱۹: ۱۴۱

عبداللہ بن الزِّبَعْرَی ــــ ملاحظہ ہو ابن الزِّبَعْرَی السہمی

عبداللہ بن الزُّبَیْر الاسدی ۱: ۲۹، ۲: ۲۷۴، ۳: ۴۷۴، ۶: ۵۲۰، ۷: ۴۰۳ (؟)، ۱۰: ۳۱۵، ۱۱: ۳۴۹، ۱۲: ۸۷، ۱۳: ۵۰۹، ۱۴: ۲۸۹، ۱۶: ۲۲۷؛

عبداللہ بن سَبْرَۃ الجُرَشی (او الحَرَشی) ۵: ۱۹۴، ۳۶۸، ۳۹۱، ۱۱: ۸۲، ۱۲: ۱۵۸؛

عبداللہ بن سلمۃ ۳: ۳۵۴؛

عبد اللہ بن سلیم (من بنی ثعلبۃ بن الدُّول) ۱۳: ۱۴۹؛
عبد اللہ بن سلیمۃ ۵: ۴۲۲؛
عبد اللہ بن سمعان التَّغْلِبِیّ ۱: ۷، ۲۵۱، ۳۹۴، ۱۵: ۲۱۹؛
عبد اللہ السہمی ۵: ۳۳؛ (نیز ملاحظہ ہو ابن الزبعری السہمی)
عبد اللہ بن عبد الاعلی ۱۷: ۲۴۹؛
عبد اللہ بن عَجْلان النہدی ۱۳: ۱۰۸، ۱۴: ۲۶، ۱۹: ۱۱۷؛
عبد اللہ بن عمر ۷: ۲۰۹، ۱۵: ۱۹۱، ۱۷: ۲۲۶؛
عبد اللہ بن عَنَمَۃ الضَّبِّی ۲: ۲۰۷، ۶: ۱۵۵، ۲۶۴ (عنمۃ کی بجائے عَثَمۃ لکھا ہے) ۹: ۲۹۲، ۱۲: ۴۰۶ (یہاں بھی عثمۃ مرقوم ہے)، ۱۶: ۱۵۲ (یہاں غَنَمَہ مرقوم ہے)، ۳۷۲، ۱۹: ۱۹۶؛ (نیز ملاحظہ ہو ابن عثمۃ اور ابن غنمۃ)۔
عبد اللہ بن قیس الرُّقَیَّاتِ ← ملاحظہ ہو ابن قیس الرقیات
عبد اللہ بن مسلم (من بنی ثعلبۃ بن الدُّول) ۷: ۴۱۱؛ (یہی اشعار عبد اللہ بن سلیم کی جانب منسوب ہیں، دیکھو ۱۳: ۱۴۹)۔
عبد اللہ بن مسلم الہذلی ۱: ۲۹۹، ۱۰: ۳۱۸؛
عبد اللہ ذو البِجادَین ← ملاحظہ ہو عبد اللہ ذو البجادین المزنی۔
عبد اللہ بن نُمَیْرِ الثَّقَفِیّ ۶: ۴۶۷، ۱۰: ۹۹، ۱۶: ۶۸؛
عبد اللہ بن ہَمّام السَّلُولی ۴: ۲۳۹، ۵: ۹۱، ۶: ۲۹۱، ۱۰: ۱۱۹، ۱۵: ۳۶۴، ۱۷: ۸۴ (؟)، ۲۰: ۲۸۲؛
عبد بنی الحَشحاس (ھو سحیم) ۳: ۱۵۲، ۲۰۷، ۴: ۴۷۵، ۵: ۵۴، ۸: ۳۱۸، ۹: ۴۵۲، ۱۱: ۷، ۸۴، ۲۱۷، ۱۲: ۱۲۸، ۱۷۸، ۴۷۴،

اورینٹل کالج میگزین

جلد ۱۴ عدد (۳)	بابت ماہ مئی سنہ ۱۹۳۸ء	عدد مسلسل ۵۳

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	دیارِ عرب کے مغربی سیاح	ڈاکٹر عنایت اللہ ایم اے پی ایچ ڈی	۳
۲	عہدِ شمسی کا ایک مؤرخ شاعر	آغا عبدالستار خاں ایم اے ریسرچ سکالر	۱۱
۳	بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ شیخ ابراہیم اور فرید ثانی	ڈاکٹر موہن سنگھ صاحب دیوانہ ایم اے	۲۵
۴	شبلی فکرِ جدید سے کیونکر روشناس ہوئے؟	سید محمد عبداللہ ایم۔اے۔ڈی لٹ	۳۸
۵	تنقید و تبصرہ	ادارہ اور دیگر صاحبان	۳۹
۶	فہرست اسماء شعرا جن کا کلام لسان العرب میں درج ہوا ہے	مولوی عبدالقیوم ایم اے، میکلوڈ عرب ریسرچ سٹوڈنٹ پنجاب یونیورسٹی	۹۷ تا ۱۳۶
۷	مطلع السعدین (سلسلہ کے لئے دیکھیں ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین بابت فروری سنہ ۱۹۳۸ء)	اڈیٹر	۲۲۵ تا ۲۴۰

نوٹ۔ ضمیمہ فہرست مرکب پرنٹین سوسائٹی کے نمبروں کی تقسیم ہوا ہے۔

گیلانی الیکٹرک پریس۔ لاہور (ہند) باہتمام منشی نظام الدین پرنٹر طبع ہوا اور بابو صدیق احمد خاں نے اورینٹل کالج لاہور سے شائع کیا۔

اورنٹیل کالج میگزین

عرض واجب

اغراض ومقاصد اس رسالے کے اجرا سے غرض یہ ہے کہ احیا و ترویج علوم شرقیہ کی تحریک کو تا حدِ امکان تقویت دی جائے۔ اور خصوصیت کے ساتھ ان طلبہ میں شوقِ تحقیق پیدا کیا جائے۔ جو سنسکرت۔ عربی فارسی اور دیسی زبانوں کے مطالعہ میں مصروف ہیں ؛

کس قسم کے مضامین کا شائع کرنا مقصود ہے کوشش کی جائے گی کہ اس سلسلہ میں ایسے مضامین شائع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تلاش اور تحقیق کا نتیجہ ہوں۔ غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہوگا اور کم ضخامت کے بعض مفید رسالے بھی باقساط شائع کئے جائیں گے ؛

رسالے کے دو حصے یہ رسالہ دو حصوں میں شائع ہوتا ہے حصہ اول عربی، فارسی، پنجابی (بحروف فارسی) حصہ دوم سنسکرت، ہندی، پنجابی (بحروف گورمکھی) ہر ایک حصہ الگ الگ بھی مل سکتا ہے ؛

وقت اشاعت و قیمت اشتراک یہ رسالہ بالفعل سال میں چار بار یعنی نومبر۔ فروری۔ مئی۔ اگست[1] میں شائع ہوگا ؛ سالانہ چندہ حصہ اردو کے لئے ۴ر اورنٹیل کالج کے طلبہ سے چندہ داخلہ کے وقت وصول ہوگا کسی سہ ماہی کے رسالہ کے نہ پہنچنے کی شکایت رسالہ شائع ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے۔ ورنہ ایسی شکایت پر غور نہ ہو سکے گا۔ یہ ایک ماہ کی مدت فروری مئی وستمبر اور نومبر کے آخر سے شمار کرنی چاہیئے ؛

خط وکتابت وترسیل زر خریدِ رسالہ کے متعلق خط وکتابت اور ترسیل زر صاحب پرنسپل اورنٹیل کالج کے نام ہونی چاہیئے۔ مضامین کے متعلق جملہ مراسلات ایڈیٹر کے نام بھیجنے چاہئیں ؛

محل فروخت یہ رسالہ اورنٹیل کالج کے دفتر سے خریدا جا سکتا ہے ؛

قلم تحریر حصہ اردو کی ادارت کے فرائض پرنسپل محمد شفیع ایم۔ اے، اورنٹیل کالج سے متعلق ہیں اور یہ حصہ ڈاکٹر محمد اقبال ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کی اعانت سے مرتب ہوتا ہے ؛

---

[1] چونکہ اگست میں کالج بند ہوتا ہے اسلئے یہ نمبر مجبوراً جون یا ستمبر میں شائع ہوتا ہے ؛

دیارِ عرب کے مغربی سیّاح

(۱۱) سر رچرڈ برٹن

(Sir Richard Burton)

سر رچرڈ برٹن نے پچھلی صدی میں انگلستان میں بحیثیت ایک نڈر سیاح اور متبحر زبان دان کے بہت شہرت حاصل کی۔ وہ ایشیا اور افریقہ کے بعض ایسے کم غیر معروف حصّوں میں پہنچا جہاں ابھی تک کسی مغربی سیاح کا گزر نہیں ہوا تھا۔ یہاں ہمیں صرف اس کی سیاحت عرب سے سروکار ہے ؛

برٹن ایسٹ انڈیا کمپنی کی ملازمت میں تھا۔ جبکہ اس نے عرب کی سیاحت کا ارادہ کیا۔ اپریل ۱۸۵۳ء میں وہ اسکندریہ پہنچا۔ یہاں اس نے نہ صرف مشرقی لباس اختیار کیا بلکہ شیخ عبداللہ نام اختیار کر کے مشرقی نشست و برخاست اور عربی طرزِ معاشرت کی عادت ڈالی۔ اسکندریہ سے قاہرہ آیا۔ تحریری عربی وہ اس سے پیشتر ہندوستان میں سیکھ چکا تھا۔ قاہرہ پہنچ کر اس نے مزید بول چال کی مشق پیدا کی اور بالآخر دیگر مصریوں کے ساتھ ایک چھوٹے سے جہاز میں سوار ہو کر ساحل حجاز کی طرف روانہ ہوا اور ینبوع کے بندرگاہ پر اترا۔ یہاں سے حاجیوں کے قافلہ کے ساتھ مدینہ پہنچا اور ایک مدنی کے ہاں قیام کیا اور روضہ شریفہ۔ مسجد قبا اور دیگر مقدس مقامات کی زیارت کی۔ برٹن نے مدینہ کی آب و ہوا، وہاں کی مخلوط آبادی، باشندوں کے عادات و خصائل، طرزِ معاشرت اُن کے مکانات اور مشاغل کی اپنے سفرنامہ میں بہت دلچسپ تفصیل لکھی ہے۔ مدینہ سے وہ شامی قافلہ کے ساتھ جس میں تقریباً سات ہزار لوگ شامل تھے، درب الشرقی کے راستہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوا۔ اس سے پہلے اس راستہ سے کسی مغربی سیاح نے سفر نہیں کیا تھا۔ کیونکہ برکہارٹ اس سے پیشتر ساحل کے ساتھ ساتھ درب السلطانی کے راستہ سے گیا تھا ؛

برٹن نے شہر مکہ، حرم شریف اور مناسک حج کی خوب تصویر کھینچی ہے۔ اس سے پہلے برکہارٹ ان کو تفصیلاً بیان کر چکا تھا۔ اس لئے برٹن کے لئے سوائے اس کے چارہ نہ تھا۔ کہ وہ برکہارٹ کی تفصیل کا اعادہ کرے۔ چنانچہ اس نے مؤخر الذکر کے صحت بیان کی بجا تعریف کر کے بالعموم اس پر صاد کیا ہے، اور اس کے بیان پر صرف چند ایسے مقامات کی تفصیل کا اضافہ کیا ہے۔ جو مکہ کے نواحی میں ہیں اور جن کو برکہارٹ نے نہیں دیکھا تھا۔

اختتام حج اور مکہ میں چند روز قیام کرنے کے بعد برٹن جدہ کے راستہ سے واپس وطن لوٹا اور اپنے حالات سفر میں ایک کتاب لکھی جس کا نام ذیل میں درج ہے[1]۔ اس کا سفرنامہ بذات خود ایک اہم اور لائق یادگار کارنامہ تھا۔ مگر اس کا سفرنامہ بھی اس سے کچھ کم قابل ذکر نہیں۔ ملک عرب پر جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان پر برٹن کے سفرنامہ کو کئی لحاظ سے فوقیت حاصل ہے۔ جو شے برٹن کے مشاہدہ میں آئی، اس نے اس کی نوک قلم سے ہو بہو تصویر کھینچ دی ہے اور وہ عربوں کی جبلت اور سرشت کو ایسی اچھی طرح سمجھ گیا تھا کہ وہ ان کے اوضاع و اطوار۔ اور عادات و خصائل کو وضاحت کے ساتھ بیان کرنے میں غیر معمولی طور پر کامیاب ثابت ہوا۔ علاوہ ازیں اس کے زور بیان اور ظرافت کی چاشنی نے اس کے سفرنامہ کو اور بھی زیادہ دلآویز بنا دیا ہے۔ اگرچہ اس سے پہلے ایک ہسپانی عُرف علی بیگ، برکہارٹ اور دیگر اشخاص نے حرمین کی زیارت کی تھی مگر اُن کے نام اور کارنامے عوام کے ذہن سے اُتر چکے تھے۔ اور جب برٹن کا دلچسپ اور بدیع المثال سفرنامہ شائع ہوا تو عوام نے یہی خیال کیا کہ اہل یورپ میں سے برٹن پہلا شخص ہے، جسے اپنی زبان دانی، حوصلہ مندی اور جرأت کی بدولت مسلمانوں کے مقدس ترین مقامات کو دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے۔

مگر علمی اور جغرافی لحاظ سے برٹن کے سفر کو کوئی خاص اہمیت حاصل نہیں۔ کیونکہ برکہارٹ اور دیگر سیاح حجاز میں سفر کر چکے تھے اور وہاں کے جغرافی اور معاشرتی کوائف بیان کر چکے تھے۔

---

[1] *A Pilgrimage to al-Medina and Mecca* (London, 1855)

برٹن کا اصل مقصد یہ تھا۔ کہ اگر ممکن ہو تو حجاز پہنچ کر وہاں ضروری ذرائع و وسائل حاصل کرکے ربع الخالی کو قطع کرے۔ مگر وہاں پہنچ کر اسے معلوم ہوا کہ خود بدویوں کا بھی اس بیابان میں کم گزر ہوتا ہے۔ لہٰذا اسے اپنے منصوبہ کو ترک کرنا پڑا۔ ربع الخالی کو قطع کرنا برٹن کے ہموطن برٹرم ٹومس کے لئے مقدر ہو چکا تھا۔ جیسا کہ ہم آئندہ بیان کریں گے۔

سفر حجاز کے تقریباً پچیس سال بعد برٹن کو ارض مدین میں تحقیقات کرنے کا موقعہ ملا۔ اس کی تفصیل یوں ہے۔ کہ اگرچہ زمانہ قدیم میں مدین کے گرد و نواح میں مختلف قیمتی معدنیات خصوصاً سونے کی خاطر لوگ عرصہ تک کھدائی کرتے رہے تھے۔ مگر ان کی کھدائی محض سطحی تھی۔ اور معدنی ذخیرہ کے ختم ہو جانے کے سبب سے یا مناسب آلات کے موجود نہ ہونے کے باعث یہ کام مدت سے بند ہو چکا تھا۔ جن دنوں مصر میں خدیو اسمٰعیل پاشا حکمران تھا۔ ایک مصری تاجر اس علاقہ سے کچھ ریت لایا جس میں سونا ملا ہوا تھا۔ برٹن بھی اُن دنوں مصر میں تھا۔ اس نے فوراً یہ نتیجہ نکالا کہ مدین کے علاقہ میں اب بھی ضرور سونے کی کان ہوگی۔ خدیو کو جب ان حالات سے اطلاع ہوئی تو اس نے برٹن کو مدین جانے اور حکومت مصر کی طرف سے وہاں کھدائی کرنے کے لئے آمادہ کیا۔ برٹن چند رفیقوں اور ایک حراستی دستۂ فوج کے ساتھ روانہ ہوا۔ مدین کے علاقہ میں پہنچ کر دیکھا کہ متعدد مقامات پر کھدائی کے نشانات موجود ہیں۔ مگر یہ کھدائی محض سطحی تھی۔ علاوہ ازیں اس نے اٹھارہ شہروں کے کھنڈر دیکھے جہاں صرف دیواروں کی بنیادیں اور بھٹیوں کے چند ایک نشان موجود تھے۔ یہاں اُسے کچھ قدیم سکے بھی ملے۔ مزید تحقیق سے معلوم ہوا کہ یہاں تانبا بھی کثیر مقدار میں موجود ہے۔ اس کے علاوہ چاندی، سونے اور لوہے کے بھی آثار ملے۔ برٹن نے اپنے سفر مدین کے حالات اور نتائج تحقیقات کو حسب ذیل دو کتابوں میں قلمبند کیا ہے[1]۔

---

[1] *Gold Mines of Midian* (London, 1878);
The Land of Midian Revisited (London 1879);

برٹن نے بلاد السومال اور وسط افریقہ کی بھی سیاحت کی تھی۔ علم جغرافیہ کے لحاظ سے یہ سفر خاصی اہمیت رکھتے ہیں۔ مگر اُن کا بیان ہمارے موضوع سے خارج ہے ۔

برٹن بحیثیت الف لیلہ کے مترجم کے بھی خاصی شہرت کا مالک ہے۔ اگرچہ اُس سے پہلے علاوہ دیگر فرنگی مترجموں کے اڈورڈ لین نے اس کا انگریزی ترجمہ تین جلدوں میں لنڈن سے ۱۸۴۱ء میں شائع کیا تھا۔ مگر یہ ترجمہ مکمل نہ تھا۔ کیونکہ لین نے یا تو بعض حکایات کو مختصر کر دیا تھا اور یا ایسے مقامات کو جہاں عریان بیانی اور فحش نگاری تھی۔ بالکل قلمزد کر دیا تھا۔ برٹن نے نہ صرف اس مشہور مجموعہ حکایات کا من وعن ترجمہ کیا۔ بلکہ توضیح مطالب کے لئے اپنی ذاتی معلومات کی بنا پر اسنے بہت سے حواشی کا اضافہ کیا۔ ان میں سے بعض حواشی ایسے معاملات پر ہیں۔ جو بالعموم معرض بحث میں نہیں آتے یا انہیں زبان قلم پر لانے سے احتراز کیا جاتا ہے ۔

(۱۲) پالگریو

(Palgrave)

پالگریو قومیت کے لحاظ سے انگریز اور باپ کی طرف سے یہودی النسل تھا۔ برٹن کے سفر حجاز کے تقریباً دس سال بعد دیار عرب میں وارد ہوا۔ اس کی سیاحت کا مقصد غالباً سراغرسانی اور جاسوسی تھا۔ کیونکہ وہ خود ہی اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے۔ کہ اس کے تمام اخراجات سفر کی کفالت نپولین سوم شہنشاہ فرانس نے کی تھی۔ ان دنوں نہر سویز کے اجراء کا مسئلہ درپیش تھا۔ ممکن ہے کہ شاہ مذکور کو اسی مناسبت سے دیار عرب کے سیاسی حالات دریافت کرنا مقصود ہو اور وہ سویز کے متصل علاقوں کے عربی شیوخ اور امیروں کو اپنا حلیف بنانا چاہتا ہو۔

بہرحال پالگریو ایک شامی شخص کے ہمراہ عربی نام اور عربی لباس اختیار کر کے معان (جنوبی فلسطین) سے روانہ ہو کر وادی سرحان کے راستہ سے الجوف کے مشہور نخلستان میں پہنچا ۔ اور وہاں اپنے آپ کو ایک شامی طبیب ظاہر کیا اور تقریباً تین ہفتے مقیم رہا۔ اس سے پہلے والن بھی الجوف

سے گذر چکا تھا۔ پالگریو نے الجوف کا جو بیان اپنے سفرنامہ میں دیا ہے۔ وہ والن کے بیان سے بالعموم مطابقت رکھتا ہے۔ مگر زیادہ مفصل ہے۔ وہاں سے اس نے بنورشید کے پایۂ تخت حائل کا رُخ کیا اور راستہ میں صحراء نفود کو قطع کیا۔ پالگریو پہلا مغربی سیاح ہے جس نے وہاں کے فلج یعنی گھوڑے کی نعل کی شکل کے ریتیلے گڑھوں کو دیکھا اور نفود کے بیان میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اگرچہ بعد کے سیاحوں نے اس قسم کے گڑھوں کے ساتھ جو اس صحرا کے خصوصیات سے شمار ہوتے ہیں زیادہ اعتناء کیا ہے۔ یہ گڑھے جن کو عرب لوگ فلج کہتے ہیں۔ کئی گز گہرے اور مدوّر شکل کے ہوتے ہیں۔ محققین کے درمیان ان کی اصل اور طرز ساخت میں اختلاف ہے۔ مگر قرینِ قیاس یہی امر ہے۔ کہ یہ گڑھے باریک اور گہری ریت پر زور دار ہوا کے مسلسل اثر سے پیدا ہوتے ہیں۔ فلج کی مخصوص شکل یہ ہے۔ کہ اس کی گہرائی کے تین اطراف بلند مدوّر ٹیلے سے محصور ہوتے ہیں۔ اور چوتھی جانب ہوا کے رُخ پر خالی ہوتی ہے۔ اس قسم کے گڑھے یا ٹیلے مغربی پنجاب کے ریتیلے علاقوں میں بھی چھوٹے پیمانہ پر دیکھے جا سکتے ہیں ؛

صحراء نفود کو قطع کر کے پالگریو بنوشمر کے علاقہ کے مشہور شہر حائل میں پہنچا۔ جہاں اُن دنوں بنورشید کی حکومت تھی۔ حائل دو پہاڑیوں کے درمیان واقع ہے۔ جن کے قدیم نام اجاً اور سلمیٰ ہیں اور جن کو آجکل مجموعی طور پر جبلِ شمر کہتے ہیں۔ کیونکہ ایک عرصہ سے قبیلہ شمر وہاں آباد ہے۔ بنورشید نے حسن تدبیر سے ایک منظم اور پُرامن حکومت قائم کر رکھی تھی۔ جس سے وہاں کی آبادی میں روز افزوں ترقی اور فارغ البالی اور تجارت میں خوشحالی رونما تھی۔ پالگریو یہاں کئی ماہ تک مقیم رہا۔ اور چند مرتبہ حائل کے امیر کی خدمت میں بھی باریاب ہُوا اور اپنے اختیار کردہ پیشہ طبابت کے واسطہ سے اُسے وہاں کے تقریباً ہر طبقہ کے لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہُوا۔ اپنے سفرنامہ میں اس نے وہاں کے نخلستانوں، لوگوں کے ذرائع معاش اور ان کی گھریلو زندگی کو تفصیل سے بیان کیا ہے[1] ؛

---

[1] Narrative of a Year's Journey through Central and Eastern Arabia (London 1865);

حائل سے پالگریو نجد کی طرف چلا اور علاقہ قصیم کے شہروں بُریدہ اور عنیزہ سے ہوتا ہوا نجد کے پایۂ تخت ریاض میں پہنچا۔ پالگریو وہاں سات ہفتے مقیم رہا اور وہاں کے مذہبی عقائد و اعمال، اور عام طرزِ زندگی کا مطالعہ کرتا رہا۔ بالآخر لوگوں نے اور خصوصاً اہلِ حکومت نے اُسے شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھنا شروع کیا۔ اندریں حالات وہ اپنے ساتھی کے ہمراہ ایک رات چپکے سے ریاض سے نکل پڑا اور مشرقی ساحل کا رُخ کیا۔

پالگریو شہری زندگی کا عادی اور طبعاً ایک آسایش پسند شخص تھا۔ چنانچہ اس نے ساحلی علاقہ کے نخلستانی شہروں مثلاً خصوف، حسا اور قطیف وغیرہ میں جہاں کے لوگ نسبتاً خوشحال، حضری زندگی کے ناز و نعمت کے خوگر اور وہابیت کے تشدد سے نفور تھے۔ بڑے مزے کے دن گذارے پالگریو نے اپنے سفرنامہ میں ان کی طرزِ زندگی کو تفصیلاً بیان کیا ہے اور اُن کی معاشرت کی تعریف میں رطب اللسان ہے مگر اہلِ بادیہ کے لئے اس کے پاس کسی قسم کی ہمدردی یا ستائش نہیں۔

علم جغرافیہ کے لحاظ سے پالگریو کی سیاحت کوئی خاص اہمیت نہیں رکھتی۔ کیونکہ اس نے کوئی بڑا اکتشاف نہیں کیا۔ بلکہ مختلف اقطاعِ عرب کی جو جغرافی کیفیت اس نے لکھی ہے بعد کے سیاحوں کے بیان سے مقابلہ کرنے پر شکوک ٹھہرتی ہے۔ یا تو وہ خلافِ حقیقت ہے یا مبالغہ آمیز۔ اس کی زیادہ تر یہی وجہ ہے کہ سیاحت میں اس کے پیشِ نظر کوئی علمی غرض نہ تھی۔ دورانِ سفر میں اس نے جغرافی تحقیقات اور علمی تدقیقات سے سروکار نہ رکھا تھا اور واپسی پر اپنا سفرنامہ محض اپنے حافظہ کی بنا پر لکھا تھا۔

حضری عربوں کی معاشرت اور عادات کے متعلق جو کچھ اس نے لکھا ہے وہ مصنف کے دلآویز اندازِ بیان کے سبب سے بہت دلچسپ ہے اور بعد کے سیاحوں نے اس کی تصدیق بھی کی ہے۔ مگر افسوس کہ ملک کے جغرافیہ اور دیگر امور کے متعلق جو کچھ اس نے لکھا ہے۔ اس پر کلیتہً اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

(۱۳) گوارمانی

(Guarmani)

پالگریو کی سیاحت کے تھوڑی ہی مدت بعد ایک دیگر مغربی سیاح (گوارمانی) کو قصیم کے علاقہ تک ان تمام دیارِ عرب میں سفر کرنے کا اتفاق ہوا۔ جہاں پالگریو کا گذر ہوا تھا۔ اس اجمال کی تفصیل یوں ہے۔ کہ شہنشاہِ فرانس کو (غالباً پالگریو کی رپورٹ کا واسطہ سے) اپنے اصطبل کے لئے عربی نسل کے اصیل گھوڑوں کو اُن کے اصلی وطن سے منگوانے کا شوق چرایا۔ ان کی خرید کے لئے اس کی نگاہِ انتخاب گوارمانی پر پڑی جو قومیت کے لحاظ سے اطالوی تھا اور القدس (یروشلم) میں ایک مغربی حکومت کے گماشتہ کی حیثیت سے ایک عرصہ دراز تک مقیم رہ چکا تھا۔ بلکہ اس سے پیشتر بھیس بدل کر وہ اندرونِ عرب میں الجوف تک سفر بھی کر چکا تھا۔

چنانچہ ۱۸۶۴ء کے آغاز میں اس نے اندرونِ عرب کا راستہ لیا۔ شام کے مشرق میں قبیلہ رُوَلہ آباد ہے۔ چونکہ اس قبیلہ اور اس کے سردار کے ساتھ اس کے اچھے مراسم تھے۔ اس لئے اُن کی حفاظت اور حمایت میں صحرائے نفود کے کنارے ہوتا ہوا وہ جلد تیماء تک جا پہنچا۔ اور وہاں مسلمانی وضع اختیار کر کے اپنا نام خلیل آغا رکھا اور اپنے آپ کو ترک ظاہر کیا۔ اور لوگوں سے کہا کہ میں والیٔ دمشق کا گماشتہ ہوں اور سلطانی اصطبل کے لئے گھوڑے خریدنے آیا ہوں۔ تیماء کے جنوبی حرّہ کو قطع کر کے گوارمانی خیبر کے مقام پر پہنچا۔ وہ پہلا مغربی سیاح ہے جو اس مشہور اور قدیم نخلستان میں وارد ہوا۔ اس نے دیکھا کہ وہاں اتنے حبشی آباد ہیں کہ وہ بلاد السودان کا ایک قطعہ معلوم ہوتا تھا۔ امیر حائل کی طرف سے وہاں ایک حبشی امیر مقرر تھا۔ جو گوارمانی کے ساتھ مہربانی سے پیش آیا۔ چونکہ یہاں گھوڑے نہ تھے اسلئے اس نے قصیم کا رُخ کیا۔ یہاں عُنَیزہ میں عبداللہ نجدی ڈیرے ڈالے ہوئے تھا۔ اس نے نووارد کو شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھا اور معاندانہ انداز اختیار کیا۔ اسلئے گوارمانی کو مجبوراً واپس حائل آنا پڑا۔

حائل اور اس کے نواحی میں گوارمانی بلا روک ٹوک پھرتا رہا۔ اگرچہ اس سے پہلے والن اور پالگریو بھی حائل میں رہ چکے تھے۔ مگر اُن کی واقفیت اور علم صرف حائل کے شہر اور وہاں کے باشندوں تک محدود تھا۔ مگر گوارمانی نے جبل شمر کے نواحی میں تمام قریوں اور قبیلہ شمر کے بدویوں کو چل پھر کر دیکھا۔ اس کے بیان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ جبل شمر کے مغرب میں بہت سے قریے ہیں جو دراصل قبیلہ مذکور کی قوت و اقتدار کا اصلی مرکز ہیں ؛

وہ پہلی بار گوارمانی نے اطالوی زبان میں اپنا سفرنامہ لکھا۔ جس کا عنوان ذیل میں درج ہے اس کا انگریزی میں بھی ترجمہ ہو چکا ہے۔ اس میں اس نے اپنے فراہم کردہ جغرافی معلومات اور دیگر ذاتی مشاہدات اور واقعات بے کم و کاست صحیح صحیح قلمبند کئے ہیں۔ وہ لکھتا ہے کہ اس کے زمانہ سیاحت میں علاقہ شمر میں ایسا امن و امان قائم تھا کہ وہاں کا سفر و سیاحت اس کے وطن اٹلی سے بھی زیادہ بے خطر تھا۔ گوارمانی نے اگرچہ پالگریو کی طرف اشارہ نہیں کیا مگر بہت سی باتوں میں اس کے سفرنامہ سے پالگریو کے بیانات کی تصحیح ہوتی ہے۔ چونکہ اسے شمالی نجد میں اِدھر اُدھر کئی دفعہ آنے جانے کا اتفاق ہُوا اور اس کے پاس ایک اچھی کمپاس (قطب نما) بھی تھی۔ اسلئے اس کی اطلاعات سلسلہ ہائے کوہ کے رُخ اور مقامات کے محل وقوع اور ان کے باہمی فاصلہ کے متعلق اپنے پیشرو سیاحوں کے بیانات کی نسبت زیادہ درست اور قابل اعتماد ہیں۔ اسی لئے اس کے بیانات اور فراہم کردہ معلومات جغرافیہ نگاروں کے لئے شمالی نجد اور شمالی حجاز کا نقشہ تیار کرنے میں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں ؛

عنایت اللہ

(ملتان)

Carlo Guarmani, Il Neged settentrionale.
Itinerario da Gerusalemme a Aneizeh nel Cassim (Jerusalem, 1866)
Northern Nejd, translated by L. Carruthers. (London, 1917)

عہدِ شمسی کا ایک مؤرخ شاعر

مولانا منہاج الدین ابو عمر عثمان بن مولانا سراج الدین محمد العجوبۃ الزمان بن مولانا منہاج الدین عثمان بن ابراہیم بن عبد الخالق الجوزجانی طبقاتِ ناصری کے مؤلف جو منہاج سراج منہاج کے مختصر نام سے مشہور ہیں۔ اعلےٰ پایہ کے مؤرخ ہونے کے علاوہ فن شعر میں ایک خاص رتبہ رکھتے ہیں۔ یہ درست ہے کہ ان کا کوئی دیوان موجود نہیں اور اگر موجود تھا بھی تو زمانہ کی دستبرد سے ہم تک نہیں پہنچا۔ غالب احتمال یہی ہے کہ نہیں تھا۔ اسلئے کہ ان کے معاصرین یا خود مؤلف نے جہاں اپنے حالات یا دیگر امور کا ذکر کیا ہے۔ وہاں اس کے متعلق اشارۃً تک بھی نہیں کیا۔ ہاں یہ ماننا پڑے گا کہ وہ ایک بلند رتبہ شاعر تھے۔ کیونکہ ان کی تالیف میں نہ صرف مدحیہ قصائد ملتے ہیں۔ بلکہ بعض موقعوں پر چند رباعیات اور قطعات بھی نظر آتے ہیں۔ زمانۂ حبس کی ایک نظم کے چند اشعار بھی دستیاب ہوتے ہیں۔ یہ مجموعہ اس فن میں ان کی مہارت تامہ پر کافی دال ہے۔

منہاج سراج منہاج کی زندگی کے مکمل حالات ان کی اپنی زبانی جا بجا طبقات میں ملتے ہیں۔ میجر راورٹی نے نہایت کد و کاوش سے انہیں یکجا جمع کر کے اپنے انگریزی ترجمہ طبقات جلد دوم کے خاتمہ میں درج کر دیا ہے اور جن کا اعادہ یہاں محقق کی نظر میں اگرچہ نامناسب معلوم ہوگا۔ لیکن اس موقع پر جبکہ مولانا کی شاعری کا تبصرہ منظور ہے۔ یہاں ان حالات کا بسبیل اختصار تذکرہ ناموزوں نہ ہوگا۔

مصنف کے اپنے بیان کے مطابق ان کے والد جو اس وقت فیروزکوہ میں سلطان غیاث الدین محمد سام کی خدمت میں تھے۔ ۵۹۱ھ میں سلطان بہاؤالدین سام والئے بامیان و طخارستان کی خواہش پر سلطان غیاث الدین سے اجازت لے کر بامیان چلے آئے۔ یہاں بڑا اعزاز پایا اور قاضی فوج کے عہدے پر سرفراز ہونے کے علاوہ دو مدرسوں اور ان کے اوقاف کے

متولی قرار دیئے گئے اور حسن خدمات کے صلہ میں انعام واکرام سے بھی مالامال ہوئے - یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ہمارے مولانا کی عمر تین برس کی تھی[1] ۔

ان کی والدہ سلطان غیاث الدین محمد سام کی دختر شہزادی ماہ ملک الملقب بہ جلال الدنیا والدین کی دودھ شریک اور ہم مکتب تھی اور چونکہ وہ شہزادی کی خدمت میں رہتی تھی - اس لئے مولانا نے بھی شاہی حرم کی فضا میں پرورش پائی اور یہاں ہی تربیت حاصل کی اور سن بلوغ تک اسی بارگاہ میں رہے[2] - چنانچہ ایک موقع پر بسبیل تذکرہ فرماتے ہیں - کہ ۶۰۷ھ میں میں فیروزکوہ میں سلطان کے محل کے دروازے پر کھڑا تھا - جب امیر منکورس زرد سوار خوں چکاں توبرہ لٹکائے - ملک رکن الدین محمود کا سر بیچ میں ڈالے آیا اور محل کے اندر داخل ہو گیا[3] ۔

۶۲۴ھ میں جب ان کی عمر بروئے حساب ۳۵ سال کی بنتی ہے - وہ پہلی مرتبہ ہندوستان پہنچتے ہیں[4] ۔

ناصر الدین محمود کی تخت نشینی کے موقع پر جو ۶۴۴ھ میں وقوع پذیر ہوتی ہے - ایک مدحیہ قصیدہ لکھتے ہیں[5] ؎

بیست سالست تا کہ منہاج سراج خستہ را
در دعاگوئی ایں حضرت فراز پاشش است

جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت ان کو ہندوستان میں رہتے بیس سال گذر چکے تھے ۔

خود منہاج سراج منہاج نے اپنی تاریخ پیدائش کا کہیں ذکر نہیں کیا - مگر سہ سالگی[6] اور شہزدہ سالگی کے حساب سے پتہ چلتا ہے کہ ان کی پیدائش ۵۸۹ھ کے قریب ہوئی - یہ وہ زمانہ ہے - جب ان کا خاندان سلطنت کے پایہ تخت فیروزکوہ میں مقیم تھا اور سلطان غیاث الدین محمد سام کی حکومت کا دور تھا - ۵۹۱ھ میں ان کے والد تو بامیان کی طرف چلے گئے - لیکن مولانا اپنی والدہ کے ساتھ شہزادی ماہ ملک کے محل میں رہے اور شہزادی کے التفات سے شاہی حرم میں امیرزادوں کی طرح

---

[1] طب ۱۰۶ [2] طب ۸۵، ۲۸ [3] طب ۸۵ [4] طب ۱۲۷، ۱۴۳ [5] طب ۲۰۳ [6] طب ۱۰۶ - [7] طب ۸۵

پرورش پاتے رہے۔ شہزادی ماہ ملک خود علم دوست تھیں۔ انہوں نے محل میں ایک کتب خانہ بھی جمع کر رکھا تھا۔ اس کتب خانہ میں مولانا نے ۶۰۲ھ میں فخر الدین مبارک شاہ مروروذی کی کتاب منظوم "نسبت نامہ" دیکھی تھی[1]۔ جیسا کہ وہ اپنی تالیف میں ذکر کرتے ہیں۔ ان بعض مشاہدات سے ظاہر ہے کہ وہ چودہ سال تک شاہی محل میں زیر سرپرستی ملکہ ماہ ملک تربیت پاتے رہے۔ بلکہ ۶۱۰ھ میں بھی ہم انہیں ان کے بیان کے مطابق فیروزکوہ میں مقیم دیکھتے ہیں

مولانا نے مختلف مقامات کا سفر کیا ہے۔ چنانچہ ۶۱۷ھ میں وہ حصار تولک میں موجود ہیں اور ان کے بھائی شہر و حصار فیروزکوہ میں[2]۔ تو ۶۱۸ھ میں ولایت کزلیو و مران میں۔ پھر اسی سال غور واپس آتے ہیں[3]۔ اس کے بعد ۶۲۱، ۲۲ھ میں دو بار حصار تولک سے رسالت کے فرائض انجام دینے کے لئے قہستان جاتے ہیں اور تیسری بار ۶۲۳ھ میں ملک رکن الدین مختیار کی طرف سے ملک تاج الدین بنالتگین شاہ سیستان کے پاس پہنچتے ہیں۔ اور ان کی طرف سے اسی سال بادشاہ قہستان کے ہاں سفیر بن کر جاتے ہیں۔ مگر وہاں سے پھر خبیصار میں ملک رکن الدین کے پاس اقامت گزین ہوتے ہیں۔ لیکن اسی سال ہندوستان کے سفر کا عزم کر کے ملک سے اجازت لے کر سامان سفر کی خریداری کے لئے فراہ میں پہنچتے ہیں۔ اس وقت بنالتگین قہستانی ملاحدین سے جنگ کر کے شکست خوردہ آتا ہے اور چاہتا ہے کہ معارف سے کسی فرد کو شمس الدین محتشم فرمانروہ قہستان سے مصالحت و معاہدہ کرا دینے کے لئے بھیجے مگر اس کے ملازمین میں سے اس کام پر جانے کے لئے کوئی تیار نہیں ہوتا۔ اتنے میں اسے مولانا کے فراہ کے قریب پہنچنے کی خبر ملتی ہے۔ وہ ایک ساز والا گھوڑا اور امراء اور ملازمین کو ان کے استقبال کے لئے روانہ کرتا ہے۔ اور مولانا کو اپنے پاس بلاتا ہے اور انہیں سفیر بنا کر ملک رکن الدین کو ان کے ہمراہ کرتا ہے۔ محتشم اس وقت نیہ میں اپنے لشکر کے ساتھ تھا۔ مولانا قہستان سے نیہ واپس آتے ہیں اور شرائط صلح طے کر کے واپس لوٹتے ہیں۔ بنالتگین انہیں دوبارہ جانے کے لئے کہتا ہے۔

---

[1] لب ص ۲۸ [2] طب ۳۴۲ [3] طب ۱۵۲، ۳۰۴

لیکن وہ انکار کرتے ہیں۔ چنانچہ قید میں ڈال دیئے جاتے ہیں۔ مگر ملک رکن الدین کی مداخلت سے رہائی حاصل کرتے ہیں[1]۔

۶۲۴ھ میں وہ خراسان سے غزنی اور سمقان (بنیان (راورٹی)) کے راستے کشتی کے ذریعہ روز سہ شنبہ ۲۶ جمادی الاولیٰ کو اُچہ پہنچتے ہیں۔ اسی سال ذی الحجہ کے مہینے میں اُچہ کے مدرسہ فیروزی کی عنان انتظام ان کے سپرد کر دی جاتی ہے اور ساتھ ملک ناصر الدین قباچہ کے صاحبزادے بہرام شاہ کی افواج کے قاضی مقرر ہوتے ہیں۔ یکم ربیع الاولیٰ ۶۲۵ھ کو شمس الدین التمش کی افواج اُچہ کی طرف پیشقدمی کرتی ہیں اور ۲۷ جمادی الاولیٰ کو اُچہ اور ۲ جمادی الآخر کو قلعہ بکر فتح ہوتا ہے۔ اس کے بعد شاہی فوجیں رمضان ۶۳۵ھ میں دہلی روانہ ہوئیں اور مولانا بھی سلطان کے ساتھ دہلی آ گئے۔ جہاں ۶۳۹ھ تک مقیم رہے[2]۔ اسکے بعد گوالیار کی مہم پر سلطان کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ گیارہ ماہ تک گوالیار کا محاصرہ جاری رہا۔ اس اثنا میں مولانا نے ۹۵ مرتبہ تذکیر گوئی کی[3]۔ ان مجالس میں خود سلطان حاضر ہوتا۔ عید الاضحیٰ کے موقعہ پر مولانا نے سلطان کے حکم سے امامت نماز کا فرض ادا کیا اور خطبہ پڑھا۔ سلطان نے خلعت سے سرفراز کیا۔ ۲۶ ماہ صفر ۶۳۰ھ کو قلعہ گوالیار فتح ہوا اور مولانا وہاں کے قاضی خطیب۔ امام۔ محتسب اور باقی تمام امور شرعیہ کے حاکم مقرر ہوئے اور تشریفات فاخرہ اور انعامات وافرہ عطا ہوئے[4]۔

۶۳۵ھ میں بعہد سلطان رضیۃ الدین وہ گوالیار سے دہلی چلے آئے اور اسی سال شعبان کے مہینے میں سلطان نے دہلی کے مدرسہ ناصریہ کا انتظام اور عہدۂ قضائے گوالیار ان کے سپرد کئے[5]۔

۶۳۷ھ میں معز الدین بہرام شاہ بن التمش تخت نشین ہوا۔ امراء و وزراء نے حلف وفاداری اٹھایا۔ سلطان کو سیدھا سادھا حاکم سمجھ کر وزیر نے من مانی کارروائیاں کرنی شروع کیں۔ سلطان کو

---

۱ طب ص ۳۶۲، ۴۱۴، ۴۲۶ ۲ طب ۱۶۷، ۱۴۴ ۳ طب ۱۷۵ ۴ طب ۱۷۵، ۲۴۹ ۵ طب ۱۸۸، ۲۵۶

علم ہُوا تو بہت جھنجھلایا اور عنان سلطنت سنبھالنے کے درپے ہُوا - دو سال تک برابر عجیب فتنے برپا رہے - ۶۳۹ھ میں لاہور پر مغلوں کی یورش ہوئی جس میں وہ کامیاب ہوئے۔ سلطان نے یہ خبر سنی تو سراسیمہ ہُوا اور لوگوں کی ہمدردی بروئے کار لانے کے لئے دہلی میں قصر سفید میں ایک اجتماع کروایا - جہاں مولانا کو وعظ کرنے کا حکم دیا - اس کے بعد سلطان نے مولانا کو شنبہ کے دن ۱۰ جمادی الاولی ۶۳۹ھ میں پہلی بار دہلی کا بلکہ تمام قلمرو کا قاضی مقرر کیا اور تشریف و عواطف سے ممتاز کیا[1] اسی سال دہلی میں فساد برپا ہُوا - سلطان کی زندگی خطرہ میں پڑ گئی - مولانا نے اور دوسرے امرا نے اس فتنہ کے فرو کرنے میں پورا پورا حصہ لیا لیکن بے سُود رہا - خود مولانا پر قاتلانہ حملہ ہُوا - چونکہ مسلح تھے - اس لئے حملہ آور کو جرأت نہ ہوئی[2]

مولانا اس صورتِ حالات میں ۶۴۰ھ میں لکھنوتی چلے جاتے ہیں[3] - جہاں سے ۶۴۳ھ میں دوشنبہ ۴ ارماہ صفر کو طغانخان کی معیت میں واپس دہلی آتے ہیں - اسوقت علاؤالدین مسعود شاہ بن رکن الدین فیروز شاہ سریر آرائے دہلی تھا - الغ خان اعظم کی سفارش پر پنجشنبہ ۱۷ ارماہ صفر ۶۴۳ھ کو یعنی تین روز بعد حدود دہلی - مدرسہ ناصریہ اور اس کے اوقاف کی تولیت اور گوالیار کی قضا اور جامع مسجد کی تذکیرات پہلے کی طرح ان کے سپرد ہوگئیں اور ایک گھوڑا مع زین خلعت میں مرحمت ہُوا[4]

یکشنبہ ۲۳ محرم ۶۴۴ھ کو سلطان ناصر الدنیا والدین محمود بن التمش تخت سلطنت پر متمکن ہُوا - اس بادشاہ کے زمانہ میں مولانا دو بار قاضیٔ ممالک ہندوستان مقرر ہوئے - ایک دفعہ ۶۴۹-۶۵۱ھ اور دوسری دفعہ ۶۵۳ھ میں - اور ۶۵۲ھ میں صدر جہاں کے خطاب سے سربلند ہوئے[5] - مولانا نے اور بھی دیگر سیاسی واقعات میں حصہ لیا ہے جن سے ہمیں ان کی بلند شخصیت کی شناخت میں بہت مدد ملتی ہے - اور ثابت ہوتا ہے کہ یہ اپنے زمانہ کی بلند پایہ ہستی تھے ؛

---

[1] طبقات ۱۹۵ [2] طبقات ۱۹۶-۱۹۷ [3] طبقات ۱۹۸-۲۴۴-۲۷۳ [4] طبقات ۲۰ [5] طبقات ۲۱۹

وہ طبعاً خدا دوست تھے اور اہل اللہ کی صحبت میں کافی وقت گذارتے۔ غوثی نے اپنے تذکرہ گلزار ابرار میں انہیں مشائخ کے زمرہ میں شامل کیا ہے اور اس امر پر تعجب کا اظہار کیا ہے کہ کیوں مولانا نے اپنی تاریخ میں اولیاء کا ذکر نہیں کیا۔ لیکن یہ اعتراض صوفیانہ نقطۂ نظر سے ہے۔ طبقات مولانا مؤرخ کی حیثیت سے لکھنے بیٹھے تھے اور اس میں انہوں نے ایک تاریخ دان کے فرائض بجالانے کی کوشش کی ہے اور یہی شاید مناسب بھی تھا ؛

۶۵۸ھ میں انہوں نے طبقات کو ختم کر دیا[1]۔ اور اپنے بادشاہ ناصر الدین محمود ۶۴۴ھ تا ۶۶۴ھ کے نام پر اسے معنون کیا[2] اور اس کے نام پر ہی اس کا نام طبقات ناصری رکھا۔ اس کا کچھ حصہ الغ خاں اعظم کی خدمت میں جو بعد میں غیاث الدین بلبن کے نام سے ہندوستان کا فرمانروا ہوتا ہے۔ پیش کیا تو اس نے بیس ہزار جیتل اور بہت کچھ انعام مرحمت فرمایا۔ خود سلطان ناصر الدین نے اس تالیف کے پیش ہوتے وقت اپنے کندھے کی چادر اتار کر مولانا کے کندھے پر ڈال دی اور انعام میں ایک گانو اور دس ہزار جیتل دیئے جانے کا حکم دیا[3] ؛

۶۵۸ھ کے بعد مولانا کے واقعات حیات و ممات کی بابت ہم کو کوئی اطلاع نہیں۔ تکمیل کتاب کے وقت ان کی عمر ۶۹ سال کی ہوتی ہے۔ اگرچہ وعدہ کیا ہے کہ زندگی رہی تو باقی حالات بھی سپرد قلم کئے جائیں گے[4]۔ لیکن افسوس ہے۔ کہ ان کو موقع نہ ملا۔ جس سے ہم خیال کرتے ہیں کہ طبقات کے عنقریب بعد وہ رحلت گرائے عالم جاودانی ہوئے۔ سید علی حسن نے اپنے تذکرہ[5] میں ان کی عمر ہشتاد و چہار سال لکھی ہے۔ اگر یہ روایت کسی صحیح ماخذ پر مبنی ہے۔ تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا پندرہ سال اور جیئے۔ لیکن نہ معلوم یہ وقت کہاں گذارا۔ اور کیا کرتے رہے ؛

اب وقت آگیا ہے۔ کہ ہم مولانا کی شاعری پر ایک نگاہ ڈالیں۔ بدقسمتی سے یہ موضوع عدم دستیابی مواد کی بنا پر بہت کچھ تشنہ رہتا نظر آتا ہے۔ اس ضمن میں مولانا کی کوئی یادگار باقی نہیں ؛

---

[1] طب ص ۳۱۶-۴۵۲ [2] طب ص ۴ [3] طب ص ۴۵۲، ۴۵۳ [4] طب ص ۲۷۰ [5] صبح گلشن ؛

یہ وہ زمانہ تھا جب خاندان شمسی کی حکومت کی ابھی ابتدا تھی اور ان کی تمام تر توجہ نئی فتوحات اور قیام سلطنت اور انتظام مملکت کی طرف مبذول تھی۔ ایسی مصروفیت کے وقت میں سلاطین کا طبقۂ شعرا کی طرف متوجہ ہونا قدرے مشکل تھا۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ ہم کو اس زمانے کی شعری یادگاریں کم دستیاب ہوتی ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ کسی شاعر کا دیوان تک نہیں ملا۔ تاج الدین ریزہ، محمد عوفی، حسن نظامی مصنف تاج المآثر اور سلطان ناصر الدین قباچہ کے دربار کے چند شعراء کے اشعار نہایت قلیل تعداد میں ملے ہیں +

اسی جماعت میں ہمارے مولانا کا بھی شمار ہونا چاہیئے۔ ان کو اوّل تو ہندوستان کے عہدۂ قضا و تذکیر و درباداری سے ہی فرصت نہیں تھی اور جو وقت ان سے بچتا۔ دیگر امور کے علاوہ تصنیف و تالیف میں صرف ہوتا۔ 'ناصری نامہ' لکھا اور 'طبقات ناصری' تالیف کی۔ ان مشاغل کے ساتھ ساتھ ہم خیال کرتے ہیں۔ شعر گوئی کا مشغلہ بھی موقع بموقع جاری تھا۔ اگرچہ شعر گوئی ان کا پیشہ نہیں تھا۔ لیکن تذکیر گوئی کی طرح یہ فن بھی ان کو اپنے والد سے ورثہ میں ملا تھا۔ ان چند اقتباسات سے جو ہمیں طبقات اور دیگر تذکیروں سے ملتے ہیں۔ ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ وہ فن شعر میں ایک ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ ان کے اکثر قصائد سے جو سلاطین کی تخت نشینی کے موقعوں پر انہوں نے تصنیف کئے اور جن کا بہت کم حصہ بدقسمتی سے ہم تک پہنچا ہے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ درباری شاعر بھی تھے +

مولانا کی طبیعت کا رجحان شعریات کے علاوہ تصوّف کی چاشنی سے بھی ذوق یاب تھا ان کی مجالس تذکیر میں جو نہایت دلچسپ ہوتیں اور جن میں لوگوں کا کثرت سے ہجوم رہتا۔ انکی رباعیات جو تمام کی تمام صوفیانہ خیالات سے مملو تھیں حاضرین کے قلوب کو جذب کرنے میں ایک خاص تاثیر رکھتی تھیں۔ مولانا عبدالحق محدث دہلوی کا قول ہے "شیخ قاضی منہاج جرجانی صاحب طبقات ناصری بزرگ بود و از افاضل روزگار از اہل وجد و سماع بود۔ چوں قاضی شد این کار استقامت گرفت[1] +

[1] اخبار الاخیار ص ۹

شیخ نظام الدین اولیاء (۶۳۴-۷۲۴ھ) فرماتے ہیں۔ کہ میں ہر دوشنبہ کو ان کی مجلس تذکیر میں حاضر ہوتا۔ ایک دن حسب معمول ایک تذکیر میں شامل تھا۔ مولٰنا نے یہ رباعی پڑھی ؎

لب بر لب لعل دلبران خوش کردن　　وآہنگ سر زلف مشوش کردن
امروز خوش ست ولیکن فردا خوش نیست　　خود را چو خسی طعمۂ آتش کردن

میں سنتے ہی بے خود ہو گیا اور تقریباً ایک ساعت اسی طرح بے ہوشی کی حالت میں پڑا رہا[1]۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ منبر پر ان کے وعظ و تذکیر نہ سے خشک مسائل شرعیہ کے بیانات کے حامل نہیں ہوتے تھے بلکہ مولٰنا اپنے شعر و سخن کی امداد سے بڑی حد تک ان کو پُر ذوق و پُر لطف بنا دیتے تھے۔ سلطان ناصر الدین محمود کی سلطنت کے دائمی قیام کے لئے دعا کرتے ہوئے یہ رباعی طبقاتِ ناصری میں لکھتے ہیں[2] ؎

شہ را خضر از جام ساقی باد　　ایوان درش چو چرخ نہ طاقی باد
نام طبقات تا در جہاں باقیست　　محمود شہ[3] ناصر دیں باقی باد

مولٰنا کے قصائد اپنے انداز اور اپنی نوعیت میں ایک جداگانہ حیثیت رکھتے ہیں۔ ان میں سلاست اور روانی موجود ہے۔ ان کی بندش قدما کی طرح پیچدار نہیں ہوتی۔ اگرچہ بعض وقت ان میں مشکل الفاظ آجاتے ہیں۔ ان قصائد کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ تشبیب و تمہید کی پابندی سے آزاد ہیں۔ طوالت اور حشو و زوائد سے پاک ہیں۔ کل قصیدہ بغیر تکلفات کے سیدھے سادے طریق سے چند مدحیہ اشعار پر ختم ہو جاتا ہے ؛

اب ہم ان قصائد کا ذکر کریں گے جو مولٰنا نے مختلف مواقع پر کہے۔

ملک ناصر الدین ابوبکر بن سیف الدین سوری بن ملک شہاب الدین بن حسین حاکم مدائن غور کی خدمت میں مولٰنا نے چند سال گذارے اور ۶۱۸ھ میں غالباً جب وہ غور کی طرف روانہ ہونے والے تھے تو ملک ناصر الدین سے ایک طولانی قصیدہ کے ذریعے جس میں اپنی شادی کے

---

[1] اخبار الاخیار ۹۱ [2] طب ص ۲۵۲ [3] طبقات میں "شہاب" لکھا ہوا ہے۔ جو نہ عروض سے اور نہ معنی کے لحاظ سے صحیح معلوم ہوتا۔ مرتب

حالات بھی درج کئے تھے۔ ایک گھوڑے کے عطیہ کے لئے درخواست کی۔ ملک وہ قصیدہ پڑھ کر بہت خوش ہوا اور ان کی استدعا کے مطابق ایک سہ سالہ زردہ اسپ عنایت کیا۔

افسوس ہے۔ کہ مولانا نے اپنے اس دلچسپ قصیدہ کا ایک شعر بھی کہیں درج نہیں کیا ۶۲۳ھ میں جب مولانا نیالتگین کی سفارت پر قہستان جانے سے انکار کرتے ہیں اور ۴۳ دن کے لئے قید کر دیئے جاتے ہیں۔ مولانا نے اپنے قید کے حالات پر مشتمل ایک حبسیہ قصیدہ نہایت دلکش پیرایہ میں قلمبند کیا[1]۔ یہ قصیدہ چونکہ کتاب کی تالیف کے وقت موجود نہ تھا اسلئے صرف ان چند اشعار پر ہی اختصار کیا ہے :-

تا کی بلور اشک مرا چرخ زمردی — بر کہربا ہی روی دھدلون لبدی
آہم چو دود و عود قماری است بی عجب — ای آب دیدہ گر تو گلاب مصعدی
بی دود سیر یرتم سیہ دنی بدی چرا[2] — محبوسم و اسیر بکوہ صفہندی (صفہیدی)
سیمرغ نیستم من و این کہ نہ کوہ قاف — طوطی و حبس خوش نبود تا لبسر بدی
منہاج راہ راست تو در رہ کشادہ بہ — بر قلعہ راہ راست نیابد ز مسندی

۶۳۷ھ میں جب معز الدین بہرام شاہ تخت پر بیٹھا اور امرا و ملوک نے بیعت کی منہاج بھی اس زمرہ میں شامل تھے۔ چنانچہ بیعت کے موقع پر یہ قصیدہ سلطان کی تعریف میں لکھ کر خدمت میں پیش کیا[3]

زہی درشان تو منزل ز لوح آیات سلطانی — ببین در رایت شاہی علامات جہانبانی
معز الدین والدنیا مغیث الخلق تا خلقی — سلیمان سانت در فرمانست ہم انسی و ہم جانی
اگر سلطانی ہنداست ارث دودہ شمسی — بحمد اللہ ز فرزندان تو ئی التمش ثانی[4]

---

[1] طب ص ۱۴۷ [2] قلمی نسخوں میں "نی شرسرت و نی بدی جرا" - میں یہ لکھا ہے - میں اس کی تصحیح سے عاجز ہوں۔ [3] طب ص ۱۹۱ [4] اپنے طبقات کے مطبوعہ نسخے میں سب جگہ التمش مرقوم ہے - لیکن اشعار بالا میں عروض کے لحاظ سے بہ نام التمش صحیح ہے - افسوس ہے کہ تمام موجودہ مؤرخین نے اسے التمش ہی لکھا ہے اور غلط العام زبان زد خلائق ہے

چو دیدنت همه عالم که برحق وارث ملکی — درت را قبله گه گردند هم قاصی و هم دانی
چو منهاج سراج این است خلقان را دعائی تو — که یارب بر سریر ملک و دولت جاودان مانی
به عهدت راست چون نیزه جنان گردند هم عالم — که جز در طرهٔ پرچم نه بینند کس پریشانی

مولانا نے اس قصیدہ کے صرف انہی ابیات پر قناعت کی ہے ؛

جب سلطان ناصر الدین محمود شاہ ۶۴۴ھ میں تخت نشین ہوا۔ سلطنت کے تمام فاضل و اماثل نے دعا و ثنا کہی۔ منہاج نے بھی کچھ نظم و نثر موقع کی مناسبت کے لحاظ سے دل کھولکر سلطان کی مدح میں لکھی۔ یہ چند اشعار اس قصیدہ سے منقول ہیں[1] ؛

آن شهنشاهی که حاتم بذل و رستم کوشش است — ناصر دنیا و دین محمود بن التمش است
آن جهانداری که سقف چرخ از ایوان او — در علو مرتبت گوئی فرودین پوشش است
فرق فرقدسا و راست و دست و پای دولتش — فرتاج است و نگین و زیب تخت و بالش است
سکه را از انقیاد میمونش چه اندازاست فخر — خطبه را از اسم همایونش چه مایه نازش است
راحت دلها است روح عدل و بار و روح خلق — بندگی و دو دمانش زانکه در آمیزش است
چاکر ایوان او هر جا که ترک و تازکی — بندهٔ فرمان او هر جا که هندو گبرش است
وارث ملک بحق دیدش ز سلطان شمس الدین — هر کرا از انصاف در چشم بصیرت بینش است
دولتش حسادرا در هر زمان صد شومت است — صولتش احباب را در هر مکان صد ارمش است
گرچه بشگفتش گل دولت ولی از صد یکی — چون نهال است او که باغ ملک را نو بالش است
تیغ زنگاریش چون شنگرف ریز آمد مطیع — شاخ و برگ نقش عمر دشمنان در ریزش است
از مهیب زخم گرز گاو سارش بیں که چون — راکب شیر فلک در لرزه و در تابش است
تا نوای بزم ملکش راست شد زیر او فتاد — حاسد اندر چنگ غم چون زیر اندر نالش است
گاه گشت از انقلاب جور باد ایمن چو کوه — در پناه عهد عدلش چون که هر آرامش است

---

[1] طب ص ۲۰۲ ؛

ای شہنشاہی کہ ذیل عفو و دست بذل تو — محرم و محتاج را ہم پوشش و ہم پاشش است
بیت سالست تا کہ منہاج سراج خستہ را — در دعا گوئی این حضرت فراز پاشش است
از برائی نصرت و تائید شاہ بندگانش — در دعا در کوشش است و در دعا در خواہش است
محور چرخ جلالت باد خاک درگہت — تا کہ خاک و چرخ در آرامش و در جنبش است
گردش اہل زمین بر وفق فرمان تو باد — تا بروج آسمان گرد زمین در گردش است

اور دوسرا حسب ذیل ہے[1]:-

شاہ را چون نام خویشش عاقبت محمود باد — نصرت و تائید حق با عزم او مشدود باد
دوستان را زیب بقا و دشمنان را زیب فنا — نفع و ضر در بخشش و در کوشش موجود باد
در جہان باب اماں از عدل او مفتوح باد — باب بیدادی بہ عہدش مغلق و مسدود باد
چوں حسودش شد بطالع از فلک منحوس ورد — طالع او در پناہ ایزدی مسعود باد
سفرۂ ملک جہاں را دودۂ او شمع بس — چہرۂ اعدای او در دیدہا چوں دود باد
اہل ایمان را ز تیر و رانیش امن و امان است — سایہ بان دین حقند ظل شاں ممدود باد
مقصدش بر فضل حق چوں تکیہ گہ دارد مدام — بی توقف شاہ را حاصل ہمہ مقصود باد
خاتم سرش چوں نقش عدل و احسان یافتہ است — شاہد بخت جوان بر تاج او مشہود باد
دولتش بر مدت احمد مبارک آمدہ است — ملک محمودی بمیمونی مسلم زود باد
داعی این سلطنت منہاج را ورد این دعا — تا کہ باد و خاک و آب و آتش است مورود باد

۶۵۸ھ میں خراسان سے ہلاکو مغل پسر تولی بن چنگیز خان کے ایلچی دہلی کی طرف آئے تو انہیں سلطان ناصر الدین کے حکم سے منازل مارونہ کے قریب اتارا گیا اور اس اثنا میں انکے استقبال کے لئے ایک شاندار دربار سجایا گیا۔ جب یہ لوگ دربار میں پہنچے تو دربار کی شان و شوکت اور چمک دمک دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ منہاج نے اسی موقعہ پر یہ قصیدہ لکھا جسے کسی ہندی نے پڑھا تھا[2]

[1] طب ۲۰۴ [2] طب ۳۱۹

قد صادف الرضوان ایام الوری　　من روح هذا البزم للسلطان
لازال یبقی فی جلالة ملکه　　ومزید امکان ورفعة شان

زهی جشنی کزاو اطراف چون خلد بریں گشته　　خهی بزمی کزو اکناف عدل راستین گشته
ز ترتیب نهاد و رسم و آئین و نشاط او　　تو گفتی عرصهٔ دهلی بهشت اشمین گشته
ز فرناصر الدین شاه محمود دین التمش　　ملک نزدش دعا خواند فلک پیش زمین گشته
شهنشاهی که در عالم بفیض فضل ربانی　　سزای چتر شاهی لایق تخت و نگین گشته
چو خاقانان کیین آور چو سلطانان دین پرور　　بدل ماحی کفر است و بجان حامی دین گشته
مبارک باد بر اسلام این بزم شه عالم　　کزین ترتیب هندوستان بسی خوشتر ز چین گشته
مهین از جمله شاهان باد هر بنده زدرگاهش　　چو منهاج سراج از جان دعاگوی کمین گشته

طبقات کو ناصر الدین محمود کے نام سے موسوم کرتے وقت منہاج نے ایک دلپذیر پیرایہ میں چند اشعار لکھے اور انہیں اپنی غلطیوں کے لئے معافی کا طالب ہوا۔ چنانچہ[1]

هر چه کردم سماع بنوشتم　　اصل نقل و سماع گوش بود
در گذارد خطا چو دید کریم　　زانکه با عز و عقل و هوش بود
هر که او ذوق مهتری دریافت　　نزد صبرش صبر چو نوش بود
دامن عفو پرور یش مدام　　دره حلم عیب پوش بود
بدعایاد دارد ش منهاج　　گرچه اندر نفس خموش بود

طبقات کا ایک نسخہ منہاج نے الغ خان اعظم کی خدمت میں پیش کیا تو خان اعظم نے ۲۰ ہزار جیتل اور ماہی صباحی، ایک دستہ سنجاب اور ایک دستہ روباہ روانہ فرمایا۔ منہاج نے شکرانہ کے طور پر یہ قطعہ کہا[2] اور اس نسخہ کی پشت پر تحریر کر دیا۔

شهریار جهاں الغ خاں آنکه　　خان البرزیست و شاه سمک

---

[1] طبقات ۲ طبقات ۴۵۳ ۔

ہر کہ از حضرتش قبولی یافت — پیش ہرگز نگشت رو بفلک
پیش او کیست حاتم طائی — نزد او چیست یحیی برمک
کرد از لوح خاطر منہاج — غصہ دہر را باحساں حک
بشنود این سخن زمن ہمہ خلق — از طریق یقین نہ از رہ شک
نود نہ مرا است قسم کرم — دیگر ازا ہمہ ازاں صدیک
ہر دعائی کہ گویش از جان — کند آمین آن بصدق ملک

طبقات کے علاوہ ان کی ایک اور اہم یادگار "ناصری نامہ" ہے جو نظم میں ہے۔ مولانا نے کئی موقعوں پر طبقات میں اس کا ذکر کیا ہے۔ اس تالیف کا نام سلطان ناصر الدین محمود کے نام پر "ناصری نامہ" رکھا گیا۔ ۶۴۵ھ میں ناصر الدین محمود مع الغ خان اعظم پانی پت سے ہوتے ہوئے قنوج کی حدود میں پہنچتا ہے وہاں قلعہ نندنہ (راورٹی تلسندہ) کو سر کرنے میں لگ جاتا ہے اور آخر فتح کرتا ہے[1]۔ مصنف نے اس کتاب میں اسی مہم کے چشم دید واقعات نظم کئے ہیں۔ نہایت افسوس سے کہا جاتا ہے۔ کہ اس تالیف کا کوئی نسخہ اب تک دریافت نہیں ہوا

قاضی منہاج سراج عربی زبان میں کافی دسترس رکھنے کے علاوہ عربی شعر کہنے پر بھی قادر تھے۔ انہوں نے امام یحیی بن اعقب رح کے عربی قصیدہ کا فارسی میں ترجمہ کیا ہے[2] اسکے علاوہ ایک فارسی قصیدہ کی ابتدا میں جو پہلے درج ہو چکا ہے انہوں نے دو شعر عربی میں بھی رقم فرمائے چنانچہ[3]

قد صادف الرضوان ایام الوری — من روح ھذا البزم للسلطان
لازال یبقی فی جلالۃ ملکہ — ومزید امکان ورفعۃ شان

ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بعض تذکروں میں جن میں ہفت اقلیم، صبح گلشن اور گلزار ابرار قابل ذکر ہیں۔ ہمارے مضمون کے موضوع قاضی منہاج سراج اور ان کے والد سراج منہاج کے ناموں میں تخلیط پیدا کر کے باپ کی رباعیات بیٹے کے نام درج کر دیں۔ اسی طرح مجمع النفائس،

---

[1] طبقات ۲۱۰ [2] طبقات ۳۳۰ [3] طبقات ۳۳۰

اور گل رعنا میں بیٹے کی تصنیف باپ کے حوالے کر دی گئی ہے۔ یعنی سراج منہاج کو مؤلف طبقات ناصری لکھ دیا ہے۔ جو ایک صریح غلطی ہے اور جو کچھ کہ محمد عوفی نے مولانا سراج کے متعلق لکھا۔ وہی انہوں نے مولانا منہاج کے بارے میں تحریر کر دیا۔ اور یہی وجہ ہے۔ کہ وہ بعض تذکروں میں لاہوری لکھے گئے ہیں۔ درانحالیکہ مولانا منہاج خود اپنے ساتھ جوزجانی لکھتے ہیں۔ جو گوزگان کا معرب ہے ؛

مولانا منہاج نے طبقات میں اپنے والد کی جائے پیدائش کے بارے میں کچھ نہیں لکھا لیکن محمد عوفی معاصر وقت نے ان کی جائے ولادت لاہور اور مقام نشاء سمرقند بتایا ہے اور انہیں 'ملک الکلام' اور 'فصیح العجم' کے خطاب سے یاد کیا ہے[1]۔ خود مولانا منہاج بھی انکو 'اعجوبۃ الزمان' اور 'افصح العجم'[2] لکھتے ہیں۔ ان کی چند رباعیات کا اندراج یہاں بیجا نہ ہوگا ؛

آن دل کہ ز ہجر درد ناکش کردی — وز ہر شادی کہ بود پاکش کردی
از خوئی تو آگہم کہ ناگہ ناگہ — آوازہ در افتد کہ ہلاکش کردی

دل را بر خ خوب تو میل افتادست — جان دیدہ بر امید لبت بگشادست
چشم آب زان خاک درت خواہد بود — گر عمر وفا کند قرار این دادست

جب سلطان معز الدین سام نے ۵۸۱ھ میں لاہور پر لشکر کشی کی اور فتح پائی تو مولانا سراج کو ہندوستان کے عہدۂ قضا پر مقرر کیا۔ لیکن انہوں نے تھوڑا وقت یہاں گذارا۔ انکی وفات ۵۹۰ھ اور ۶۰۰ھ کے درمیان ہوئی۔ جب وہ سلطان غیاث الدین سام کی طرف سے خلیفہ الناصر الدین اللہ کی خدمت میں سفارت پر جا رہے تھے[3] ؛

آغا عبد الستار خاں

---

(۴)

[1] لباب الالباب جلد اول ص ۲۸۲ [2] طبقات ص ۱۱۶ [3] طبقات ص ۶۶ ؛

بابا فرید گنج شکرؒ شیخ ابراہیم اور فریدثانی

(سلسلہ کے لئے دیکھو یہی رسالہ بابت فروری ۱۹۳۸ء)

گوروارجن دیو:-

فریدا بھوم رنگاولی منجھہ وسولا باگ — جو جن پیر نوازیا تناں انچ نہ لاگ

گوروارجن دیو:-

فریدا عمر سہاوڑی سنگ سوزی دیہہ — ورلے کیئی پائین جناں پیارے نیہہ

گوروارجن دیو:-

فریدا گرب جناں وڈیائیاں دھن جوبن آگاہ — خالی چلے دھنی سیئوں ٹٹے جیوں میہاہ

گوروارجن دیو:- فریدا کنت رنگاولا وڈا وے محتاج - اللہ سیتی رتیاں ایہہ سچاواں ساج

" " " فریدا دُکھ سکھ اِک کر دل تے لاہ وکار - اللہ بھاوے سو بھلا تاں لبھی دربار

" " " فریدا دُنی وجائی وجدی توں بھی وچ نال - سوئی جیونا ں جدا جس اللہ کرد اسار

" " " فریدا اول رتا اس دُنی سیوں دُنی نہ کتے کم - شیل نفیراں گاکھڑی سو پائیے پورکرم (سلوک ۱۱۱)

۱۶ - گورو گرنتھ صاحب میں سلوک نمبر ۱۱۲، ۱۱۳ جہاں سلوک فرید جی کے عنوان کے نیچے درج ہیں وہاں وہ گورو نانک کی بانی کے نیچے بھی کسی دوسری جگہ گورو گرنتھ صاحب میں درج ہیں

۱۷ - سلوک نمبر ۱۱۸ میں فرید کا نام موجود ہے ؛

۱۸ - سلوک نمبر ۱۱۴ سے لے کر ۱۲۰ تک سوائے سلوک نمبر ۱۱۸ کے جس میں فرید کا نام ہے اور ۱۲۱ کے جس میں 'نانک' آتا ہے - باقی سب میں نہ نانک آتا ہے نہ فرید ؛

۱۹ - جنم ساکھی ب کے مطابق ۱۲۶ شیخ ابراہیم نے کہا اور ۱۲۷ اسکے جواب میں بابا نانک نے کہا

۲۰ - پڑھنے والوں پر یہ پوشیدہ نہ رہے کہ فرید سے منسوب سلوکوں میں ہر ایک میں فرید نہیں آیا۔ مثلاً نمبر ۳، ۵، ۲۵، ۳۰، ۳۱، ۴۰، ۴۵، ۶۴، ۶۵، ۷۲، ۷۷، ۸۴، ۸۶، ۹۱،

۹۲، ۱۱۲، ۱۱۳، ۱۱۴، ۱۱۵، ۱۱۶، ۱۱۷، ۱۱۹، ۱۲۰، ۱۲۱، ۱۲۲، ۱۲۳، ۱۲۴، ۱۲۵، ۱۲۶، ۱۲۷، ۱۲۸، ۱۲۹، ۱۳۰ میں فرید کا نام نہیں ۔

اگرچہ ذیل کے شلوک گورو نانک، گورو امرداس، یا گورو ارجن دیو سے منسوب ہیں۔ مگر ان میں فرید کا نام آتا ہے۔ بطور خطاب مخاطب کے ۔

۱۳، ۷۵، ۸۲، ۸۳، ۱۰۵، ۱۰۸، ۱۰۹، ۱۱۰، ۱۱۱ ۔

۲۱۔ ذیل کے شلوک جوابی معلوم ہوتے ہیں۔ جوابی اشعار میں کہیں نانک کا نام ہے، کہیں نہیں۔ اُن پر محلہ یعنی کس گورو کی تصنیف ہے۔ درج نہیں، اِن کو پہلے گورو نانک ہی سے منسوب کیا جانا چاہیئے۔ یہ اطلاع جنم ساکھیوں کی اطلاعوں پر اضافہ سمجھئے ۔

فرید۔ ۳۱ سُہرے ڈھوئی ناں لہے پیئے ناہیں تھاؤں ۔ پروارڑی نہ پچھپی دھن سوہاگن ناؤں

نانک۔ ۳۲۔ ساہُرے پیئے کنت کی کنت اگم اتھاہ ۔ نانک سو سہاگنی جو بھاوے بے پرواہ

فرید۔ ۶۴۔ کلر کیری چھپڑی آئے اُلتھے ہنجھ ۔ چُنجھو بوڑن ناں پویں اُڈن سندی ڈنجھ

نانک۔ ۶۵۔ ہنس اُڈر کو دھرے پیا لوک وڈارن جائے ۔ گہلا لوک نہ جانڈا ہنس نہ کو دھرا کھائے

فرید۔ ۸۵۔ فریدا دُکھاں سیتی دیہہ گیا سُولاں سیتی رات ۔ کھڑا پکارے پاتنی بیڑا پکّر وات

نانک۔ ۸۶۔ لمی لمی ندی وہے کنڈھیں کیرے ہیت ۔ بیڑے نوں پکّر کیا کرے جے پاتن رہے سچیت

فرید۔ ۹۱۔ کاگا کرنگ ڈھنڈولیا سگلا کھائیا ماس ۔ اے دوئے نیناں مت چھوہو پر دکھین کی آس

نانک۔ ۹۲۔ کاگا چونڈ نہ پنجرا بسے تاں اُڈر جاہیں ۔ جت پنجرے میرا بہہ وسے ماس نہ تدو کھاہیں

فرید۔ ۱۱۲۔ پہلے پہرے پھلڑا پھل بھی لچھّیا رات ۔ جو جاگن لہن سے سائیں کنوں دات

نانک۔ ۱۱۳۔ داتیں صاحب سندیاں کیا چلّے تس نال ۔ اِک جاگیندے ناں لہن اکناں سُتیاں دیئے اُٹھال

فرید۔ ۱۱۹۔ تن تپے تنور جیوں بالن ہڈ بلن ۔ پیریں تھکاں سر جلاں جے مونہہ پری رلن

نانک۔ ۱۲۰۔ تن نہ تپائے تنور جیوں بالن ہڈ نہ بال ۔ سر پیریں کیا پھیڑیا اندر پری نہال

فرید۔ ۱۲۱۔ ہوں ڈھونڈیندی سجناں سجن مینڈے نال ۔ نانک الکھ نہ لکھئے گور رکھ دیئے وِکھال

فرید ۱۲۲۔ ہنساں دیکھیہ ترندیاں بگّاں آیا چاؤ ۔ ڈُب مریئے بگ بپڑے سر تل اُپر چاؤ
۱۲۳۔ میں جانیاں ڈڈ ہنس ہے تاں میں کیا سنگ ۔ جے جاناں بگ بپڑا جنم نہ بھیٹڑیں انگ
نانک ۔ ۱۲۴۔ کیا ہنس کیا بگلا جاکوں نددر دھرے ۔ جے تس بھاوے نانکا کاگوں ہنس کرے
فرید ۔ ۱۲۵۔ اِک پھکاناں گالائے سبھناں میں سچّا دھنی ۔ حیاؤ نہ کیہی ٹھاہ ۔ نانک سبھا مولیں
نانک ۔ ۱۲۶۔ سبھناں من نانک ٹھاہن مُول مچا نگواں ۔ جے تو پُر یادی سبک حیا وہ ٹھاہے کہیں دا
۲۲ ۔ اپنی اس رائے کی تائید میں کہ "سلوک شیخ فرید کے" کے نیچے جو شلوک گورو گرنتھ صاحب میں درج ہیں۔ اُن میں سے کچھ شلوک جن میں نانک کا نام نہیں آتا اور جن کا مضمون جوابی رنگ میں ڈوبا ہُوا ہے ۔ ضرور نانک ۔ پہلے گورو ۔ کے ہیں۔ ہم ذیل کی اطلاع پیش کرتے ہیں اور اس ثبوت کی طرف سکھ صاحبان کی توجّہ بھی دلاتے ہیں ۔

گورو گرنتھ صاحب میں "سلوک واراں تے وددھیک" کے عنوان کے نیچے ذیل کے شلوک گورو نانک دیو کی تصنیف سے درج ہیں۔ یہی شلوک پھر "شلوک شیخ فرید کے" کے نیچے درج ہیں ۔

تن نہ تپائے تنور جیوں بالن مڈھ نہ بال ۔ سر پیریں کیا پھیڑیا اندر پری سمال ۔ ۱۸
سبھنیں گھٹیں سہہ وسے سہہ بن گھٹ نہ کوئے ۔ نانک تے سوہاگنی جناں گورمکھ پرگٹ ہوئے ۔ ۱۹

نمبر ۱۸ "سلوک شیخ فرید کے" میں نمبر ۱۲۰ ہے اور فرید کے نمبر ۱۱۹ کے جواب میں سری راگ وار میں گورو نانک صاحب کے قلم سے مترشح یہ شلوک بتایا گیا ہے :۔

واتیں صاحب سندیاں کیا چلے تس نال ۔ اِک جاگندے نال ہن اکناں سُتیاں دیئے اٹھال

یہی شلوک "سلوک شیخ فرید کے" کے نیچے نمبر ۱۱۳ ہے ۔ یعنی فرید کے نمبر ۱۱۲ کا جواب ۔ اسی سری راگ وار میں گورو نانک دیو کا یہ شلوک ہے :۔

کیا ہنس کیا بگلا جاں کوں ندر کرے ۔ جو تس بھاوے نانکا کاگوں ہنس کرے

"یہ سلوک شیخ فرید کے" میں نمبر ۱۲۴ ہے ۔ فرید کے نمبر ۱۲۳ کے جواب میں ۔

۲۳۔ جنم ساکھی منقول ۱۷۰۱ء میں شیخ ابراہیم اور گورو نانک کے درمیان گفتگو کے سلسلہ میں منسلک اشعار پر ایک نظر پھر دوڑائی جاتی ہے (دیکھو نمبر ۱۳ اوپر) ؛

آپے پٹی قلم آپ، آپہ لیکھ بھی توں ایکو کہیئے نانکا دوجا کاہے کوں

یہ گورو گرنتھ صاحب میں ایک جگہ تحریر ہے۔ وار راگ ملار میں ؛

شیخ ابراہیم کا سوال "اک صاحب تے . . . . ردی" گورو گرنتھ صاحب میں کہیں درج نہیں نہ ہی نانک کے اس سوال کے جواب کا پہلا یا دوسرا حصہ درج ہے ؛

ابراہیم کا دوسرا منظوم سوال یا بیان کبیر سے بھی منسوب ہے۔ گورو گرنتھ صاحب میں یہ "سلوک شیخ فرید کے" کے نیچے درج ہے۔ اور وہاں پر لفظ "فریدا" شروع میں ہے۔ یعنی یہ شعر شیخ فرید کا ہے نہ کہ شیخ ابراہیم کی تصنیف۔ نمبر اس کا ۱۰۳ ہے۔ مگر بخلاف جنم ساکھی کے، اس کا جواب نانک کی تصنیف نہیں۔ بلکہ تیسرے گورو امرداس صاحب کے قلم سے ہے اور الفاظ سلوک کے گورو گرنتھ صاحب میں جنم ساکھی کے الفاظ سے مختلف ہیں۔ گورو گرنتھ صاحب میں اس کا نمبر ۱۰۴ ہے۔ سلوک یوں ہے امرداس جی کا :۔

کاہے پٹولا پاڑتی کنسبلڑی پہریئے نانک گھر ہی بیٹھیاں سہملے جے نیئے اس کیئے

چار کے بجائے دو ہی مصرعے ہیں ؛

شیخ ابراہیم کا کہا ہوا تیسرا سلوک بھی گورو گرنتھ صاحب کے مطابق فرید کا سلوک ہے۔ شروع میں فریدا ہے۔ وہاں اس کا نمبر ۵۴ ہے اور عبارت قدرے مختلف ہے جنم ساکھی سے :

فریدا نڈھیں کنت نہ راویو وڈی تھی موئیاسی دھن کو کیندی گور میں تیں سہہ ناں نلیاس

اس کا جواب نانک کی طرف سے "سلوک فرید" کے نیچے درج نہیں۔ بلکہ گورو گرنتھ صاحب میں راگ ماروکی وار میں تحریر ہے۔ جس کی عبارت یوں ہے :۔

محل کچھی مڑوڑی کالی منوں کسدھ جے گن ہوون تا پررئے نانک اوگن مندھ

جنم ساکھی اور گورو گرنتھ صاحب میں کوئی فرق نہیں ؛

شیخ ابراہیم کا کہا ہوا چوتھا شلوک گورو گرنتھ صاحب میں نمبر ۱۲۶ "سلوک شیخ فرید کے" کے نیچے درج ہے ذرا سے اختلافِ الفاظ کے ساتھ :-

کون سُوا کھر کون گُن کون سو منیاں منت کون سو ویسو ہوں کرِ جیت وَس آوے کنت

مگر فرید کا نام اس میں نہیں - اس سے یقینی طور پر کوئی نتیجہ نہیں نکال سکتے کہ یہ کس کا شلوک ہے - اس کے جواب میں شلوک نمبر ۱۲۷ گورو گرنتھ صاحب میں اوپر کے شلوک کے بعد درج ہے - مگر اس میں نانک کا نام نہیں اور جنم ساکھی کے برخلاف چھ مصرعے نہیں - صرف دو ہی مصرعوں کا ایک شلوک ہے :-

نِون سُوا کھر کھون گُن جیہیا منیاں منت اے ترے بھینیں بِسکرتا وس آوی کنت

۲۴- ہم نے اوپر دیکھا کہ گورو گرنتھ صاحب میں کس قدر احتیاط - تحقیق اور جامعیت سے کام لیا گیا ہے - "سلوک شیخ فرید کے" کے زیرِ عنوان جو جوابی شلوک سکھ گورو صاحبان کے درج ہوئے - اُنہیں گورو صاحبان کی بانی میں مختلف راگوں کے نیچے دوسری جگہوں پر گورو گرنتھ صاحب میں درج کر دیا تاکہ شک و شبہ کی گنجایش نہ رہے - مثال کے طور پر گورو ارجن دیو جی نے فرید کے شلوکوں کے جواب میں چند ایسے بھی شلوک کہے جن میں فرید سے خطاب تھا - یعنی شروع میں لفظ فریدا آتا تھا - اس سے یہ شک گذر سکتا تھا - کہ شاید یہ جوابی شلوک خود فرید ہی کے ہوں - گورو صاحب نے اپنے یہ جوابی شلوک فریدا لفظ والے، اپنے کلام میں کسی دوسری جگہ درج کر دیئے - تاکہ پڑھنے والوں کو دھوکا نہ ہو - یہی برتاؤ کبیر کے جواب میں کہے اپنے شلوکوں سے گورو ارجن دیو نے کیا - ایسے شلوکوں سے جن میں کبیر سے خطاب کی وجہ سے لفظ کبیرا شروع میں رکھا تھا - مگر ساتھ ہی اس بات کا احساس کر لیا تھا کہ اغلب ہے - کہ پڑھنے والے اس شلوک کو کبیر کی اپنی تصنیف مان لیں ؛

بابا فرید کا ایک غضب کا مؤثر شلوک تھا :-

فریدا میں جانیا دُکھ مجھ کو دُکھ سبائیے جگ اوچے چڑھ کے دیکھیا تا گھر گھر ایہا اگ

اُس کے جواب میں گورو ارجن دیو نے لکھا :-

فریدا بھوم رنگاولی منجھ وسوُلا باگ
جو جن پیر نواجیا تناں اینج نہ لاگ

'سلوک شیخ فرید کے' میں بھی اس شلوک کے پہلے محلہ ۵ لکھ دیا اور اس شلوک کو الگ بھی رام کلی کی وار میں درج کر دیا۔ یہی حال نیچے کے شلوک سے کیا۔ جو فرید کے ایک دوسرے شلوک کے جواب میں کہا تھا ؛

گورو ارجن دیو :-

فریدا عمر سُہاوڑی سنگ سوہڑی دیہہ ورے کمائی پائین جہاں پیارے نیہہ

یہی بات گورو امر داس کے جوابی شلوکوں کے متعلق گورو گرنتھ صاحب میں واضح کر دی گئی ہے بابا فرید کا شلوک نمبر ۵۱ ہے جس کے جواب میں گورو امر داس جی نے اشعار نمبر ۵۲ کہے۔ وہ جوابی اشعار "سلوک شیخ فرید" کے نیچے بھی درج ہیں۔ اور رام کلی کی وار میں بھی تحریر ہیں۔ گورو امر داس جی کی دوسری بانی کے ساتھ ؛

۲۵ - اوپر کے ثبوتوں سے یہ واضح ہوا۔ کہ گورو گرنتھ صاحب میں درج "شلوک شیخ فرید کے" کسی مسلمان درویش فرید کے تھے۔ جو گورو نانک دیو (۱۵۳۸ - ۱۴۶۹) - گورو امر داس (۱۵۷۴ - ۱۴۷۹) - اور گورو ارجن دیو (۱۶۰۶ - ۱۵۶۳) کے زیر مطالعہ رہے۔ یہ شلوک نہ شیخ ابراہیم کے ہیں نہ ہی فرید ثانی کے۔ جس کسی درویش کے ہیں وہ فرید ۱۴۶۹ سے پہلے گذر چکا تھا۔ پندرھویں صدی یا اس سے پہلے کے ایک مسلمان فقیر کا ملتانی زبان کا کلام ہر لحاظ سے زیادہ سے زیادہ تحقیق۔ توجہ۔ اور تحسین کا مستحق ہے ؛

۲۶ - یہاں تک تو ہم نے شلوکوں ہی کا ذکر کیا ہے۔ گورو گرنتھ صاحب میں فرید کا اور کلام بھی ہے جس کی طرف مسلمان محققوں کی توجہ اب تک مبذول نہیں ہوئی۔ شمالی ہندوستان میں ہندی اور اردو زبانوں کے ارتقا اور ترویج اور تعمیر پر اس فرید کے کلام سے کافی سے زیادہ روشنی پڑ سکتی ہے۔

فرید کی دوسری بانی تین راگوں کے نیچے گورو گرنتھ صاحب میں درج ہے۔ اب تک ہم شلوک ملاحظہ کرتے رہے ہیں۔ اس شلوک کو دوہا اور ساکھی بھی کہا گیا ہے۔ جیسے کبیر کے دوہے جنہیں خود کبیر ساکھیاں کہتا ہے۔ دوہے کے علاوہ ایک اور نظمی صورت ہے۔ جسے پادیا پدیا شبدیا شبن پدا کہتے آئے ہیں۔ اور جو شلوک کے ساتھ خاص و عام میں مقبول و منظور ہوئی۔ اس شبد کے اجزائے تعمیر ان نمونوں سے ہویدا ہوں گے ؎

راگ آسا۔ شبد نمبر ۱۔

(آسا راگ میں ملتانی کلام نہایت کثرت سے لکھا جاتا ہے۔ یہ راگ اس علاقہ سے خاص نسبت رکھتا ہے۔ اور بیشتر اس راگ میں کہی ہوئی چیزوں میں ملتانی کا عنصر غالب ہے جیسا کہ گورو گرنتھ صاحب میں درج سکھ گورؤں کے کلام سے ظاہر ہے۔ پوشیدہ نہ رہے۔ کہ ہر ایک راگ کا جس طرح خاص خاص مضمون سے تعلق ہے۔ اسی طرح اس کا خاص تعلق خاص بولی، خاص علاقہ یا دیس، خاص وقت اور خاص عروضی صورت سے بھی ہے)؎

آسا شیخ فرید جیو کی بانی

دِلوں محبت جنہہ سیئی سچیا جنہہ من ہور رکھ ہور سے کانڈھے کچیا (۱)
رتے عشق خدائے رنگ دیدار کے وسّریا جنہہ نام تے بھوئے بھار تھئے (۱)

رہاؤ

آپ لئے لڑلائے درد رویش سے تنہہ دھن جنیدی ماؤ آئے سپھل سے (۲)
پروردگار اپار اگم بے انت توں جنہاں کچھ پاتا سچ چُھپاں پیر مُوں (۳)
تیری پنہ خدائے توں بخشندگی شیخ فریدے خیر دیجے بندگی (۴)

نمبر ۲ آسا

بولے شیخ فرید پیارے اللہ لگے ایہ تن ہوسی خاک نمانی گور گھرے (۱)
آج ملاوا شیخ فریدا کم کونجڑیاں منوں مچندڑیاں (۱)
رہاؤ

جے جاناں مرجائیے گھم نہ آئیے جھوٹھی دنیا لگ نہ آپ وِنجائیے (۲)
بولئے سچ دھرم جھوٹھ نہ بولئے جو گورو سے واٹ مریداں جو لئے (۳)
چھیل لنگھندے پار گوری من دھیریا کنچن وَنے پاسے کلوت چیریا (۴)
شیخ حیاتی جگ نہ کوئی تھیر رہیا جس آسن ہم بیٹھے کیتے بیس گیا (۵)
کونک کونجاں چیت ڈوساون بجلیاں سیالے سوہندیاں پر گل بانہڑیاں (۶)
چلے چلن ہار وچارا لئے منوں گنڈھیندیاں چھ ماہ ترندیاں ہک کھنو (۷)
جبیں پچھے اسمان فرید اکھیوٹ کن گئے جالن گوراں نال اُلامے جی سہے (۸)
(۲)

راگ سُوہی

(جو کچھ آسا راگ کے متعلق اوپر لکھا جا چکا ہے۔ اس کا اطلاق راگ سوہی پر بھی سمجھنا چاہیئے)

شبد نمبر ۳ راگ سوہی بانی شیخ فرید جی کی

تپ تپ لوہ لوہ ہاتھ مروروں باول ہوئی سو سہہ لوروں
تیں سہہ من میں کیا روس مجھ اوگن سہہ ناہی دوس (۱)
تیں صاحب کی بیں سار نہ جانی جوبن کھوئے پاچھے پچھتانی (۱)

رہاؤ

کالی کوئل توں کت گن کالی اپنے پر تیم کے ہوں بہے جالی
پریں بہونی کت سُکھ پائے جا ہوئے کرپال تاں پربھو ملائے (۲)
وِدھن کھوہی مُندھ اکیلی ناں کو ساتھی ناں کو بیلی
کر کر پاپر بھ سادھ سنگ میلی جاں پھر دیکھاں تاں میرا اللہ بیلی (۳)
واٹ ہماری کھری اُڈینی کھنیوں تکھی بہت پئینی
اُس اوپر ہے مارگ میرا شیخ فرید اپنڑے سہار سویرا (۴)
(۱)

نمبر ۴ سُوہی للت

بیڑا بندھ نہ سکیو بندھن کی ویلا بھر سر و جب او چھلے تب ترن دُہیلا (۱)
ہتھ نہ لائے کُنبھڑے جل جاسی ڈھولا (۱)

رہاؤ

اِک آپی نے پتلی سہہ کیرے بولا دُدھا تھنیں نہ آوئی پھر ہوئے نہ میلا (۲)
کہے فرید میلیو سہہ الائسی ہنس جلیسی ڈُنناں ایہ تن ڈھیری تھیسی (۳)
(۲)

۲۷۔ کیا یہ شیخ فرید جس کا کلام اوپر درج ہوا۔ اور جو گورو نانک سے پہلے ہو چکا تھا۔ شیخ بابا فرید الدین گنج شکر اجودھنی یا پٹنی ہے ؟

اس سوال کا فیصلہ کرنے کے لئے ہمیں کلام مرشیخ فرید مندرجہ گورو گرنتھ صاحب کے مضامین اور زبان دونوں پر غور کرنا ہوگا۔ اور اس بات کا جواب بھی دینا ہوگا کہ کیا فرید گنج شکر کے زمانہ سے پہلے یا اسی عصر میں کسی اور مصنف نے پنجابی (لاہوری۔ ملتانی وغیرہ) میں کوئی نظم و نثر تصنیف کی ؟ کیا شیخ فرید کا کلام 'ملتانی' ہے ؟ کیا اس کلام کی اندرونی مضمونی شہادت ایسی ہے ۔ جو فرید کے حالات، عادات، خیالات سے جو تذکروں میں درج ہیں ۔ کوئی تطابق رکھتی ہے ؟ کیا گورو نانک۔ گورو امر داس۔ گورو ارجن دیو کو بابا فرید گنج شکرؒ کے کچھ حالات معلوم تھے ؟ کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ چونکہ انہوں نے دوسرے نامور، معروف بھگتوں کے کلام کے جمع کرنے میں نہایت تحقیق اور تدقیق اور احتیاط سے کام لیا ہے۔ اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ فرید الدین ملقب بہ گنج شکرؒ المشہور بابا فرید یا شیخ فرید کے کلام کے جمع کرنے میں بھی اسی احتیاط اور تجسس کو روا رکھا ہوگا؟ کیا گورو نانک کو جو کہ ملتان اور تلمبہ وغیرہ علاقوں میں کافی دیر تک سیاحت کرتے رہے۔ یہ معلوم نہ تھا کہ اُن اطراف میں فرید الدین گنج شکر بابا فرید کے نام سے مشہور ہے۔ اور ان شیخ بابا فرید کا کلام لوگوں کی زبانوں پر ہے ؟ کیا اس بات کا امکان نہیں ہے کہ بابا نانک نے بابا فرید کا کچھ کلام فرید کے

جانشین یا خلیفہ ابراہیم سے حاصل کیا ہو ؟

ہوسکتا ہے کہ کچھ کلام گورو امرداس نے بھی جو نانک سے دس ہی برس بعد تولد ہوئے۔ اور جنہوں نے بابا سے انتیس برس بعد رحلت فرمائی جمع کیا ہو ؟ یا کچھ اشعار گورو ارجن دیو نے گورو گرنتھ صاحب کی تالیف و ترتیب کے وقت بہم پہنچائے ہوں ؟

۲۸۔ پہلے ہم بابا فریدالدینؒ ملقب بہ گنج شکر کے حالات پر نظر ڈالتے ہیں۔ اس کے بعد کلام شیخ فرید کُل کا کُل درج کرینگے معہ اُردو ترجمہ کے۔ پھر مقابلہ کریں گے۔ کہ کیا یہ کلام بابا فرید گنج شکر کا ہوسکتا ہے۔ اس کے بعد کلام کی لسانی خصوصیات پر غور کریں گے۔ سارے کلام کا انڈکس تیار کریں گے۔ آخر میں فرید کے عہد سے پہلے کے مصنفین اور اس کے قریبی معاصر اور بعد میں آنے والے شعرا کا کچھ ذکر معہ مضمون و لسانی مقابلہ کے کریں گے ۔

پرنسپل محمد شفیع صاحب نے مشورہ دیا ہے کہ حالات بابا فرید کے لئے سیر الاولیا کو دوسرے تذکروں پر ترجیح دینی چاہیئے۔ یہ تذکرہ مولانا میر خورد خلیفہ حضرت سلطان المشائخ نے ۷۹۸ھ / ۱۳۹۶ء میں تصنیف کیا۔ اس تذکرہ کے بیانات کی تائید و تردید کے لئے ہم تاریخ فرشتہ اور فوائد الفواد (امیر حسن) سے مدد لے سکتے ہیں۔ 'سیر الاولیاء' لالہ چرنجی لال جینی رئیس قدیم درگاہ حضرت نظام الدین اولیا واقع غیاث پور نے دہلی سے ۱۸۸۵ء میں شایع کی ۔

سیر الاولیا سے ضروری فارسی عبارات اخذ کر کے نیچے دی جاتی ہیں :۔

"شیخ شیوخ العالم فریدالحق والدین . . . . جد بزرگوار شیخ قاضی شعیب باسہ پسر و اتباع دخیل در دیار لاہور تشریف آوردند در قصبہ قصور (قصور) نزول فرمودند۔ . . . . بعدہٗ قضائے کھتوال کہ از ملتان نزدیک است بقاضی شعیب مفوض شُد و آنجا سکونت کرد۔ حق تعالےٰ از دودمانِ ایں بزرگ بادشاہے (فرید) را پیدا آورد۔ . . . منقول است کہ شیخ (فرید) از عنفوانِ جوانی کہ قوت کامرانی است بعبادت و محبتِ باری تعالیٰ مشغول گشت و ترک بہ یک بار ی پیش گرفت و از خویش و پیوند اجُدا شد۔ چوں نیّت صادق بود۔

ہم دریں حال شیخ بجہتِ تعلیم در ملتان رفت .... شیخ در مسجدے فرود آمد . . .
قطب الدین بختیار از اوش در ملتان رسیدہ . . . وخلاصۂ ایں سخن ایں مصراع است کہ
دریں باب بر زبانِ سلطان المشائخ گذشتہ است مصرع بیرونِ دروں بہ کہ دروں بیروں ٭
شیخ (فرید) فرمود من ذوقے کہ در آں جامۂ پارہ داشتم دریں جامۂ تو نیافتم۔
بعد آنکہ بخلافت شیخ قطب الدین مخصوص شد و خلق ہجوم کرد و مطلوب ستر بود از شہر (دہلی)
در ہانسی رفت۔ آنجا ساکن شد و مجاہدہ و مشغولی ظاہر و باطن مشغول گشت و خود را مستور
مے داشت و نمے خواست کہ ہیچ آفریدہ بر حال او مطلع شود . . . . جاہما شیخ شیوخ العالم
رنگیں و پارہ بود . . . چوں در ہانسی عظمت و کرامت شیخ خلق را روشن شد ازیں جا نیز
طرف کھتوالا رفت کہ وطن قدیم آبا و اجداد ایں بادشاہِ دیں بود و مدتے آنجا مشغول بود . . .
پس پشت نماز گاہ کھتوال مشغول مے باشد . . . شیخ جلال الدین تبریزی آں انار پارہ
کرد و خوردن گرفت۔ شیخ (فرید) صایم بود افطار نکرد . . . . از آنجا در اجودہن آمد کہ مقامے
مجہول بود۔ بروایتے شانزدہ سال و بروایتے بیست و چہار سال تا آخر عمر در اجودہن ماندہ
و آں مقام بوجود مبارکِ او قبلۂ ہندوستان و خراسان شد . . . در کھتوال کہ معاش کمتر
باشد و مقامے مجہول است ساکن گشت۔ چوں آں مقام از ملتان نزدیک است آنجا مستور
نماند۔ بارہا خواستے کہ از آنجا ہم برود در لاہور کہ خراب است و آبے رواں دارد سکونت سازد
فی الجملہ آخر عمر در اجودہن گذرانید۔ مقصود ازیں حکایت آں است کہ خود را مستور داشت۔
و در اشتہار نکوشید۔ بارہا بر زبانِ مبارک ایں بیت رفتے ؎ ہر کہ در ہند نام و آوازہ است
خانۂ او بروں دروازہ است . . . . در ہانسی . . . در آں ایام شیخ (فرید) را روزہ داؤدی
بود . . . بخاطرِ شیخ علی گشت کہ چنیکو بودے کہ شیخ (فرید) را صوم دوام بودے . . . . .
شیخ (فرید) گفت آنچہ بر خاطرِ خاصگانِ حق گذشت تکفل کردم . . . کار شیخ (فرید) دیگر بود
ترکِ خلق گرفت۔ و دشت و بیابان اختیار کرد۔ یعنی در اجودہن ساکن گشت۔ بنانِ درویشانہ

بچیزہائے کہ درآں دیار خیزد چوں پلیو و مانند آں قانع گشت . . . یعنی پیوستہ در باز بودے وطعام و نعمت موجود۔ از کرم خدا۔ و آئندہ و روندہ را ازاں نصیب شدے . . . . . ظاہر و باطن یک روش داشت . . . . بیشتر افطار شیخ (فرید) بشربت بودے . . . بعدہٗ پیش از نماز دو نان بروغن چرب کردے و بیاورندے۔ آں دو نان کم از یک آثار بودے یک نان پارہ کردے بحاضراں رسانیدے و یک نانِ دیگر خود خوردے۔ و ازیں نان خاص ہم کسے را کہ خاسے ہم نصیب کردے۔ بعد از ادائے نماز شام مشغول شدے۔ بعد ازاں مائدہ پیش او آوردندے و طعام از ہر لون بودے چوں طعام خرچ شدے بیش طعام دیگر نخوردے مگر باز بوقت افطار روز دیگر . . . یک شب بوقت استراحت . . . کھٹے جنگلی راست کردند۔ ہماں گلیم کہ برآں روز نشستے ہماں بالائے کھٹ انداختندے۔ چنانچہ آں گلیم تا پایاں نمے رسید۔ آنجا کہ موضع پائے مبارک ایشاں بود شقہ آوردندے و نہادندے کہ اگر آں شقہ بالا کشیدے آں موضع از بستر خالی ماندے . . . و یک عصائے بود کہ از قطب الدین یافتہ بود آں را مے آوردند و جانب سر آں کھٹ مے داشتند۔ شیخ (فرید) بداں متکا کردے و استراحت فرمودے۔ و بداں دست فرود آوردے و تقبیل کردے . . . شیخ (فرید) بیشتر نان زنبیل خوردے البتہ بوقت افطار یک دو پکالہ نان زنبیل بیش بودے . . . . وقتے برائے شیخ (فرید) خادم یک دانگ را نمک وام کرد۔ شیخ بنور باطن دریافت فرمود دریں طعام بوئے تصرف مے آید . . . . روا نباشد کہ من ایں طعام بخورم ۔ . . . چوں وقتِ افطار شد در خانہ خدمت شیخ چیزے موجود نبود کہ از آں افطار شود شیخ (فرید) را حرم بسیار بود۔ وقتے نیز حرم ایشاں بخدمت شیخ آمد و گفت خواجہ امروز فلاں پسر از سبب گرسنگی در معرض ہلاکت شدہ است۔ شیخ سر از مشغولی برآوردند و فرمودند مسعود بندہ چہ کند۔ اگر تقدیر حق در آید و از جہاں سفر کند رسنے در پائے او بندی و بیرون بیفگنی و بیائی۔ بعدہٗ سلطان المشائخ فرمودند خواجہ کہ خوش خورد و خوش خسپد و عوے محبتِ خدا

کند و روغ گفتہ باشد ؛

شیخ (فرید) خواست کہ مجاہدہ پیش گیرد . . . سہ روز چیزے نخورد . . . سہ روز دیگر طے کرد . . . چوں وقت افطار شد ہیچ طعامے پیدا نشد۔ تا یک پاس شب گذشت ضعف غالب تر شد۔ دست مبارک جانب زمیں فراز کرد و چند سنگ ریزہ کہ از زمیں برداشت در دہان مبارک خود انداخت۔ آں سنگ ریزہ از برکت دہن مبارک او شکر شد . . . باخویش گفت نباید کہ از غایت ضعف از طاعت باز مانم۔ باز چند سنگ ریزہ بستد در دہن انداخت شکر شد . . . آنچہ از غیب برسد بداں افطار کنی . . . شیخ قطب الدین (شیخ فرید را) فرمود کہ ہلا برو چلہ معکوس بردار۔ چلۂ معکوس آں باشد کہ چہل روز یا چہل شب ہائے خود برشتہ بندند و در چاہے سرنگوں خدائے تعالےٰ را عبادت کنند . . . شیخ (فرید) عزیمت چلہ معکوس مصمم فرمود لیکن بنوعے کہ ایں معنی مستور ماند۔ بعدۂ در طلب مقامے شد کہ آنجا مسجدے باشد۔ و در دہن آں مسجد چاہے و نزدیک آں چاہ درختے کہ شاخ آں درخت بر سر آں چاہ رسیدہ باشد و در آں مسجد مؤذنے باشد متدین۔ لایق صحبت درویشاں باشد و صاحب سر ایشاں ؛

. . . . شیخ ایں چنیں مقامے . . تفحص کردند . . . تا آنکہ در خطۂ اُچہ رسید۔ آنجا مسجدے یافت . . . مؤذنے کہ نام او خواجہ رشید الدین . . . . بعدۂ سرنگون خود را

(باقی دارد)

موہن سنگھ دیوانہ

شبلی فکر جدید سے کیونکر روشناس ہوئے؟

ایک مصنف اور شاعر اپنے سفر زندگی میں جن جن واقعات و حالات سے دوچار ہوتا ہے۔ ان کا اثر اس کے لوح قلب پر نقش ہوتا جاتا ہے۔ اور یہ نقوش آہستہ آہستہ اس کے رجحان کو ایک خاص نہج پر ڈھالنے میں ممد ہوتے ہیں۔ وہ جو کچھ دیکھتا ہے۔ اس کو محسوس کرتا ہے۔ پھر یہی حسیات، ایک خاص ذہنی حالت۔ اور ایک خاص تصور کی شکل اختیار کر لیتے ہیں ؛

اگرچہ مولانا شبلی کی ابتدائی تعلیم و تربیت پرانے طریقے پر ہوئی۔ لیکن خارجی واقعات اور معاشرتی ماحول ان کے تصورات اور رجحانات میں وقتاً فوقتاً بعض نمایاں انقلاب پیدا کرتے رہے جن کا سمجھنا اور اندازہ لگانا، ہمارے لئے نہایت ضروری ہے ؛

شبلی کی ابتدا یہ تھی۔ کہ انہیں دنیا میں وہابیوں کی تردید سے زیادہ کوئی مشغلہ دلچسپ نظر نہ آتا تھا۔ اسکا مقابلہ اس معراج کمال سے کیجئے جب یہی شبلی ہمارے سامنے ایک بلند پایہ محقق، ایک بے نظیر مؤرخ اور ایک بے مثال ماہر علم کلام کی حیثیت سے جلوہ گر ہوتے ہیں ؛

فضل و کمال کی یہ منزل کیونکر طے ہوئی؟ اس کا سراغ لگانے میں آج ہم بعض خارجی واقعات کا ذکر کرتے ہیں جنہوں نے شبلی کے رجحان پر گہرا اثر ڈالا اسکے ساتھ ہی ہم یہ بھی بتائینگے کہ شبلی یورپ کے افکار سے کیونکر واقف ہوئے؟

ہم پہلے لکھ آئے ہیں۔ کہ شبلی شروع میں ایک متعصب حنفی تھے اسکا ثبوت "المنتقی" میں جو وہابیوں کی تردید میں ایک عربی رسالہ ہے۔ وہی پرانا زاویہ نگاہ نظر آتا ہے،

مولانا کی ایک قدیم اردو تحریر امام کے پیچھے نماز باجماعت میں فاتحہ نہ پڑھنے کے مسئلہ پر موجود ہے۔ جس میں سادگی اور برجستگی تو ضرور ہے۔ لیکن اس سے یہ اندازہ کرنا نہایت مشکل ہے۔ کہ ان جزئیات ہی کو اصول دین سمجھنے والا شبلی کسی دن ہندوستان کا

بہترین مصلح ادب اور نقادِ اسلامیات بنے گا ؛

ہندوستان اور مسلمانانِ ہندوستان جس دَور سے گذر رہے تھے۔ اس کا اِن اوراق میں بار بار اعادہ ہو چکا ہے۔ اُن پر سیاسی زوال کے ساتھ ساتھ ذہنی اور علمی انحطاط بھی غالب تھا۔ تقلید اور اشخاص پرستی مسلمانوں پر اس درجہ مستولی تھی۔ کہ اس سے سرِ مُو انحراف کرنے والا بیک جنبشِ قلم دین سے خارج ہو سکتا تھا۔ غرض مسلمانوں کی علمی ضمیر بے حد مضطرب تھی اور ان کا سیاسی شعور نہایت ناپختہ۔ اِن دنوں اسلام کی تاریخ، روایات اور کلچر پر دو طرف سے حملے ہو رہے تھے اِدھر مسیحی مبلغین مناظرانہ رنگ میں اسلامی تعلیم کا تجزیہ اور تخریب کر رہے تھے۔ اُدھر یورپ میں مستشرقین کی نوزائیدہ جماعت، جدید اصولِ تنقید کے مطابق اسلام اور اس کے تمدّن پر حملے کر رہی تھی۔ سرسید احمد خان مرحوم سب سے پہلے اس معاملے میں مدافعت کے لئے سینہ سپر ہوئے۔ انہوں نے ہی سب سے پہلے اِس چیز کی طرف توجہ کی۔ کہ یورپ کے حملوں کا جواب یورپ ہی کے طریقہ پر ہونا چاہیئے اور اسلام اور علومِ اسلام کی حفاظت کے لئے مغربی اصول سے کامل واقفیت کی ضرورت ہے۔ سید صاحب نے مسلمانوں میں انگریزی تعلیم کو جو رواج دیا۔ اس سے علاوہ سیاسی اور مقامی اغراض کے ایک غرض یہ بھی تھی۔ کہ مسلمان یورپ کے دلائل سے باخبر ہوں اور پھر ان ہی دلائل سے یورپ کا مقابلہ کریں۔ چنانچہ خود انہوں نے خطباتِ احمدیہ کو مرتّب کیا اور اپنے معاصرین کے لئے ایک شاہراہِ عمل تجویز کر دی ؛

لیکن افسوس کہ سید صاحب علومِ اسلامیہ سے کماحقہٗ واقف نہ تھے۔ وہ اس مدافعانہ جنگ میں مغرب اور مغرب کے اصول کی طرف زیادہ مائل ہو گئے۔ ان کا ماحول اسلامی نہ تھا۔ وہ جب منقولات سے جواب پیدا نہ کر سکتے تھے۔ تو مغربی طرز کا اجتہاد کر لیتے تھے۔ ان کے ترکش کے اکثر تیر مغربی زہر میں بجھے ہوئے تھے۔ جن کا اثر

بعض اوقات خود تیر انداز پر ہو جاتا تھا ۔ پھر انگریزی تعلیم کا اثر جسقدر زیادہ پھیلتا جاتا تھا۔ اسی قدر شکوک و اوہام دین کے متعلق زیادہ ہوتے جاتے تھے ۔ سید صاحب نے آزادی اور عدم تقلید کا جو سبق سکھایا ۔ اس سے نوجوان طبقہ میں لاادریت اور دہریت پھیلنے لگی ۔ جس کے آثار خود سید صاحب نے بھی اپنی آنکھوں سے دیکھ لئے تھے ۔

کارکنانِ قضا و قدر کو یہ منظور ہوا کہ بندوں کا ایک طالب علم شبلی جو ابھی ابھی کنز اور قدوری کی بھول بھلیاں میں مبتلا تھا ۔ اس عظیم الشان فرض کی ادائگی اپنے ذمہ لے اور بیک وقت دونوں دشمنوں کا مقابلہ کرے ۔ اِدھر علما میں آزادی کی سپرٹ پیدا کرے اور اُدھر یورپ کے سیلاب کا مقابلہ کرے ۔

۱۸۸۲ء میں ہمارا نوعمر مولوی اپنے بھائی محمد مہدی کو کالج میں داخل کرانے کے لئے علیگڈھ گیا ۔ وہاں سرسید احمد خان سے ملاقات ہوگئی ۔ دونوں کی فطرت کو ایک دوسرے کی پیاس تھی ۔ سید صاحب نے مولانا کو کالج کی پروفیسری پیش کی جو قبول کرلی گئی ۔ شبلی کی زندگی میں اس واقعہ سے ایک اہم انقلاب آیا ۔ اگر خدانخواستہ سید صاحب کالج کی پروفیسری نہ پیش کرتے ۔ یا شبلی اس کو قبول نہ کرتے ۔ تو آج دنیا شبلی کو اس حیثیت سے نہ جانتی اور وہ بیش بہا تصنیفات بھی موجود نہ ہوتیں جو آج ہمارے علم و ادب کی رونق ہیں ۔

اگرچہ شبلی کی طبیعت میں علمی مذاق قدرت کا عطیہ تھا جس کی ابتدائی تربیت انہوں نے پہلے تو ان نامی گرامی اساتذہ کے زیرِ سایہ کی اور پھر اعظم گڑھ کے "فیاض کتاب فروش" کی دکان کے ایک گوشہ میں اس کو اور جلا ملی ۔ تاہم جب وہ دارالعلوم میں پہنچے تو وہاں انہیں ہر طرف ایک نئی دنیا نظر آئی ۔ اِدھر نوجوانانِ کالج تھے ۔ جو نئے نئے ولولے لے کر میدان میں آئے ہوئے تھے ۔ اور جن کی زبان پر سید صاحب کی تلقین کی بدولت "قوم قوم" کے الفاظ بطورِ ورد جاری تھے ۔ اُن کی پُرجوش

گفتگوئیں، ان کے بلند ارادے، ان کے جذبات وحسیات سب کے سب زندہ دل اور بیدار دماغ شبلی کو تڑپانے کے لئے کافی تھے ؛

اس ساز وسامان اور رونق بزم سے کہیں زیادہ میر مجلس کی عظمت اور اسکی بینظیر ہمت اور جوش، جو اپنے خلوص کی وجہ سے مُردہ دلوں میں زندگی کی لہر دوڑا رہی تھی ان کے خطبات، ان کا علوم اسلامیہ کو از سر نو زندہ کرنے کا خیال، بیرونی حملوں کا تسلی بخش جواب دینے کی زبردست خواہش، نازک احساس شبلی کے سوز وساز میں کیوں اضافہ نہ کرتیں ؛

سید صاحب کا کتب خانہ مشرق ومغرب کی بہترین اور منتخب کتابوں کا مجموعہ تھا۔ شبلی کے علمی ذوق وشوق کو پورا کرنے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کس چیز کی ضرورت تھی۔ ایک خط میں لکھتے ہیں "میں جس حالت میں ہوں۔ اچھا ہوں۔ سید صاحب نے اپنے کتب خانہ کی نسبت مجھے عام اجازت دے رکھی ہے۔ اور اس وجہ سے مجھ کو کتب بینی کا بہت عمدہ موقع حاصل ہے[1]"۔ پھر فرماتے ہیں "سید صاحب کے پاس تاریخ اور جغرافیہ عربی کی چند ایسی کتابیں ہیں۔ جن کو حقیقت میں میں کیا بڑے بڑے لوگ نہیں جانتے ہوں گے[2]" ؛

یہیں انہوں نے ۱۸ ویں صدی کے نامور مؤرخ گبن کی شہرۂ آفاق کتاب کا مطالعہ کیا۔ جس کے اثرات کا ہم آئندہ صفحات میں پتہ چلائیں گے ؛

شبلی اس کتب خانہ کی الماریوں کے پاس گھنٹوں کھڑے کھڑے مطالعہ کرتے اور جب تھک جاتے تو وہیں بیٹھ جاتے ؛

سید صاحب کے دائرۂ علمیہ میں ایک انگریز بزرگ بھی تھے۔ جن کو دنیا آرنلڈ کے نام سے جانتی ہے۔ لیکن ہم ان کو مصنف "پریچنگ اف اسلام" شبلی کے فرینچ

---

[1] مکاتیب جلد ۱۔ ص ۶۰ [2] ایضاً۔ ص ۶۰ ؛

کے استاذ اور سفر روم و شام میں جہاز کے ہم سفر کے طور پر جانتے ہیں۔ کالج کا یہ دور بھی ایک مبارک دور تھا۔ جس میں مذاکرۂ علمی کے لئے ان بزرگوں کا عجیب و غریب اجتماع اتفاقات زمانہ نے قایم کر دیا تھا۔

اسی زمانے میں آرنلڈ نے اپنی کتاب "پریچنگ اوف اسلام" لکھی۔ جس کے سلسلے میں شبلی سے استفادہ ہوتا رہا۔ اس کتاب کا عام رجحان وہی ہے۔ جو علیگڈھ کا اور اس عہد کا مسلم رجحان ہے۔ یعنی یہ کہ مذہب کی عام مقبولیت اور اس کی اعلےٰ تعلیم ہی اس کے سچا ہونے کا ثبوت ہے۔ اسلام دنیا میں بزور شمشیر نہیں پھیلا بلکہ اس کی اصولی سادگی اور فطری پاکیزگی اس کی اشاعت کا سبب ہوئی۔ کتاب کے وسیع مضامین کو دیکھ کر جن میں تاریخی معلومات کا ایک بیش بہا ذخیرہ موجود ہے۔ یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کہ اس میں مدرسۃ العلوم کے پروفیسر شبلی کا کتنا حصہ ہوگا۔ اس کے برعکس شبلی کی کتابوں میں جہاد کی تعلیم کے متعلق جو دھیما رجحان پایا جاتا ہے۔ اسکو "پریچنگ" کے اصول سے کس قدر مطابقت ہے۔ شبلی نے آرنلڈ سے فرنچ۔ اور آرنلڈ نے شبلی سے عربی زبان سیکھی۔

سفرنامہ کی سطور میں شبلی نے آرنلڈ کے ساتھ اپنے پُرمحبت تعلقات کا جن الفاظ میں ذکر کیا ہے۔ اس سے اس اثر کا پتہ چلانا مشکل نہیں۔ جو صاحب موصوف نے ہمارے مورخ پر ڈالا ہوگا۔

بعض حلقوں میں یہ غلط فہمی ایک پختہ خیال کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ کہ شبلی یورپ کے اثرات سے بالکل آزاد تھے۔ یہ لوگ غالباً اس کوشش سے یہ مقصد رکھتے ہیں۔ کہ اس طریق سے شبلی کے اجتہاد اور مذہبی رتبہ کو ثابت کریں۔ افسوس ہے۔ کہ یہ خیال بہت حد تک غلط ہے۔ انسان خارجی اثرات کی مخلوق ہے یہی اثرات جو بتقاضائے مشیت ایزدی اشخاص و افراد سے دوچار ہوتے ہیں۔ زندگی

کے سارے رجحان اور رغایت کو تبدیل کرتے ہیں۔ شبلی کے متعلق بھی یہی ہوا۔ اور اگر شبلی ان اثرات سے متاثر نہ ہوتے تو ممکن ہے کہ آج یہ سطور لکھنے کی نوبت نہ آتی ؛

آئندہ صفحات میں ہم ان مغربی اثرات کا قدرے تفصیل کے ساتھ ذکر کریں گے یہاں صرف اس قدر کہنا کافی ہے۔ کہ شبلی کی زندگی پر علاوہ ملک کے سیاسی ماحول اور مسلمانوں کے انحطاط کے سب سے زیادہ اثر مغرب کا پڑا۔ یہ اور بات ہے۔ کہ شبلی نے ان اثرات کو، اپنی اسلامی طبیعت اور اسلامی روایات سے کس طرح تطبیق دی۔ لیکن شروع سے لے کر آخر تک شبلی نے مغربی رجحان کے ساتھ ہمدردانہ برتاؤ کیا ڈاکٹر لائٹنر کی کتاب "سنین اسلام" نے شبلی کے لئے ایک خفیف سی راہ عمل پیدا کی اور پہلے پہل مغربی طرز کی ایک تالیف کا دلدادہ بنایا ؛

خطبات احمدیہ نے یہ بتایا۔ کہ یہی فرض موجودہ وقت کا اہم ترین فرض ہے۔ سید صاحب نے شبلی میں مغربی اثرات کو قبول کرنے کی زیادہ سے زیادہ صلاحیت پیدا کر دی۔ یورپ کی خدمت علم اور علوم اسلامیہ کی قدردانی اور نادر کتابوں کی اشاعت نے تعصب کو دور کر دیا اور شبلی کے قلب میں "مشرق و مغرب کے امتزاج" کی خواہش بیدار ہو گئی۔ چنانچہ شبلی کا تمام سرمایہ تصنیف اسی ایک خواہش کا مظہر ہے ؛

بہرحال کالج کے سارے زمانہ قیام میں شبلی مغربی اثرات کے اندر کھیلتے رہے اور ان کی مشرقی فطرت اس قوت کو اپنے سانچے میں ڈھالتی رہی۔ چنانچہ اسی کے نقوش، صبح امید (۱۸۸۴ء)، مسلمانوں کی گذشتہ تعلیم (۱۸۸۷ء)۔ رسائل اور المامون وغیرہ میں صاف طور پر نمایاں ہیں۔ جیسا کہ ہم آگے چل کر بیان کریں گے ؛

۱۸۹۲ء میں شبلی نے الفاروق کے لئے ذخیرۂ معلومات جمع کرنے اور بعض نادر کتب کا پتہ چلانے کے لئے روم، مصر اور شام کا سفر اختیار کیا۔ یہی خیال تھا جس نے

لہ سفرنامہ ص ۱ ؛

اول اول اس سفر کی تحریک دل میں پیدا کی۔ کیونکہ یہ یقین تھا۔ کہ مصر و روم میں اسلامی تصنیفات کا جو بقیہ رہ گیا ہے۔ ان سے ایک ایسا سلسلہ تالیف ضرور تیار ہو سکتا ہے"۔ لیکن اس سیر و سیاحت کے دوران میں شبلی کی زیادہ تر توجہ ان ممالک کے علمی، تمدنی اور کلچرل حالات کے مطالعہ کی طرف مبذول رہی۔ ان امور کے متعلق شبلی نے جگہ جگہ پھر کر مختلف "پرابلم" پر غور کیا۔ اور اکثر چیزوں کے اسباب و علل کے دریافت کرنے کی کوشش کی ؛

یہ عجیب بات ہے۔ کہ ان اسلامی سلطنتوں کی سیاحت کے دوران میں اور اس کے بعد شبلی کے تصورات مختلف مسائل کے متعلق تقریباً وہی رہے۔ بلکہ جو نقوش اور جو آب و رنگ پہلے ذرا ہلکا تھا۔ اب تیز تر ہو گیا۔ یعنی ہندوستان میں قوم کی بے بسی کا جو احساس ستا رہا تھا۔ اس نے ترکی اور روم اور شام میں پہنچ کر اور بھی مجروح کر دیا شبلی نے محسوس کیا۔ کہ سلطنت کی حیثیت سے اگر قطع نظر کی جائے۔ تو مسلمانوں کی حالت وہاں بھی کچھ زیادہ مسرت اور اطمینان کے قابل نہیں بلکہ یوں کہنا چاہیئے۔ کہ بہت سی باتوں میں ہندوستان کے مسلمانوں کے قریب قریب ہے[1] ؛

ہندوستان میں شبلی جس امتزاج جدید و قدیم کے لئے ہمہ تن سرگرم عمل تھے مصر اور روم و شام میں پہنچ کر اس مقصد کے حل کرنے کے مسائل پر بخوبی غور ہوتا رہا۔ نئی تعلیم کے متعلق جو شکایت ہندوستان میں تھی۔ وہاں بھی جدید جماعت کو اسی مرض کا شکار پایا۔ پرانی تعلیم میں جو کمزوریاں یہاں نظر آتی تھیں۔ ان کی حالت وہاں بھی کسی طرح بہتر نہ تھی۔ شبلی یہ محسوس کرتے تھے۔ کہ "وہاں پرانی تہذیب اور نئی تہذیب میں ابھی تک رقابت ہے۔ اور دونوں سے مل کر کوئی مرکب مزاج پیدا نہیں ہوا" ؛

---

[1] سفرنامہ۔ ص ۸ ؛

حقیقت یہ ہے۔ کہ اس زمانے میں تمام اسلامی ممالک میں سیاسی اور ملی زندگی میں ایک انقلاب یکساں طور پر برپا تھا۔ اور اس انقلاب کے اسباب ہر جگہ تقریباً ایک ہی تھے۔ یعنی سلطنت کے فرق کے علاوہ تمام ملکوں میں قدیم و جدید کے درمیان اثرات مغرب کے ماتحت ایک کشمکش برپا تھی۔ اور ملک و قوم میں ابھی تک وہ صلاحیت پیدا نہ ہوئی تھی۔ جو قلب ماہیت کیا کرتی ہے۔ ان تمام مشاہدات کا خلاصہ صرف اس قدر ہے۔ کہ شبلی کے دماغ نے ہندوستان میں جو صالح مغربی اثرات قبول کئے تھے انکا رنگ سفر میں زیادہ گہرا ہوگیا۔ اور ان کا جو حصہ غیر معتدل تھا اور جس کے خلاف شبلی کی ضمیر میں ایک ہیجان یہاں پیدا ہو چکا تھا۔ ان ممالک کی سیر و سیاحت نے اس خفیف ہیجان کو ایک باقاعدہ اور زبردست "احتجاج" کی شکل میں تبدیل کر دیا۔ غرض یہ کہنا غلط نہیں۔ کہ یہ مغربی سیر و سیاحت بھی دراصل شبلی پر خارجی اثرات پڑنے کا ایک بہت بڑا ذریعہ ثابت ہوئے۔

مصر ایک عرصہ سے اسلامی دنیا میں دماغ کا درجہ رکھتا ہے۔ علی الخصوص اس زمانے سے جب کہ نپولین اعظم کی کشور کشائیوں نے مصر کو بھی فتح کئے بغیر نہ چھوڑا۔ یہی دور تھا۔ جبکہ یہ ملک پہلی دفعہ مغربی اثرات سے روشناس ہوا۔ مصر جدید کے بانی محمد علی پاشا نے تمام سوسائٹی کی بنیاد نئے اصولوں پر رکھنے کی جو ان تھک کوششیں کی ہیں۔ ان کی تفصیل کی یہاں گنجایش نہیں۔ اس کے بعد وہاں کے علما و فضلا نے علوم و فنون کے اندر نئی روح پھونکنے کے لئے شبانہ روز محنتیں کیں۔ پریس کی آزادی اور علوم کے نظریہ ہائے جدید نے مصر کو اسلامی دنیا میں اثر و تاثیر کا ایک نہایت ہی خوشگوار سرچشمہ بنا دیا اور باوجودیکہ جامعہ ازہر ابھی تک قدیم نظام تعلیم کے ساتھ وفادارانہ وابستگی رکھتا تھا۔ ملک میں "مغرب پسند" علما کی ایک بہت بڑی جماعت پیدا ہو چکی تھی۔ جس کی کوششوں کے طفیل انگریزی لٹریچر کا ایک منتخب سرمایہ عربی زبان

میں منتقل ہو چکا تھا۔ اور بہت سی" اور یکجل تصانیف" بھی شایع ہو کر اکناف واطراف ملک میں پھیل چکی تھیں ؛

ہندوستان بھی مصر کے اس اثر سے محفوظ نہ تھا۔ اور سیاسی حالات نے مصری اور ہندوستانی مسلمانوں کے تعلقات کو اور بھی مضبوط بنا رکھا تھا پس شبلی ان اثرات سے کیسے بچ سکتے تھے ؛

مصر سے جو لٹریچر شایع ہوتا تھا۔ شبلی اس کو منگوایا کرتے تھے۔ وہاں کی تعلیمی اور علمی تحریکوں کی رفتار کا بغور مطالعہ کرتے رہتے تھے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں۔ "نصاب تعلیم میں برسوں غور کر چکا ہوں۔ مصر کی اصلاحات کو دیکھتا رہتا ہوں۔ وہاں سے جدید کتابیں جواب تک کسی کے پاس نہیں پہنچیں۔ ان کو منگوایا گیا ہے[1]" وہاں کے علماء سے خط وکتابت برابر جاری رکھتے تھے۔ سید رشید رضا مصری جو المنار کے ایڈیٹر تھے۔ شبلی کی دعوت پر ندوہ میں تشریف لائے۔ ایک علمی بحث ومباحثہ کے وجہ سے خود مصر بھی مولانا کی ذات سے بخوبی روشناس ہو چکا تھا۔ مصر کے مشہور مؤرخ جرجی زیدان نے اپنی کتاب" تمدن اسلام کی تاریخ" میں شبلی کی علمی بزرگی کو تسلیم کیا ہے۔ اور تصانیف شبلی سے حوالے نقل کئے ہیں۔ اس تصنیف پر شبلی نے ایک تنقید عربی زبان میں لکھی تھی جو المنار میں شایع ہوئی ؛

ان تفاصیل سے ہمیں صرف اس قدر غرض ہے۔ کہ شبلی کی ذہنی تربیت میں مصر کا کچھ کم حصہ نہیں۔ اور درحقیقت مصر ہی" مغربی اصول علمی" سے شبلی کی واقفیت کا ایک واسطہ تھا۔ انگریزی کی بہت سی کتابیں جو شاید شبلی کے مطالعہ میں نہ آسکتیں۔ عربی کے توسط سے ہندوستان پہنچیں۔ اور شبلی نے ان کے مطالب سے استفادہ کیا۔ کارلائل کی کتاب" ہیرو اینڈ ہیرو ورشپ" عربی لباس میں ہی شبلی کے پاس آئی

---

[1] مکاتیب۔ ج ۱۔ ص ۱۵۲ ؛

جنہوں نے اس کا مطالعہ کیا۔ اور اس سے بہت فائدہ اٹھایا۔ ایک خط میں لکھتے ہیں "کارلائل کی کتاب کا عربی میں ترجمہ ہوگیا ہے۔ اچھا ترجمہ کیا ہے۔ میرے کام کی چیز ہے[1]" یہ کیونکر شبلی کے کام کی چیز تھی۔ آئندہ سطور میں اس کے اثرات کا ہم ذکر کرینگے۔

مصر میں الید کا ترجمہ ہوتا ہے۔ شبلی کی نظر سے گذرتا ہے۔ فرید وجدی اسلام کے ثبوت اور فلسفہ حال کی تطبیق پر مصر سے ایک پرچہ نکالتے ہیں۔ شبلی اس کو بہت پسند کرتے ہیں۔ ایک خط میں لکھتے ہیں "ماہوار نکلتا ہے۔ زور کا پرچہ ہے اور واقعی عمدہ ہے۔ ایڈیٹر فرنچ اور جرمن زبان کا ماہر ہے[2]"

ان تعلقات نے شبلی کے دل و دماغ پر کیا اثر ڈالا؟ مختصراً یہ کہ یورپ کے مآخذ زیادہ آسانی کے ساتھ شبلی کی نظر سے گذرے۔ اور انہوں نے ذاتی مطالعہ سے یورپ کے اصول علمی کے متعلق رائے قائم کی۔ علمی زاویہ نگاہ میں ناقدانہ بصیرت پیدا ہوئی۔ جو وسعت مطالعہ کا لازمی نتیجہ ہے۔ اور جو علمی ماحول کی تنگی سے یقیناً محدود ہو جاتی۔ شبلی کے "رجحان معقولیت" کو ترقی ہوئی۔ شبلی کی سیاسی حسیات جو ان کی اکثر تصانیف کی جان ہیں زیادہ بیدار ہوئیں اور "بین الاقوامی اسلامیت" کا جذبہ جو حیات شبلی کے دور آخر میں ہندوستان اور دیگر اسلامی ممالک میں بہت نشو و نما پا چکا تھا۔ زیادہ مشتعل ہوا۔

شبلی کے شاگردوں اور دوستوں کی ایک بہت بڑی جماعت انگریزی تعلیم سے بہرہ ور تھی۔ ان کے اپنے خاندان میں انگریزی تعلیم کا رواج عام ہو چکا تھا۔ ان کے حقیقی بھائی مہدی اور جنید وکیل تھے۔ ان کے چچا زاد بھائی مولانا حمید الدین مشرقی اور مغربی تعلیم کے جامع تھے۔ پھر دوستوں میں شیخ عبد القادر ایم۔ اے (الفنسٹن کالج بمبئی)۔ ایم مہدی حسن (مصنف افادات)۔ سید نواب علی ایم اے (بڑودہ کالج) اور عطیہ فیضی۔ شاگردوں میں سید سلیمان اور مولانا عبد الماجد وغیرہ سب انگریزی سے واقف

[1] مکاتیب۔ ج ۱۔ ص ۲۱۱ [2] مکاتیب۔ ج ۱۔ ص ۱۴۹

تھے۔ شبلی کی زندگی کی یہ ایک عجیب و غریب خصوصیت ہے۔ کہ اس کا اکثر و بیشتر حصہ علمی افادہ و استفادہ، اور شاگردوں کی تربیت میں گذرا۔ مولانا نے اپنے دوستوں اور شاگردوں کے علمی مذاق کی اصلاح کے لئے جو کچھ کیا۔ اس کا مختصر سا خاکہ ہمکو مکاتیب سے ملتا ہے۔ اس سلسلے میں سب سے پُر لطف بات یہ ہے۔ کہ شبلی اپنی تصانیف کی ترتیب و تحریر کے دوران میں اپنے ان انگریزی دان دوستوں اور شاگردوں سے پورا پورا فائدہ اٹھاتے تھے۔ عربی اور اردو ترجموں کے ذریعے جن مغربی تصانیف تک پہنچنا مشکل تھا ان کے مطالب اور معانی ان لوگوں کے ذریعے معلوم کئے۔ کسی کو لکھا "فارسی شاعری میں تخیل کی چند مثال حسب خیالات یورپ لکھ بھیجو"۔ مولانا حمید الدین کو شکایت کے لہجے میں لکھتے ہیں "کاش حکمائے یورپ کے خیالات سے واقف کرتے"۔ عبد الماجد سے میور۔ ولہاوزن۔ نولدیکی اور فارسٹر کی کتابوں اور تحقیقات کا خلاصہ مانگتے ہیں۔ شیخ عبد القادر کو لکھتے ہیں "۔ زمیہ یا اخلاقی شاعری پر انگریزی کا نمونہ چاہتا ہوں"۔

غرض قدم قدم پر اپنی اس نو تربیت یافتہ جماعت سے یورپ کی کتابوں کے سلسلے میں فائدہ اٹھاتے نظر آتے ہیں۔ جس سے ایک طرف تو یہ مقصد تھا۔ کہ یہ لوگ بھی اسی ذوق سے متصف ہو جائیں۔ جو اُن کا اپنا خاصہ تھا۔ اور دوسری طرف یہ کہ ان کی توجہ کسی وقت یورپ کے اثرات سے غافل نہ رہے۔ جن کے سلسلے میں انہوں نے مدت سے "خذ ما صفا دع ما کدر" پر عمل کر رکھا تھا۔ اس انہماک کے پیش نظر، ہمارے مصنف اور مؤرخ کی بیدار مغزی سے کسے انکار ہو سکتا ہے۔ جس نے تصنیف و تالیف پر قلم اٹھانے سے پہلے، ہر مسئلہ و مضمون کے متعلق مشرق اور مغرب کے بنیادی اصول کو سمجھنے کی کوشش کی۔ اور پھر ہر مسئلہ کے متعلق ایک نقادانہ رائے قائم کی۔

سید محمد عبد اللہ

تبصرہ و تنقید

۱۔ ہندوستان کے قدیم فارسی شعراء

(۴۲۱ھ تا ۶۷۹ھ)

(از ڈاکٹر اقبال حسین صاحب ایم اے، بی۔ ایل، پی ایچ ڈی، فارسی لکچرر پٹنہ کالج)

یہ مسرت کا مقام ہے۔ کہ ہندوستان کے قدیم شعرای فارسی کے متعلق تحقیقات کا شوق ملک میں پیدا ہونے لگا ہے اور زیادہ خوشی اس امر کی ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں کے سند یافتہ اس کی طرف اپنی توجہ مبذول کرنے لگے ہیں۔ ڈاکٹر وحید مرزا عربی پروفیسر لکھنؤ یونیورسٹی نے حضرت امیر خسرو کی حیات و مصنفات پر ایک عالمانہ تبصرہ بزبان انگریزی تالیف کیا۔ جس کو پنجاب یونیورسٹی نے اپنے مصارف سے طبع کیا۔ سید یوشع جونیر لکچرر فارسی مدراس یونیورسٹی نے فتوح السلاطین تالیف ۷۵۰ھ کا دیباچہ بنام عصامی نامہ حال ہی میں شائع کیا ہے۔ اب ڈاکٹر اقبال حسین ایم۔ اے، بی۔ ایل، پی ایچ۔ ڈی، فارسی لکچرر پٹنہ کالج نے امیر خسرو کے پیشرووں پر ایک انگریزی مقالہ سپرد قلم کیا ہے۔ جو مع دیباچہ و انڈکس وغیرہ چھوٹی تقطیع کے دوسو چونتیس صفحات پر شامل ہے اور اس وقت ہمارے زیر تبصرہ ہے۔ اس رسالہ کی تعریف میں اس سے زیادہ اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ مقالہ ہذا ہمارے ملک کے مشہور استاد ڈاکٹر عظیم الدین کی رہبری اور سر ڈینی سن راس اور ڈاکٹر ہادی حسن کے قیمتی مشوروں کے ساتھ طیار ہوا ہے۔ پٹنہ یونیورسٹی میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے واسطے پیش کیا گیا اور منظور ہوا اور اسی یونیورسٹی نے اسے طبع کیا۔ قدیم شعرائے ہند پر قلم اٹھانا کوہ کندن و کاہ برآوردن کا مترادف ہے اور ڈاکٹر اقبال حسین اس سنگلاخ اور

بنجر زمین میں اپنی تیشہ زنی اور جگر کاوی پر مستحق مبارکباد ہیں +

یہ ہمارے ملک کی بدقسمتی ہے کہ خالص مشرقی موضوعات پر بھی ہمارے نونہال ہندوستانی یونیورسٹیوں کے ناروا اور غیر مفید ضوابط کی بنا پر انگریزی زبان میں اپنے مقالے لکھنے پر مجبور کئے جاتے ہیں جن سے ملکی زبانوں کے ابھرنے اور ترقی پانے کی کوئی امید نہیں ہوسکتی۔ ہمیں رنج بھی ہوتا ہے اور ہنسی بھی آتی ہے۔ جب ہم مقالہ نگار کو سلطان شمس الدین التمش کے پورے نام "السلطان الاعظم شمس الدنیا والدین ابو المظفر التمش" کے ترجمہ کے ساتھ بعبارت ذیل کشمکش میں مصروف پاتے ہیں :-

"The mighty sultan, sun of the Empire and the Faith, Conquest Laden Iltutmish."

اگر ڈاکٹر صاحب نے "ابو المظفر" کا ترجمہ 'کانکوئسٹ لیڈن' (فتح سے لدا) کر دیا تو اس میں ڈاکٹر صاحب کا کیا قصور ہے۔ قصور ان ضوابط کا ہے۔ جو ہمیں انگریزی لکھنے اور پھر متعارف انگریزی لکھنے پر مجبور کرتے ہیں۔ خیر یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا +

مقالہ ہذا میں چھ شاعروں ابو عبداللہ الکتبی۔ ابو الفرج رونی۔ مسعود سعد سلمان۔ تاج الدین ریزہ۔ شہاب بہمرہ۔ اور عمید سنامی کا تذکرہ ہے اور جس قدر ذرائع معلومات ان شعرا کے لئے میسر ہیں۔ ڈاکٹر اقبال حسین نے ان سے پورا پورا استفادہ کیا ہے۔ اور سارے مواد کو ایک خوش اسلوبی کے ساتھ جمع کر دیا ہے۔ اہل پنجاب کے لئے شاید یہ اطلاع موجب اطمینان ہو کہ ڈاکٹر صاحب کی فہرست کے ان چھ شعرا میں سے چار پنجاب سے علاقہ رکھتے ہیں۔ یعنے ابو عبداللہ الکتبی۔ ابو الفرج رونی۔ مسعود سعد سلمان۔ عمید سنامی +

ڈاکٹر صاحب نے شاید ہندوستان زادی کی شرط قائم کر کے اس عہد کے دیگر شعرا کو اپنی فہرست سے خارج کر دیا ہے۔ تاہم ہم سمجھتے ہیں کہ حمید الدین مسعود بن سعد شالی کوب جو بقول عوفیؒ احرار خطۂ لوہور (لاہور) سے تعلق رکھتا ہے اور مولانا سراج منہاج لوہوری المولد

کا ادخال تو ان کی فہرست میں ضروری تھا۔ بلکہ ہم تو یہ بھی کہیں گے۔ کہ ایسے بیرونی شعرا جنکی شاعری ہندوستان کی سرزمین میں پرورش اور نشو ونما پاتی ہے۔ ہندی نژاد شعرا کے ساتھ ساتھ ہندیت کے استحقاق میں دوش بدوش ہیں۔ اگر قطب الدین ایبک۔ التمش۔ بلبن اور بابر کا شمار سلاطین ہند میں ہوسکتا ہے۔ تو کیا وجہ ہے کہ وطنیت کے تنگ خیال کی بنا پر ان شعرگویوں کو ہندی شاعروں کے طبقے سے خارج رکھا جائے۔ اسی خیال نے شاید انہیں ملتان کے تمام شعراء کو جو ناصرالدین قباچہ کے دربار سے متعلق تھے (مثلاً شمس الدین محمد کاتب بلخی۔ فضلی۔ ضیاءالدین سجزی وغیرہم) اپنی فہرست میں شامل کرنے سے باز رکھا ہے۔ قباچہ کو علم وفضل و شعر وسخن سے خاص دلبستگی تھی۔ اور اس کے دربار میں اچھے اچھے فضلا و شعرا جمع تھے۔ اور اس کثرت سے تھے۔ کہ مجدالدولہ سید الافاضل نے ایک علیحدہ تذکرہ ان کے ذکر میں تالیف کیا تھا اور نمونہ کلام بھی کثرت سے دیا تھا ۔

جس قدر شعرا ڈاکٹر صاحب نے لئے ان کے تعلق میں بھی تمام مباحث کے ساتھ کافی داد نہیں دی گئی۔ ابوالفرج کے دیوان کو اگر بنظر غائر مطالعہ کیا جاتا تو اس عہد کے سیاسی و تاریخی و دیگر مسائل پر نئی روشنی پڑتی۔ وہ افغانوں اور جاٹوں (جیت) کو مشرک لکھ رہا ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ افغان اور جاٹ اس وقت تک من حیث القوم مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ اس کے ہاں سب سے پہلے دہلی۔ میرٹھ (میرت) اور بدایوں (بدواون) کا ذکر آتا ہے ۔

ابوالفرج کے باپ کا نام مسعود ہے۔ مگر یہ کونسا مسعود ہے۔ ایک مسعود رازی ہے جسے سلطان مسعود شہید نے اس جرم میں کہ اس نے سلجوقیوں کی بڑھتی طاقت کے توڑنے کا ایک قصیدہ میں مخلصانہ مشورہ دیا تھا ؎

مخالفان تو موران بدند مارشدند برآر زود ز موران مار گشتہ دمار

جو مسعود کو برا معلوم ہوا۔ ہندوستان میں جلا وطن کر دیا۔ بعد میں ایک قصیدہ کی بنا پر

۴۳۱ھ میں اگرچہ قصور معاف کر دیا اور تنخواہ جہلم (جیلم) کے معاملہ پر مقرر کر دی۔ مگر حکم دیا۔ کہ ہندوستان ہی میں رہے اور غزنی نہ آنے پائے۔ ادھر خود ابوالفرج اپنے باپ کو مسعودی کے نام سے یاد کرتا ہے اور امیر سیف الدولہ محمود سے اپنے نام پر اس کی تنخواہ کی بحالی کا مستدعی ہے۔ چنانچہ

کزو جوہی کہ داشت مسعودی　　کند آزاملک بدان تمکین

ص۲۵ پر سیف الدولہ محمود کے ایک جشن کے سلسلہ میں مسعود سعد سلمان کے دیوان سے ایک تاریخ دے کر ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں۔ کہ ابوالفرج نے اس کی تاریخ نہیں دی۔ مگر ابوالفرج نے جو ایک تاریخ دی تھی ڈاکٹر صاحب نے اس پر بھی نظر التفات نہیں ڈالی وہو ہذا :۔

خسرو ابندہ را بلو ہاور　　در مدیح تو شعر ہاست متین
ہر یکی کردہ راوی انشاد　　در سنہ اربع ستہ وتسعین

آخری لفظ کی قرأت میں اختلاف ہے۔ سبعین اور تسعین بھی قلمی نسخوں میں ملتا ہے۔ جس میں تسعین تو صریحاً غلط ہے۔ ستہ کی جگہ 'مایہ' بھی ملتا ہے۔ جس سے مراد ۴۰۰ھ یا ۴۶۶ھ ہو سکتا ہے ؛

بعض موقعوں پر غیر ضروری مباحث داخل کر دیئے گئے ہیں۔ مثلاً صفحات ۱۵، ۲۷ و ۲۸ پر سلطان ابراہیم غزنوی کے جلوس و وفات کے سنین کے تعلق میں مختلف اقوال نقل ہوئے ہیں۔ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ ابراہیم ۴۵۰ھ یا ۴۵۱ھ میں تخت نشین ہوا۔ دوسری جگہ لکھا ہے کہ اس کا سال جلوس ۴۵۰ھ ہے۔ اگرچہ متعدد مآخذ گنا دیئے۔ مگر یہ فیصلہ نہیں کیا۔ کہ اس کی تخت نشینی کا صحیح سال کیا ہے۔ ابراہیم کے جلوس کے لئے سب سے قدیم اور معتبر مؤرخ ابوالفضل بیہقی ہے۔ اس نے یہ تاریخ بدیں الفاظ دی ہے :۔

"روز دوشنبہ نوزدہم صفر سنہ احدی وخمسین واربعمائۃ"۔ (۱۹ صفر ۴۵۱ھ مطابق

۶ر اپریل ۱۰۵۹ء) ۔

اس طرح ابراہیم کی وفات کے لئے ہر دو روایت ۴۸۲ھ و ۴۹۲ھ تحریر کرنا۔ اور مؤخر الذکر سال کی تصدیق کے لئے برٹش میوزیم کے سکوں کی شہادت پیش کرنا ہمارے نزدیک تحصیل حاصل ہے۔ کیونکہ آج ایسا کوئی شخص موجود نہیں جو ابراہیم کی وفات ۴۸۲ھ میں تصور کرتا ہو ۔

ص۱۶ ابوالفرج رونی کی وفات کے متعلق مختلف اقوال دیئے کہ صحف ابراہیمی میں ۴۸۹ھ مرآت عالم میں ۴۸۲ھ۔ نشتر عشق میں ۴۹۰ھ جن میں آخری تاریخ ڈاکٹر کی نگاہ میں صحت کے زیادہ قریب ہے اور کہ وہ ۴۹۲ھ کے بعد تک زندہ رہا۔ ہمارے نزدیک تصویر کا نیم رخ دکھانا ہے۔ اگر ہم ڈاکٹر کی جگہ ہوتے تو اس استدلال کو جہاں انہوں نے ختم کیا ہے۔ وہاں سے یوں شروع کرتے۔ کہ سلطان مسعود ثالث ۴۹۲ھ میں تخت نشین ہوتا ہے اور ابوالفرج رونی نے اس کی مدح میں سولہ سترہ کے قریب قصائد اور چند قطعات لکھے۔ جو اس کے دیوان میں موجود ہیں۔ اس لئے ابوالفرج کو مسعود کے جلوس سے بدرجۂ اقل چند سال بعد تک زندہ رہنا چاہیئے۔ وہ مسعود کی تاجپوشی کے موقعہ پر قصیدہ لکھتا ہے۔ دوسرے قصیدہ میں شاہ موصوف کے اک دنتے ہاتھی کی طرف تلمیح ہے ؎

بشکل پیل یک دندش نگہ کن نعم چون پیل یکدندش ہزار است

"یک دند"۔ اک دنتا۔ 'دند' پنجابی شکل ہے ہندی 'دانت' کی۔ ایک قصیدہ یورش قنوج کے ذکر میں ہے۔ شاہ موصوف ہندوستان میں 'سوہند' کے قرب سے جو کوہ سوالک میں ایک درہ کا نام ہے۔ گذرتا ہوا بمقام ہرپایہ کو عبور کر کے 'سنکت' ہوتا ہوا قنوج پہنچتا ہے اور 'ملہی' والیِ قنوج سے کچھ پیل و مال پر صلح کر کے واپس ہوتا ہے۔ ایک دعائیہ قصیدہ میں فتح قنوج اور نشاط صید کی مبارکباد دی جاتی ہے۔ ایک قصیدہ اس وقت لکھا ہے۔ جب مسعود افغانوں اور جاٹوں کو عید قربان کے ایام میں سزا دیتا ہے۔ ایک قصیدہ شاعر نے اس وقت نظم کیا۔

جب غزنیں میں بارگاہ خلافت سے بادشاہ کے لئے 'عہد ولوا' آیا ہے۔ اور شہر میں عام خوشیاں منائی جارہی ہیں (ہمارے قیاس میں خلیفہ المستظہر کی یہ سفارت مسعود کے پاس ۴۹۴ھ سے قبل نہیں پہنچ سکتی) ایک قصیدہ کسی جدید عمارت کی تعریف میں ہے۔ جو مسعود نے اپنے لئے بنوائی۔ موسم سرما کی آمد پر ایک اور قصیدہ پیش کیا گیا ہے۔ جس میں شاعر بادشاہ کو غزنیں کے سرد سیر سے ہندوستان کے گرم سیر کی طرف جانے اور قنوج و بنارس فتح کرنے کی تحریص کرتا ہے۔ ایک دعائیہ قصیدہ کسی غزو کی مبارکباد میں تحریر ہوا ہے۔ جس کی خوشی میں جشن بھی منایا جاتا ہے۔ دو قصیدے غالباً لاہور میں مسعود کی دوبارہ آمد پر مرقوم ہوئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ اور دیگر قصاید ابوالفرج نے خاص خاص موقعوں پر لکھے ہوں گے۔ جن کے لئے ایک مدت درکار ہے۔ ادھر مسعود کے باپ ابراہیم کی تعریف میں ابوالفرج کے ہاں کل چھ سات قصیدے ملتے ہیں جس سے بظاہر یہی قیاس قایم کیا جاسکتا ہے کہ ابراہیم کے مقابلہ میں ابوالفرج کی شاعری کا زمانہ مسعود کے عہد میں زیادہ گزرا ہے۔ اگرچہ اور توجیہیں موافق و مخالف لائی جاسکتی ہیں مگر ان واقعات کی بنا پر یہ استدلال قابل قبول ہوگا۔ کہ مسعود کی شان میں یہ قصیدے شاعر نے کئی سال کے عرصے میں لکھے ہوں گے۔ اس لئے ابوالفرج کو مسعود کی تخت نشینی سے جو ۴۹۲ھ میں ہوتی ہے کئی سال بعد تک زندہ رہنا چاہیئے۔

اس مدت کی حدبندی کے لئے ہم دو تاریخیں پیش کرتے ہیں (۱) شاعر نے سلطان مسعود کی شان میں جشن آبان کے موقعہ پر جب ایام عید بھی تھے۔ ایک قصیدہ لکھا ہے ؎

شاہ را روی بخت گلگوں باد　　جشن آبان بر وہمایوں باد

آبان اور عید کی تلمیح سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جشن ۱۰ آبان ۴۷۱ھ یزدجردی کو منایا گیا ہوگا۔ جو ۱۱ ذی الحجہ ۴۹۵ھ کے مطابق ہے۔ (۲) ایک اور قصیدہ میں (مطلع آمد آن تیر ماہ سرد سخن) جو خواجہ ابوسعد باپو کی مدح میں ہے۔ شاعر نے فارسی مہینے 'تیر' اور 'روزہ کشائی وعید' کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ قصیدہ ہذا ایسے سنہ میں لکھا گیا ہوگا۔ جب تیر اور رمضان

اکھٹے آئے ہیں۔ ۱۰ر تیر ۴۷۳ھ یزدجردی کو تاریخ یکم رمضان ۴۹۷ھ واقع ہوتی ہے۔ ان تاریخوں سے تو ثابت ہوتا ہے کہ ابوالفرج رونی ۴۹۷ھ تک تو زندہ ہے اور کوئی تعجب نہیں اگر پانچویں صدی کے اختتام تک بقید حیات ہو۔ ہمارے نزدیک یہ استدلال بہ نسبت اُس استدلال کے جس میں زیادہ تر متاخر تذکرہ نگاروں کے اقوال و آرا منقول ہیں زیادہ قرین صحت اور فیصلہ کن ہے ۔

ص۲۷۔ ابوالفرج کے پہلے ممدوح ابراہیم کے ذکر میں ڈاکٹر نے اس کے خطابات اور تاریخ جلوس و وفات پر بحث کرنے کے سوا اور کوئی کام کی بات نہیں کہی ۔

ص۲۹۔ ابوالفرج کے دوسرے ممدوح علاءالدین مسعود کے تذکرہ میں بھی کوئی بات نہیں پیدا کی۔ وہی تاریخ جلوس و وفات اور خطابات پر بحث ہے۔ زیادہ زور اس بات پر صرف ہوا ہے۔ کہ تاریخ روضۃ الصفا میں جلال الدولہ جو اس کا خطاب درج ہے۔ بالکل غلط ہے۔ اس کے لئے سکوں تک کی شہادت پیش ہوئی ہے ۔

ص۳۱۔ تیسرا ممدوح سیف الدولہ ہے۔ ڈاکٹر اگر چاہتے تو اس کے متعلق خواجہ مسعود سعد سلمان اور ابوالفرج رونی کے دیوانوں کے مطالعہ سے ہندوستان میں اسکے کارناموں کی تفصیل دے سکتے تھے ۔

(۴) خواجہ منصور بن سعید بن احمد بن حسن میمندی (۵) ثقۃ الملک طاہر بن علی بن مشکان (۶) ابونصر پارسی (۷) خواجہ ابوسعد بابو (۸) ابوالقاسم خاص (۹) ابورشد رشید خاص (۱۰) عبدالحمید بن احمد بن عبدالصمد (۱۱) محمد بہروز پر ڈاکٹر نے کام کے اور قیمتی نوٹ لکھے ہیں ۔

(۱۲) نجم الدین ابا حلیم زیر شیبانی کو ڈاکٹر سلطان مسعود بن ابراہیم کے عہد کا سپہ سالار مانتے ہیں۔ حالانکہ وہ سلطان ابراہیم کے عہد میں تھا۔ وہ ایک ادنے سپاہی کے درجہ سے ترقی کرتے کرتے سپہ سالار ہند بن گیا۔ اس کے کارنامے دورِ محمودی کی یاد دلاتے ہیں

وہ ایک طرف بنارس (بانرسی) اور دوسری طرف سومنات پہنچا ہے۔ تھانیسر (تانیسر) کو مغلوب اور قنوج کو زیر کر چکا ہے۔ میرٹھ (میرت) اس کے حلقۂ اثر میں ہے اور النکی (الپی دہلی کی سزادہی کے لئے جس نے میرٹھ پر تاخت کی تھی طیاری میں مصروف ہے۔ اتنے میں سلطان ابراہیم کی آمد کی خبر پہنچتی ہے۔ زریر کی تقصیر کا ہمیں علم نہیں مگر وہ باغی و غدّار قرار دیا جاتا ہے اور ایک قلعہ میں پناہ لیتا ہے۔ جہاں سے محاصرہ کے بعد گرفتار ہو کر ابراہیم کے سامنے لایا جاتا ہے اور موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا ہے ؛

یہاں ہم کچھ اشعار جو ابا جلیم کے انجام پر روشنی ڈالتے ہیں۔ خواجہ مسعود کے دیوان سے نقل کرتے ہیں :-

بگو بدان کہ خلاف خدا یگان خواہد	کہ کار نامۂ بے مغز را یکی برخوان
نگاہ کن کہ چو برخویشتن بہ پیچد ازوی	چگونہ روی بدو داد محنت و حرمان
شدش فراش آنخال کآمد از جا جرم	نمد قبائی پوشیدہ پارۂ خلقان
براہ مرکب او بود پیرلاشہ خری	زچوب کردہ رکاب و زلیف کردہ عنان
ہمہ فراغت او آنکہ گرم خفتی شب	ہمہ تنعم او آنکہ سیر خوردی نان
لباس خویش پشم و بساط زمش خاک	سلیح و آلت خاشاک و نان او انبان
بفر دولت و اقبال شہریار اجل	بقدر و نسبت بگذاشت تارک از کیوان
چو یافت از ملک شرق زور و زہرۂ شیر	بدو سپرد ملک مرغزار ہندستان
زرزم جویان داش چہل ہزار سوار	چو تیغ آختہ قدو چو نیزہ بستہ میان
ولایتی کہ بدو داد خسرو عالم	ہزار رای فزون بود در نواحی آن
بطول بود زمہیارہ تا بآسارو	بعرض بود زکشمیر تا بہ سیبستان
چو مار پیچان بودی زحد تبش رای	چو برگ لرزان بودی زنوک تیرش خان
چو از قبائل نسبت ہمی بشیبان کرد	شدند بر فلک از مفخرش بنی شیبان

بدان سپاہ و بدانخواستہ فریفتہ شد — بگشت در سر بیہوش و مغز او عصیان
بہ نیم ساعت کفران ز ہر چہ نعمت داشت — ہمی نشاندش آری چنین کند کفران
طلوع بودش چون نجم و نجم نام و نسب — غروب باشد آری پس از طلوع بدان
بقرب خسرو شد محترق چنین باشد — ہر آنستارہ کہ با آفتاب کرد قران
کدام حصن ز ہندو حصار خواست گرفت — کہ نہ بدولت سلطان براوی شد نذان
چو فوجی از سپہ شاہ روی داد بدو — ہمہ نشاط وی اندو گشت و سود زیان
غریو موکب خسرو چو گرد حصن بخاست — گرفت سخت گریبان بخت او خذلان
سعادت ملک او را فروگشید ز حصن — بغل دو دست و ہمی خواست زینہار و امان
شکوہ شاہ بخم کرد چون کمان پشتش — گلوی او بزہ اندر کشید ہمچو کمان

(دیوان مسعود سعد سلمان ص ۱۴۴، طبع ایران۔ ابوالقاسم خوانساری ۱۲۹۶ھ)

ابا حلیم کے حسرتناک انجام کے بعد غالباً ایالت ہند سیف الدولہ محمود کے سپرد ہوتی ہے جو ابراہیم کا خلف اکبر تھا۔

انوری پر ابوالفرج کے اثر کے متعلق کافی تفصیل کے ساتھ لکھا ہے اور خوب لکھا ہے مگر ایک بات رہ گئی۔ انوری نے ابوالفرج کے تتبع میں جو قصیدے لکھے ہیں۔ ان کا تذکرہ نہیں کیا۔

ص ۶۷ سے ص ۱۴۶ تک مسعود سعد سلمان کا تفصیلی مذکور ہے۔ اس شاعر کے باب میں جو اطلاع ڈاکٹر صاحب نے دی ہے۔ اس سے کہیں زیادہ میرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی اپنے مضمون میں جو خواجہ مسعود پر لکھا ہے دے چکے ہیں۔ ان بیانات کی تکرار اور دوبارہ چھان بین کی بجائے اگر ڈاکٹر مسعود کے ہاں ایسے امور پر جو ہندو غزنہ کے تعلقات اور ہندوستانی معاملات سے متعلق ہیں توجہ دیتے تو ان کے لئے نیا زینہ اور ہمارے لئے معلومات کا جدید ماخذ بن جاتا۔

مسعود کے والد سعد سلمان کے ذکر میں ایک امر قابل اضافہ ہے کہ وہ ۴۲۷ھ میں بعہد سلطان مسعود شہید جب شہزادہ مجدود والی ہند مقرر ہوتا ہے۔ مستوفی کے منصب پر سرفراز ہوکر ہندوستان آتے ہیں۔ تب سے یہ خاندان اس سرزمین میں آباد ہوگیا۔ تاریخ بیہقی میں آتا ہے "۔ وی را شہزادہ مجدود حاجب باسپاہ داوند و بو منصور پسر ابو القاسم علی لوکی از دیوان ما باوی بدبیری رفت و سعد سلمان بہ مستوفی، و حل وعقد سرہنگ محمد بستد" صـ ۸۶۔ محمد بھیلیم (Mohammad Bhylim) یہ نام پڑھکر ہر شخص چونک اٹھے گا۔ طبقات ناصری میں رجوع کرنے سے معلوم ہوا کہ محمد باہلیم ہے۔ مگر فخر مدبر نے کتاب آداب الحرب میں جو بعہد سلطان شمس الدین التمش تصنیف ہوئی ہے محمد باحلیم مذکور ہے اور یہی شکل صحیح ہے۔ آداب الحرب میں سلطان بہرام شاہ اور محمد باحلیم کی جنگ کا قصہ بھی تفصیلاً مرقوم ہے۔ ولایت ملتان (مولتان) کے ایک کانو کیکوڑ کے پاس جس کے ایک طرف پانی اور دلدل تھا۔ یہ جنگ واقع ہوئی۔ محمد باحلیم کا اکثر لشکر اس دلدل میں تلف ہوگیا ۔

صـ ۱۰۵ و صـ ۱۰۶۔ چالندر۔ ڈاکٹر نے اپنے مقالہ میں جہاں کہیں اس شہر کا ذکر کیا۔ چالندر باجیم فارسی لکھا ہے۔ اور یہ نہیں بتایا کہ کس مقام کا نام ہے۔ ہم سمجھتے ہیں۔ کہ مرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی کی تقلید میں انہوں نے یہ قرأت اختیار کی جو غلط ہے۔ لیکن مرزا ایرانی ہیں اور ہندوستان کے جغرافیے سے ناواقف۔ صحیح نام جالندھر ہے۔ جو پنجاب کے ضلع جالندھر کا صدر مقام ہونے کے علاوہ لدھیانہ اور امرتسر کے درمیان شمال مغربی ریلوے کا اسٹیشن اور صوبہ پنجاب کا مشہور و معروف شہر ہے ۔

مسعود سعد سلمان کے تذکرہ میں ڈاکٹر صاحب بڑی حد تک میرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی کے فاضلانہ رسالہ "مسعود سعد سلمان" کے ممنون ہیں جس کا پروفیسر براون نے انگریزی زبان میں ترجمہ بھی کر دیا ہے۔ مگر اس ممنونیت کا اظہار نہیں کیا گیا۔ ہمیں یقین ہے۔ کہ بغیر

ایسے رہبر کامل کے مسعود سعد سلمان کے سفر حیات کی منازل اور ان کے نشیب و فراز طے کرنا ڈاکٹر صاحب کے لئے نہایت دشوار ہو جاتا۔ تاہم میرزا کی طرف ان کا رویّہ حریفانہ ہے۔ وہ میرزا کے رسالہ کا اسی وقت زیادہ ذکر کرتے ہیں۔ جب اس سے اختلاف منظور ہوتا ہے ایسی حالت میں اکثر وہ اپنا راستہ گم کر جاتے ہیں۔ ہم یہاں بخوف طوالت اس بیراہہ روی کی ایک آدھ مثال پر قناعت کرتے ہیں :-

(۱) صفحہ ۵ عفو سلطان نامدار رضی بر شب من فگند نور قمر

اس شعر کی سند پر میرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی نے یہ رائے قایم کی کہ خواجہ مسعود کو پہلی قید سے جو دہ سالہ تھی سلطان ابراہیم غزنوی نے اپنی زندگی ہی میں رہا کر دیا تھا اور شخص ان کی رائے کے ساتھ اتفاق کرے گا۔ خود شاعر کے اپنے بیان سے زیادہ کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہے۔ مگر ہمارے ڈاکٹر اس رائے سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

" سلطان رضی سے میرزا محمد خاں کی مراد سلطان ابراہیم ہے۔ اگرچہ بعض غیر مشہور تاریخوں میں سلطان ابراہیم کو 'سلطان رضی' کے نام سے یاد کیا گیا ہو مگر رضی اس موقع پر اسم صفت کی حیثیت سے استعمال ہوا ہے اور سلطان ابراہیم مراد نہیں۔ نہ اس کے بے شمار سکوں پر یہ خطاب پایا جاتا " صفحہ

ڈاکٹر اس حد تک تو سچے ہیں۔ کہ ابراہیم کے سکّوں میں یہ نام (رضی) نہیں ملتا اور ملتا بھی کہاں سے جب اس کی زندگی میں یہ خطاب اس کے لئے استعمال ہی نہیں ہوا۔ ہمارے ڈاکٹر اس لفظ کے حقیقی مفہوم سے ناآشنا ہیں اور اسی لئے غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے۔ متوفی سلاطین کے لئے ضابطہ تھا۔ کہ سرکاری دفاتر اور تاریخوں میں خاص خاص ناموں سے یاد کئے جاتے تھے۔ فارسی میں یہ قاعدہ بنو سامان کے عہد سے رائج ہے۔ احمد بن اسمٰعیل سامانی کو 'امیر شہید' نصر بن احمد کو 'امیر سعید'۔ نوح بن نصر کو 'امیر حمید'۔ عبدالملک کو 'امیر سدید' سلطان محمود کو 'امین' ہمایوں کو 'جنت آشیانی' اکبر کو 'عرش آشیانی' اور عالمگیر کو خلد مکان کہتے تھے اسی طرح

ابراہیم بن مسعود غزنوی وفات کے بعد 'سلطان رضی' کے نام سے یاد کیا گیا۔ مسعود کے شعر بالا میں 'سلطان رضی' سے مراد یقیناً ابراہیم غزنوی ہے اور میرزا محمد کا نظریہ بالکل صحیح ہے ؛

ڈاکٹر کا یہ مقولہ کہ 'رضی' غیر متعارف تاریخوں میں آتا ہوگا۔ پایۂ اعتبار سے ساقط ہے۔ کیونکہ اکثر معتبر تاریخوں میں اس کا استعمال ہو رہا ہے۔ طبقاتِ ناصری سے ایک مثال عرض ہے

"وتخت سلطنت بہ سلطان رضی ابراہیم علیہ الرحمۃ رسیدہ بود" (ص ۴۳)

(۲) ص ۲۵ تا ص ۲۸ مسعود سعد سلمان نے کسی ابوالفرج کے خلاف ایک قطعہ لکھا ہے جس کا پہلا شعر ہے ؎

ابوالفرج شرم نامدت کہ بخبث　　بہ چنین حبس و بندم افگندی

اس سے ظاہر ہے کہ یہ ابوالفرج ہمارے شاعر کو قید میں ڈلواتا ہے۔ اس ابوالفرج کے متعلق مسعود کے تذکرہ نگاروں میں اختلاف ہے۔ اکثر نے شاعر مشہور ابوالفرج رونی کا نام لیا ہے۔ میرزا محمد بن عبدالوہاب قزوینی نے مسعود کے دیوان سے دو ابوالفرج تلاش کئے پہلا یہی ابوالفرج رونی اور دوسرا ابوالفرج نصر بن رستم جو نائب دیوان ہند ہے۔ یہ مسعود کی قید ثانی کا ذکر ہے جو واقعہ سلطان مسعود کے دور میں پیش آتا ہے۔ میرزا نے نمبر اول کو تو اس بنا پر خارج کر دیا کہ مسعود کے قطعات سے ثابت ہوتا ہے کہ دونو شاعروں میں گہرے دوستانہ تعلقات تھے اور نمبر دوم کو یوں بری کر دیا کہ سلطان سابق کے عہد میں وفات پا چکا تھا۔ جیسا کہ اس کے مرثیے سے جو خود خواجہ مسعود نے لکھا ہے ثابت ہوتا ہے۔ یہ مرثیہ مطبوعہ دیوان میں شامل نہیں ؛

ہمارے ڈاکٹر ان امور کو جاننے کے باوجود ایک نہایت عجیب اور زالے استدلال سے ابوالفرج نصر بن رستم کو مسعود کی قید کا مجرم گردانتے ہیں۔ قطعہ مذکورہ کے آخری شعر میں وہ مسعود کی ایک دھمکی

زود خواہی درود بے شبہت　　بر تخمی کہ خود پراگندی

نقل کر کے کہتے ہیں۔ کہ مسعود کی یہ دھمکی بالآخر کچھ عرصہ بعد اپنا رنگ لائی جیسا کہ اشعار آیندہ سے جو شاعر نے ابوالفرج نصر بن رستم کو لکھے ہیں ظاہر ہوتا ہے :۔

اے کینہ ور زمانۂ غدار خیرہ سار — برخیرہ تیرہ کردہ بما بر تو روزگار
بر بندگان اگر بہ ستیز است کار تو — برخواجۂ عمید چرائی ستیزہ کار
بر نصر رستم از چہ ستمگار گشتۂ — در مہتری نبود ستمگر بہ ہیچکار
آن بوالفرج کہ داد جہانرا ز غم فرج — اکنون ہم از جہان تو برآری ہمی دمار

مگر ڈاکٹر یہ بیان نہیں کرتے کہ اس دھمکی نے آخر کیا گل کھلایا۔ قصہ مختصر ان اشعار اور قطعہ کی بنا پر نیز اس بنا پر کہ مطبوعہ دیوان میں ابوالفرج نصر بن رستم کا نام قطعہ مذکورہ کی سرخی میں درج ہے ڈاکٹر کا یہ عقیدہ ہے کہ یہ ابوالفرج نصر بن رستم ہے جو ابونصر پارسی کی تباہی اور اس کے متوسلین کی درجن میں مسعود سعد سلمان بھی شامل ہے، قید و بند کا باعث رہا ہے۔

ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ ڈاکٹر صاحب ابیات بالا کی روشنی میں کس طرح اس خلاف توقع نتیجہ پر پہنچے۔ ان اشعار سے برخلاف اس کے کہ مسعود کی کسی دھمکی کی ایفا مترشح ہو ابوالفرج نصر بن رستم کے ساتھ شاعر کی دلی ہمدردی اور غمخواری ثابت ہو رہی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابوالفرج اپنے عہدۂ امارت سے معزول ہو گیا ہے اور شاعر اس کی تسلی اور دلدہی میں یہ قصیدہ لکھتا ہے۔ ابتدا میں زمانہ کو خطاب کرتا ہے کہ تیری بیباکیوں نے ہماری اوقات تلخ کر دی ہے خیر ہم غریبوں کو تو جتنا جی چاہے ستا لے مگر خواجہ عمید نصر بن رستم پر کیوں ظلم روا رکھتا ہے۔ اس نے تو اپنے دور امارت میں کبھی ستم سے کام نہیں لیا۔ وہی ابوالفرج جس نے دنیا کو ظلم سے نجات دی اور تو اب بھی بدستور دنیا کی ہلاکت میں مصروف ہے۔ اس کے بعد شاعر اپنے ممدوح کو خطاب کر کے کہتا ہے کہ چاند کو گھٹنے سے شرم نہیں محسوس نہیں کرنی چاہیئے۔ گھٹنے ہی سے بڑھنا اس کو نصیب ہوتا ہے اور چودھویں کا چاند بن جاتا ہے۔ گردش فلکی ہمیشہ نحوست میں قائم نہیں رہے گی سعادت کی طرف بھی کروٹ بدلے گی۔ آخر ایک دن تیری مراد بر آئے گی

اور دنیا تیری زرتی پر ناز کرے گی، چنانچہ

اے چون مہ چہاردہ در کاہش و کمی — مہ راز کاستن نبود ہیچ ننگ و عار
مہ ار ہمہ تمام نکاہد از انچہ ہست — آخر بر آید از فلک ارچہ نزار و زار
آخر فزون شود کہ فزونی ز کاستست — وز پستی آرزش بہ بلندی دہ و چہار
این گردش فلک نہ ہمہ بر نحوستست — آخر سعادتیست درین خسرو مدار
آخر بکام دل رسی و ہوائے دل — آخر زمانہ با تو کند باز افتخار

(دیوان مسعود ص۱۰۰ - طبع ابوالقاسم خوانساری ۱۲۹۶ھ)

یہ اشعار ڈاکٹر صاحب کے منقولۂ بالا اشعار کے عین بعد آتے ہیں - اور قصیدہ اس دعا پر ختم ہوتا ہے ؎

عزو بقات باد و سرت سبز و تن درست — دلشاد و شاد کام و تن آباد و شاد خوار
مسپار دل باندہ و گیتی ہمی سپر — مگذر تو از جہان و جہان خوش ہمی گذار (ص۱۰۱)

مطبوعہ دیوان میں قطعہ مذکور کا ابوالفرج نصر بن رستم کے نام کے ذیل میں دیا جانا کوئی معتبر سند نہیں - یہ دیوان بالکل غیر منتقدانہ حالت میں طبع ہوا ہے - متن بے حد سقیم ہے اور سرخیوں میں بھی کئی موقعوں پر غلط اندراج ہیں - قطعہ کے متعلق دیوان کی تنہا شہادت کافی نہیں اور قطعہ اپنی سرخی کی تائید میں بھی نہیں - لیکن جب میرزا محمد اطلاع دے چکے کہ ابوالفرج نصر بن رستم سلطان ابراہیم کے عہد میں وفات پا چکا اور مسعود نے اس کا مرثیہ بھی لکھا - اس واضح اور صاف اطلاع کے بعد ڈاکٹر کا نصر بن رستم کو اس کی وفات سے کئی سال بعد ظہور پذیر ہونے والے حبس مسعود سعد سلمان کے لئے ماخوذ کرنا بالکل بے معنی معلوم ہوتا ہے - ڈاکٹر یا تو مرزا کے بیان کی تردید کر کے ثابت کرتے کہ ابوالفرج معلوم مسعود کی قید دویم کے وقت زندہ موجود تھا یا بجائے قطعہ کی سرخی پر اعتبار کرنے کے دیوان مسعود کے مخطوطات کی ورق گردانی کرتے اور یہ دکھاتے کہ وہ مرثیہ وجود ہی نہیں رکھتا - میرزا محمد کا اس مرثیے کے اشعار نہ دینا ان کی ثقاہت پر حرف

نہیں لاتا۔ اور نہ ان کے بیان کی اہمیت کو گھٹاتا ہے

اب ہم دیکھتے ہیں کہ ڈاکٹر کے دعوے کے واسطے بھی کوئی معقول وجہ یا قرینہ موجود ہے؟ دیوان میں رجوع کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوالفرج نصر بن رستم 'عمید ملک' 'سالار' اور 'صاحب دیوان ہند' (وزیر دیوان ہند) ہے۔ مسعود نے اس کی شان میں آٹھ نو قصیدے لکھے ہیں۔ وہ اس کو نہایت ادب اور احترام کے ساتھ خطاب کرتا ہے۔ اپنا سرپرست اور مربی تسلیم کرتا ہے۔ اس کا لہجہ نہایت مخلصانہ اور نیازمندانہ ہے اور شاعر پر اس کے احسانات مسلّم ان قصاید میں کسی ناخوشگوار واقعہ کی طرف تلمیح تک نہیں جس کی بنا پر مسعود اس ممدوح کے خلاف اپنی ابرو پر شکن لاتا یا شکایت سے لب آشنا کرتا۔ یہی نہیں بلکہ ہم دیکھتے ہیں۔ کہ اس کے زوال دولت کے وقت بھی شاعر اس کے ساتھ وفادار رہا ہے۔ جیسا کہ ابیات بالا سے ظاہر ہے۔ پھر مراتب زندگی اور دنیاوی وجاہت کے اعتبار سے دونوں میں نمایاں فرق ہے۔ خلاصہ یہ کہ ایک امیر کبیر اور سالار صاحب اقتدار اور دوسرا اس کا مداح اور متوسل۔ ادھر قطعۂ بالا میں جس ابوالفرج کو شاعر نے خطاب کیا ہے وہ یقیناً شاعر کا ہم رتبہ بلکہ کم رتبہ ہے۔ بجائے اس کے کہ وہ شاعر کے ساتھ سلوک و احسان کرتا الٹے شاعر نے اس کے ساتھ سلوک کئے ہیں۔ چنانچہ مسعود اسی قطعہ میں کہتا ہے :-

شد فراموش کز برای تو باز　　من چہ کردم زنیک پیوندی

یعنے میں نے اپنی شرافت سے تیرے ساتھ جو سلوک کئے۔ تو نے سب کو نسیاً منسیا کر دیا کیا ایک رئیس اعظم اور امیر محترم کو اس طرح سے خطاب کیا جا سکتا ہے۔ یہ شعر بھی قابل غور ہے

تا من اکنون زغم ہمی گریم　　تو بہ شادی زدور میخندی

کہ میں تو غم میں رو رہا ہوں اور تو مجھے روتا دیکھ کر دور سے کھڑا کھڑا ہنس رہا ہے۔ ہم دریافت کرتے ہیں کیا غمزدہ مسعود کا یہ نالہ ایک امیر والاجاہ کے خلاف فریاد خوانی کا پتہ دیتا ہے یا ایک سنگدل حریف کے برخلاف جو اپنے رقیب کو پامال ہوتا دیکھ کر جوش مسرت میں

بغلیں بجانے لگتا ہے۔ پورے قطعہ کی زبان، اس کا اسلوب بیان اور جذبات سب اس خیال کے مؤید ہیں کہ ان کا مخاطب ایک بے وفا دوست اور ہمسر ہے نہ کہ کوئی امیر جلیل القدر ہم ایک شعر اور نقل کرتے ہیں ؎

وین چنین قوتی تراست کہ تو پارسی را کنی شکاوندی

اور اب تو تیر احوصلہ اس قدر بڑھ گیا ہے کہ (ابونصر) پارسی کی گردن میں لگ گیا ہے۔ اس شعر سے بھی ہمارے خیال کی تائید مزید ہوتی ہے ؛

یہاں ایک اور امر کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے۔ جب ایالت ہند عضد الدولہ شیرزاد کے سپرد ہوئی۔ ابونصر پارسی عمید ملک اور نائب مقرر ہوا۔ یہ وہی منصب ہے جس پر ہم ابوالفرج نصر بن رستم کو بھی سرفراز دیکھتے ہیں۔ یعنے وہ عمید ملک اور وزیر دیوان ہند ہے ابوالفرج رونی اور مسعود کے قصائد سے یہ امر واضح ہے۔ ظاہر ہے کہ دو شخص ایک وقت میں اسی ایک خدمت پر مامور نہیں ہو سکتے۔ اس دقت کو دور کرنے کے لئے لامحالہ ہمیں ان کے زمانوں میں فرق ماننا پڑے گا۔ ادھر شیرزاد کے دور کے منصبداروں کی فہرست میں جو مسعود کی مثنوی میں محفوظ ہے۔ ابونصر پارسی کا نام ملتا ہے۔ مگر ابوالفرج نصر بن رستم کا نام موجود نہیں۔ اس سے بھی ان کے زمانوں میں تقدیم و تاخیر لازم آتی ہے۔ لہذا ہم کہیں گے۔ کہ ابوالفرج نصر بن رستم ابراہیم کے دور میں اور ابونصر پارسی مسعود کے عہد میں نائب ہند تھے۔ جب ان کا زمانہ مختلف لازم آگیا تو ان وزیروں کا اسی ایک معاملہ میں بحیثیت فریق مخالف حصہ لینا تقریباً دشوار ہے۔ ان وجوہ کی بنا پر ہم ابوالفرج نصر بن رستم کو اس قطعہ کا مخاطب تسلیم نہیں کر سکتے ؛

ہمارا ان دو مثالوں سے یہ دکھانا مقصود تھا۔ کہ ڈاکٹر نے جہاں جہاں میرزا سے مختلف الرائی ہونے کی کوشش کی ہے مطلق کامیابی حاصل نہیں کی۔ بلکہ اسلئے مشکلات میں گرفتار ہو گئے ؛

باقی رہا یہ سوال کہ اس قطعہ کا مخاطب کونسا ابوالفرج ہے۔ ہم اس کے متعلق صرف اسی قدر کہیں گے۔ کہ یا تو ہمیں ایک تیسرا ابوالفرج تسلیم کرنا پڑے گا یا پھر ابین احمد رازی کا ہمنوا ہو کر ابوالفرج رونی پر شبہ کی نظریں دوڑانی پڑیں گی۔ ڈاکٹر کو اعتراض ہے کہ امین احمد نے افسانہ تراش لیا۔ ممکن ہے کہ افسانہ ہو مگر اس افسانہ کے لئے گنجایش ضرور موجود ہے ہو سکتا ہے کہ ابوالفرج رونی نے سعایت کی ہو ع بود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن۔ رشک و حسد شعرا کی عام خصوصیت ہے۔ خود مسعود سعد سلمان اپنے پہلے حبس کے متعلق تو صاف صاف ایک شاعر ہی کو ملزم قرار دے رہا ہے۔ وہ سلطان ابراہیم سے مخاطب ہے :۔

ہمی ندانم خود را گناہی و جرمی — مگر سعایت و تلبیس دشمن مکار

زمن نبرسد ای شاہ خصم ناقص من — کہ کار مدح بمن باز گردد آخر کار

(دیوان صفحہ ۸۶)

ان اشعار کے ساتھ جب صاحب ہفت اقلیم نے اس قطعہ کو بھی دیکھا۔ جس میں ابوالفرج کا نام مذکور ہے۔ تو وہ قدرتاً اسی نتیجہ پر پہنچا کہ یہ ابوالفرج رونی ہے۔ جس نے غریب مسعود کو قید میں ڈلوایا۔ اس لئے تذکرہ نگاروں کا یہ اعتقاد اسقدر گمراہ کن نہیں جسقدر ڈاکٹر سمجھے ہیں۔ لاہور میں اس وقت چوٹی کے شاعر صرف دو تھے۔ پہلا مسعود سعد سلمان اور دوسرا ابوالفرج رونی۔ جب مسعود شکایت کرتا ہے کہ میرے ہم پیشہ شاعر نے برنائے رشک میری بدگوئی کی تاکہ منصب مداحی پر میری بازیابی نہ ہو سکے۔ تو ظاہر ہے کہ تذکرہ نگاروں کی نگاہیں قدرتاً ابوالفرج رونی پر اٹھیں گی ؛

صفحہ ۱۱۱۔ ڈاکٹر کا اعتقاد ہے۔ کہ مسعود نے اگرچہ ملک ارسلان کی شان میں قصائد لکھے لیکن اس کو شاہی عنایت حاصل نہیں ہوئی۔ البتہ اس کے جانشین بہرام شاہ کے دور میں مسعود سعد سلمان ندیمان خاص میں شامل ہے۔ یہ بادشاہ شعر کا بڑا قدردان تھا اور مسعود کا زمانہ اس کے دربار میں آسایش و راحت سے بسر ہونے لگا ؛

مگر دیوان پر سرسری نظر ڈالنے سے قضیہ بالکل برعکس معلوم ہوتا ہے۔ بہرام شاہ کی تعریف میں قصائد کی تعداد چار سے زیادہ نہیں۔ ادھر ملک ارسلان کی شان میں چھ عدد غزلیات وقطعات کے علاوہ بارہ قصائد ملتے ہیں۔ ان قصائد میں اس کا انداز بڑی حد تک غیر مکلفانہ ہے۔ کبھی وہ اپنے متعلق کبھی دوسروں کے متعلق عرض ومعروض میں مصروف ہے۔ ایک قصیدہ میں وہ اپنے پرانے دوست ابونصر پارسی کی وفات کا ذکر کرتا ہے ؎

بونصر پارسی ملکا جان تو سپرد　　زیر استرای مجلس عالی جزآن نداشت (ص۲۱)

پھر اس کے اخلاق ومحاسن بیان کر کے کہتا ہے کہ اس نے تریسٹھ سال کی عمر میں جان دی۔ مرتے وقت اس کے آخری الفاظ شاہ کی مدح وثنا میں تھے۔ مرحوم مجھ پر خاص طور سے مہربان تھا۔ ہم میں دوستی کا یہ سلسلہ چالیس سال سے قائم تھا۔ اب بادشاہ کو چاہیئے کہ اس کی اولاد کی عزیز داشت سے غافل نہ رہے ؎

ارسلانی قصائد میں شاعر ایک سے زیادہ مرتبہ اپنی قید کے واقعہ کی طرف تلمیح کرتا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ واقعہ سلطان مسعود کے اواخر عہد سے تعلق رکھتا ہے۔ ایک موقعہ پر کہتا ہے ؎

ای شاہ جہان فلک ندانست　　آنگاہ کہ بر تنم جفا کرد
چون دید مرا بخدمت تو　　دانست کہ آن جفا خطا کرد (ص۶۳ دیوان)

دوسری جگہ کہتا ہے :-

در انتظار رحمت وفضل تو ماندہ ام　　ای کردہ روزگار ترا دولت انتظار
داند خدای عرش کہ گیتی قرار داد　　کز رنج دل نیابم شبہا ہمی قرار
من بندہ سال سیزدہ محبوس ماندہ ام　　جان کندہ ام ز محنت در حبس ودر حصار
زین زنہیار خوار فلک جان من گرفت　　در زنہیارت ای ملک زنہیار دار
در سیجہای تنگ وخشن ماندہ مستمند　　در بندہای سخت بتر ماندہ سوگوار (ص۹۴ دیوان)

اب وہ اپنی بے نوائی اور قرض کے متعلق گویا ہے :-

دارم ہزار دشمن و یکجان و بیم تن — لیکن گذشتہ وام من از شصت صد ہزار
پیر ضعیف عالم و درویش عاجزم — بر پیری و ضعیفی من بندہ رحمت آر
گیرم گناہگارم واللہ کہ نیستم — نہ عفو کردہ گنہ ہر گنہ بگار

ان گذارشات سے روشن ہے کہ ملک ارسلان کے ساتھ شاعر کے تعلقات بہت خوشگوار تھے اور اس کے ساتھ اس کی بہت توقعات وابستہ ہیں ۔

اکثر تذکرہ نگاروں نے مسعود کا سال وفات ۵۱۵ھ مانا ہے ۔ ڈاکٹر برخلاف جمہور تقی کاشی کی تقلید میں ۵۲۵ھ لکھتے ہیں ۔ جس کے واسطے کوئی معقول وجہ تو موجود نہیں ۔ بہرام شاہ ۵۱۲ھ میں تخت نشین ہوتا ہے ۔ اس کی مدح میں مسعود نے کل چار قصیدے لکھے ہیں ۔ جن سے قیاس ہوتا ہے کہ بہرام شاہ کے عہد میں ہمارا شاعر دیر تک زندہ نہیں رہا ۔ اسلئے جو لوگ اس کی وفات ۵۱۵ھ میں بیان کرتے ہیں ۔ انکی رائے صحت کے قریب ہے ۔

مقالہ کا جو حصہ مسعود کی شاعری اور اس کی خصوصیات سے تعلق رکھتا ہے ۔ ہماری رائے میں نہایت مفید اور قیمتی کارگذاری ہے ۔ اگرچہ اس میں بھی اضافہ کی گنجایش محسوس ہوتی ہے ۔ عروضی نقطۂ نظر سے خواجہ مسعود کے ہاں بعض جدید اوزان ملتے ہیں اور ایسی نظمیں بھی ملتی ہیں ۔ جن کو ہندی اثرات کی طرف منسوب کیا جا سکتا ہے مثلاً بارہ ماسہ یا دوازدہ ماہہ جسے خواجہ نے غزلیات شہوریہ کے نام سے یاد کیا ہے اور غزلیات اسبوعیہ و ایامیہ اور شہر آشوب ۔ نظموں کی یہ قسمیں سرزمین پنجاب میں فارسی اور ہندی کے روابط کی یادگار ہیں اور فارسی شاعری کے مورخ کے لئے ان کا جائزہ لینا ازبس ضروری ۔ فارسی میں ان نظموں کی روشناسی سے یہ امر تو صاف روشنی میں آجاتا ہے کہ خواجہ مسعود ہندی کی ان اقسام نظم سے یقیناً واقف تھے اور تذکرہ نگاروں کا یہ دعوے کہ خواجہ مسعود نے ہندی میں بھی ایک دیوان یادگار چھوڑا بے بنیاد نہیں معلوم ہوتا ۔

یہاں ہم ایک پالغز کا بھی ذکر کر دینا چاہتے ہیں۔ جو ڈاکٹر صاحب کو پیش آئی۔ تاج ریزہ کے ذکر میں وہ لکھتے ہیں کہ "تقی اوحدی اور رضا قلی خاں نے انوری کے بعض شعر تاج ریزہ کی طرف منسوب کر دیے ہیں۔ مثلاً یہ قصیدہ :۔

افزود باز رونق ہر مرغزار گل　　چون زیر یافت نالۂ ہر مرغزار گل

حالانکہ دیوان انوری میں موجود ہے۔ "تاج کے حوالے کر دیا ہے۔" ص۱۶۰

ہماری رائے میں یہ قصید: تاج کا ہے نہ انوری کا۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ اہل مطبع نے کسی غلط فہمی کی بنا پر نہ صرف یہی قصیدہ بلکہ تاج ریزہ کے کئی اور قصیدے کلیاتِ انوری میں شامل کر لئے۔ یہ غلطی قدیم ہے اور انوری کے بعض مخطوطات میں بھی موجود ہے۔ تاج کے قصائد زبان کی سادگی و سلاست اور داخلی شہادت کی بنا پر انوری کے کلام سے جس کی خصوصیت تکلف۔ دقت بیان اور حسن ادا ہے۔ بآسانی پہچانے جا سکتے ہیں قصیدۂ بالا التمش کے فرزند غیاث الدین محمد کی تعریف میں ہے اور اس کا نام متن میں موجود ہے۔ اسی غیاث الدین کی مدح میں ایک اور قصیدہ ہے جو کلیاتِ انوری میں ص۸۵ پر پایا جاتا ہے۔ اس کا مطلع ہے :۔

ساقی بیا کہ وقت میے لعل روشن است　　میدان خاک تیرہ کنون سبز گلشن است

التمش کا مدحیہ قصیدہ جو ڈاکٹر نے ص۱۵۴-۱۵۱ پر نقل کیا ہے۔ کلیات انوری میں ص۱۳۳ پر مع مطلع موجود ہے۔ یہی نہیں بلکہ کلیات انوری میں دو قصیدے (ص۸۳ اور ص۳۷) سلطان رکن الدین فیروز کی تعریف میں اور دو قصیدے (ص۸۷ و ص۱۳۶) نظام الملک قوام الدین محمد جنیدی کی ثنا میں ملتے ہیں۔ ان میں سے ایک قصیدے میں شاعر اپنی ہندی نژادی کے متعلق گویا ہے :۔

مولد و منشا ببین در خاک ہندستان مرا　　نظم و نثر م بین کہ بر آب خراسان آمدہ است

(ص۸۹ کلیات انوری)

ایک اور قصیدہ غالباً شہزادی رضیہ سلطانہ کی شان میں لکھا ہے۔ جب التمش زندہ ہے :-

راضی زتو ای رضیۃ الدین ٭ حق قادر ذوالجلال اکرم (ص۲۸۱ کلیات نوری)

ہم نے کسی قدر تفصیل سے اس موضوع پر رسالہ اُردو (اپریل ۱۹۲۴ء) میں بحث کی ہے۔ جو ص۲۲۷ سے شروع ہوتی ہے۔ لہذا یہاں اس مختصر پر قناعت کی جاتی ہے ٭

سنام کا تلفظ فی زمانہ بضم اول ہے۔ قدیم تلفظ بضم اول و تشدید دوم ہے۔ سب سے پہلے اس قصبہ کا ذکر عثمان مختاری کے ایک قصیدہ میں آتا ہے جب مسعود ثالث نے اس پر حملہ کیا ہے :-

آلاتِ قلعہ کشائی میں منجنیق کا استعمال نہایت قدیم ہے۔ قدیم فنیقی اسے استعمال میں لائے ہیں۔ ان سے یونانیوں اور اسرائیلیوں نے اخذ کی اور پھر دنیا کی دیگر اقوام میں پھیل گئی۔ عرب اس کی ایجاد نمرود کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ ۲۰۰ ق۔م میں حزبیہ بادشاہ حیرہ نے اس سے کام لیا ہے۔ جب رسول اللہ نے طائف کا محاصرہ کیا۔ طفیل ابن محمد دوسی تبخانۂ ذی الکفین کے انہدام کی غرض سے بھیجا گیا۔ چار دن بعد اپنے چار سو آدمیوں کے ساتھ واپس آکر مع منجنیق و دبابہ رسول خدا سے ملحق ہوگیا۔ ۷۳ھ میں جب یزید کی فوجوں نے مکے کا محاصرہ کیا تاریخ طبری سے معلوم ہوتا ہے کہ اس موقعہ پر دو منجنیقیں نصب کی گئی تھیں پہلی خانہ کعبہ پر اور دوسری صفا و مروہ پر۔ منجنیق انداز ملک حبش کا رہنے والا ایک حبشی تھا۔ ماہ صفر میں تمام مہینے سنگ اندازی جاری رہی۔ ۳ ربیع الاول کو آگ لائی گئی۔ جس کو روئی کی گٹھڑیوں میں رکھا گیا اور گندھک بھی رکھ دی گئی۔ اب یہ گٹھڑیاں منجنیق سے کعبہ میں پھینکی گئیں۔ غلافِ کعبہ میں آگ لگ گئی اور جل گیا دیوار سیاہ ہوگئی اور کسی میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ آگ کو بجھا سکتا۔ ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ جب روئی کے پلندے میں آگ لگا کر پھینکا جا رہا تھا تو کل بگڑ گئی اور پلندہ منجنیق پر ہی جلنے لگا۔ محاصرین نے بہت کوشش کی کہ آگ بجھا دیں مگر ممکن نہ ہوا۔ یہ اسی روز کا واقعہ ہے جس روز شام میں یزید کا انتقال ہوا

محمد بن قاسم نے جب ۹۳ھ میں دیبل پر حملہ کیا۔ اس کے پاس ایک منجنیق تھی جس کا نام عروس تھا۔ اسے کام میں لانے کے واسطے پانسو آدمی درکار تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ بعد میں اس قسم کی منجنیقوں کا نام عروس رکھ دیا گیا ۔

الپ ارسلان سلجوقی ۴۵۵ھ و ۴۶۵ھ اور ارمانوس قیصر روم کی جنگ میں جس

قیصر گرفتار ہوتا ہے رومیوں کے پاس ایک عظیم الشان منجنیق تھی جس پر بارہ سو آدمی کام کرتے تھے۔ وہ آٹھ حصوں میں منقسم تھی اور بار برداری کے لئے ایک سو جانور درکار تھے۔ اس منجنیق سے ایک من سے زائد وزن کا پتھر پھینکا جاتا تھا ؛

چنگیز کی اولاد میں منگو قاآن ۶۴۶ھ (۱۲۴۸ء) اپنے عہد سلطنت میں ملاحدہ کی طرف ہلاگو کی پیشقدمی کے وقت چین میں اپنا آدمی بھیج کر وہاں سے منجنیقی استاد اور نفط انداز بلواتا ہے۔ چنانچہ اس کی خدمت میں ایک ہزار چینی خاندان منجنیق سازوں کے پہنچتے ہیں جو ہلاگو کے ساتھ جاتے ہیں۔ عطاملک جوینی اپنی تاریخ میں رقم پرداز ہیں :-

" وبجانب ختای ایلچی را بطلب استادان منجنیقی و نفط اندازان روان کردند از خطای یک ہزار خانہ ختائی منجنیقی آوردند کہ بزخم سنگ سوراخ سوزن را منفذ جمل می ساختند و تیرہای منجنیق باحکام پی و سر پشم استوار کردہ چنانک چون از حضیض عزم اوج کند راجع نگردد (ص ۳۷ جہانگشای جوینی، جلد سوم)

جب قوبیلای خان ۱۲۵۷ء و ۱۲۹۴ء کی فوجوں نے چین کے شہر سایان فو کا محاصرہ کیا۔ لشکر کی تمام کوشش شہر کی تسخیر میں ناکام رہی۔ اس موقعہ پر بھاری منجنیقوں کی ضرورت تھی۔ جو مغولی لشکر میں ناپید تھیں۔ اس وقت ملک طالب منجنیق ساز نے جو دمشق اور بعلبک سے آیا تھا اپنے فرزندوں ابوبکر و ابراہیم و محمد کے ساتھ بڑی منجنیقیں تیار کیں۔ رشید الدین فضل اللہ کا بیان ہے :-

" و پیش ازان درختای منجنیق فرنگ بزرگ بنود و این ملک طالب منجنیق ساز کہ از بعلبک و دمشق آنجا رفتہ بود و فرزندان او ابوبکر و ابراہیم و محمد متعلقان او ہفت منجنیق بزرگ ترتیب کردند و روی بفتح آن شہر نہادند" ؛

(ص ۵۱۳ جامع التواریخ، طبع بلوشے)

ہلاگو ۶۵۴ھ/۱۲۵۶ء و ۶۶۳ھ/۱۲۶۵ء نے جب ایران کی طرف پیشقدمی کی اس کے لشکر میں ہزار خانہ وار منجنیق ساز وں اور نفط اندازوں کے تھے۔ میافارقین کا جب اس کی فوجوں نے محاصرہ کیا تو کہا جاتا ہے۔ کہ ملک کامل والی میافارقین کے پاس ایک ماہر کامل منجنیقی تھا۔ جس کی نشانہ بازی سے مغولی فوجوں کو سخت نقصان پہنچا تھا۔ مجبور ہو کر انہوں نے بدرالدین لؤلؤ کے منجنیقی کو جو اپنے فن میں یکتا مانا گیا تھا بلوایا اس نے قلعے کی منجنیق کے مقابلہ میں اپنی منجنیق نصب کر دی۔ دونوں استادوں نے بیک وقت پتھر چلائے جو ہوا میں آکر ٹکرائے اور ریزہ ریزہ ہو کر زمین پر گر پڑے۔ مورخ مشہور خواند امیر کے الفاظ ہیں :۔

"ملک کامل را منجنیقی بود کہ از زخم سنگ او رخنہ در بنا در زندگانی سپاہ ایلخان می افتاد و مغولان در دفع او چارہ جوی گشتہ منجنیقی بدرالدین لولو، را کہ او نیز مہارت کامل حاصل داشت طلب نمودند و چون آنشخص بار دوی پیشموت رسید منجنیقی در برابر منجنیق شہر نصب کرد و آن دو استاد یکبار سنگہا از منجنیق کشاد دادہ ہر دو سنگ در فضاء ہوا بہم باز خوردہ ریز ریز شد۔ مردم اندرون و بیرون از حذاقت آن دو ہنرمند متعجب گشتند"

(حبیب السیر ص ۵۷ جزو اول از جلد سیوم طبع بمبئی ۱۸۵۷ء)

غازان خان نے ۶۹۹ھ میں فتح کرمان کے وقت موصل سے منجنیقی استاد بلوائے جنہوں نے شیراز میں تین زبردست منجنیقیں طیار کیں۔ یہ منجنیقیں لے جاکر قلعۂ کرمان کے گرد لگادی گئیں اور برج شاہ ملک کے گرنے سے قلعہ مسخر ہوا۔ اس کی تفصیل تاریخ وصاف میں جس کی عبارت سے بعض فقرے حذف کر دیئے گئے ہیں حسب ندا ہے :۔

"حکم پریلیغ شد تا از موصل استادان منجنیقی را کہ صاحب مہارت ..... و

قلعہ کشا بودند تعیین کردند و بشیراز آمدند و سہ عدد منجنیق بروج ہیئت جوزا کفۂ شہاب ملتاب . . . ترتیب دادند و عازم کرمان شد۔ پس مدت دہ روز مستجلسان مجلس کارزار بفلاخن منجنیق . . . اہل کرمان را عیش سنگ انداز و رصورت انداز تعلیم کردند۔ بہر سنگی کوہ فرسای کلۂ قلعہ را می شگافتند و اجزای حصار را در زلزلہ می آورد و ولولہ چون خروشیدن رعد در نہاد سکان می انداخت . . . تا برج شاہ ملک را کہ با برج حمل خیال مسامتہ می بست باقرارۂ زمین موازی گردانیدند ص ۴۳۳

غازان خان کے افسر قتلغ شاہ نوئین نے جب قلعۂ دمشق کا محاصرہ کیا غازانی لشکر میں ایک مشہور منجنیقی تھا جس کا نام حصراوی تھا۔ حاکم دمشق نے جو حصراوی کے کمال سے واقف تھا اس کے سر کے لئے ایک ہزار دینار کے انعام کا اشتہار دے دیا۔ اس انعام کے حاصل کرنے کے لئے اہل قلعہ میں سے ایک شخص قلعہ سے نکل کر بہ تبدیل لباس مغلوں کے لشکر میں داخل ہوتا ہے اور ایک رات موقعہ پاکر حصراوی کے گھر میں گھس جاتا ہے۔ جیسے ہی حصراوی گھر میں قدم رکھتا ہے اس کا سر کاٹ کر اور لے کر قلعہ میں پہنچ جاتا ہے اور انعام موعود حاصل کر لیتا ہے۔ وصاف کی عبارت یہ ہے :۔

" استادی منجنیقی حصراوی نام در علم جر الثقیل کامل و ماہر شدہ التزام نمود کہ از چوب صورتی مبنی از معنی و الفت مافیہا و تخلت، کہ در عرف لغت منجنیقش خوانند برکارکند و قلعہ را بآسانی مستصفی و مستخلص گرداند بتحصیل و ترتیب اخشاب و آلات مشغول گشت و نزدیک شد کہ عمل باتمام رسد۔ حافظ قلعہ مردی زیرک جہاندیدہ بود و وقت صنعت و حداقت آن شخص درین حرفت معلوم داشت با قوم خود مشاورت پیوست کہ احوال برین منوال است کہ اگر او ستیز نماید اجزای کوہ بصلابات سنگ

منجنیق زیروزبر ریز ریز کند و این قضیہ ہمگنان را محقق است ہر کس کہ برای استبقای ناموس محصنۂ اسلام و استیفای مثوبات در عرصات یوم القیام شراور امندفع گرداند صرۂ زر کہ محشو است بہزار دینار اورا باشد . . . . از زمرۂ اشیاع شخصی صاحب شطارت بود از بالای قلعہ بشیب آمد و متفحص کار و منتہز زمان اقتدار شد - شبی مفافصتہ خود را مجہول وار در خانۂ او انداخت و در گوشۂ مختفی بود - استاد کہ اسناد اہل برعمل کردہ بود بخانہ معاودت میکند - پای در خانہ نہادن ہمان بود و زخم بر متقل خوردن ہمان - چنانچہ مقتضی تہور و بیباکی باشد سر اورا بر میدار دعورات و اطفال غلغلہ و نفیر کنان او با کارد مسلول قصد فرار میکند . . . . با دوسریکی سر خویش بسلامت یافتہ بر دوش و یکی سر دشمن بریدہ از گوش تا گوش بقلعہ مراجعت میکند - ساکنان قلعہ غلغلہ بقلعۂ افلاک میرسانند و در بہای سری . . . . ہزار دینار با ہزار آفرین نثار کردند و سر اورا بر سر نیزہ از سر ستیزہ برافراشتند" ۔ صہ ۳۸۱

حصراوی کی موت نے قلعۂ دمشق کو مغلوں کی دست برد سے بچالیا اور وہ محاصرہ چھوڑ کر چلے گئے - اس سے ظاہر ہے کہ ایک ماہر منجنیقی اپنے کمال فن کی بنا پر ان ایام میں قلعوں کی تباہی و بربادی کے لئے کس قدر خطرناک ثابت ہوسکتا تھا

۶۹۰ھ میں ملک اشرف والی مصر نے فرنگیوں سے طرابلس فتح کر کے عکہ کا رُخ کیا - یہ شہر بھی فرنگیوں کے قبضے میں تھا - اہل قلعہ کو اپنی فوج اور جنگی ذخائر پر بڑا ناز تھا - فصیل پر سے ملک اشرف اور مسلمانوں کو گالیاں دینی شروع کر دیں - اور مذہبی پیشواؤں کی تبریک کے بعد منجنیقوں سے گولہ باری - ناوک اندازی اور تیر باراں کرنے لگے - آگ اور نفط کے قارورے پھینکے - چنانچہ وصاف :-

"برفع و رجع دعاد جاثلیق و نصب عماد منجنیق در شق ناوک و بلپارک و چرخ دور پرتاب و قذف قوارير نفط و آتش پرتاب معجب و مرتاب شدند"

ایک دن فرنگیوں نے جنگ کے دوران میں انتہائی قساوت سے کام لیکر ایک مسلمان قیدی کو جو مدت سے ان کے ہاں قید تھا۔ پتھر کی جگہ منجنیق میں رکھکر محاصرین میں پھینک دیا۔ اس کی لاش جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو چکے تھے مسلمانوں کی فوج کے درمیان گری۔ ملک اشرف کو قلعہ والوں کی اس وحشیانہ حرکت پر سخت طیش آیا اور اس نے قسم کھائی کہ جب تک قلعہ فتح نہ کرلے گا دم نہ لے گا:۔

" ناگاہ روزی در اثنائے محاربت آن مدابیر اسیری را از مسلمانان کہ در حبس ابد میداشتند بعوض سنگ در منجنیق نہادہ پرتاب کردند۔ ہنوز در فضاء ہوا بود کہ ابعاض او کالہبن المنفوش، متلاشی گشت۔ بعد ازان ملک اشرف را از مشاہدۂ آن حالت وقوف بر استخفاف وحسارت ایشان نائرۂ حفائظ بباد عصبیت دین افروختہ شد۔ بمؤکدات ایمان وشداد مواثیق تمسک جست کہ تا خاک عکہ بر باد فنا ندہد وبآب تیغ آتش قہر در ایشان نزند دست از محاربت وپای از مشابرت کشیدہ ندارد"

(صفحہ ۳۵۱ وصاف)

چنانچہ اس نے نقب زنوں کو حکم دیا کہ کئی موقعوں پر نقب لگائیں جو خندق سے گذر کر فصیل کے پائین تک پہنچ جائے حضر شدہ مقام میں ستون کھڑے کر دیں۔ اور لکڑیاں بھر دیں۔ ادھر اس نے حکم دیا کہ لکڑی کے مربع مستطیل گھر یا خانے تیار کریں۔ ان کے پہیے لگادیں اور سیڑھیاں چاروں طرف جمادیں اور چھپت کی گائے کی کھالوں سے پوشش کر دیں تاکہ تیر اور پتھر اس پر کارگر نہ ہو۔ ان خانوں میں تیر اندازوں اور نفط اندازوں کو بٹھا دیا اور کشتیوں کی طرح دھکیل کر آگے بڑھایا۔ اس کے بعد حکم ملا کہ ہر فوجی ایک ایک توبرہ ریت بھر کر لائے۔ توبروں کی گنتی دو لاکھ ہوئی۔ ان کی ریت سے خندق پاٹ دی گئی۔ ان امور کو سرانجام دینے میں باون دن لگے۔ اس وقت تک نقب زن بھی اپنے کام سے فارغ ہو چکے تھے۔ جمعہ کی

شب کو نقبوں میں آگ دی۔ قلعہ کی دیوار اور برج زمین پر گر پڑے۔ مصری فوجوں نے دھاوا کیا اور قلعہ فتح ہوگیا (ص ۳۵۱-۳۵۲ وصاف)

قلعہ بھٹنی کے محاصرے کے وقت امیر تیمور اپنے خیمے سے نکل کر بغرض تسخیر قلعہ کا معائنہ کرنے لگا۔ قلعہ میں ایک گھومنے والی منجنیق نصب تھی۔ جیسے ہی امیر باہر آیا۔ اس منجنیق سے ایک پتھر امیر پر پھینکا گیا۔ پتھر آکر شاہی خیمے کے بالکل قریب گرا اور لڑھک کر خیمے میں چلا گیا۔ امیر کو محصورین کی اس بیباکی پر سخت طیش آیا۔ اسی وقت قلعہ کو امرا پر تقسیم کر کے محاصرے کا حکم دے دیا۔ بیس منجنیقیں قلعہ کے چاروں طرف لگا دی گئیں۔ ان میں سے ایک اس مقام پر لگائی۔ جہاں پتھر آکر گرا تھا۔ اس منجنیق سے جب پہلا پتھر پھینکا گیا سیدھا جا کر قلعہ کی منجنیق کے لگا۔ جس سے وہ ٹوٹ گئی۔ شرف الدین یزدی نے اس واقعہ کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے

" و دران حال صاحبقران بے ہمال احتیاط قلعہ می فرمود بمنجنیق گردان کہ دریان آن ساختہ بودند و برافراختہ سنگی گران از ہوای بغی و طغیان بجانب آنحضرت انداختند و آن سنگ بسر دیک خیمۂ خاص بر زمین خورد و ازان جا لغزیدہ باندرون خیمہ افتاد شعلۂ خشم خسروانہ ازان جرأت و بیباکی برافروخت و بریلغ قضا مضا صدور یافت کہ اطراف قلعہ را برامر انجش کردہ حصار را مرکز وار در میان گیرند بہادران ممالک ستان قلعہ کشای باستئصال امر مبادرت نمودہ بیست منجنیق از جوانب آن حصار نصب کردند ازان جملہ یکی در ہمان موضع کہ سنگ الیشان فرود آمدہ بود و اول سنگی کہ ازان انداختند بہ نیروی دولت قاہرہ بر منجنیق اندرون آمد و آنرا برہم شکست و امثال چنین اتفاقات از اظہر امارات نصر عزیز و فتح مبین تواند بود۔" (ص ۲۸۳ جلد دوم۔ ظفرنامہ۔ طبع کلکتہ)

منجنیقوں کا ذکر اگرچہ تاریخ میں کثرت سے ملتا ہے۔ مگر ان کا مفصل بیان میری نظر سے نہیں گذرا جس سے یہ معلوم ہو سکتا کہ ان کی شکل و شباہت کیا تھی۔ اور

کس طرح کام کرتی تھیں۔ مجھے افسوس ہے کہ باوجود تلاش مجھے کوئی ایسا بیان نہ مل سکا۔ ہم اس عہد سے اس قدر دُور نکل آئے ہیں کہ اس زمانے کی ادنےٰ ادنےٰ شے ہمارے لئے ایک معمّے کا حکم رکھتی ہے۔ لاہور کے شاعر ابوعبداللہ روزبہ ابن عبداللہ الکتبی نے جو سلطان مسعود شہید غزنوی ۴۲۱ھ و ۴۳۲ھ کے عہد کے شاعر ہیں چند ابیات منجنیق کی چیستان میں جس کا ان ایام میں کافی رواج تھا حوالۂ قلم کئے ہیں۔ ان اشعار سے اس کل کے بعض خط و خال معلوم ہوتے ہیں اور پُورا حلیہ ذہن میں نہیں آتا۔ الکتبی کا بیان ہے کہ ایک طرف سے زوبان ہے دوسری طرف سے شیطان کے پانو کی طرح چکلی ہے۔ زانو فرجۂ کمان کی طرح کشادہ ہے۔ جس میں ہاتھی کی سی سونڈ لٹک رہی ہے۔ دو آہنی دانت ہیں جو دیو کے پاؤں میں جڑے ہیں۔ سونڈ میں سینکڑوں رسیاں لٹک رہی ہیں۔ لوگ جمع ہو کر ان رسیوں میں سے ایک ایک رسی پکڑ لیتے ہیں۔ گویا رسیوں کے کھینچنے سے لبلبی دبائی جاتی ہے اور پتھر پھینکا جاتا ہے۔ اور ہر شخص دہشت سے کانپنے لگتا ہے۔ چیستان یہ ہے:۔

چہ چیز است آن کہ یک سو زوبانست — دگر سو راست ہمچون پای شیطان
سہ زانو بسان فرضۂ تیر — از و آویختہ خرطوم پیلان
دو لیشک آہنین بینی مر او را — زدہ آن لیشک را بر پای دیوان
بر آن خرطوم صد زلف ببینی — ہمی بر تافتہ چون زلف جانان
چو عشاقش بدو انبوہ گردند — بگیرد ہر یکی یک زلف را زان
بیندازد یکی سندان محکم — شود ہر کس ز بیم و ہول لرزان

(لباب الالباب جلد دوم صد ۵۸)

شاہد صادق میں محمد صادق اصفہانی جو شاہجہان کے عہد کا مصنف ہے۔

منجنیق کا ایک مختصر سا بیان حسب ذیل دیتا ہے۔

وہ کہتا ہے کہ زمانۂ سابق میں منجنیق آلات حصار گیری میں سب سے اہم آلہ تھا۔ اس کی شکل ترازو کی طرح ہوتی ہے۔ ایک پلڑے کو بہت بھاری کر لیا جاتا ہے۔ ہلکے پلڑے میں پتھر رکھ دیا جاتا ہے اور رسیوں کے ذریعہ سے زمین کی برابر قایم رکھا جاتا ہے تاکہ بھاری پلڑا اونچا چلا جائے۔ اب رسیاں ایک دم کاٹ دی جاتی ہیں جس سے بھاری پلڑا زمین پر آرہتا ہے اور ہلکا پلڑا اونچا ہو جاتا ہے اور جو پتھر اس میں رکھا ہوتا ہے دُور جا کر گرتا ہے۔

یہ دونوں بیان میں سمجھتا ہوں مختلف ساخت کی منجنیقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہاں ایک بیان تاریخ تمدن اسلام جرجی زیدان سے منقول ہے جو غالباً مغربی ذرائع سے ماخوذ ہے :-

"یہ ایک لکڑی کا سیدھا پھڑ ہے جس کے سرے پر ایک گوپھن نما چیز لٹک رہی ہے۔ اس میں پتھر رکھ کر پھڑ کو تسموں کے ذریعے پیچھے کی جانب کھینچتے ہیں۔ پھڑ کے نیچے ایک مضبوط کمانی لگی ہے جس وقت کمانی پوری طرح دب جاتی ہے یکایک اسے چھوڑ دیتے ہیں اور وہ پھڑ زور کے ساتھ آگے کو جھکے ہوئے ایک مسطح تختے پر جا گرتا ہے اور پتھر نکل کر دُور جا پڑتا ہے۔"

(تاریخ تمدن اسلام ص۱۹۴ ترجمہ از مولوی محمد حلیم۔ طبع روز بازار امرتسر)

کتاب آداب الحرب میں منجنیق کی کئی قسمیں بیان ہوئی ہیں (۱) منجنیق عروس، جو چاروں طرف مار کرتی ہے (۲) منجنیق دیو، جو غالباً اپنے ڈیل ڈول کی کلانی کی بنا پر اس نام سے کہلاتی ہے (۳) منجنیق غوری وار، (۴) منجنیق روان، جو ایک مقام سے دوسرے مقام پر منتقل ہو سکتی تھی۔ مصنف کا بیان ہے :-

"و منجنیق بر انواع است منجنیق عروس، و آن چہار سوی توان انداخت و

منجنیق دیو و منجنیق غوری وار و منجنیق روان" ص۱۹۱

لفظ منجنیق کو عام طور پر ایرانی الاصل مانا جاتا ہے مگر فردوسی کے اشعار پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی داستانوں میں ان آلات پر کام کرنے والے بالعموم رومی اور عیسائی ہوتے تھے۔ منجنیق کا قافیہ تمام شاہنامہ میں بالالتزام جاثلیق لایا گیا ہے۔ جاثلیق موجودہ انگریزی لفظ کیتھولک کا ہم اصل ہے۔ فردوسی اس کا استعمال بمعنی ترسا و منجنیقی کرتا ہے۔ ہماری فرہنگیں اس کے معنے پیشوای ترسایان بتاتی ہیں۔ جو معنے شاہنامہ میں نامناسب معلوم ہوتے ہیں۔ میں بعض مثالیں شاہنامہ سے نقل کرتا ہوں :-

ص۵۶/۱	نترسد ز عراده و منجنیق	نگهبان بناید ورا جاثلیق
ص۱۹۷/۲	نیامد برین باره بر منجنیق	ز افسون تو رودم جاثلیق
ص۲۵۷/۲	دو صد پاره عراده و منجنیق	نهاد از برش هر سوی جاثلیق
ص۲۵۵/۲	برآورد بیدار دل جاثلیق	بران باره عراده و منجنیق
ص۶۷/۳	سکندر بفرمود تا جاثلیق	بیارند ارابه و منجنیق
ص۷/۴	بدو ساخت از چار سو منجنیق	بپای آمد آن باره جاثلیق
ص۴۱/۴	بیاراست بر هر سوی منجنیق	ز گردان روم آنکه بد جاثلیق

اب میں باقی اصطلاحات پر نظر مارتا ہوں۔ دبّابہ ایک متحرک آلہ تھا جسے پہیوں کے ذریعے سے چلاتے تھے۔ اس کی چھت کھالوں یا سرکہ میں ترشدہ نمدوں سے ڈھکی ہوتی تاکہ آگ سے محفوظ رہے۔ کچھ لوگ اس کے اندر بیٹھ جاتے اور کچھ اسے دھکیل کر لے چلتے۔ بعض وقت اس سے فصیلوں پر دھاوا کرتے اور بعض وقت قلعہ کی دیواروں کے انہدام میں کام لیتے۔ اس کا سرا نوک دار ہوتا تاکہ دیواروں میں شگاف کر سکے محصورین مدافعت میں آگ پھینکتے اور جلتی لکڑیوں یا سرکنڈوں کے پشتارے اس پر ڈالتے تاکہ

دبابہ اور اس کے پناہ گزین جل جائیں۔ دبابہ کو فارسی میں خرک کہتے ہیں بعض وقت اسی وضع کی کشتیاں طیار کی جاتیں جن سے دریائی جنگوں میں کام لیا جاتا۔

خجند پر جب چنگیزی فوجوں نے یورش کی ہے۔ وہاں کا افسر تیمور ملک دریائے جیحوں کے اس حصار میں جہاں دریا دو شاخ ہو کر بہتا ہے مقابلہ کرتا ہے۔ امیر موصوف ہر روز کشتیوں میں بیٹھ کر غنیم کے حملوں کا جواب دیتا۔ کشتیاں جو اس کے پاس تھیں خاص قسم کی ساخت کی تھیں۔ ان کی چھت اور بازوؤں کی پوشش نمدے کی تھی جس پر سرکہ میں گندھی مٹی کا غلاف چڑھا دیا گیا تھا۔ کشتیوں کے بازوؤں میں کھڑکیاں تھیں۔ ان کشتیوں پر تیر نفط اور آگ کا مطلق اثر نہیں ہوتا۔ تیمور ملک ایک عرصہ تک دشمن کے مقابل ڈٹا رہا۔ عطا ملک کی عبارت حسب ذیل ہے:۔

"واو دوازدہ زورق ساختہ بود سر پوشیدہ و برنمد ترگل بسرکہ معجون اندودہ و دریچہا درگذاشتہ ہر روز بامداد جانبی شش روان می شد و جنگہائے سخت میکرد و زخم تیر بران کارگر نبود آتش و نفط و سنگہا کہ در آب می ریختند او فرا آب میداد و بشب شبیخون می برد۔ خواستند تا مضرت آن دفع کنند دست نداد" (صلے جہانکشای جوینی جلد اول)

کبش۔ یہ دبابہ سے ملتا جلتا آلہ ہے۔ فرق صرف اسی قدر ہے کہ اس کا سر مینڈھے کے سر کے مشابہ اور آگے کو نکلا ہوتا۔ مینڈھے کا سر لکڑی یا لوہے کی موٹی بلّی میں لگا ہوتا اور بلّی دو رسیوں میں جو دبابہ کی چھت میں جڑی ہوئی چرخیوں پر کھنچا کرتی تھیں لٹکا کرتی تاکہ اس کے کھینچنے میں آسانی ہو۔

عرّادہ۔ یہ چھوٹی قسم کی منجنیق ہے اور فارسی ادبیات میں منجنیق کے ساتھ ساتھ مذکور ہوتی ہے۔ فرہنگ بحر الفضائل تالیف ۸۳۷ھ میں لکھا ہے۔ "عرّادہ ہمچو مغربی کہ بدان سنگ از حصار اندازند" اور شرفنامۂ احمد منیری مؤلفہ ۸۷۲ھ میں مرقوم ہے "عرّادہ منجنیق خورد" اور موجودہ لغتوں میں مذکور ہے "عرّادہ آلہ جنگ خورد تر از منجنیق"

اس آلہ کا استعمال بھی قدیم معلوم ہوتا ہے۔ آداب الحرب میں اس کی چار قسمیں بیان ہوئی ہیں۔ پہلی عرّادہ یک روئی جس سے صرف ایک ہی سمت میں سنگ اندازی کی جائے دوسری عرّادۂ گردان، جو گھوم سکے۔ تیسری عرّادۂ خفتہ جو صرف ایک جگہ قائم ہو۔ چوتھی عرادۂ روان، جو ایک مقام سے دوسرے مقام تک حرکت کر سکے۔ فردوسی۔ اسدی اور نظامی کے ہاں یہ لفظ ملتا ہے:۔

فردوسی ؎ سکندر بفرمود تا جاثلیق ٭ بیارند عرّادہ و منجنیق

اسدی طوسی ؎ بہر گوشہ عرّادہ برساختند ٭ ہمہ دیگ رخشندہ انداختند

نظامی گنجوی ؎ نہ عرّادہ برگرد او رہ شناس ٭ نہ از گردش منجنیقش ہراس

چرخ بہ سخت کمان کو کہتے ہیں۔ مثال میں فردوسی کا یہ شعر ؎

شغاد آمد آن چرخ را برکشید ٭ بزہ کرد یکبارہ اندر کشید

اس کے علاوہ تیر اندازی کا بھی آلہ ہے۔ تاریخوں میں تیر دست اور تیر چرخ بعض موقعوں پر ساتھ ساتھ ملتے ہیں جس سے مفہوم ہوتا ہے کہ چرخ کمان سے علیحدہ آلہ ہے محصورین و محاصرین دونوں اس سے کام لیتے ہیں۔ عطا ملک جوینی کے یہ فقرے قابلِ غور ہیں:۔

(در ذکر فتح نیشاپور بر دست مغول) "روز سیم از برج قراقوش جنگ سخت میکردند و از بارہ و دیوار تیر چرخ و تیر دست می ریختند۔" (ص ۱۳۷ جہانگشای جوینی جلد اول طبع یورپ)

(ذکر فتح اخلاط بر دست جلال الدین منکبرنی) "و مجانیق و آلات دیگر از تیر چرخ و نفط ترتیب دادند و از اندرون شہر ہم بکار ساختن حرب مشغول شدند۔ از جانبین منجنیق بر کار کردند و تیر دست و تیر چرخ چون تگرگ ریزان گشت"۔ (ص ۱۷۵ جلد دوم جہانگشا)

چرخ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے پہیے یا چرخی سے چلنے والی کمان ہے اور جنگوں میں قابلِ قدر آلہ ہے۔ تاریخوں میں بے شمار موقعوں پر اس کا ذکر ملتا ہے۔ جب چنگیزیوں نے نیشاپور پر حملہ کیا ہے۔ اس وقت تین ہزار چرخ اور تین سو

منجنیق اور عرّادے شہر کی دیواروں پر موجود تھے۔ مگر محصورین ہمت ہار چکے تھے۔ چنانچہ عطاملک کا فقرۂ ذیل :۔

" اہالی نیشاپور چون دیدند کہ کار جداست و این قوم نہ آنند کہ دیدہ بودند باز آنکہ سہ ہزار چرخ بر دیوار بارہ برکار داشتند و سیصد منجنیق و عرّادہ نصب کردہ و از اسلحہ و نفط در خور این تعبیہ دادہ تمامت را پای سست شد و دل از دست برفت"۔

(صـ ۱۳۹ جلد اول جہانگشا)

بامیان کی یورش کے وقت چنگیز خان کا پوتا چغتائی کا فرزند تیرچرخ سے مارا جاتا ہے :۔

" ناگاہ از شست قضا کہ قضای کل آن قوم بود تیر چرخی کہ مہلت نداد از شہر بیرون آمد و بیک لپسر چغتائی رسید کہ محبوب ترین احفاد چنگیز خان بود "

(صـ ۱۰۵ جلد اول - جہانگشا)

امیر تیمور کی جنگوں میں بھی تیرچرخ موجود ہے۔ چنانچہ شرف الدین قلعہ انویک کی فتح کے وقت لکھتا ہے :۔

"حضرت صاحبقران فرمود کہ امرای تومان ہر کس بہ سیبۂ خود استادہ منجنیقہا ترتیب کردند و سائر اسباب حصار از عرّادہ و رعد و تیرچرخ آمادہ داشتہ کورگہ و نقارہ فرو کوفتند

(صـ ۶۹۶ - ظفرنامہ جلد اول - طبع کلکتہ)

دقیقی کے ہاں شاہنامہ میں تیرچرخ مذکور ہے :۔

پس انجامش آمد کی تیر چرخ چنین آمدہ بودش از چرخ برخ

(صـ ۸ جلد سوم - شاہنامہ - طبع بمبئی ۱۲۷۵ھ)

فردوسی نے چرخ اور کمان چرخ دونوں شکلوں میں لکھا ہے۔ چنانچہ :۔

؎ پس منجنیق اندرون رومیان - اباچرخہا تنگ بستہ میان (صـ ۲۵۷ جلد دوم شاہنامہ)

شعر ذیل میں فردوسی اس کی آواز کا بھی ذکر کرتا ہے۔ اگرچہ صاف واضح نہیں کہ اسکا مقصد چرخی گھومنے کی معمولی آواز ہے یا ایسی آواز جو کسی آتشگیر مصالحہ کے بھڑکنے سے پیدا ہو :۔

؎ زبانگ کمانہای چرخ وزدود ، شدہ روی خورشید تابان کبود (ص ۲۵۸ جلد دوم)

چھٹی صدی کے منتصف اول کے شاعر ازرقی کے شعروں سے مفہوم ہوتا ہے۔ کہ چرخ کوئی آتشبار آلہ ہے۔ اس کے ممدوح طغان شاہ نے سیستان کے ایک قلعہ کا محاصرہ کر رکھا تھا جب وہ قلعہ کے معائنہ کے واسطے میدان میں آیا۔ برج پر سے ایک چرخ انداز نے دیکھ لیا۔ اس نے فوراً اپنے چرخ کو آگ سے بھر لیا اور طغان شاہ کے آہن پوش گھوڑے پر اس کا تیر چھوڑا جو ملک طغان کے پانو سے ایک ہاتھ بلکہ اس سے بھی کم فاصلہ پر لگا۔ وہ شعر یہ ہیں ؎

زشہ برجی قضا را چرخ داری ملک را دید در میدان برابر
ز آتش چرخ را پر کرد و شتافت کز آتش بیند او پاداش و کیفر
بزد بر بارہ برگستوان دار خدنگ راست رو بر گستوان در
ز رخسم نیز تا پای خداوند بدستی ماندہ بد یا نیز کمتر

(انجمن آرای ناصری)

مگر تاریخوں میں اس کے تعلق میں آتش باری کا ذکر میری نظر سے نہیں گذرا ؛

فرہنگ شرفنامہ تالیف ۸۶۲ھ اور موید الفضلا میں چرخ کی یہ تشریح دی گئی ہے :۔

"چرخ کمان حکمت کہ از آلات جہانگیری است و تیر چرخ بدان اندازند"

کمان حکمت کو بہار عجم میں ایک قسم کی منجنیق بتایا ہے ؛

فرہنگ جہانگیری میں چرخ کو بان یا حفظ الثمین کی مانند کہا گیا ہے۔ فرہنگ نگار کا

بیان ہے :-

"چیزی باشد مانند تیر ہوائی کہ از آہن بسازند و درون آن پر از باروت کردہ آتش زنند و بر جانب دشمن سر و ہند و بر ہر کس کہ خورد ہلاک سازد۔ انوری در صفت آسمان گفتہ ؎

نہ منجنیق رسد بر سرش نہ کشکنجر نہ تیر چرخ نہ سامان برشدن دہمش

یہ بیان فرہنگ نگار کے زمانہ کے واسطے صحیح مانا جا سکتا ہے۔ مگر قدیم زمانہ کے تعلق میں البتہ صحیح نہیں کیونکہ بارود ان ایام میں موجود نہیں تھی۔ یہاں تک تو خیریت تھی مگر متاخرین نے اسے بندوق کے ساتھ شناخت کر کے ہمارے لئے راہ راست سے بھٹکنے اور غلط قیاسات قائم کرنے کا سامان فراہم کر دیا ہے۔ ان کا بیان ہے :-

"بمناسبت کمان و تیر تفنگ را نیز چرخ گویند و گلولۂ آن را تیر گویند زیرا کہ چنانکہ کمان تیر را بقوت جسمانی بازوی کماندار بدشمن رساند تفنگ ہم بقوت نیروی ہوا آتشین کہ باروت باشد گلولہ را کہ بمنزلہ پیکان تیر است بخصم رساند حکیم ازرقی در مدح طغان شاہ در جنگ سیستان و تیر انداختن تفنگ داری از فراز برج گفتہ ؎

(فرہنگ انجمن آرای ناصری)

شعر میں اوپر نقل کر آیا ہوں۔ ازرقی کے زمانہ کے لئے یہ خیال کرنا کہ بندوق اور گولی موجود تھی روایت و درایت کے منافی ہے۔ ازرقی نے صرف اسی قدر کہا ہے "ز آتش چرخ را پر کرد و بشتافت" جس کی بدیہی توجیہ یہی ہے کہ آگ تیر کے ذریعہ سے پھینکی گئی۔ قلعہ سے محاصرین پر آگ اور قارورہائی نفط پھینکنے کا عام دستور رہا ہے اگر اس چرخ دار نے طغان شاہ پر تیر آتش بست پھینک دیا تو کیا حرج ہے ؎

اگر ہم لغت نگاروں کے بیانات پر اعتبار کریں تو ہمیں ماننا پڑے گا کہ بندوق تو بندوق توپ بھی قدیم زمانہ میں موجود تھی اور رستم کا پرداد ازیمان توپ کے گولے سے

ہلاک ہُوا تھا۔ دیگ کی تشریح میں وہ لکھتے ہیں :۔

"دیگ معروف است و بمعنی توپ بزرگ نیز آمدہ است کہ در قدیم الزمان در قلاع وحصار برای حفظ داشتہ و میگذاشتہ و با دارو ہای آتشین انباشتہ بجانب خصم می افگندند و بعضی دراز تر چنانکہ ہست و بعضی کوتاہ تر تبر کیبی کہ اکنون خم پارہ گویند و بپارۂ خم ماند کہ زبر او شکستہ و زیر او قدری باقیست و گلولۂ آز اسنگ میکردہ اند۔

حکیم علی اسدی در گرشاسپ نامہ

یکی دیگ منجر دران قلعہ بود — کہ تیرش بداز سنگ صد من فزود
بدارو مر آن رعد انباشتند — ہمہ روز تا شب نگہداشتند
ازان برج آن سنگ آمد رہا — بدان آتش و دود چون اژدہا
زبارہ مر آن رعد انداختند — جہان از زیان پر داختند

و آن دیگ را دیگ رخشندہ می گفتہ اند کہ از آتش می درخشید۔ اسدی ؎

بہر گوشہ عراوہ برساختند — ہمہ دیگ رخشندہ انداختند

(فرہنگ انجمن آرای ناصری)

شاعر کا مقصد ہے کہ قلعہ میں ایک دیگ (منجر؟) تھی۔ جس کا تیر سو من (فارسی من) کے گولہ کا تھا۔ اس کو بارود سے بھر دیا۔ رات پڑے وہ گولہ اس دیگ سے آگ اور دھوئیں کے ساتھ چھوڑا گیا۔ بس جیسے ہی قلعہ سے توپ چھوٹی زیان سے دنیا خالی ہوگئی۔ ان شعروں کا متن میرے نزدیک مشتبہ ہے۔ اسدی کا گرشاسپ نامہ میری نظر سے نہیں گذرا۔ اگر متاخرین کے ہاتھوں ان اشعار کے متن میں قطع وبرید نہیں ہوئی۔ تو ہمیں ماننا پڑے گا کہ ان میں توپ کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ دارو بارود کے واسطے اور رعد توپ کے لئے متاخر زمانہ میں عام استعمال میں آئے ہیں۔ آتش و دود بھی اسی عقیدہ کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ ایک بات کی کمی رہ گئی ہے

کہ توپ کی گرج کا ذکر نہیں آیا۔ چونکہ یہ تنہا بیان ہے اس لئے اس پر بغیر مزید و متواتر شہادت کے بھروسا نہیں کیا جاسکتا۔ مگر ایک امر قابل گذارش ہے کہ اسدی کی روایت کی رو سے زریان توپ کے گولے سے مارا جاتا ہے۔ شاہنامہ میں فردوسی نے بھی زریان کی موت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ رستم جب پیل سفید کو ہلاک کر چکتا ہے۔ زال اسکی جرأت پر بہت تحسین کرتا ہے اور زریان کا انتقام لینے کے واسطے کوہ سپندان روانہ کرتا ہے۔ اس موقعہ پر شاعر زریان کی ہلاکت کے متعلق لکھتا ہے ؎

سرانجام سنگی بیند اختند۔ جہاں راز پہلو بپرداختند (ص ۴۶ جلد اول شاہنامہ ۱۲۷۵ھ)

جس سے ظاہر ہے کہ زریان کی موت ایک پتھر سے واقع ہوئی تھی۔ جو قلعہ سے اس پر گرایا گیا تھا ؛

فرہنگ نگاروں نے یہی سلوک کشکنجیر کے ساتھ کیا ہے۔ اس کے معنے بھی بڑی توپ بیان کئے ہیں۔ فرہنگ جہانگیری میں اس کی تشریح یوں مرقوم ہے:۔

"توپ کلان را گویند کہ بدان دیوار قلعہ بشکنند و بیندازند۔ معنی ترکیبی آن کوشک سوراخ کن ست چہ کشک مخفف کوشک بود و انجیر سوراخ را گویند"۔

انجمن آرای ناصری میں یہ تشریح ملتی ہے:۔

"کشکنجیر توپ کلاں کہ بپارسی دیگ و دیگ زخشندہ نیز گویند"۔

مگر فرہنگ بحر الفضائل میں جو ۸۳۷ھ کی تالیف ہے اس کے معنے "نوعے از منجنیق" دیئے ہیں اور نوروز نامہ سے جو حکیم عمر خیام کی تالیف ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کشکنجیر ایک خاص قسم کی نہایت سخت اور طاقتور کمان ہے جس سے حصار شکنی میں کام لیا جاتا ہے۔ نوروز نامہ کی اصل عبارت حسب ذیل ہے:۔

"دو زن کمان بلند ترین شش صد من نہادہ اند و مر آن را کشکنجیر خواندہ اند و آن مر قلعہا را بود۔ فرود ترین یک من بود و مر آزا بہر کودکان خورد سازند"۔ (ص ۴ نوروز نامہ)

منوچہری کے شعر سے بھی پایا جاتا ہے کہ وہ ایک خاص قسم کا سخت زہ آلہ ہے۔ جسکے چلانے میں ایک سے زیادہ آدمی کی ضرورت پڑتی ہے۔ وہ ہذا :۔

؎ داد جشن مہرگان اسپہبد عادل بہ آن کجا تنہا بہ کشکنجیر انداز و خدنگ

ہندوستانی فرہنگ نگار قبل مغل اس کا مختلف بیان دیتے ہیں :۔

شرف نامہ تالیف ۸۰۲ھ :۔

"کشک انجیر یکی از آلات جنگ و آن سنگی است کہ بقوت دواہای آتشین روان کنند بہندش گولہ گویند و کشکنجیر بواو نیز نویسند و معنی ترکیبی آن سوراخ کنندۂ کوشک است۔"

عماد السعادت مؤلفہ ۹۱۹ھ :۔

"کشکنجیر و کبک انجیر کاف مضموم، یکی از آلات جنگ مے آتشکی است بقوت دارو بارو ان کنند بہندش گولہ خوانند۔"

مؤید الفضلا تصنیف ۹۲۵ھ :۔

"کشک انجیر یکی از آلات جنگ و آن سنگی است کہ بقوت دواہای آتشین روان کنند۔"

میرے خیال میں یہ بیان ان فرہنگ نگاروں کے عہد کے واسطے بالکل قابل اعتبار ہے۔ بارود اس وقت تک عام ہو چکی ہے جس کو یہ مصنفین دواہائی آتشین اور دارو ہا کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ ساتھ ہی ہندی نام گولہ دیتے ہیں۔ اور اس میں بھی شک نہیں کہ بارود کی نفوذی طاقت معلوم ہونے کے بعد سب سے اول اس کا استعمال گولے اور بان کی شکل میں کیا گیا ہے۔

فردوسی کے ہاں ایک شعر آتا ہے :۔

؎ گرفتند گردان ایران زمین کمانہای زنبوری و چرخ کین

اس شعر میں کمان زنبوری قابل غور ہے۔ جس کی تشریح بہار عجم میں یوں دی گئی ہے:-
"کمان زنبوری - ف - کنایہ از تفنگ کہ بتازی بندوق و تبر کی ہلتیق خوانند"
اب کیا ہم یہ مان لیں کہ فردوسی کے عہد میں بندوق رائج تھی -
فرہنگوں میں جو پالغز ہمارے واسطے موجود ہیں - ان میں تفنگ بھی شامل ہے
اس کے متعلق مرقوم ہے :-
" تفک و تفنگ بالضم و فتح دوم ف - بندوق، و مرکب است از تف مبدل تپ بہای فارسی کہ مخفف توپ است و کاف و نگ ہر دو کلمۂ نسبت یا تشبیہ چنانکہ در ہوشنگ و دیرنگ و توشنگ و آزادرہندی تپک بہای فارسی خوانند و تفق معرب آنست "
میں تفنگ کی بعض مثالیں بھی عرض کرتا ہوں :-
نظیری نیشاپوری :- ؎ درمغز تفنگ زور کند آتش سودا ٭ آتش زدہان جوش زند مار دمان را
ازہول صدای تفنگ ولعرہ گردون ٭ سکان سموات گذارند مکان را
احسن التواریخ :- ؎ ز تیغ و تفنگہای آہن ستیز ٭ ز ہر گوشہ بازار کین گرم خیز ۱۴۰
(دیگر) دران عرصہ از بہر مردان جنگ ٭ تفنگ تقل و خوان بادہ لالہ رنگ
یلان از تفنگ دادہ دلہا ز دست ٭ ز تقل چنان گشتہ بی بادہ مست ۱۴۸
طالب آملی :- ؎ دم از وقوف تفنگ انگلمنیت می نزنم ٭ چرا کہ حجت او گشتہ بدلیل تمام
یہ اکبر اور جہانگیر کا زمانہ ہے جس میں تفنگ بمعنی بندوق زیادہ رائج ہے - اس عہد کے بعد اس کا مرادف تفنگ عام ہو جاتا ہے اور تفنگ متروک ہو جاتا ہے ٭
متقدمین کے ہاں تفنگ بالکل مختلف چیز ہے جس سے یہ بھی ظاہر ہو جاتا ہے کہ جو وجہ اشتقاق اوپر مذکور ہے درست نہیں اس کی معرب شکل تفق ہے -
نوری ؎ نہ از فراز توان جست حیلہ سر کوب ٭ نہ از نشیب توان یافت جایگاہ تفق

اس شعر سے ظاہر ہوتا ہے کہ کوئی آلۂ حصار شکنی ہے۔ لیکن قاضی خان بدر معروف بدھا روال جو اپنی فرہنگ ادات الفضلا ۸۲۲ھ میں تصنیف کرتے ہیں۔ اس لفظ کی یوں تشریح دیتے ہیں :۔

" تفک نئے نیزہ کہ بدان غلولہ اندازند۔ مانند تیر [می رود]

شرف نامہ احمد منیری میں ابراہیم بن قوام فاروقی کا بیان ہے :۔

"تفک = نئے نیزہ خالی کردہ کہ بدان غلولہ اندازند۔"

مولنا محمود ابن شیخ ضیا تحفۃ السعادت تالیف ۹۱۶ھ میں یوں رقمطراز ہیں۔

"تفک = تای مضموم وفای مفتوح۔ نئے خالی یا چوبی خالی کردہ کہ بدان غلولہ اندازند۔"

یہ ان مصنفین کا بیان ہے جو مغلوں سے پہلے گذرے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ بندوق کا حلیہ نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ایک نے یا پوے بانس کا ٹکڑا ہے جس کے ذریعہ سے مٹی کا خشک یا تر غلہ چلایا جاتا ہے۔ صاحب فرہنگ جہانگیری نے اس موقعہ پر مزید تفصیل سے کام لے کر تمام گنجلک کو رفع کر دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں :۔

" تفک چوبی بود میانہ تہی بدرازی نیزہ گلولہ از گل ساختہ در آن نہند و پف کنند۔ بزور نفس گلولہ بر جانور کوچک اگر خورد اندازد و بندق را بمشابہت آن تفک خوانند"

ایک قلمی فرہنگ ہیں جس کے نام سے میں ناواقف ہوں یہ عبارت ملتی ہے۔

" تفک، بضم تا و فتح فا بکاف عربی زدہ، چوبی باشد میان تہی بدرازی نیزہ کہ گلولۂ در آن نہند و پف کنند تا بزور نفس آن گلولہ بیرون جہد جانوران کوچک مثل گنجشک بآن بزنند و بندق را بمشابہت آن تفک نیز گویند"۔

گویا تفک دراصل اس بچوں کے کھلونے کا نام تھا جو غالباً گیلا غلہ ڈال کر چلائی جاتی تھی

جس سے ننھے ننھے جانور شکار ہو سکتے تھے۔ امیر خسرو نے اپنی مثنوی نہ سپہر میں اس لفظ کا استعمال کیا ہے :-

؎ مرغ محقر کہ بمیرد بہ تفنگ طرفہ سوادیست ز خطہائے فلک

میں ایک اور مثال مثنوی طرفۃ الفقہا سے جو بعہد فیروز شاہ تغلق ۷۵۲ھ و ۷۹۰ھ تصنیف ہوتی ہے نقل کرتا ہوں۔ یہ فقہی تالیف مولانا رکن الدین مرید شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی کی یادگار ہے۔ اس کے نامۂ صد نود و ہشتم میں بذیل مسائل صید یہ فقیہ موصوف لکھتے ہیں :-

صید را اگر بہ تیر گز بکشد آن حرام است ہیچ کس نخشد

بندقہ نیز مثل این داند ور تفنگ میسزند بدین ماند

تفنگ ان ابیات میں غالباً انہی معنوں میں استعمال ہوا ہے جو امیر خسرو کے ہاں لئے گئے ہیں اور جس کی تشریح ہم اوپر دیکھ آئے ہیں یعنے نئے نیزہ۔ بندقہ سے یہاں مقصد بندوق نہیں ہے بلکہ وہی غلہ۔

بارود کی ترویج نے تفنگ میں اہم تبدیلی پیدا کر دی یعنے یہ کہ بجائے بانس کی نے کے لوہے کی نال آگئی اور پف کرنے کا کام بارود نے لے لیا۔ گویا بندوق تفنگ کی اصلاح یافتہ شکل ہے ؛

یہاں مجھے ایک اور آلے پھک کا ذکر کرنا چاہیئے جو تفنگ کے مشابہ ہے۔ یہ ایک نیزہ نما لکڑی ہے جسے طولاً دو حصّوں میں چیر کر بندوق کی نال کی طرح اس میں گاؤدم سوراخ کر لیا جاتا ہے اور ہموار کر کے دونوں نصفوں کو جوڑ لیتے ہیں چوڑے منہ کی طرف سے گیلی گولی ڈال کر پھونک کے ذریعہ سے پھینکی جاتی ہے۔ چھوٹے پرندے بلکہ کبوتر تک شکار ہو جاتے ہیں لیکن مشق کی ضرورت ہے۔ خواجہ امید کے یہ ابیات ملاحظہ ہوں :-

یارب اگرچہ بیش ازین بود مرا دل و جگر　　خستۂ بعبت چگل بستۂ دلبر یک
دست فشاندہ ام برین پای کشادہ ام زمان　　جستہ زہر دو دامگہ چون گل خارہ از نیک

اسی کے قریب ناوک ہے۔ یہ ایک پولی لکڑی ہوتی تھی جس میں رکھ کر تیر کو ایک خاص طریق سے چلاتے تھے۔ اس کی کمان تخش کہلاتی تھی۔ کثرت استعمال سے تیر ناوک کہنے لگے۔ ناوک کا تیر اور تیروں کے مقابلہ میں بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ صاحب مصطلحات الشعرا کا قول ہے کہ ناوک ایک نے ہوتی ہے۔ جس میں چھوٹا تیر رکھ کر اور زہ کمان میں بند کر کے چلاتے ہیں کبھی یہ نے لوہے کی بنا لیتے ہیں۔ جسے نئے ناوک کہتے ہیں۔ اصل عبارت فارسی یہ ہے :-

"ناوک، مصغر ناو، و آن چوبی است میان تہی کہ تیر را در ان گذاشتہ بوضعی مخصوص می اندازند و کمان این چوب را تخش گویند و بکثرت استعمال تیر مذکور را تیر ناوک خواندہ اند و این مجاز است و این تیر کوچک باشد نسبت بسائر تیرہا و صاحب مصطلحات الشعرا گوید ناوک نی کہ تیر کوچک معروف دران گذاشتہ و بزہ کمان بند کردہ کشادہ دہند و گاہی آنرا از آہن سازند نی ناوک گویند،

میں نے نمونۃً صرف بعض الفاظ پر قناعت کی ہے۔ جن میں فرہنگ نگاروں نے نئے ہتیاروں کو پرانے نام دے کر ہمارے لئے مغالطے کے اسباب مہیا کر دیئے ہیں اور شبہ ہونے لگتا ہے کہ ممکن ہے توپ اور بندوق قدیم ایام سے موجود ہوں۔ اسلئے اس مسئلہ پر کسی قدر اور غور کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ تاریخ کی ورق گردانی سے یہ امر یقین کی حد تک واضح ہو جاتا ہے۔ کہ آتشی آلات میں سے اسلاف کے پاس آگ تیل اور نفط کے سوا اور کوئی مرکب یا مصالحہ موجود نہیں تھا۔ فردوسی کے زمانہ سے لے کر امیر تیمور کے عہد تک جس میں چنگیزیوں کے خروج کا زمانہ بھی شامل ہے اسباب قلعہ گیری میں کوئی جدید اضافہ نظر نہیں آتا قلعوں کی نقب زنی کا

جو طریقہ شاہنامہ کے صفحات میں دیکھا جاتا ہے وہی طریقہ ہم امیر تیمور کی قلعہ کشائیوں کی داستانوں میں پڑھتے ہیں۔ حصار گیری کی تاریخ میں تیمور کا نام سب سے مقدم آنا چاہیئے۔ اس کی فوج میں سفر مینا کا عملہ نہایت زبردست معلوم ہوتا ہے اور کوئی قلعہ نہیں جسے اس کی سپاہ نے چند روز میں نہ فتح کر لیا ہو مگر اس کے ہاں بھی کسی جدید آلے کا مذکور نہیں آتا۔ اب میں بعض قلعوں کی فتح کا ذکر کرتا ہوں :-

فردوسی نے شاہنامہ میں جو بعض قلعہ کشائیوں کے بیانات دیئے ہیں میں سمجھتا ہوں وہ بڑی حد تک اس کے اپنے عہد کے ایسے واقعات کا صحیح مرقع ہیں۔ اس نقطۂ نظر سے ذیل کے بیانات ہمارے مطلوبہ سوال پر روشنی ڈالتے ہیں :-

جب رستم شہر بیداد فتح کرنے جاتا ہے۔ اس کا قلعہ جو تورین فریدوں نے تعمیر کیا تھا نہایت مضبوط تھا۔ رستم نے اپنی فوجیں قلعہ کے چاروں طرف متعین کر دیں اور قلعہ پر سخت سنگ باری اور تیر باری شروع کر دی۔ خود رستم نے کمان ہاتھ میں لے کر ہر اس شخص کو جس نے دیوار سے باہر سر نکالا چن چن کر مارنا شروع کیا اس پر قلعہ والے بہت سراسیمہ ہوئے۔ اس کے بعد دیوار قلعہ کی تہ میں نقب کھودی گئی اور اس کے نیچے شہتیر لگا دیئے۔ ان پر نفط ڈال دی جب نصف دیوار میں نقب لگ گئی شہتیروں میں آگ لگا دی گئی۔ جس سے دیوار گر گئی چنانچہ فردوسی کا بیان ہے :-

پیٔ بارہ زان پس بکندن گرفت — ز دیوار مردم فگندن گرفت
ستونہا نہادند زیر اندرش — بیالود نفط سیاہ از برش
چو نیمی ز دیوار در کندہ شد — بچوب اندر آتش پراگندہ شد
فرود آمد آن بارۂ تور کرد — ز ہر سو سپہ اندر آمد بگرد
بفرمود رستم کہ جنگ آورید — کمانہا و تیر خدنگ آورید

شاہنامہ طبع بمبئی ۱۲۷۵ھ جلد ۱ ص ۱۹۸

ایک اور مثال سنیئے۔ کنگ دژ افراسیاب کا قلعۂ خاص ہے جب کیخسرو اس کی تسخیر کے لئے آیا۔ اس نے اپنی فوجیں قلعہ کے گرد جما دیں اور ان کے سامنے شبخون سے حفاظت کے خیال سے خندق کھدوا دی۔ قلعہ کے گرد دو سو عرّادے اور منجنیق اور دو سو چرخ لگا دیئے۔ منجنیقوں کے پیچھے رومی اپنے اپنے چرخ کے ساتھ کھڑے تھے۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ دو سو ہاتھی شہتیر جنہیں فردوسی ستون کے اصطلاحی نام سے یاد کرتا ہے لیتے جائیں۔ قلعہ کی دیوار کے نیچے سرنگ کھودی اور شہتیر جما دیئے۔ ان پر نفط سیاہ چھڑک دی۔ اب بادشاہ نے حکم دیا کہ قلعہ کے دروازوں پر یورش کی جائے۔ ادھر ان لکڑیوں اور نفط میں آگ لگا دی گئی نفط سیاہ کے بھڑکنے سے لکڑیوں نے آگ لے لی اور جل اٹھیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک طرف کی دیوار گر گئی اور شگاف میں سے ایرانی فوجیں اندر داخل ہو گئیں۔ میں فردوسی کے طویل بیان سے صرف ضروری ضروری ابیات نقل کرتا ہوں:۔

بلشکر بفرمود پس شہریار — یکی کندہ کردن بگرد حصار
دو نیزہ ببالا یکی کندہ کرد — سپہ را بگردش پراگندہ کرد
بدان تا شب تیرہ پرداختن — نیارد زترکان کسی تاختن
دو صد پارہ عرّادہ و منجنیق — نہادند بر سوی جائیق
دو صد چرخ بر ہر سوی بیگمان — ز دیوار دژ چون سر بدگمان
پدید آمدی منجنیق از برش — چو ژالہ ہمی کوفتی بر سرش
پس منجنیق اندرون رومیان — ابا چرخہا تنگ بستہ میان
دو صد پیل فرمود پس شہریار — کشیدن ستونہا بہ پیش حصار
یکی کندۂ زیر بارہ درون — بکندہ نہادند زیر ستون
پراگندہ بر چوب نفط سیاہ — برانگونہ فرمود نیرنگ شاہ ۲۵۷/۲

بفرسود تا سخت بر ہر دری — بجنگ اندر آمد گران لشکری
بدان چوب و نفط آتش اندر زدند — ز بر شان ہمی سنگ بر سر زدند
دبانگ کمانہای چرخ و زد و د — شدہ روی خورشید روشن کبود
ز عرّادہ و منجنیق و زگرد — زمین نیلگون شد ہوا لاجورد
ز نفط سیہ چو بہا بر فروخت — بفرمان یزدان چو ہیزم بسوخت
نگون بارہ گفتی کہ بر داشت پای — بکردار کوہ اندر آمد ز جای
برآمد خروشیدن کارزار — بہ پیروزی لشکر شہریار
سوی رخنۂ دژ نہادند روی — بیامد دمان رستم جنگجوی

صہ ۲۵۸/۲

چنگیزی افواج ۶۱۶ھ میں مغولستان سے نکل کر توران و ایران۔ افغانستان و عراق چین و روس میں پھیل جاتی ہیں۔ ان کے سیلاب کو نہ کوئی لشکر روک سکا اور نہ کوئی قلعہ۔ لیکن اقوام مغول اپنی ظفرمندانہ پیش قدمی کے دوران میں نہ کہیں کسی آتش بار آلے سے دوچار ہوئیں اور نہ خود استعمال میں لا رہیں اگرچہ قابل حیرت سرعت کے ساتھ انہوں نے شہروں اور قلعوں کو فتح کیا ہے۔ مغرب کی طرف ان کے کوچ کے وقت جند سب سے پہلا قلعہ ہے جو ان کے سر راہ واقع تھا۔ انہوں نے آتے ہی قلعہ کا محاصرہ کر کے خرک اور منجنیق لگا دیئے۔ "لشکر بکبس خندق و استعداد آن از خرک و نردبان وغیر آن اشتغال نمودند" (جہانگشا ص ۶۹ جلد اول) اہل قلعہ حیران ہوئے اور شہر کے دروازے بند کر کے فصیل کی دیواروں پر بیٹھ گئے اور چنگیزی افواج کا تماشا دیکھنے لگے اور اچنبھا کرتے رہے کہ حملہ آور قلعہ کی بلند دیواروں پر کیونکر چڑھیں گے۔ مگر جب خندق کے پل طیار ہو گئے۔ اور سیڑھیاں قلعہ کی دیواروں کے ساتھ لگ گئیں تب ان کی آنکھیں کھلیں اور ایک منجنیق لا کر لگا دی۔ ابھی منجنیق سے پہلا ہی پتھر چلایا تھا کہ پتھر ہوا میں اٹھ کر اسی

منجنیق پر آگرا جس سے منجنیق ٹوٹ گئی۔ اس اثنا میں حملہ آور سب طرف سے دیوار پر چڑھ آئے اور شہر بغیر کسی کی نکسیر پھوٹے ان کے قبضہ میں آگیا۔

بخارا کی فتح میں بھی منجنیقوں عرادوں اور قارورہای نفط سے کام لیا گیا ہے چنانچہ عطا ملک جوینی بالفاظ ذیل رقم کرتے ہیں :۔

"مردمان بخارا را بجنگ حصار راندند و از جانبین تنورۂ جنگ بتفید از بیرون منجنیقہا راست کردند و کمانہا راخم دادند و سنگ و تیر پران شد و از اندرون عرادہا و قارورات نفط روان شد" (ص۳۳ جلد اول جہانگشا)

جب خوارزم میں حملہ آور پہنچے وہاں پتھر نایاب تھا۔ اس لئے شہتوت کے درخت جن کی وہاں افراط تھی کاٹ کاٹ کر پتھر کی جگہ منجنیقوں میں استعمال کئے۔ چنانچہ مؤرخ موصوف لکھتے ہیں :۔

"و بترتیب آلات جنگ از چوب و منجنیق مشغول گشت و چون در جوار خوارزم سنگ نبود از درختہای توت سنگہا می ساختند"۔ (ص۹۹ جلد اول جہانگشا)

مرو کی تباہی سے فارغ ہو کر جب فاتحین نے نیشاپور کا رُخ کیا۔ ہراول میں بہت سی منجنیقیں اور دیگر آلات قلعہ کشائی تھے۔ اگرچہ نیشاپور سنگستانی علاقہ ہے۔ مگر احتیاطاً کئی منزل سے وہ پتھر اپنے ساتھ لے کر آئے اور جگہ جگہ انبار لگا دیئے۔ حالانکہ ان کا دسواں حصہ بھی خرچ نہ ہوا۔" و در مقدمۂ لشکر بسیار آلات مجانیق و اسلحہ بشاد یاخ فرستاد و باز انک نشاپور سنگلاخ بود از چند منزل سنگ بار کردہ بودند و با خود آوردہ چنانکہ خرمنہا ریختند و عشر آن سنگہا در کار نشد" (ص۱۳۹۔ جلد اول)

باوجودیکہ قلعہ کی دیواروں پر تین ہزار چرخ تھے اور تین سو منجنیقیں اور عرادے نصب تھے۔ اسی قیاس پر دیگر اسلحہ اور نفط کا سامان تھا۔ مگر نیشاپور کی ان کی

جنگ کا ڈھنگ دیکھ کر ہمت ہار بیٹھے ۔

ہلاکو خان نے ۶۵۴ھ میں قلعہ الموت کا محاصرہ کیا۔ چرخ و مجانیق کے علاوہ جن میں پتھر کی جگہ درخت کاٹ کاٹ کر پھینکے گئے۔ ہم ایک نئی چیز کمان گاؤ کا ذکر پڑھتے ہیں۔ جو چینی استادوں کی ایجاد بتائی گئی ہے۔ اس کا نشانہ اگر میں غلط نہ ملک جوینی کی عبارت کو صحیح سمجھا ہوں ڈھائی ہزار قدم جاتا تھا۔ ہمارے مؤرخ کا یہ بیان قابل غور ہے۔ وہو ہذا :۔

" وکمان گاؤ را کہ استادۂ ختائی ساختہ بودند آماج آن مقدار دو ہزار گام ، بران ۔ ۔ ۔ خران چون جزآن درمان نداشت برکار کردند و شیاطین ملاحدہ بنصال شہب آسای متجندہ بسیار سوختہ گشتند "

(ص ۱۲۰ جلد سوم۔ جہانگشای جوینی (گب میموریل)

میرے خیال میں ایک نشانہ کا بغیر بارود کی امداد کے ڈھائی ہزار قدم جانا نہایت دشوار ہے۔ کیا یہ کوئی آتشی آلہ ہے؟ ہم کہہ نہیں سکتے۔ بدقسمتی سے مصنف کا بیان اس قدر مختصر ہے۔ کہ ہم کوئی رائے بھی قائم نہیں کر سکتے۔ پچھلے فقرے میں شیاطین کی رعایت سے شہاب اور شہاب کی رعایت سے سوختہ گشتند لایا گیا ہے۔ اس فعل کا تعلق بظاہر کمان گاؤ سے نہیں معلوم ہوتا ۔

تیموری جنگوں میں ایک اور آلۂ قرا لغرا کا نام ملتا ہے۔ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے۔ یہ کوئی ترکی کل ہے جو منجنیق اور عرادہ کی وضع کی معلوم ہوتی ہے۔ نظام الدین شامی کے ہاں یہ لفظ سب سے پہلے میری نظر سے گذرا ہے مطلع السعدین سے دو مثالیں منقول ہیں :۔

ص ۶۵ " فارسیان بطرف شرقی شہر کہ بہ دروازۂ سعادت موسوم است فرود آمدند وعرادہ و قرا لغرا و منجنیق ترتیب دادند "

۸۹۸ھ "وحضرت صاحبقران از برابر در قلعہ بطرف پشت قلعہ نقل فرمود و منجنیق وعرّادہ و قرا لغرا و زدبانہا مرتب ساختند و دران محل کہ منزل ہمایوں یعنی پشت قلعہ بود ملجور از سنگ و چوب چندان (بلند) برآوردند کہ در قلعہ نگاہ میکردند"

(فتح قلعہ گرجستان)

معلوم ہوتا ہے کہ قرا لغرا یورپ میں بھی پہنچ گیا ہے۔ جہاں اس کا نام بگڑ کر "کرابگا" اور کلابرا بن گیا۔ کرنل یول مرتب سفرنامۂ مارکو پولو اس کو بڑی قسم کی منجنیق بتاتے ہوئے گویا ہے کہ ترک اور عرب اسے قرا لغرا کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ جو نام یورپ میں 'کرابگا' Carabaqa اور کلابرا Calabra بن گیا۔ مرتبہ سنوڈو اول الذکر نام لاتا ہے۔ ولیم آف ٹیوڈیلا آخر الذکر نام لکھتا ہے جب سائمن ڈی مونٹ فورٹ کبیر نے البیجینیز کے خلاف ان کا استعمال کیا۔" (ص ۱۶۸ جلد دوم)

منجنیقوں اور عرادوں سے صرف قلعہ کی دیواروں میں شگاف ڈالنے کا کام لیا جاتا۔ نقب زنی میں دیواروں کی جڑیں کھوکھلی کر کے خالی جگہ ستون لگا دیے جاتے اور لکڑیوں کا انبار رکھ کر اور نفط ڈال کر آگ لگا دی جاتی۔ جس سے دیوار نیچے آرہتی۔ تیمور کی یورشوں میں یہی طریقہ عام ہے اور اس کی تاریخ میں نقب زنی کے واقعات کثرت سے نظر آتے ہیں۔ جن کی مورخین نے کسی قدر تفصیل بھی دی ہے۔ مثلاً قلعہ ترشیز کے محاصرے کے وقت جب منجنیق اور عرادے نصب ہو چکے۔ تیمور نے نقبیوں کے نام حکم بھیجا کہ قلعہ کی خندق کاٹ کر اسکا پانی نکال دیں اور دیوار کی بنیاد میں نقب لگائیں۔ چنانچہ اس پر عمل کیا گیا:۔

"مہندسان کاردان برحسب فرمودہ منجنیقہا بساختند و عرّادہا راست کردہ برافراختند و فرمان شد تا نقبچیان چیرہ دست نقب در خندق بریدہ آنرا از آب خالی ساختند و در زیر حصار نقبہا بنیاد انداختند" (ص ۳۴۶ ظفرنامہ جلد اول۔ شرف الدین یزدی، کلکتہ)

تیمور کے عہد میں نقب زنی قلعہ کشائی کی ایک اہم شاخ بن گئی ہے۔ جس کی نظیر قدیم تاریخ میں نہیں ملتی۔ ایک اور مثال سنئے جو کی تسخیر کے وقت ظفرنامہ میں ملتی ہے :-

"وچون نقبچیان نقبہا بریدہ وسنگہا بیرون آوردہ برج و بارۂ حصار را برسر چوبہا گرفتند حکم قضا مضا صدور یافت ونقبہارا بہیمۂ لفظ آلود انباشتہ آتش زدند۔ دیوارہای قلعہ چون بخت واژون مخالفان سرنگون شد و بسیاری از کفار با دیوار حصار بر خاک خیبت رخسار افتادند" ص ۴۷۵ جلد دوم ظفرنامہ، شرف الدین،

بعض نقب زنی کی تفصیل مطلع السعدین اور ظفرنامہ میں ملتی ہے۔ مثلاً قلعۂ تکریت کے محاصرے کے وقت جب منجنیق اور عرّادے قلعہ کے محاذ میں لگ گئے۔ حکم ہوا کہ چالیس نقبیں قلعہ کی فصیل میں لگائی جائیں اور ہر نقب ایک ایک امیر کے سپرد ہوئی۔ نسخۂ تفصیل بوساطت جکہ تواچی لشکر میں تقسیم ہوگیا [تفصیل اسلئے امراء حذف کی جاتی ہے] نقب زن نقب زنی کرتے اور فوجی مٹی ڈھوتے امیر تیمور بار بار خبر منگواتا کہ کونسی نقب کہاں تک پہنچی۔ ایک نقب جلال یاورچی اور بیان قوچی کے حصہ میں آئی۔ انہیں پینتیس گز پتھر کاٹنا پڑا۔ مجوف مقامات ستون کھڑے کر کے لکڑی اور نفط سے بھر دیئے۔ ۲۰ تاریخ شب چہارشنبہ کو آگ دے دی۔ قلعہ کی دیواروں کا اکثر حصہ زمین پر آرہا۔ بین صوفی نے جس برج میں نقب لگائی تھی تمام وکمال ڈہ گیا اور دشمن کے بیس آدمی اس کے ساتھ کام آئے امیر کا پھر فرمان آیا۔ کہ فصیل کا باقی حصہ جو ابھی کھڑا ہے بذریعۂ نقب گرا دیا جائے۔ جو برج الٰہ داد اور امان شاہ کے متعلق تھا۔ بدرالدین نے بنیاد سے کھود کر گرا دیا۔ میں ان مؤرخین کے اصل الفاظ یہاں نقل کرتا ہوں :-

"روی ہمت بتسخیر حصار برآوردند وعرادہا نصب کردند ومنجنیقہا برافراختند و

خانہای آن خایناں بزخم سنگ خراب ساختند ص ۶۴۸ [چہل نقب مقرر شد و ہر نقب بعہدۂ امیری کردہ] تو اچیان برحسب فرمان زمین بخش کردہ بموجب تفصیل بر لشکریان قسمت کردند و جکہ تواچی نسخۂ تفصیل بمردمان رسانید و بکار نقب مشغول گشتند ص ۶۴۹ [شب و روز جاخویان بہ نقب کندن و لشکریان بخاک بیرون آوردن و آنرا بکار فرمودن مشغول بودند و حضرت صاحبقران ہر ساعت می پرسید کہ ہر نقبی بکجا رسیدہ . . . . و یک نقب بعہدۂ جلال باورچی و بیان قوچین - و ایشان سی و پنج گز سنگ بریدند] و ہر جاکہ مجوف ساختہ بر سر ستونہا داشتہ بودند از ہیمہ و نفط پر کردند و شب چہارشنبہ بیستم آتش زدند ؎

ز نفط سیہ چو بہا بر فروخت	ستونہا سراسر ہمہ پاک سوخت
ز بس دود کآمد فراز از فرود	سیہ شد یکبارہ چرخ کبود
چنان دود شد سوی گردون تباب	کہ شد چشمہای کواکب پر آب
نگون بارہ گفتی کہ برداشت پای	بکردار کوہ اندر آمد ز جای

و اکثر دیوارہای قلعہ بر زمین افتاد و برجی کہ بین صوفی خالی کردہ بود یکلی منہدم شد و بلیست کس از دشمنان بزیر افتادند . . . . حکم جہان مطاع نفاذ یافت و دیگر دیوارہا کہ ماندہ بود از اطراف و جوانب نقب زدہ مجوف ساختند و بنیاد اختند - برجی کہ سرکار اللہ داد و امانشاہ بود بدر الدین از بیخ برکندہ بینداخت -

(ص ۶۵۳ ظفرنامہ از شرف الدین یزدی - جلد اول)

قلعہ حلب کی تسخیر کے موقعہ پر نقب سے کام لیا گیا ہے - مولانا نظام الدین شامی لکھتے ہیں کہ عملہ نقب زنی حسب الحکم رات بھر میں خندق کو چھلنی کی طرح سوراخ دار کر کے اور پانی عبور کر کے خاک ریز تک پہنچ گیا اور قلعہ کی بنیاد میں جو سنگ خارا کی بنی تھی سرنگ لگانی شروع کر دی - چنانچہ ان کی عبارت ہے :-

لہ قوچین کی عبارت مطلع السعدین سے منقول ہے -

" لشکر را اشارت کرد تا پیرامون خندق نزول کردند و بزخم تیر نگذاشتند کہ کسی از دشمنان سر از اوج بیرون تواند کرد و عملۂ چاخورگان را فرمان شد تا بیک شب حوالی خندق را چون غربال سوراخ کردند و از آب گذشتہ بر روی آن خاک ریز چون کبک بر دو دیدند و در تگ قلعہ کہ بسنگ خارا استوار کردہ بودند نقب آغاز نہادند " ص ۲۲۷ ظفرنامہ جلد اوّل مرتبۂ فلکس ناور ۱۹۳۸ء میں بخوف طوالت صرف انہی چند مثالوں پر اکتفا کرتا ہوں ۔

قلعوں کی تسخیر کے واسطے عموماً ایسے طریقے اختیار کئے جاتے تھے ۔ جو ان کے ماحول اور مقامی کیفیت کے مناسب ہوں ۔ تیمور نے بعض حالات میں ملجور سے کام لیا ہے ۔ ملجور وہی ہے جسے ہم دھس اور دمدمہ کہتے ہیں ۔ یہ ایک بلند تعمیر یا چبوترہ ہے جو لکڑیاں ایک دوسرے پر چُن کر طیار کیا جاتا ہے ۔ جوف میں پتھر اور مٹی بھر دیتے اور چنتے جاتے ہیں ۔ حتّٰے کہ چبوترہ قلعہ کی دیوار سے بلند ہو جاتا ہے ۔ پھر اس پر سے سنگباری کرتے ہیں ۔ قلعہ اونیک کی حصار بندی کے وقت جب منجنیقیں اور عرّادے کامیاب ثابت نہ ہوئے تیمور ملجور کی طیاری کا حکم دیتا ہے ۔ اس کے لئے فوجی دور و دراز مقامات سے درخت کاٹ کر لاتے ہیں اور ملجور بناتے ہیں ۔ میں شرف الدین کے ظفرنامہ سے ایک عبارت نقل کرتا ہوں :-

" یرلیغ لازم الاتباع بنفاذ پیوست کہ در مقابل حصار ملجور سازند . . . وبجد ہرچہ تمام تر آن چوبہا را برہم برنہادند و لشکریان میان آن را بہ سنگ و گل پر میکردند و برمی آوردند تا ملجور تمام شد و از حصار الیشان بلند تر آمد ۔ چنانچہ بر قلعہ مشرف بود

جو ملجور سر کوب شد با حصار بگردون بر آمد دم کارزار
گروہ سپہ بر سر ملجور چو دریای جوشان بر آمد بشور

واز بالای ملجور کہ باکاخ ناہید وقصر ہور برابر ساختہ بودند وازان منجنیقہا کہ از اطراف و جوانب حصار برافراختہ بودند چندان سنگ برہوای آن قلعہ پران گشت "

(ص ۶۹۷ ظفرنامہ۔ جلد اول)

میں قلعہ دمشق کی فتح کی ایک اور مثال سنا کر اس بیان کو ختم کرنا چاہتا ہوں:۔

"قلعۂ دمشق نہایت مضبوط اور مستحکم تعمیر ہوا تھا۔ اس کی دیواریں بنیاد سے لے کر چوٹی تک بھاری بھاری پتھروں کی بنی تھیں۔ اس کی خندق بیس گز چوڑی اور تیس گز گہری تھی۔ قلعہ میں سامان جنگ بڑی مقدار میں موجود تھا اور محافظ فوج بے شمار تھی۔ جب قلعہ کے گرد تیموری افواج آگئیں۔ تیمور کے حکم سے حسب ضابطہ مستمرہ امیرزادگان میرانشاہ۔ شاہرخ۔ سلطان حسین۔ پیر محمد۔ خلیل سلطان و دیگر امرائے بزرگ امیر شیخ نورالدین۔ امیر شاہ ملک۔ برندوق اور امیر سلطان نے اپنے اپنے دستوں سے قلعہ کا محاصرہ کرلیا۔ اور اپنے اپنے علاقے مقرر کرکے نقب زنی اور منجنیق سازی میں مشغول ہوگئے۔ خندق کے گرد لکڑی۔ پتھر وغیرہ کا ایک حصار کھڑا کرلیا۔ نقب زنوں نے انتہائی مستعدی کے ساتھ کام شروع کر دیا۔ قلعہ سے قارورہای نفط اور پتھروں کی بارش ہونے لگی اور تیر و ناوک مینہ کی طرح برسنے لگے۔ لیکن ان جوانوں نے مطلق پروا نہیں کی۔ سپریں سر پر لے کر آگے بڑھتے اور نقبوں کی جگہ مقرر کرتے اور منجنیقیں لگا کر سنگباری کرتے جس سے قلعہ والے ہلاک اور عمارتیں تباہ ہوتیں۔ جب نقبیں طیار ہوچکیں۔ صاحبقران نے آتش زنی کا حکم دیا۔ پہلے قلعہ کے مغربی برج میں آگ دی جس سے برج زمین پر آرہا اور دیوار میں بہت بڑا شگاف پیدا ہوگیا۔ حملہ آور اس شگاف کے راستے سے دھاوا کرنا چاہتے تھے۔ کہ اتنے میں نصف دیوار اور گر گئی۔ جس سے گرد کے دل بادل نمودار ہوگئے۔ حملہ رک گیا۔ اہل قلعہ نے اس مہلت سے فائدہ اٹھا کر رخنہ کو بند کر دیا۔ امیر نے حکم دیا کہ

دوسری نقبوں میں آگ لگائی جائے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک سمت کی دیوار منہدم ہوگئی۔ محصورین اس قدر خائف ہوئے کہ قلعہ کا دروازہ کھول کر باہر آگئے اور امان مانگ لی اس کے بعد باقی سرنگوں میں بھی آگ لگادی۔ اور دمشق کا عظیم الشان قلعہ تودۂ خاک بن گیا۔ تباہی دمشق ۸۰۳ھ کا واقعہ ہے۔ ذیل میں نظام الدین شامی کی اصل عبارت نقل کی جاتی ہے:۔

"قلعۂ بود در غایت حصانت و نہایت استواری۔ بنای وی از زیر تا بالا بنگاہی عظیم برآوردہ و بغایت بلند و اعتمادی ساختہ و خندقی فراخ گرد وی در غور سی گز و عرض بیست گز تخمیناً . . . حکم نافذ شد تا امیرزادہ امیر انشاہ بہادر و امیرزادہ شاہرخ بہادر و امیرزادہ سلطان حسین بہادر و امیرزادہ پیر محمد بہادر و امیرزادہ خلیل سلطان بہادر و از امرای بزرگ امیر شیخ نورالدین و امیر شاہملک و برندوق دعلی سلطان پیرامون قلعہ بتربیتی کہ مقرر ست فرود آمدند و سرکارہا تعیین کردہ بنقب زدن و منجنیق ساختن مشغول شدند و از چوب و سنگ و تورہا حصار گرد خندق برآوردند۔ عملہ و چاخورگان بحدی کہ بالاتر ازان تصور نتوان کرد بکار مشغول شدند و ہر چند از بالای قلعہ قارورہا نفط و سنگ می انداختند و تیر و ناوک بر مثال باران می باریدند۔ این امرای نامدار و جوانان کارزار ازان باک نداشتند و تورہا در سر کشیدہ پیش می رفتند و سرہای نقب تعبیین می کردند و منجنیقہا از اطراف برپاے کردہ بہر یک سنگ کہ از کفۂ منجنیق روانہ می شد خلقی ہلاک می گشت یا عمارتی خراب می شد . . . سلطان حسین بہادر و التون بخشی کہ بر جانب برج غربی قلعہ بودند عملہ را فرمودند تا آتش در انداختند۔ برجی عظیم از قلعۂ دمشق فرود افتاد و راہی بزرگ در حصار پدید آمد۔ بہادران لشکر خواستند کہ در حصار در آیند ناگاہ نیمۂ دیگر از دیوار بفتاد و گرد و غباری عظیم برآمد و لشکریان باز نشستند۔ اہل قلعہ فرصت دیدند و آن رخنہ را باز محکم گردانیدند . . . . بازامیر صاحبقران

فرمودتا در نقبہا آتش اندازند۔ چنان کردند۔ یک طرف حصار بیکبار فرود آمد۔ امرا و بزرگان قلعہ از سر ضرورت بیرون آمدند و در مقام انقیاد و فرمان برداری دروازہ کشادند و کلید ہا پیش آوردند۔ . . . . . و در باقی نقبہا کہ ماندہ بود ہم آتش انداختند تا قلعہ بدان عظیمی چنان خراب شد کہ اثری از ان باقی نماند" (ظفر نامہ ص ۲۳۶-۲۳۷)

گذشتہ بیانات سے ضرورت سے زیادہ واضح ہو جاتا ہے۔ کہ نقب زنی کے وقت مغولی اور تیموری عساکر صرف آگ اور نفط سے کام لینا جانتے ہیں۔ اگر ان کو بارود کی نفوذی طاقت اور اسکی شدت استعداد کا علم ہوتا تو کیا وجہ ہے کہ وہ اس مصالحہ سے کام نہیں لیتے۔ بارود اگرچہ تیمور کے عہد سے ایک صدی قبل سے رائج ہے مگر افادی لحاظ سے اس قدر طاقتور نہیں کہ نقب زنی میں نفط کو ہٹا کر اس کی جگہ لے لے ۔

تیمور کو خال خال موقعوں پر آتشبار آلات سے سابقہ پڑا ہے۔ مگر معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ نہایت ابتدائی حالت میں ہیں اور کسی قابل لحاظ نتیجہ کے مورث نہیں اس کے مؤرخ ان کو لعب یا کھلونے کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔ ہندوستان وہ مقام ہے جہاں ان آلات کو اس نے پہلی بار دیکھا۔ لیکن اس کے متعلق آئندہ دوسرا موقع دمشق میں پیش آتا ہے اور اس کا قصہ یہ ہے :۔

امیر تیمور دمشق کے محاصرے کے وقت جب بار دوم اپنا ایلچی بھیجتا ہے۔ برخلاف اول دمشقی ایلچی کی خوب آؤ بھگت کرتے ہیں۔ اس ملک میں آتش بازی اور رعد اندازی کا بہت رواج تھا۔ ایلچی کو مرعوب کرنے کے لئے آتش بازوں کی جماعت اس کے سامنے لائی گئی۔ تیمور کے درباری مؤرخ نظام الدین شامی لکھتے ہیں :۔

" بخلاف گذشتہ مقدم ایلچی را باعزاز پیش آمدند و مراسم تعظیم و بزرگ داشت بجا آوردند و درین میانہ رعد اندازان و چرخ کشایان و ناوک زنان و آنچہ ازین جنس

مردم باشد بروعرض میکردند و نمی دانستند کہ ازین قبیل بیشتر از دہ ہزار مرد کار آزمودہ در اردوی امیر صاحبقران ہستند" (ص ۴۳۱ ظفر نامہ جلد اول)

شرف الدین یزدی اسی واقعہ کے ذکر میں یوں رقم پرداز ہیں :-

"چون فرستادہ بالیشان رسید برخلاف گذشتہ مقدم او را باعزاز و اکرام پیش آمدند و مراسم ترحیب و تعظیم بجای آوردند و چون دران دیار آتش بازی و رعد اندازی بسیار می ورزند و آنرا پیش الیشان وقعی ہست غلبہ ازان طائفہ مردم را جمع آوردند و در نظر او میگذرانیدند و آن را اظہار قوتی و شوکتی تصور می کردند" (ظفر نامہ جلد دوم ص ۳۱۶)

یہی موقعہ مطلع السعدین میں یوں مرقوم ہوا ہے :-

" و مشقیان فرستادہ را بخلاف گذشتہ معزز داشتہ مراسم اکرام و شرائط احترام بجای آوردند و جماعت آتشبازان و رعد اندازان و چرخ کشایان و ناوک نفشان کہ پیش الیشان قدری دارد و این لعب را دران دیار می ورزند برایشی عرض کردند و ندانستند کہ ازین تماش بیشتر از دہ ہزار مردان کار آزمودہ جنگہا دیدہ در اردوی ہمایون بودند" ص ۷۸۴

ان عبارتوں میں آتشباز سے متصد آتشبازی بنانے والا نہیں ہے۔ بلکہ وہ شخص جو آلات آتش فشان سے جنگ کرے اس میں شک نہیں کہ توپ و بندوق مراقش اور ہسپانیہ سے جو ان کی ولادت گاہ ہیں نکل کر مشرق و مغرب میں رواج پاتی ہیں اور مصر اور شام مشرقی ممالک کے مقابلے میں ان سے پہلے واقف ہو چکے ہیں۔ مگر تیمور کے مورخوں کا یہ دعوے کہ دس ہزار سے زیادہ آتش باز تیمور کی فوجوں میں تھے ہمیں احتیاط کے ساتھ قبول کرنا چاہیئے۔ کیونکہ اس کی تاریخ میں اس جماعت کا ذکر صرف گنتی کے چند مقامات پر آتا ہے اور وہ بھی زیادہ تر دوسروں کے تعلق میں۔ اس میں شک نہیں کہ تیمور کی جنگوں کے دوران میں ایک نئے آلے

رُعد کا ذکر آتا ہے۔ یہ نام نظام الدین کے ظفرنامہ میں جو بحکم تیمور ۸۰۴ھ میں تصنیف ہوتا ہے۔ سب سے پہلے ہمیں ملتا ہے۔ اس کے چلانے والے کو 'رعد انداز' بیان کیا گیا ہے۔ شرف الدین کے ظفرنامہ میں "کمان رعد" بھی آیا ہے۔ رعد جیسا کہ اس کے تسمیہ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کوئی بلند آواز آلہ یا گولہ ہے۔ اور یقیناً تازہ ایجاد ہے۔ کیونکہ تیمور سے قبل تاریخوں میں اس کا مذکور نہیں آتا۔ نظام الدین شامی کے ہاں صرف تین چار جگہ ملتا ہے۔ شرف الدین کے ہاں متعدد مقامات پر موجود ہے۔ ممکن ہے کہ رعد آتشی آلہ ہو مگر ان مورخین نے اس کے متعلق کوئی تصریح یا اشارہ نہیں کیا۔ اگرچہ یہ ظاہر ہے کہ وہ قلعہ شکن آلہ ہے کیونکہ عرادے اور منجنیق کے ساتھ ساتھ اس کا ذکر آتا ہے۔ اہل لغت رعد کا ترجمہ توپ کرتے ہیں۔ لیکن تیموری مؤرخین کے بیانات سے اس قول کی کوئی تائید یا تردید نہیں ہوتی البتہ مطلع السعدین کے ایک جملہ سے جو سلطان بایزید کے ساتھ جنگ کے موقعہ پر آتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کمان رعد کوئی آتشبار آلہ ہے۔ چنانچہ

" وچند زنجیر فیل دمان کہ از غنایم ہندوستان بر درگاہ بادشاہ جہان ستان بود . . . . ہمہ بسلاحہا و جیبا ہا آراستہ، تیراندازان و آتش بازان بر بالای آن دست بہ تیر ناوک و کمان رعد کشودہ در آثار جلاوت کمال شجاعت نمودہ "۔

(ص ۸۴۴ ۔ مخطوط)

اس فقرے میں کمان رعد کا تعلق صریحاً آتشبازان کے ساتھ ہے۔ مگر تیمور کے قدیم اور معتبر مورخ نظام الدین شامی کے ہاں یہی فقرہ دراصل یوں ہے۔

" وچند زنجیر فیل دمان کہ بسر خرطوم دمادم از بر بیان بر آورد ندی و دندان کینہ بر سینہ دشمن رسانیدندی بسلاحہا و جیبہا آراستہ و تیراندازان و آتشبازان بر بالای آن دست بہ تیر و ناوک و نفط اندازی کشودہ "۔ (ص ۲۵۵ ظفرنامہ)

شرف الدین کے ظفرنامہ سے نظام الدین کی تائید ہوتی ہے۔ چنانچہ :-

" وچند زنجیر فیل شکوہ مند کوہ مانند کہ از بقیہ غنائم ہندوستان بار دوی ظفر نشان بودند ہمہ را بکیم انداختہ و با اسلحہ و اسباب جنگ مکمل ساختہ و بر بالای ہر یکی کماندار ان حکم انداز و نفط اندازان آتش باز جنگ را آمادہ گشتہ"۔ (ظفرنامہ ۴۲۶)

ان مثالوں سے ظاہر ہے کہ اصل جملے میں نفط اندازان' تھا۔ جسے صاحب مطلع السعدین نے 'کمان رعد' کے ساتھ بدل دیا اور اس طرح ہم ایک ایسی مثال سے جو کمان رعد کو آتشی آلہ ثابت کرتی تھی محروم ہو گئے۔

یہاں وہ جملے درج کئے جاتے ہیں۔ جن میں نظام الدین شامی نے لفظ 'رعد' استعمال کیا ہے۔

"(تسخیر قلعہ اونیک) امیر صاحبقران فرمود تا منجنیقہا ترتیب کنند و رعد و عرادہ و تیر چرخ آمادہ گردانند۔ چنان کردند" (ص ۵۵ ظفرنامہ)

" (شہر دمشق) اما امرا و لشکریان کہ در قلعہ بودند بصیانت آن استظہار نمودہ مخالفت می ورزیدند و رعد و ناوک و منجنیق و عرادہ کار می فرمودند و تیر می انداختند"
(ص ۲۳۴ ظفرنامہ ۱۹۳۷ء)

ان فقروں سے تو واضح نہیں ہوتا۔ کہ رعد کوئی آتشیں آلہ ہے۔ بدقسمتی سے اس تفتیش میں شرف الدین بھی ہماری کوئی امداد نہیں کرتا۔ اس نے اپنے ظفرنامہ میں جو ۸۲۸ھ میں شاہرخ میرزا کے حکم سے تالیف کیا ہے۔ متعدد موقعوں پر رعد اور رعد اندازوں کا ذکر کیا ہے۔ مگر اس کی اطلاع بھی نظام الدین کی طرح مبہم ہے۔ بلکہ ایک فقرہ سے تو ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ کمان رعد منجنیق کی طرح کوئی آلہ ہے جس سے پھینکنے کا کام لیا جاتا ہے۔ اس کے لئے مجھے ایک واقعہ کا ذکر کرنا چاہیئے جو تیمور کی تاریخ سے تعلق رکھتا ہے وہ یہ ہے :-

ازمیر سمندر کے کنارے ایک قلعہ تھا جس پر فرنگی قابض تھے جب تیمور فتح روم سے فارغ ہوکر اس طرف پہنچا۔ مسلمانوں نے فرنگیوں کے جور و تعدی کی شکایت اس سے کی۔ امیر نے قلعہ کا محاصرہ کرکے اس کو فتح کرلیا۔ قلعہ والوں کی امداد کے لئے ایک بڑا جہاز سمندر میں آیا۔ ازمیر اس وقت تک مفتوح ہو چکا تھا۔ تیمور نے اہل جہاز کی تخویف کے لئے حکم دیا کہ مقتولین کے سر کمان رعد میں رکھ کر جہاز میں پھینکے جائیں۔ تاکہ اہل جہاز کو ان کا انجام معلوم ہوجائے۔ شرف الدین لکھتا ہے :-

" اشارت علیہ صدور یافت کہ از سرہای گبران کہ بہ تیغ غزا از تن جدا شدہ چندی بکمان رعد سوی کشتی اندازند و رعد اندازان سری چند بجانب ایشان انداختند و بعضی در کشتی افتاد و چون آن کوردلان بچشم سر سر ہمچشمان خود مشاہدہ کردند خایف و خاسر باز گشتند۔" (ص ۴۷۰ جلد دوم)

لیکن مجموعۃ الصنائع کے بیان سے جو اس عہد سے بہت بعد کی تصنیف ہے

لہ مصنف کا نام میر یحییٰ بتایا جاتا ہے (فہرست انڈیا آفس) بعض حکیم فیلسوف مغربی کی طرف منسوب کرتے ہیں جو درست نہیں۔ فہرست اسٹورٹ میں زین العابدین مرقوم ہے۔ زمانۂ تصنیف نامعلوم ہے۔ مگر اس کا ترکی ترجمہ سنہ ۱۰۶۵ھ / ۱۶۵۵ء کا نوشتہ (فہرست ویانا جلد دوم ص ۵۲۵) موجود ہے۔ مجموعۃ الصنائع کا ایک نسخہ سنہ ۱۰۳۳ھ کی کتابت کتاب خانۂ بودلی میں محفوظ ہے۔ اس لئے کوئی تعجب نہیں اگر دسویں ہجری کی تالیف ہو۔ کتاب اگرچہ ہندوستان میں تصنیف ہوئی ہے۔ مگر اس کے مآخذ قدیم معلوم ہوتے ہیں۔ مثلاً بارود کو داروی کمان لکھا ہے۔ آتشبازجن سے بعض نسخے منقول ہیں زیادہ تر مصری۔ شامی۔ بغدادی اور خوارزمی ہیں۔ علیٰ ہذا آتشبازی کی اصطلاحیں قدیم معلوم ہوتی ہیں۔ مثلاً غوطہ خورک۔ زرجک۔ موشک۔ زنبورک گردانک۔ خرک۔ گردانک۔ ریسمانک۔ اور طوطک اندر قفس وغیرہ ان کے عیار دانگ اور مشتعل میں دینا بھی اسی عقیدہ کا مؤید ہے۔

اور ہندوستان میں لکھی جاتی ہے۔ مفہوم ہوتا ہے۔ کہ کمان رعد یقیناً کوئی آتشیں آلہ ہے۔ جس میں فتیلہ کے ذریعہ آگ دی جاتی ہے۔ اور گولی یا گولے پھینکے جاتے ہیں۔ یہ تو بندوق یا توپ کا حلیہ ہے۔ اس رسالہ کا نامعلوم مصنف روغن اسکندری کے پھینکنے کی ترکیب بتاتے ہوئے جو شدید قسم کا آتشگیر ہے اور جس سے دشمن کے قلعہ اور شہر کو آگ لگائی جاسکتی ہے اور کسی طرح بجھائی نہیں جاسکتی تحریر کرتا ہے:

" در تعبیہ کردن روغن اسکندری کہ آتش در قلعہا و شہرہا [انگیزد]۔ بیارند آہن و از و غلولہ سازند گرد کہ میان او خالی بود کہ مقدار دو سہ درم ازین روغن یا بیشتر دران گنجد و سوراخی درین غلولہ باشد بقدر آنکہ روغن مذکور در و پُر کردہ فتیلۂ نیز دران سوراخ رود و نی غلولہ بغایت استوار باشد چنانکہ آزادر کمان رعد نہند و فتیلۂ نیز درمیان سوراخ غلولہ نہند و سوراخ رعد را فتیلہ نہند و روی بشہر دشمن کنند و آتش در فتیلۂ رعد زنند۔ بمجرد رسیدن غلولہ دران قلاع آتش در اندرون بروغن غلولہ رسیدہ باشد و آن روغنہا بر غلولہ آلودہ شود . . . . و شہر دشمنان سوختہ شود" (صہ ۴۸) ؛

روغن اسکندری وہی چیز معلوم ہوتی ہے جسے انگریز یونانی آگ (گریک فائر) کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ عربوں کے حملۂ قسطنطنیہ کے وقت رومیوں نے یونانی آگ کے ذریعہ سے کامیاب مدافعت کی ہے۔ قیاصرۂ روم جو نسخہ استعمال کرتے تھے۔ باوجود تلاش کسی کو معلوم نہ ہوسکا۔ وہ گویا ان کا قومی راز تھا۔ ایک مصنف کی رائے میں یونانی آگ کے اجزا یہ تھے :۔ صنوبر کا پسا ہوا گوند۔ گندھک اور نفط۔ فرائر بیکن صرف دو اجزا بتاتا ہے :۔ شورہ اور گندھک۔ ایک اور مصنف کی رائے ہے :۔ بید کا کوئلہ۔ نمک۔ گندھک۔ رال۔ لوبان کا فورا اور حبشہ کی اون جن کو ملا کر ابالا جاتا ہے۔ رینو اور فادے کی تحقیقات کی رو سے یہ مادہ محرقہ ایک

مرکب تھا ۔ گندھک اور گوند اور چربی کی قسم کی جلنے والی اشیا کا ۔

صاحب مجموعۃ الصنائع کے نزدیک روغن اسکندری کے اجزا یہ ہیں :۔ نفط فارسی ۔ سندروس ۔ طلق مکلس ۔ روغن نی ۔ سب کو لے کر ایک دیگچی میں رکھ کر جس کا منہ خام کر دیا جاتا ہے ۔ دو دن برابر گرم تنور میں رکھا جاتا ہے ۔ پھر بھٹی کی آگ میں دن بھر پکایا جاتا ہے ۔ ہفتہ بھر پڑا رہنے کے بعد دیگچی کا منہ کھول لیتے ہیں اور روغن قابل استعمال ہو جاتا ہے ۔ مصنف کا دعوے ہے کہ اس روغن کے دو درم دشمن کا شہر پھونک دینے کے لئے کافی ہیں ۔ آگ کو جس قدر بجھانے کی کوشش کی جائے گی ۔ اتنی ہی بھڑکے گی ۔

محمود شیرانی

نذیر احمد کے قصّے

مولانا نذیر احمدؒ اگرچہ ایک اعلےٰ درجہ کے زبان دان - مترجم، مقرر اور عالم تھے - اور ان کی دینی اور مذہبی تصانیف اور قانونی کتابوں کے ترجموں کی ایک دنیا میں دھوم ہے - لیکن ہم انہیں سب سے زیادہ قصّہ نویس کی حیثیت سے جانتے ہیں یہی وجہ ہے ہم سب سے نمایاں جگہ ان کے ناولوں کے ذکر ہی کو دینا چاہتے ہیں ؛

۱۸۲۵ء میں انگریزی حکومت کی قدیم تعلیمی پالیسی کے ماتحت ایک مدرسہ دھلی کالج کے نام سے جاری ہوا - جس کی تربیت اور تعلیم کے دور رس نتائج کا ایک زبردست مظہر یہ بھی تھا - کہ اس کے آغوش میں تربیت پاکر نکلنے والے نوجوانوں میں بعض ایسے لوگ بھی تھے - جنہیں دنیائے ادب میں آج شہرت دوام حاصل ہے " یہی وہ پہلی درسگاہ تھی - جہاں مشرق و مغرب کا سنگم قایم ہوا - ایک ہی چھت کے نیچے ایک ہی جماعت میں مشرق و مغرب کا علم و ادب ساتھ ساتھ پڑھایا جاتا تھا - اس ملاپ نے خیالات کے بدلنے میں معلومات کے اضافہ کرنے اور ذوق کی اصلاح میں جادو کا سا کام کیا - اور ایک نئی تہذیب اور نئے دور کی بنیاد رکھی - اور ایک نئی جماعت ایسی پیدا کی - جس میں سے ایسے پختہ اور روشن خیال اور بالغ نظر انسان اور مصنف نکلے جن کا احسان ہماری زبان اور ہماری سوسائٹی پر ہمیشہ رہے گا[1] ؛

---

[1] مرحوم دہلی کالج از مولانا عبدالحق ص ۱۶۹ - یہ اس مضمون میں جناب علی عباس حسینی کے ان مضامین سے بھی فائدہ اٹھایا گیا ہے جو انہوں نے رسالہ جامعہ ۱۹۳۶ء (جنوری - فروری اور اپریل) میں تحریر فرمائے ؛

انہی روشن خیال اور بالغ نظر بزرگوں میں ایک مولانا نذیر احمد بھی تھے جنہوں نے اگرچہ ابتدائی تعلیم اپنے والد مولوی سعادت علی سے حاصل کی تھی اور اسکے بعد بعض دیگر اساتذہ مثلاً مولوی نصراللہ خان اور مولوی عبدالخالق صاحب سے بھی استفادہ کیا۔ لیکن حق یہ ہے۔ کہ دہلی کالج کی تعلیم نے انہیں بالکل ایک نئی دنیا سے روشناس کیا۔ اور وہیں انہوں نے مغرب سے آئے ہوئے علوم و فنون کی سپرٹ اور روح سے یک گونہ واقفیت حاصل کی ؛

نذیر احمد خود کہتے ہیں۔ کہ "اگر میں نے کالج میں نہ پڑھا ہوتا۔ تو میں بتاؤں میں کیا ہوتا؟ مولوی ہوتا تنگ خیال، متعصب، اکہل کہرا، اپنے نفس کے احتساب سے فارغ، دوسروں کے عیوب کا متجسس، برخود غلط . . . مسلمانوں کا نادان دوست، تقاضائے وقت کی طرف سے اندھا بہرا" یہ اسی کالج کی تعلیم تھی۔ جس نے "معلومات کی وسعت، رائے کی آزادی، ٹالرنشن (درگذر) گورنمنٹ کی سچی خیر خواہی، اجتہاد علی بصیرۃ۔ جو تعلیم کے عمدہ نتائج ہیں اور جو حقیقت میں شرط زندگی ہیں"۔ نذیر احمد کے دل و دماغ میں بھر دی۔ وہ ۱۸۴۵ء میں کالج میں داخل ہوئے اور ۱۸۵۴ء میں فارغ التحصیل ہو کر نکل آئے ؛

یہاں یہ ذکر کر دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ کہ مولانا کو اپنے زمانۂ تعلیم میں ریاضی اور تاریخ سے مطلق دلچسپی نہ تھی۔ جس کا سبب سوائے اس کے کیا ہو سکتا ہے۔ کہ قدرت نے انہیں ادب اور دینیات کی خدمت کے لئے پیدا کیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے اپنی بیش بہا دینی تصانیف کے ذریعے یہ گرانقدر فرض باحسن وجوہ انجام بھی دیا!

اس زمانے میں اگرچہ نذیر احمد دہلی کالج میں داخل ہو چکے تھے۔ لیکن اس صدی کے عام خیال کے ماتحت انہیں والد کی طرف سے انگریزی پڑھنے کی اجازت

---

[1] حیاۃ النذیر۔ ص ۳۴

نہیں ملی۔ اور یہ کمی انہوں نے بہت بعد میں اپنے زمانۂ ملازمت میں پوری کی۔ تاریخ اور ریاضی کے متعلق انہیں جو بیگانگی تھی۔ اس کا سبب، بقول ان کے یہ بھی تھا کہ "انسان کی طبیعت واقع ہوئی ہے کنسرویٹو اور میری طبیعت میں اس کا عنصر زیادہ ہے۔ سائنس نے جو میرے مذہبی خیالات پر حملہ کرنا شروع کیا۔ سائنس میں تو غل کرنے کو طبیعت نے گوارا نہ کیا"۔

یہ سچ ہے کہ نذیر احمد کی تعلیم پرانے مروجہ نصاب میں ہوئی۔ اور انہوں نے انگریزی وغیرہ کی طرف شروع میں توجہ نہ کی۔ تاہم جدید خیالات اور تصورات کے خلاف انہیں وہ تعصب نہ رہا۔ قدیم طرز میں انہوں نے اعتدال پیدا کر لیا اور جدید طرز کے متعلق اپنے دل اور ضمیر کو تنگ دلی سے پاک رکھا۔ یہی وہ امتزاج اور توسط ہے جو ہمیں نذیر احمد کے مذہبی اور سیاسی رجحانات میں ہر جگہ نمایاں نظر آتا ہے۔

ابھی انگریزی تہذیب اور تعلیم یا جدید ذہنی انقلاب کی ابتدا تھی۔ تاہم دلوں میں قدیم خیالات کے خلاف ایک غیر اختیاری تحریک کا آغاز خود بخود ہو چکا تھا یہ سرسید احمد خان کا کارنامہ ہے کہ انہوں نے اس تحریک میں اپنی دلیری اور جرأت اور جوش عمل کے ساتھ ایک زندگی پیدا کر دی۔ غرض جو خیالات پوشیدہ طور پر یا پرائیویٹ حیثیت سے لوگوں میں پھیل چکے تھے۔ سرسید کی ہنگامہ خیز شخصیت نے انہیں منظم کر دیا اور ان کے اعلان اور افشا میں جھجک نہ رہی۔

نذیر احمد خان، اپنے زمانۂ ملازمت میں سرسید سے متعارف ہوئے اور یہ دوستی کا سلسلہ مرتے دم تک قایم رہا۔ حیدرآباد سے پنشن لے لینے کے بعد سید صاحب کی تعلیمی تحریک میں نذیر احمد ایک مخلص اور پرجوش سپاہی کی طرح کام کرتے رہے وہ خود ایک جگہ کہتے ہیں "میں نے آج تک اُن کی (سرسید کی) دعوت کو رد نہیں کیا۔

لہ حیاۃ النذیر ص ۴۲۔

اور کروں گا بھی نہیں انشاء اللہ"۔ بلکہ یہاں تک کہا کہ" اگر مجھ کو پیر کی تلاش بھی ہوتی تو میں ضرور ان کے ہاتھ پر بیعت کر لیتا"۔[1]

لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ نذیر احمد پر سرسید کا اگر کچھ اثر پڑتا تو وہ براہ راست نہ تھا۔ بلکہ بالواسطہ تھا۔ تصنیف و تالیف کے میدان میں بہت سی تحریک محکمۂ تعلیم کی ملازمت کی وجہ سے ہوئی اور مذہبی رواداری اور بے تعصبی کا میلان دہلی کالج کے ماحول اور تربیت کا نتیجہ تھا۔ مذہبی خیالات میں نذیر احمد اگرچہ پرانے علما کی نظر میں بہت آزاد سمجھے جاتے تھے۔ لیکن سرسید کے نظریات کے متعلق نذیر احمد کو بہت کچھ اختلاف تھا۔ نذیر احمد کے خیال میں سرسید قومی خیر خواہی کے نشے میں سرشار تھے۔ لیکن" افراط ہر ایک چیز میں مذموم ہے۔ پس میرے (نذیر احمد خان کے) نزدیک سرسید احمد خان میں عیب ہے تو یہ ہے"۔[2]

مولانا نذیر احمد کی ملازمت کے حالات اور دیگر سوانح کے لئے یہ جگہ موزوں نہیں۔ مختصراً یہ کہ انہیں سب سے پہلے گجرات (پنجاب) میں معمولی سی ملازمت ملی۔ پھر اپنے صوبہ میں کانپور میں ایک اسامی مل گئی۔ یہ ملازمت محکمۂ تعلیم کی تھی۔ پھر الہ آباد میں ڈپٹی انسپکٹری پر تقرر ہوا۔ اس اثنا میں مولانا نے بعض قانون کی کتابوں کے ترجمے کئے۔ جن کا ذکر اپنے مناسب مقام پر آئے گا۔ اس خدمت کے صلے میں، انہیں تحصیلداری کا عہدہ ملا۔ یہاں سے ترقی کر کے کلکٹری پر مامور ہوئے۔ اس حیثیت میں وہ پہلے ضلع جالون، پھر گورکھپور، اور بالآخر اعظم گڈھ میں رہے۔

حیدرآباد، دہلی اور لکھنؤ کے بعد مسلمانان ہند کا سب سے بڑا سیاسی اور تہذیبی مرکز تھا۔ جب دہلی اور لکھنؤ کی شان و شوکت میں زوال آگیا اور ان

---

[1] حیاۃ النذیر۔ ص ۴۴۲۔ [2] حیاۃ النذیر۔ ص ۵۳۴۔

دور اجداد ہانیوں میں جب اہل علم و فضل کی کشش کا سامان باقی نہ رہا۔ تو یہی مرکزیت اور تسخیر حیدرآباد کو نصیب ہوئی۔ جس دور کا ہم ذکر کر رہے ہیں۔ اس میں ہم قدم قدم پر دیکھتے ہیں۔ کہ جنوبی ہندوستان کے اس دارالخلافہ میں ملک کی نامور زرین ہستیوں نے سلک خدمت میں منسلک ہو کر بڑے بڑے کام انجام دیئے۔ سرسید محسن الملک، وقار الملک، شبلی اور دیگر کئی اکابر کا حال قبل ازیں لکھا جا چکا ہے۔ اسی صف میں مولانا نذیر احمد کا شمار بھی ہے۔ چنانچہ آپ نے ۱۸۷۷ء میں پہلے اپنی سابقہ ملازمت سے رخصت لے کر عارضی طور پر حیدرآباد میں کام شروع کیا اور بعد میں مستقلاً وہاں ہی خدمات انجام دیتے رہے۔ لیکن کچھ عرصہ کے بعد وہاں سے مستعفی ہو کر پنشن یاب ہوئے اور دہلی میں سکونت اختیار کر لی۔

مدت ملازمت میں ہم انہیں مختلف زمانوں میں دہلی، الہ آباد اور سیدآباد میں تصنیف و تالیف میں مصروف پاتے ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ مولانا نے بہت سے کام محکمہ تعلیم اور محکمہ مال کے ملازم اور عہدہ دار کی حیثیت سے انجام دیئے۔ چنانچہ ان کے بعض قصے اور قانونی کتابوں کے ترجمے بہت حد تک اسی محکمانہ تعلق کا نتیجہ ہیں۔

مولانا نذیر احمد اگرچہ زیادہ تر اپنے قصوں اور ترجمۃ القرآن کی وجہ سے شہرت رکھتے ہیں لیکن حقیقت میں وہ صرف انہی کمالات سے بہرہ ور نہ تھے۔ بلکہ وہ ایک بے نظیر مصنف ہونے کے علاوہ ایک زبردست مقرر بھی تھے۔ انہوں نے اپنی ملازمت کے ایام میں قانونی کتابوں کے جو بے نظیر اور فاضلانہ ترجمے کئے۔ ان کا جواب آج تک کسی سے نہیں بن پڑا۔ اس پر مستزاد یہ کہ وہ شاعر بھی تھے۔ اگرچہ ان کے کلام میں شاعری کا عنصر کم تھا۔ تاہم باقی فضائل کے ساتھ ساتھ اس وصف کا ہونا ہی سلامت طبع کی دلیل ہے۔ انہیں جس قدر تاریخ اور ریاضی سے بُعد تھا

اتنا ہی ادب اور زباندانی کی طرف زیادہ میلان تھا۔ انہوں نے اپنی ملازمت کے ابتدائی ایام میں انگریزی سیکھی اور کچھ مشق کے بعد اس میں اچھا خاصہ کمال حاصل کرلیا۔ اسی طرح انہیں تلنگی اور سنسکرت سے بھی واقفیت تھی جس سے انکے زبان دان اور فاضل ہونے کا ثبوت ملتا ہے ؛

مولانا کی تصنیف کی ابتدا اس وقت ہوئی جب وہ ضلع جالون میں تھے اس کے بعد انہوں نے آخر عمر تک مسلسل کتابیں لکھیں۔ جو کم و بیش ان چار مضامین سے متعلق ہیں ؛۔

(۱) بچوں کے لئے درسی کتابیں [۱]؛

(۲) مذہب اور دینیات ؛

(۳) قانونی کتابیں جو تمام تر ترجمہ ہیں ؛

(۴) ناول یا قصے ؛

اس موقعہ پر ہم صرف ان کے ناولوں یا قصوں کا ذکر کرتے ہیں جن پر زیادہ تر اُن کی شہرت کا دارومدار ہے۔ ان کتابوں کے نام یہ ہیں ؛۔

(۱) مرآۃ العروس ۱۸۶۹ء (۲) بنات النعش ۱۸۷۲ء

(۳) توبۃ النصوح (اعظم گڈھ ۔ ء) (۴) ابن الوقت (۱۸۸۸ء)

(۵) محصنات (۱۸۸۵ء) (۶) ایامیٰ ۔

(۷) رویائے صادقہ ؛

مرآۃ العروس :۔ مولانا عبدالحق ایک جگہ لکھتے ہیں "مرحوم اگر مرآۃ العروس کے سوا کوئی کتاب نہ لکھتے۔ تو بھی وہ اُردو کے باکمال انشاپرداز مانے جاتے۔" [۲]

---

[۱] نمبر ۱ تا ۳ کا حال مناسب مقام پر درج ہوگا۔ وہ کتابیں جو ان عنوانات کے ماتحت آتی ہیں۔ یہاں محض بطور تذکرہ درج کی جاتی ہیں ؛ [۲] حیاۃ النذیر۔ دیباچہ۔ ص ۲ ؛

اور ہمیں اس قول کی صداقت میں کوئی شبہ نہیں۔ مولانا نے یہ کتاب اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے تصنیف فرمائی تھی۔ اور یہ کہنا بے جا نہ ہوگا۔ کہ محکمہ تعلیم کی ملازمت نے انہیں بچوں کی ضروریات سے بخوبی باخبر کر دیا تھا۔ جب ان کے بچے پڑھنے پڑھانے کے قابل ہوئے۔ تو انہیں محسوس ہوا۔ کہ لڑکیوں کی مناسب تعلیم کے لئے کوئی کتاب موجود نہیں۔ چنانچہ انہوں نے مرآۃ العروس کی تصنیف شروع کی جس کا سلسلہ مسلسل اور بیک دفعہ نہ تھا۔ بلکہ یہ کتاب سبقاً سبقاً تصنیف کی جاتی تھی۔ اور پڑھا دی جاتی تھی ؛

یہ کتاب انہوں نے بڑی لڑکی کے لئے لکھی تھی۔ جب اس کی شادی ہوئی۔ تو یہی کتاب جہیز میں دے دی۔ مولانا کی یہ پہلی تصنیف ہے جسے حکومت اور ملک کی طرف سے حسن قبول عطا ہوا ؛

مرآۃ العروس کا دوسرا نام "اصغری اکبری" بھی ہے۔ دراصل یہ دو بہنوں کا قصہ ہے۔ اکبری بڑی بہن، اصغری چھوٹی بہن، وہ ایک ہی گھر میں محمد عاقل اور محمد کامل دو بھائیوں سے بیاہی گئیں۔ اکبری حد درجہ تنک مزاج، بدطبیعت اور متکبر، شادی کے بہت جلد بعد اپنے شوہر کو ماں سے الگ رہنے پر مجبور کرتی ہے۔ اور بالآخر نہایت خوفناک انجام ہوتا ہے۔ لیکن چھوٹی بہن اصغری، اس کے بالکل برعکس ہے۔ وہ اپنی خوش اخلاقی سے تمام گھر والوں کو اپنا بنا لیتی ہے۔ اسکا اصول اولین خدمت، ایثار اور قربانی ہے اور اسی جادو سے وہ سب کو رام کرتی ہے۔ وہ جو کام کرتی ہے۔ اس میں شوہر کی خیر خواہی اور بہتری کا خیال مدنظر ہوتا ہے وہ اپنی راحت، اپنی خوشی، اپنا آرام سب اپنے خاوند پر قربان کر دیتی ہے۔ اکبری کیوں ایسی بدمزاج ہوئی؟ اس کا جواب صرف یہی دیا گیا ہے۔ کہ جو لڑکیاں بچپن میں لاڈ پیار میں رہا کرتی ہیں اور سہنا اور سلیقے نہیں سیکھتیں۔ یونہی اکبری کی طرح

رنج و تکلیف اٹھائی ہیں۔ اکبری کو ماں اور نانی کے لاڈ پیار نے کیسی مصیبت میں رکھا لڑکپن میں نہ تو کوئی ہنر سیکھا اور نہ کچھ اس کے مزاج کی اصلاح ہوئی"۔

غرض اکبری بچپن کے لاڈ پیار اور تعلیم کی کمی کی وجہ سے اپنے لئے اور اپنے متعلقین کے لئے ایک وبال ثابت ہوئی۔ لیکن اصغری کی تربیت عمدہ ہوئی۔ اگرچہ یہ معلوم نہ ہو سکا۔ کہ اصغری کو وہ کونسا نیا ماحول ملا۔ جس میں اس نے اکبری سے بہتر قسم کی تربیت حاصل کی۔ تاہم یہ واقعہ ہے۔ کہ اصغری نے بچپن کے حسن تربیت اور تعلیم کے طفیل وہ ہنر اور کمال حاصل کئے۔ کہ آج تک اصغری کا کیریکٹر صنف نسواں کے لئے مشعل ہدایت کا کام دیتا ہے۔

"یہ لڑکی گھر میں ایسی تھی۔ جیسے باغ میں پھول، یا آدمی کے جسم میں آنکھ، ہر ایک طرح کا ہنر، ہر ایک طرح کا سلیقہ اس کو حاصل تھا، عقل، ہنر، حیا، لحاظ سب صفتیں خدا نے اصغری کو عنایت کی تھیں۔ لڑکپن میں اس کو کھیل کود، ہنسی اور چھیڑ سے نفرت تھی۔ پڑھنا یا گھر کا کام کرنا"۔

مولانا نے اصغری کے رنگ میں تمام طبقہ نسواں کے سامنے ایک تعلیمی پروگرام رکھا ہے۔ اور تدبیر منزل کے جملہ اصول اس کی زبان سے بیان کر دیئے ہیں۔ مرد اور عورت، خاوند اور بیوی کے باہمی فطری تعلقات اور قدرتی وظائف کے متعلق نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ دلائل دیئے ہیں۔ اور یہ بھی بتایا ہے۔ کہ کس طرح ایک تعلیمیافتہ اور دیندار بیوی اپنے شوہر کے سود و بہبود کا خیال رکھ سکتی ہے۔ مولانا حالی لکھتے ہیں۔ "جب مراۃ العروس پہلی دفعہ چھپ کر شائع ہوئی۔ تو جو نقشہ اس میں عورتوں کی اخلاقی حالت کا کھینچا گیا تھا۔ اس کو دیکھ کر سرسید کو بہت رنج ہوا تھا۔ اور وہ اس کو مسلمان شرفا کی زنانہ سوسائٹی کے حق میں ایک اتہام خیال کرتے تھے"

واقعہ یہ ہے۔ کہ مرآۃ العروس میں جہاں ایک طرف عورتوں کی تعلیم اور دینداری پر زور دیا گیا ہے۔ وہاں اس زمانے کی عورتوں کی جہالت کا خوفناک نقشہ بھی کھینچا ہے۔ جو غالباً اصلاحی آواز کو مؤثر بنانے کے لئے کسی قدر مبالغہ سے خالی نہیں۔ سچ تو یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس زمانے میں مسلمان عورتوں میں اتنی جہالت نہ تھی جتنی کہ اس میں ظاہر کی گئی ہے ؂

کیریکٹر | مولانا نے اصغری کو تمام اوصاف حمیدہ کا مجموعہ اور اچھی صفات کا پیکر بنایا ہے۔ لیکن افسوس ہے۔ کہ کہیں اسے "عورت" نہیں بنایا۔ وہ متین، خاموش، معاملہ فہم، سلیم المزاج، ایثار پیشہ لڑکی ہے۔ جسے بچپن میں سوائے پڑھنے اور گھر کے کام کے کسی اور کام سے دلچسپی نہیں۔ اور شادی ہوجانے کے بعد اپنے شوہر کی خدمت گمگساری اور خیر اندیشی سے فرصت نہیں۔ وہ ہر دور اور ہر زمانہ میں معقول اور متین نظر آتی ہے۔ بچپن میں جب ہنسنا کھیلنا چاہیئے تھا۔ اسے کھیل کود سے نفرت ہے جوان ہوکر جب اس کے سینے میں جذبات شباب کا ایک طوفان موجزن ہوتا۔ وہ ضبط اور پابندی کی ایک دیوار نظر آتی ہے۔ جس تک محبت و عشق کی کبھی رسائی نہیں ہوسکتی۔ اس کے سینے میں دل نہیں پتھر ہے، وہ اس عام فطری جذبہ سے متاثر نہیں ہوتی اور اگر ہوتی بھی ہے تو اس کا اظہار کسی طریق پر نہیں ہوتا ؂

اس میں شک نہیں کہ مولانا نے جس سوسائٹی کی عورت کی تصویر کھینچی ہے، اس میں عورت کی طرف سے ان جذبات کے اظہار کو معیوب خیال کیا جاتا ہے لیکن حقیقت نگاری کا فرض اس امر کا متقاضی ہے۔ کہ قصہ نویس عورت کے اس قدرتی امتیاز کا اظہار ضرور کرتا خواہ وہ کنایہ سے ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ عورت خواہ وہ دنیا کی کسی سوسائٹی کی معاشرت سے تعلق رکھتی ہو اپنے سینے میں دل رکھتی ہے اور دل میں محبت کا احساس! یہ ہوسکتا ہے کہ اسے اظہار کی اجازت

نہ ہو۔ لیکن یہ احساس موجود ضرور ہوتا ہے۔ پس جو چیز موجود ہے اور خصوصیت کا درجہ رکھتی ہے۔ اس کا ذکر نہ کرنا حقیقت نگاری کے خلاف ہے ؛

اصغری کے کیریکٹر میں ایک خاص بات یہ ہے۔ کہ وہ بدو شعور سے لے کر آخر تک معقول اور پختہ کار نظر آتی ہے۔ اور انسانی تجربہ کی تبدیلیاں جو حیات بشری کا لازمہ ہیں۔ مطلق محسوس نہیں ہوتیں۔ بظاہر عمر کے ساتھ ساتھ اس کے اطوار و حرکات میں ایک خفیف سا تغیر ہوتا جاتا ہے۔ لیکن ذہنی اور نفسی لحاظ سے وہ جس طرح بچپن میں تھی۔ اسی طرح تیرہ برس کی عمر میں بھی تھی۔ یہی حال ادھیڑ عمر بلکہ پیری تک رہا۔ ہمارے خیال میں اسے مولانا کی قصہ نویسی کی خامیوں میں سے سمجھا جائے ؛

اصغری کی یہ خشک معقولیت تین چار موقعوں پر بہت زیادہ نمایاں معلوم ہوتی ہے۔ تیرہ برس کی عمر میں جب اس کی شادی ہونے لگتی ہے۔ تو وہ تقاضا کرتی ہے۔ کہ مجھے میری ہمشیرہ سے زیادہ جہیز نہ دیا جائے۔ پھر جب شوہر کو سیالکوٹ بسلسلہ ملازمت روانہ کرتی ہے۔ تو اس وقت بھی اس کا طرز عمل ایک عورت اور بیوی جیسا نہیں۔ بلکہ ایک کوہ وقار معلم اور اتالیق کا ہے۔ حالانکہ جدائی کا درد بہت کم لوگوں کے لئے قابل برداشت ہوتا ہے۔ بچوں کا انتقال ہوتا ہے۔ تو وہ اسلامی احکام سے اتنی متاثر ہے۔ کہ صبر شکر کی انتہائی مثال قائم کر دیتی ہے یہاں بھی وہی عقل اور ضبط اس کی سیرت کے مخصوص عناصر معلوم ہوتے ہیں ؛

اصغری کی سیرت میں غیرت، خودداری، سلیقہ مندی اور ہشیاری کو بھی ایک نمایاں مقام حاصل ہے۔ وہ شادی کے فوراً بعد گھر کا انتظام اپنے ہاتھ میں لیتی ہے۔ اور تھوڑی ہی مدت میں اس گھرانے کو ایک قابل رشک گھر بنا دیتی ہے

حقیقت یہ ہے۔ کہ مرآۃ العروس میں اصغری ہی مصنف کا سب سے بڑا مقصود ہے۔ اور اصغری کے ہمہ صفت موصوف پیکر میں اس نے وہ تمام باتیں

پیدا کر دی ہیں۔ جو اعلیٰ خاندانوں کی شائستہ لڑکیوں میں ہونی چاہئیں۔ علی الخصوص تعلیم کا وہ طریقہ جو نذیر احمد عورتوں میں رائج کرنا چاہتے ہیں۔ اس دور کے نقطۂ نگاہ کے مطابق بہترین طریقہ معلوم ہوتا ہے۔ بلکہ صحیح یہ ہے۔ کہ آج بھی اُسے عمدہ ترین طریقہ کہا جا سکتا ہے ۔

نذیر احمد نے اصغری کی شکل میں نسوانی دنیا کے لئے ایک مثال ایک نمونہ ایک نصب العین قائم کر دیا ہے جس کی بلندی تک پہنچنے کے لئے اس صدی میں بے شمار خواتین نے کوششیں کی ہوں گی ۔

لوگ تو یہ کہتے ہیں۔ کہ نذیر احمد نے مرآۃ العروس لکھ کر زنانہ سوسائٹی پر ایک اتہام باندھا ہے۔ لیکن سچ یہ ہے۔ کہ زنانہ سوسائٹی کی نسبت مرآۃ العروس کے مرد کہیں زیادہ نکمے، بے عقل اور بے ضمیر معلوم ہوتے ہیں۔ عاقل شریف ہیں۔ مگر بے وقوف اور کامل شاید کچھ ہشیار تو ہیں۔ لیکن بے ضمیر، بیوی کی نظروں سے پوشیدہ ہوتے ہی اس باکمال بیوی کو بھلا دیتے ہیں . . . . لیکن اگر غلط نہ ہو تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ اصغری جیسی خالی از جذبات لڑکی شوہر کے تشکر اور عزت کو تو حاصل کر سکتی ہے۔ لیکن محبت اور عشق نہیں پیدا کر سکتی۔ میاں کامل اسی عشق اور محبت کی تلاش میں کہیں اِدھر اُدھر بھٹک گئے ہوں۔ تو جائے تعجب نہیں ۔

جہاں تک مکالمہ نگاری کا تعلق ہے۔ نذیر احمد کو بہت کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ علی الخصوص زنانہ گفتگو کا پہلو بہت شاندار ہے ۔

مرآۃ العروس اپنے زمانہ میں بہت مشہور ہوئی۔ بہت پسند کی گئی، بہت بکی۔ اس لئے کہ اس کی اندرونی خوبیاں کشش کا باعث تھیں۔ ہندو مسلمان گھرانوں میں اس کا وہ چرچا رہا۔ کہ نذیر احمد خود "اصغری اکبری" والے مشہور ہو گئے۔ تنقید پوچھتی ہے کیا مرآۃ العروس واقعی اس تحسین کے قابل تھی ؟ جواب یہ ہے۔ کہ اس زمانے میں

اس کتاب کا وجود غنیمت تھا۔ تعلیم نسواں کا چرچا عام ہو چلا تھا۔ لیکن پڑھنے کے لئے کتابیں میسّر نہ تھیں۔ مرآۃ العروس جب شایع ہوئی۔ تو لوگوں کو ایک مفید اور بے ضرر کتاب مل گئی۔

بطور قصّہ کے اس میں بڑی بڑی خرابیاں ہیں۔ اوّل یہ کہ اس کا پلاٹ غرابت سے خالی ہے۔ ایک لڑکی تعلیم حاصل کر لیتی ہے۔ اور قدرت کی طرف سے اسے ایک متوازن دل و دماغ مل جاتا ہے۔ وہ شوہر اور خاندان کے لئے باعث برکت ثابت ہوتی ہے۔ عشق جو اکثر قصّوں کی دلکشی کا موجب ہوتا ہے۔ بالکل خارج از بحث ہے۔ سب سے بڑی خرابی یہ ہے۔ کہ کہانی میں منتہا یعنی (Climax) بہت جلد آجاتا ہے۔ پڑھنے والے کو سارا قصہ شروع ہی میں معلوم ہو جاتا ہے۔ اکبری لاڈ پیار سے پلی۔ اس کا انجام خراب ہوا۔ اصغری کی تربیت ہوئی۔ زندگی کی بامرادیوں تک پہنچی۔ بس۔

گمان غالب ہے۔ کہ موجودہ قصّہ پسندوں کے لئے شروع سے آخر تک اس کہانی میں دلچسپی کو قائم کرنا نہایت مشکل ہوگا۔

بنات النعش:- یہ دراصل مرآۃ العروس کا حصہ دوم ہے۔ اس میں وہی اصغری بیگم، طبقہ نسواں کی تعلیم و اصلاح کا کام اپنے ذمہ لیتی ہیں۔ یہ اصغری بیگم شوقیہ لڑکیوں کا ایک مکتب کھولتی ہیں۔ اس میں علاوہ دیگر طالبات کے ایک حسن آرا بیگم بھی ہیں۔ جو اکبری سے کہیں زیادہ بدمزاج اور نامعاملہ فہم ہیں۔ لیکن اصغری کی تربیت کے حسن عمل سے وہی حسن آرا سدھر جاتی ہیں اور ایک شائستہ مہذب خاتون بن جاتی ہیں۔

نذیر احمد نے اس قصّہ کے ضمن میں معلومات عامہ کا ایک دریا بہا دیا ہے۔ زمین کی کشش، وزن مخصوص، مقناطیس، زمین کی جسامت، ضروریات تمدّن، لوازم شہریت و معاشرت، غرض سینکڑوں علمی باتیں اس پیرائے میں بیان کی ہیں،

کہ کتاب قصے سے کہیں زیادہ ایک علمی کتاب معلوم ہوتی ہے ۔

تربیتِ نسواں کے سلسلے میں اس کا خیر مقدم اگرچہ مراۃ سے کم ہوا۔ لیکن اس مضمون پر جتنی کتابیں بھی لکھی جاتیں۔ ان کی ضرورت تھی ۔

بلحاظ قصہ بنات النعش بہت سادہ اور پھیکی ہے اور اس کا موغلطی رنگ سطر سطر میں اس درجہ نمایاں ہے۔ کہ اس کا تادیر پڑھتے رہنا قریباً ناممکن ہے۔ استانی جی کی زبان سے نذیر احمد یہ تو ضرور کہتے ہیں کہ " اس کتاب میں تم مکتب کی سب لڑکیوں کی ہو بہو تصویریں پاؤ گی " اور " تصویر سے مراد یہ ہے۔ کہ تمہارے مزاج، تمہاری عادت، تمہاری خو بو کا اس میں ایسا بیان کامل ہے کہ جو تمہارے حالات سے واقف ہے۔ کتاب سے پڑھنے کے ساتھ سمجھ جائے گا کہ تمہارا تذکرہ ہے۔ لیکن افسوس ہے۔ کہ نذیر احمد کی یہ تصویریں ایک ماتم خانہ کی تصویریں معلوم ہوتی ہیں۔ اور وہ بھی نقش دیوار! بہرحال یہ تذکرہ آئندہ چل کر پھر آئے گا ۔

توبتہ النصوح :۔ کہا جاتا ہے۔ کہ توبتہ النصوح مولانا نذیر احمد کی بہترین تصنیف ہے۔ یہ اس زمانے میں لکھی گئی۔ جب مولانا اعظم گڈھ میں تھے۔ اگرچہ اہم کے نزدیک ابن الوقت کو توبتہ النصوح پر فوقیت حاصل ہے۔ کیونکہ اس میں ۱۸۵۷ء کے پرشور زمانے کی سوسائٹی کے بدلتے ہوئے ذہنی اور معاشرتی رجحان کی تصویر ہے۔ تاہم ناقدین کے نزدیک توبتہ النصوح میں بلحاظ قصہ کے بعض ایسی خوبیاں ہیں جو ان کی کسی اور کتاب میں موجود نہیں ہیں ۔

یہ ایک خاندان کی اخلاقی پستی اور ایک خاص حادثہ کی وجہ سے اس کی اصلاح کی تحریک کی کہانی ہے۔ خاندان جو فرض کیا گیا ہے۔ اس میں دو میاں بی بی ہیں۔ تین بیٹے اور تین بیٹیاں، بڑا لڑکا کلیم اور بڑی لڑکی نعیمہ پختہ عمر کے ہیں باقی ابھی نوعمر ہیں۔ رئیس خاندان ایک دفعہ مرض ہیضہ میں مبتلا ہوتا ہے۔ معالج خواب آور دوا

دیتا ہے۔ وہ سو جاتا ہے۔ اس اثنا میں وہ ایک خواب دیکھتا تھا۔ جو دراصل اس سارے قصے کا مقصود ہے۔ اس میں دوسری دنیا یعنی حشر، اعمال نامہ، اور حساب قبر کی تکلیف اس کو دکھائی جاتی ہے۔ وہ اپنے مذہب جس کے متعلق اس کے اعتقاد میں ایک تزلزل سا پیدا ہو گیا تھا اپنے عقیدے کو پھر سے استوار کر لیتا ہے خواب سے جب بیدار ہوتا ہے۔ تو گویا نئی زندگی پاتا ہے۔ اس پر خدا کا شکر ادا کرتا ہے اور سارے خاندان کی مذہبی اصلاح کا بیڑا اٹھا لیتا ہے۔ لیکن اس مشن کی تکمیل میں اسے بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور تعجب یہ کہ خاندان کے پختہ عمر افراد اس کے راستے میں سب سے زیادہ رکاوٹیں ڈالتے ہیں لیکن بالآخر اسے کامیابی نصیب ہوتی ہے۔

یہ کہنا غالباً مبالغہ میں شامل نہ ہوگا۔ کہ توبۃ النصوح میں نذیر احمد نے انسانی فطرت اور نفسیات بشری سے، واقفیت کا ایک غیر فانی ثبوت بہم پہنچایا ہے۔ نذیر احمد کو خود تو شاید نصوح کے کیریکٹر سے دلچسپی ہوگی لیکن یہ ایک واقعہ ہے۔ کہ ان کے قلم سے دانستہ یا نادانستہ ایک دوسری ہیرت کی ایسی مکمل تصویر کشی ہوئی ہے کہ ہم اسے نصوح سے بلند درجے پر رکھیں گے۔ بلکہ بعض اعتبارات سے اس سے بہت بلند! یہ ہمارے رندلا اُبالی مگر ہمہ مذاق کلیم ہیں۔ جن کی سیرت کو سیاہ کرنے کے لئے مولانا نے بہت زور مارا ہے۔

ذرا کلیم کی لائبریری کو دیکھیے۔ جس میں آرٹ اور ادب کے کیسے کیسے جواہر نظر آتے ہیں۔ اگرچہ میاں نصوح (یا نذیر احمد) کو ان جواہر پاروں سے محبت نہیں۔ لیکن کلیم ایک ادب پرست اور فن شناس ہے۔ اسے انہی چیزوں سے دلچسپی ہے اسے اپنی رائے پر جو اعتماد ہے۔ وہی اسے باپ کی نظروں سے گرا دیتا ہے۔ لیکن رائے پختہ ضرور ہے۔ کلیم کی طرز و روش کے آدمی جہنیں دنیا میں علم، ادب اور آرٹ سے

انس ہوتا ہے۔ اکثر بے فکرے، آزاد مشرب اور بے پرواہ ہوتے ہیں۔ ظاہر دار بھی بھی عجیب بزرگ ہیں۔ جن کا تصنع، وضع داری اور مہذب ریاکاری سب کے سب ان کی سیرت کی وہ صفات ہیں۔ جو ایسے آدمی میں ہوا کرتی ہیں ؛

کلیم ان بدلے ہوئے حالات میں کیا محسوس کرتا ہے؟ وہ اپنے والد میاں نصوح کی گذشتہ زندگی اور موجودہ انقلاب پر متحیر ہو کر نظر ڈالتا ہے۔ اس کا دماغ عجیب و غریب خیالات کا مرکز اور گوناگوں شکوک و اوہام کا آماجگاہ بن جاتا ہے دل کے یقین کے بغیر وہ اپنے باپ کے مکاشفہ اور اصلاح سے کیسے متاثر ہو جائے ان سب نفسیاتی اور ذہنی کیفیات کو نذیر احمد نے کتنی خوبی کے ساتھ ہو بہو کاغذ پر رکھ دیا ہے ؛

توبۃ النصوح کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے۔ کہ اس میں منتہا یا Climax کے لئے پڑھنے والا آخر وقت تک منتظر رہتا ہے۔ اُسے کلیم کے انجام کے متعلق تشویش رہتی ہے اور یہ وہ خوبی ہے۔ جس سے توبۃ النصوح کو کسی حد تک خشک مضمون پر مشتمل ہونے کے باوجود بہت پسند کیا جاتا ہے ؛

اس کی زبان مرآۃ اور بنات کی نسبت مشکل اور پیچیدہ ہے اور اس میں محاورات کی بھرمار ہے۔ اور یہ غالباً اس لئے ہے۔ کہ مصنف نے اسے خاص طور پر عورتوں کے لئے نہیں لکھا ؛

ابن الوقت :۔ یہ وہ کتاب ہے۔ جو راقم کے خیال میں نذیر احمد کی عمدہ ترین کتاب ہے۔ اگرچہ اس کا مضمون ایسا نہ تھا۔ کہ اس پر مصنف کی شہرت کا دارومدار ہوتا۔ اور اس لحاظ سے صرف مرآۃ العروس ہی وہ خوش قسمت کتاب ہے جس نے دنیائے ادب میں وہ نام پایا۔ کہ اپنے مصنف کو شہرت کے دربار میں ایک بلند کرسی پر رونق دی ؛

اس کی غرض بظاہر یہ ہے۔ کہ قوم اور ملک کو انگریزی وضع اور معاشرت اختیار کرنے سے روکا جائے۔ اور انہیں ان نقصانات عظیم سے متنبہ کیا جائے جو اس تبدیل معاشرت کا لازمی نتیجہ ہیں۔ لیکن ہمارے نزدیک ابن الوقت اس عہد تداخل (Period of Transation) کے افکار۔ شکوک اور رجحانات کا ایک شفاف آئینہ ہے جس میں ان خیالات اور ذہنی کش مکشوں پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ جو مشرقی اور مغربی تہذیب و تمدن کے باہمی تصادم اور آویزش سے ملک کے نوجوان اور تعلیم یافتہ طبقے کے دلوں میں برپا ہو رہی تھیں۔ نیز یہ ان تعلقات اور روابط پر بھی روشنی ڈالتی ہے۔ جو راعی اور رعایا کے درمیان موجود تھے۔ اس ملک میں ایک حاکم ہونے کے سبب انگریزوں کے جو مخصوص خیالات تھے۔ اور ہندوستانیوں کے مختلف طبقات کے ساتھ ان کا جو سلوک تھا۔ اس کو خوبی کے ساتھ اس کتاب میں قلمبند کیا گیا ہے۔ کہ ہمارے حقیقت نگار قصہ نویس کی کتاب کمپنی بہادر کے دور کی کوئی تاریخی کتاب معلوم ہوتی ہے[1]۔ بہرحال ابن الوقت ایک شریف زادے کی سرگذشت ہے۔ جو اوّل اوّل پرانے نظام معاشرت سے منقطع ہو کر نئے انگریزی ماحول میں آتا ہے۔ نذیر احمد کا مقصد جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے یہ ہے۔ کہ ابن الوقت کا انجام خراب دکھایا جائے۔ لیکن ہمیں صرف یہ دیکھنا ہے۔ کہ مصنف نے ابن الوقت کے لباس میں انگریزی عملداری کے اوّلین دور کے مسلمانوں کی کیفیت کس انداز سے لکھی ہے اور ان کے ان مخصوص رجحانات سیاسی و ذہنی و مذہبی کا مرقع مکمل رنگ میں پیش کر دیا ہے۔

ابن الوقت ایک حقیقت، ایک تاریخی واقعہ کا درجہ رکھتی ہے۔ جس کے سچا اور

---

[1] مثال کے طور پر Notes on Indian affairs اور Good old days of John Company by Sir John Shore ملاحظہ ہوں۔

صحیح ہونے سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اس بے نظیر کتاب کی بلندی کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔ کہ اس میں مختلف سیرتوں کا ارتقا بکمال خوبی دکھایا گیا ہے۔ اشخاص قصہ یہ ہیں :- ابن الوقت ، اس کی پھوپھی ، نوبل صاحب ، ابن الوقت کا ملازم ، شارپ صاحب اور حجۃ الاسلام۔ قصہ یہ ہے۔ کہ ہیرو ابن الوقت ایک ذی ثروت گھرانے کا چشم وچراغ اور نواب معشوق محل کے ملازمان خاص میں سے تھا۔ ۱۸۵۷ء کی شورش میں اس نے ایک انگریز نوبل صاحب کی جان بچائی۔ اس کے صلے میں جاگیر ملی۔ اور نوبل صاحب کے ماتحت کوئی خدمت بھی تفویض ہوئی۔ نوبل صاحب کی رفاقت اور ترغیب اور صحبت کا اثر یہ ہوا۔ کہ انگریزوں کی وضع کی تقلید شروع کردی اور اپنی قدیم وضع سے نفرت کا اظہار۔ لوگوں میں اس کے خلاف غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی۔ جب قضا سے نوبل صاحب ہندوستان سے چلے گئے تو ابن الوقت صاحب کو شارپ صاحب سے پالا پڑا۔ جنہیں یہ حرکت سخت ناپسند تھی۔ کہ ہندوستانی انگریزی وضع اختیار کریں۔ وہ بچارے ابن الوقت سے بہت برہم ہوگئے اور کام بھی واپس لے لیا۔ ابن الوقت اس مصیبت میں تھا۔ کہ ایک پرانی وضع کے بزرگ حجۃ الاسلام جو ملازم سرکار ہونے کے باوجود اپنی روش دیرینہ پر قائم تھے۔ شارپ صاحب سے ملے اور ابن الوقت سے صفائی کرادی +

بعض لوگوں کا خیال ہے۔ کہ نذیر احمد نے ابن الوقت کے لباس میں سرسید کی تصویر کھینچی ہے۔ لیکن خود مصنف نے ایک مقام پر اس قصہ کو اپنی ہی سرگذشت قرار دیا ہے۔ راقم کے خیال میں یہ نہ نذیر احمد کی آپ بیتی ہے اور نہ سرسید احمد خاں کی لائف۔ بلکہ یہ "انیسویں صدی کے آخری نصف کے مسلمان نوجوان" کی ذہنی اور معاشرتی کیفیت ہے جس کی وضع اور عقاید کے متعلق پرانا طبقہ بہت کچھ شکوک کا اظہار کرتا تھا۔ ہاں اس میں شک نہیں۔ کہ کتاب کے اکثر حصے سرسید احمد خان کے

حالات سے مطابقت رکھتے ہیں ؛

توبۃ النصوح کی طرح ابن الوقت کے افراد کے کردار بھی حقیقی، مکمل اور جامع بنائے گئے ہیں۔ قصے کا ہیرو ابن الوقت ابتدائے شعور سے تاریخ اور آثار قدیمہ کا شایق ہے۔ اُسے تحقیق اور جستجوئے کوائف کا خاص شوق ہے۔ اقوام عالم کے رسوم و خیالات کو معلوم کرنے میں اسے خاص لذت ملتی ہے۔ تصنیف و تالیف کی دنیا سے واقفیت رکھنا اس کے لئے بے حد ضروری ہے "جب کوئی نئی کتاب جماعت میں شروع ہوتی۔ اس کا پہلا سوال یہ تھا۔ کہ اس کا مصنف کون تھا۔ کہاں کا رہنے والا تھا۔ کس سے اس نے پڑھا۔ اس کے معاصر کون کون تھے۔ اس کی وقایع عمری میں کون کون سی بات قابل یادگار رہے"۔ اس علمی رجحان طبع کے ساتھ ساتھ اس کے مزاج میں خودداری بھی بہت تھی۔ وہ اپنی رائے کا پکا تھا۔ اس کا خیال تھا۔ کہ "سلطنت ایک ضروری اور لازمی نتیجہ ہے قوم کی برتری کا"۔ اب جب نوبل صاحب سے واقفیت بڑھی۔ تو اسے انگریزی کیریکٹر میں بعض ایسی خوبیاں نظر آئیں۔ جو ہندوستانیوں میں مفقود تھیں۔ لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ ابن الوقت نے انگریزی معاشرت کسی خوشامد کی وجہ سے اختیار نہیں کی۔ بلکہ اس لئے کہ ان کے نزدیک وہ ہندوستانی اطوار سے بہتر تھی۔ یہ دراصل ابن الوقت کی خودداری کا ایک نیا رنگ تھا ؛

ابن الوقت کی ایک خصوصیت اس کی غیر معمولی قابلیت تھی۔ اس نے پہلے ہی ڈنر کے بعد جو طویل تقریر کی۔ اس میں انہوں نے حاکم و محکوم کے تعلقات پر ایسی عالمانہ روشنی ڈالی کہ سچ مچ سیاسیات کا ایک اچھا خاصہ سبق معلوم ہوتا ہے علے الخصوص ہندوستانی ریاستوں کے موضوع پر جو کچھ کہا۔ وہ آج بھی بصیرت کا باعث ہے ؛

حجۃ الاسلام سے مسئلہ تقدیر پر جو گفتگو ہوتی ہے۔ وہ بالکل اسی ذہنیت کا پتہ دیتی ہے۔ جو سر سید احمد خاں کے اثر سے پیدا ہوئی۔ دلائل بھی وہی ہیں اور طرز استدلال بھی وہی۔ اگرچہ بظاہر حجۃ الاسلام اس مناظرے میں فاتح معلوم ہوتے ہیں لیکن ہمارے خیال میں دلائل کا زور ابن الوقت کی طرف ہے ؛

مصنف نے ابن الوقت کے خیالات میں جو تدریجی تبدیلی دکھائی ہے اور انگریزی معاشرت اختیار کرنے کے بعد اسے جس طرح آہستہ آہستہ بے دینی کی طرف بہتا ہوا دکھایا ہے۔ وہ اُن کے ماہر نفسیات ہونے کا ثبوت ہے ؛

ابن الوقت کے بعد سب سے زیادہ قابل توجہ شخصیت حجۃ الاسلام کی ہے ان بزرگ کا حال پڑھ کر ان کی سیرت کا جو تصور ذہن میں آتا ہے۔ وہ یہی ہے کہ وہ ایک پابند وضع مسلمان ہیں۔ انہیں اگرچہ انگریزوں کی سیاسی غلامی کے خلاف کوئی شکایت نہیں۔ لیکن مذہبی اور ظاہری وضع و انداز میں ضروری خیال کرتے ہیں۔ کہ مسلمان ان کی تقلید نہ کریں۔ اس کے باوجود انہیں متعصب نہیں کہا جا سکتا۔ انگریزوں سے ان کے تعلقات اچھے ہیں۔ خود ابن الوقت کو وہ دائرہ اسلام سے خارج نہیں سمجھتے۔ لیکن انہیں انگریزی تمدن کے خلاف شکایت ہے۔ غرض ان کا احتجاج اس تحریک کا ایک جزو ہے جو شروع شروع میں وطنیت اور مغربی طرز کی قومیت کے تخیل سے ناآشنا ہونے کے سبب مسلمانوں کے ایک طبقے نے انگریز کے خلاف شروع کی تھی۔ اس جماعت کو انگریزوں کے خلاف کوئی سیاسی شکایت نہ تھی۔ البتہ انہیں یہ اندیشہ ضرور رہتا تھا۔ کہ کہیں مسلمان ان کے مذہب اور تمدن کو نہ اختیار کر لیں ؛

ہمارے حجۃ الاسلام طب اور ڈاکٹری کو بیکار خیال کرتے تھے۔ تدبیر کو فضول سمجھتے تھے۔ تصویروں اور کتوں کی موجودگی سے متوحش ہوتے تھے۔ غرض اس

صدی کے مذہبی عقاید پر پختگی کے ساتھ قایم تھے ۔
مگر وہ جو کچھ بھی تھے ۔ خود دار اور غیرت مند تھے ۔ شارپ صاحب سے ابن الوقت کی جب صفائی کرانے گئے ۔ مطلق خوشامد سے کام نہیں لیا ۔ بلکہ واقعات کو ایسے رنگ میں پیش کیا کہ شارپ صاحب کو اپنی غلطی کا خود احساس ہوگیا ۔
اس کتاب میں ہندوستانی انگریزوں کی معاشرت پر بہت کچھ روشنی پڑتی ہے ۔ حجۃ الاسلام نے ابن الوقت کے سامنے کلکٹر ضلع سے اپنی ایک ملاقات کا جو حال بیان کیا ہے ۔ وہ اس پہلو کو سمجھنے کے لئے کافی ہے ۔
نذیر احمد نے جن دو انگریزوں کے کیریکٹر پیش کئے ہیں ۔ وہ آپس میں متضاد ہیں ۔ نوبل صاحب نہایت نیکدل اور نیک سرشت انگریز ہیں ۔ لیکن شارپ صاحب کمپنی کے زمانے کے بعض انگریزوں کیطرح جنہیں ہندوستانیوں سے ملنا جلنا پسند نہ تھا ۔ علیحدگی پسند ہیں درحقیقت یہ دونو سیرتیں بہت کچھ مکمل معلوم ہوتی ہیں ۔
ابن الوقت کی پھوپھی کی سیرت میں بھی نذیر احمد بہت کامیاب رہے ہیں ذرا اس گفتگو کی طرف بھی غور کیجئے ۔ جو حجۃ الاسلام سے انہوں نے ابن الوقت کے تبدیل وضع کے متعلق کی ۔ اس میں کتنی سچائی اور واقعیت ہے ۔ بناوٹ سے اس کو دور کا واسطہ بھی نہیں ۔ اسی گفتگو میں وہ حجۃ الاسلام سے کہتی ہیں ۔ کہ ابن الوقت پر یہ جو ظلم ہوا ہے ۔ اس کی شکایت کمپنی سے کرو ۔ اور کمپنی بادشاہزادی (ملکہ وکٹوریہ) کی بیٹی ہے ۔ ملک ہندوستان اس بادشاہزادی نے اپنی بیٹی کو بطور جہیز دیا ہے ۔ کیا یہ وہ بے خبری نہیں ۔ جو ہندوستان میں ایک عرصہ تک انگریزوں کے متعلق طاری رہی ۔ ؟ نذیر احمد نے اس مختصر گفتگو میں اس دلچسپ بے علمی کا مرقع کھینچ دیا ہے ۔ جو ہماری بعض غیر تعلیم یافتہ بڑی بوڑھیوں کی اب تک خصوصیت ہے
نذیر احمد کی دوسری کتابیں اگر دنیا کی نظروں میں کارآمد نہ رہیں ۔ تو بھی

ابن الوقت زندہ رہنے کی مستحق ہے۔ کیونکہ یہ دراصل ایک قوم کے ایک دور کی ذہنی تصویر ہے۔ جو ہمیں تاریخ کے اوراق میں تلاش کرنے سے دستیاب نہیں ہوتی، جہاں اس کی افادی حیثیت اس کے حق میں ایک محکم دستاویز ہے وہاں اس کی فنی خوبیاں مثلاً کردار نگاری، اس کے مکالمے، اس کی جزئیات معلومات کی جامعیت اور اس کے پلاٹ کی دلچسپی بھی اس کے بقا کی ضمانت دار ہے۔

نذیر احمد کے تین قصے اور بھی ہیں۔ محصنات یا فسانہ مبتلا۔ ایامیٰ۔ اور رویائے صادقہ۔ محصنات۔ دوبیویاں کرنے کی خرابیوں کے متعلق ہے۔ ایامیٰ میں ہندوستانی بیوگان کی کس مپرسی اور بدحالی کا حال ہے۔ اور اس قصہ کے ضمن میں اہل ملک کو نصیحت ہے۔ کہ بیوہ کا نکاح متعدد وجوہ سے بیحد ضروری ہے۔ رویائے صادقہ میں دینداری، خدا پرستی، اوہام باطلہ کی تردید، تعلیم جدید کی خرابیاں اور علیگڈھ کالج کی تعلیم و تربیت کا نقشہ اور اس کے نقائص کا بیان کرنا مقصود ہے۔ یہ کتاب دراصل دینی عقاید کی کشمکش اور ان میں اپنے ایمان کو قائم رکھنے اور صحیح راستہ کا پابند رہنے کے موضوع پر ہے۔ اس میں صادقہ کی زبانی روحانیت کا پیغام پہنچایا گیا ہے اور سید صادق کی مادہ پرستانہ ذہنیت اور تعلیم جدید سے متاثر دماغ کی اصلاح کی گئی ہے۔ یہ آخر الذکر کتاب ایک لحاظ سے بہت توجہ کے قابل ہے۔ کہ اس میں اس عہد کی دینی اور مذہبی جنگ کو جو قدیم و جدید کے درمیان برپا ہو گئی تھی۔ نہایت وضاحت سے ہمارے سامنے کہا گیا ہے۔ اور یہ کہنا بے جا نہ ہوگا۔ کہ یہ دراصل سرسید کے غیر معتدل خیالات کے خلاف ایک عقیدتمندانہ احتجاج تھا۔

نذیر احمد کو ختم کرنے سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہم ان کے ناولوں پر مجموعی نظر ڈالیں اور یہ اندازہ لگانے کی کوشش کریں۔ کہ نذیر احمد کا مقام ناول نگاروں میں کیا ہے؟

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے۔ کہ نذیر احمد قصہ نویس نہ تھے۔ واعظ تھے۔ انہوں نے اپنے قصوں سے دینداری، خدا پرستی اور اصلاح معاشرت کا کام لیا ہے ہماری رائے میں یہ خیال بہت حد تک درست بھی ہے ناول کے لئے فنی حیثیت سے "موعظتی رنگ" جس قدر مضر اور ہلاکت آفرین ہے اور کوئی شے نہیں۔ انگریزی کا ایک مشہور مقولہ ہے :-

The Novelist should not preach to us.

اور یہ اس معاملے میں ایک زریں اصول ہے۔ کیونکہ اخلاقی واعظ کا نصب العین یہ ہوتا ہے۔ کہ وہ اپنے مقصد کے لئے واقعات کو اس رنگ میں پیش کرے۔ جو سامعین کو اس کے موضوع کیطرف راغب کریں۔ خواہ اس میں اس دنیائے کون وفساد کا صرف ایک ہی رُخ کیوں نہ پیش کرنا پڑے ؛

بہر حال نذیر احمد کے ناول موعظتی ناول ہیں۔ اور فنی حیثیت سے ہم انہیں نہ صرف اعلےٰ درجے کے ناول نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ درحقیقت انکو صحیح معنوں میں ناول بھی نہیں کہہ سکتے۔ تاہم ہمیں ایک عذر پیش کرنا ہے اور وہ یہ کہ ہر صدی اور ہر دور کا فن کے متعلق ایک مخصوص خیال ہوتا ہے اور مصنف کے لئے ناممکن ہوتا ہے کہ اپنے آپ کو ان روایات سے الگ کر سکے۔ خود انگریزی ناول کی تاریخ میں ایک زمانہ ایسا آیا ہے۔ جبکہ ناول نگار کی سب سے بڑی خوبی یہی خیال کی جاتی تھی۔ کہ وہ اپنے ناول کے ذریعے اچھا اخلاقی سبق دے سکے۔ رچرڈسن کہتا ہے :[1]

"All my stories, I am bold to say, carried with them an useful moral."

ایک اور نقاد کہتا ہے[2] : "Richardson was nothing, if not a moralist."

---

[1] H. Williams — Two centuries of English Novel (1911) P. 57
[2] Ibid, P. 41.

بیسویں صدی میں جبکہ پرانے نظریات درہم برہم ہو رہے ہیں۔ اکثر یہ دیکھا جاتا ہے۔ کہ اربابِ فکر، ماضی کے بعض خیالات کی طرف پھر توجہ کر رہے ہیں۔ جان گالزوردی نے ناول نگار کو ایک ایسا مصلح قرار دیا ہے۔ جو بدی کے کوچہ میں "چراغ سرراہ" لیکر خرابیوں کو بے نقاب کرتا ہے۔ اس مصلح کا نام "Cathru" ہے جس کا مقصدِ زندگی خود گالزوردی کے الفاظ میں یہ ہے:۔[1]

"His Lantern distorted nothing; it did but show that which was there, both fair or foul, no more no less."

(From the Inn of Tranquillity 1912)

بہرحال یہ تو ظاہر ہوا۔ کہ اصلاح یا اخلاق کی درستی کا خیال ناول کی خوبصورتی کے منافی نہیں۔ بشرطیکہ اصل تصویر کے تاریک اور روشن ہر دو پہلو پوری حقیقت کے ساتھ دکھائے جائیں۔

نذیر احمد کا اگر نقص ہے تو یہی ہے۔ کہ اس کی تصویریں زندگی کے متعلق ادھوری اور نامکمل ہوتی ہیں۔ نذیر احمد کا موضوع یہ ہے کہ دنیا کو کیسا ہونا چاہیے! وہ اس سے بحث نہیں کرتے۔ کہ دنیا کیسی ہے؟

لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اگر نذیر احمد کے قصے دنیا میں رہنے کے قابل نہیں تو کیا وجہ ہے کہ یورپین قصوں کا ایک معتدبہ حصہ تلف نہ کر دیا جائے جس میں "Uncle Tom's Cabin" اور Pamela اور بے شمار دیگر قصے شامل ہیں۔ بلکہ ۱۸ویں اور ۱۹ویں صدی کے بعض ناول جو ڈکنز اور تھیکرے اور ہارڈی کے احتجاجی قصوں (Novels of Protest) اور مذہبی افسانوں (Evangelical Novels) پر حاوی ہیں۔ ہماری نظر اعتنا کے مستحق نہیں رہتے۔ لیکن یہ واقعہ ہے۔ کہ یہ ناول آج دنیا میں موجود ہیں کیونکہ ان کی ایک خوبی ہے جو ان کو ہمیشہ ادب کا

[1] A. C. Ward, Twentieth century Literature (1928) P. 28.

جزو بنائے رکھے گی۔ اور وہ یہ ہے کہ ان ناولوں میں ایک دَور کی انسانی معاشرت اور زندگی کا مرقعہ ہے جس کا مطالعہ ہمیں اس عہد کی ذہنیت کی گہرائیوں سے آگاہ بنا دیتا ہے[1]۔

نذیر احمد کے ناول بھی جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے۔ ۱۹ویں صدی کے آخری دَور کی ہندوستانی سوسائٹی اور ذہنیت کا مرقع پیش کرتے ہیں۔ اور یہی انکی حفاظت کی ضمانت ہے ؛

اس عمومی اظہار رائے کے بعد یہ عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ نذیر احمد ہی پہلے شخص ہیں۔ جنہوں نے فطری قصّوں کی طرف توجہ کی۔ ذرا پرانے دیووں اور پریوں کی کہانیوں اور فورٹ ولیم کالج کے زیر سایہ تصنیف کردہ فوق العقل قصوں کی طرف توجہ کیجئے اور پھر نذیر احمد کی تصانیف پر غور کیجئے۔ کتنا فرق معلوم ہوتا ہے۔ لیکن انہوں نے یہ غلطی ضرور کی کہ ہر موقعہ پر اپنے افسانہ کے اغراض و مقاصد کو شروع میں ہی ظاہر کر دیا۔ جس سے دلچسپی میں بہت کمی واقع ہو گئی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ انہوں نے ترقی یافتہ ناول کے اصول و قواعد اور دوسری زبانوں کے اچھے ناولوں کا مطالعہ نہیں کیا تھا۔ ورنہ وہ عمدہ معاشرتی ناول لکھ سکتے۔ کیونکہ انہیں قدرت نے حقیقت نگار بنایا تھا ؛

جہاں تک ان کے پلاٹ اور ترتیب کا تعلق ہے۔ ان میں کوئی خاص غرابت نہیں۔ اکثر قصّوں کے پلاٹ بہت مختصر ہوتے ہیں۔ وہ اپنے پلاٹ کا خلاصہ شروع ہی کے دو تین ابواب میں بتا دیتے ہیں۔ اور اپنی سیرتوں کے کردار بھی تفصیل سے بیان کر دیتے ہیں۔ ان کے ناول چونکہ ایک خاص موعظتی مقصد (didactic purpose) کے لئے لکھے گئے ہیں۔ اس لئے غرض تصنیف بھی شروع ہی سے معلوم ہو جاتی ہے ؛

---

[1] Wilson Follett: Modern Novel (1918), P. 123.

نذیر احمد کی قوت مشاہدہ اور جزئیات پر عبور بھی کافی تسلی بخش ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ ان کی قوت انتخاب بہت کمزور ہے۔ وہ اپنے کیرکٹروں کی زبان سے ہر بات خواہ مخواہ کہلوانا چاہتے ہیں۔ ان کی گفتگوئیں طولانی، خشک اور بعض دفعہ بے موقعہ ہوتی ہیں۔

ان کے قصوں کی ترتیب بھی فنی لحاظ سے ناقص ہے۔ وہ دراصل انگریزی ناول کے اس دور کے آدمیوں سے مشابہ ہیں جو بوجہ قوت تخلیق کی افراط کے اظہار وتبیین کی طرف زیادہ توجہ دیتے تھے۔ اور form کی طرف توجہ زیادہ نہ ہوتی تھی ان لوگوں کا آرٹ کمزور لیکن تخلیق کی قوت مضبوط تھی۔ نذیر احمد بھی اپنے عندیہ کا اظہار ضرور کرنا چاہتے ہیں۔ اور پورا پورا کرنا چاہتے ہیں۔ خواہ اس میں آرٹ مجروح ہو جائے۔

غرض یہ ہے۔ کہ ہم نذیر احمد کے قصوں کو متشددانہ تنقید کی نظر سے دیکھنے سے معذور ہیں۔ کیونکہ ان کے تمام نقائص اسی ایک خرابی میں پنہاں ہو جاتے ہیں۔ کہ انکے ناول، موعظتی تھے۔ اور ان کا مقصد جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ یہ نہ تھا۔ کہ اس کے ذریعے حیات انسانی کا صحیح عکس یا صحیح نقل (مطابق اصل) پیش کی جائے۔ بلکہ وہ درحقیقت اپنے دور کی مخصوص ذہنیت (سرسید کے پیدا کئے ہوئے جذبہ احیا و اصلاح) کے مطابق ایک ریفارمر اور مبلغ تھے۔ جنہوں نے کہانی کو ایک اچھا ذریعہ تبلیغ خیال کرتے ہوئے اسے خدمت عوام میں صرف کیا۔

نذیر احمد کن خاص خیالات و تصورات کے حامل تھے؟ وہ کون سے خاص نظریے تھے۔ جن کو وہ اپنے ناولوں کے ذریعے پھیلانا چاہتے تھے۔؟ اس کا جواب مختصراً یہی ہے۔ کہ ان کا تصور، ان کا مطمح نظر، ان کی مذہبی اور سیاسی ذہنیت تقریباً وہی تھی۔ جو زیر بحث زمانے میں اکثر اکابر اور اہل علم و ادب کی بن چکی تھی اور جس کا ذکر گذشتہ اوراق میں بارہا آچکا ہے۔

ان کا نظریہ تعلیم وہی ازمنہ متوسط کا نظریہ تھا۔ بچوں کی تربیت کے سلسلے میں وہ اکبری کی اکثر خرابیوں کا ذمہ دار اس کی ابتدائی سوء تربیت کو بتلاتے ہیں۔ نصوح کا بڑا لڑکا کلیم اور بڑی لڑکی نعیمہ بھی اسی لئے بڑی عمر میں ناقابل اصلاح ہو جاتے ہیں۔ کہ ان کو شروع میں اچھی طرح پڑھایا نہیں گیا۔

اس سلسلے میں نذیر احمد بچپن کی عمدہ اور نیک سوسائٹی اور صحبت پر بہت زور دیتے ہیں۔ اکبری اور اصغری میں یہ فرق اس لئے پیدا ہوا۔ کہ دونوں کی ابتدائی سوسائٹی مختلف رنگ کی تھی۔ اکبری کی سہیلیاں اراذل کی بیٹیاں تھیں۔ اور اصغری کی ہمجولیاں نیک معاش! نذیر احمد جس تربیت کے ماحول کو ناپسند کرتے ہیں۔ وہ وہ تھا۔ جو نصوح کے گھر میں خواب سے پہلے موجود تھا۔ اور جس کو پسند کرتے ہیں۔ اس کا نقشہ وہ ہے۔ جو نصوح کے خواب کے بعد اس کے گھر میں پیدا ہوا۔

میاں نصوح جب خواب کے بعد اپنے بچوں کی تربیت نئے خیال کے مطابق کرنا چاہتے ہیں۔ تو گھر کو آرٹ اور اس کے آثار تک سے خالی کر دیتے ہیں میاں کلیم کے سامان تفریح کو توڑ دیا جاتا ہے۔ ان کے البم پھاڑ دیئے جاتے ہیں کتابیں جلا دی جاتی ہیں بلکہ تعلیم و تربیت میں اخلاق پر اتنا اصرار ہے۔ کہ شیخ سعدی کی گلستان کے صفحوں کے صفحوں پر سادہ کاغذ لگا دیا جاتا ہے۔ اور بقول فہمیدہ "خوب اچھی طرح یاد ہے۔ چوتھائی کتاب سے کم تو نہ کٹی ہوگی"

مولانا کا دین کیا ہے؟ اصلاح معاد اور اصلاح معاش! ان کے نزدیک ایک مکمل دیندار کی تعریف یہ ہے۔ "جو شخص غصے کو پی جائے، انتقام نہ لے، جھوٹ نہ بولے، غیبت نہ کرے، حریص و طامع نہ ہو، جابر اور سخت گیر نہ ہو، ممسک و بخیل نہ ہو، مغرور و متکبر

نہ ہو۔ وغیرہ وغیرہ"۔ غرض اس کے اندر تمام صفاتِ ملکی موجود ہوں۔ حجۃ الاسلام نے ابن الوقت کے سامنے ایک دیندار کی جو تعریف کی ہے۔ وہی نذیر احمد کا نظریہ دینداری ہے ؛

اس صدی کے مخصوص سیاسی تعلیمی اور معاشری تصورات میں نذیر احمد بعض اوقات سرسید کے ہم خیال نظر آتے ہیں بعض اوقات مخالف! ابن الوقت کے بھیس میں انگریزی لباس پر جو لے دے کی ہے یا سید صادق کے خطوں میں علیگڈھ کالج کے غیر اسلامی ماحول کا جو نقشہ کھینچا ہے۔ وہ سرسید مرحوم کے افراط اور توغل کیخلاف ایک اظہارِ ناراضگی ہے۔ نذیر احمد سیاسیات میں سرسید کے پورے پورے مداح معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن مغربی معاشرت سے انہیں بہت بُعد ہے۔ نذیر احمد نے بہت سا حصہ تعلیمی نظریوں کی تشریح میں صرف کیا ہے۔ لیکن گمان غالب ہے۔ کہ موجودہ دور میں ان میں کافی قدامت کا رنگ نظر آئے گا۔ کیونکہ وہ عورتوں کو جس قسم کی تعلیم دینا چاہتے ہیں۔ اس کے لئے وقت اب سازگار نہیں رہا اور ماحول خود اس کے منافی ہے ؛

نذیر احمد نے توبۃ النصوح اور ابن الوقت میں جو تصویریں اور مناظر کھینچے ہیں، وہ اُردو ادب میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ لیکن مولانا کو جس درجہ عبور زنانہ زندگی کے مظاہر پر ہے اس کا مقابلہ کوئی اور نہیں کرسکتا۔ عورتوں کی آپس کی رنجشیں، چشمکیں، لین دین، رشک وحسد وغیرہ کو بہت اچھی طرح پیش کیا ہے ؛

لیکن عجیب بات ہے۔ اگرچہ چنداں تعجب نہ ہونا چاہیئے۔ کہ نذیر احمد نے عشق و محبت کے جذبہ عالیہ کو مطلق مستحق اعتنا نہیں خیال کیا ممکن ہے اس کی وجہ یہ ہو۔ کہ مولانا کا اس کوچہ میں گذر ہی نہ تھا۔ یا شاید یہ ہو۔ کہ زمانہ کے خیال کے مطابق ان کے نزدیک یہ خلاف تہذیب ہو۔ بہرحال اُن کی ہیروئن سیرتیں مقدس اور جذبۂ محبت سے خالی ہیں اکلے حجرۂ دل تک عشق کا گذر ہی نہیں ہوسکتا۔ اصغری، فہمیدہ اور دیگر زنانہ سیرتیں اس چنگاری کے نہ ہونے کی وجہ سے کتنی بے سوز معلوم ہوتی ہیں باقی رہی صالحہ سو وہ تو

پہلے ہی سے کشف و کرامت کے میدان میں تھیں ؛

الاعشی ۱۵ : ۶۹ ،

المحطم القیسی ۱۱ : ۳۷۰ (؟) ، [یہی شعر ۱۲ : ۳۲ پر المحطم القیسی کی جانب منسوب ہے ، دونوں نام مشابہ ہیں]

الحنفیۃ ۱۱ : ۳۳۲ (؟) ؛ (حنظلۃ بن مصبح کے بعد لکھیں)

خرنق ۱۱ : ۳۳۲ (؟) ،

ابو دُجانۃ سماک بن خَرشۃ ۱۴ : ۱۲۷ (؟) ، (الدبیری کے بعد لکھیں) ؛

رؤبۃ ۱۲ : ۲۶۰ ،

رَبیبان بن عنترۃ المغنی ۱۴ : ۸۹ (؟) ، (ریّان بن حَوَیص کے بعد لکھیں) ؛

الزفیان ۱۱ : ۳۴۴ ،

سماک بن خَرشۃ ـــــ ملاحظہ ہو ابو دُجانۃ (ابن سماعۃ الذھلی کے بعد لکھیں) ؛

شافع اللیثی ۱۴ : ۲۷۱، (شاس بن نہار کے بعد لکھیں)،
شقیق بن جزء بن ریاح الباھلی ۱۲ : ۲۰۱ (؟)، (شقران السلامی کے بعد لکھنا چاہیئے)،
عاتد بن سعد العَنْبَرِیّ ۱۵ : ۲۴۷، (فہرست ہذا ص۹۴ دوسری سطر کے بعد لکھیں)،
عدی بن زید ۱۵ : ۳۸۸،
عمر بن ابی ربیعۃ ۱۶ : ۶ (؟)،
عوف بن الخرع ۱۱ : ۳۵۰ (؟)،
الفرزدق ۱۲ : ۲۸۷،
اللعین المنقری ۱۴ : ۱۶۵،
فہرست اسماء شعراء ص۸۲ سطر ۱۰، ۲۷۵، ۱۲۱، کی بجائے ۷۵، ۱۱۱، پڑھنا چاہیئے۔

عبد القیوم

---

5. Analytical Indices of the Kitab al-Ikd al-Farid of Ahmad B. Muhammad B. 'Abd Rabbihi (based on the Cairo edn. A H. 1321). Prepared by Principal Mohammad Shafi M. A., Panjab University Oriental College, Lahore.

Index I — Names of Poets cited in the work.
Index II — Rythmes.
Index III — Names of Persons, Tribes etc
Index IV — Names of Places.

With a conspectus of the pagination of the contents in the various editions of the 'Ikd. Vol. I. Size 22x29. Pages lxxiii + 1044. Printed at the Baptist Mission Press, Calcutta, 1935. Price: Rs. 26-0-0. Vol. II Printed at the same Press in 1937 Pages xxiv + 212 Size 22x29 Price Rs. 6-8-0

6. Life and Works of Amir Khusrau by Dr. Mohammad Wahid Mirza M. A. (Panjab), Ph. D. (London), Professor of Arabic in the Lucknow University. Pages VI + 262 Size 20x26. Printed in 1935. Price Rs. 4-0-0 or 6 Shillings.

Under Preparation.

Letters of Rashid ud-Din Fadlullah. Persian text and abridged translation, by Principal Mohammad Shafi M.A. (Cantab.)

Please apply to the Sale Agents :—

1. Messrs. LUZAC & Co.
46, Great Russell Street,
LONDON, W.C.I.

2. Messrs. MOTILAL BANARSI DASS
Oriental Booksellers,
Saidmitha. LAHORE.

PANJAB UNIVERSITY ORIENTAL PUBLICATIONS.

ARABIC, PERSIAN, AND URDU SECTION

1. Iqlid al-Khizana or Index of the titles of works referred to or quoted by 'Abdul Qadir al-Baghdadi in his **Khizanat al-Adab.** Prepared by M. 'Abd-al-'Aziz Maiman, Lecturer in the Muslim University, Aligarh. Printed in Lahore, 1927. Pp. 19+130. Size 20x26. Price : paper cover, Rs. 1-0-6, bound 1-5-0.

2. Majmua-i-Naghz or the **Tadhkira-i-Shuara-i-Urdu** (in Persian) by Mir Qudratullah Qasim. Edited by H. M. Shairani, Lecturer in Urdu in the Panjab University, from the author's autograph copy. Two volumes in one. Lithographed. Printed in 1933. Pp. 47+456. Size 20x30. Price : unbound Rs. 3-6-0. bound, Rs. 3-12-0.

3. Tatimmat Siwan al-Hikma or **Akhbar al-Hukama'** of **'Ali b. Zaid al-Baihaqi** (d. 565 A. H.). Arabic Text and the Persian version with copious notes and full indices. Edited by Principal Mohammad Shafi, M. A. (Cantab), Panjab University Oriental College, Lahore, from Berlin, Istambol and Lahore Mss. Printed in Lahore. 1935. (in 2 pts) Pp. 17+359 and 134. Size 20x26. Price Rs. 6-12-0. Part 3 (Introduction) still to appear.

4. Akhbar al-Dawlat al-Saljukiya also known as Zubdat al-Tawarikh. Edited by Dr. Mohammad Iqbal M.A., Ph. D (Cantab), Professor of Persian, Panjab University. The text is based on the unique copy in the British Museum Printed in Lahore, 1933. Pages viii+228. Size 20x26. Price: cloth bound Rs 4-5-0; paper cover Rs. 3-12-0.

اگست سنہ ۱۹۳۸ء

ضمیمہ

اورینٹل کالج میگزین

منجانب

عربک اینڈ پرشین سوسائٹی

پنجاب یونیورسٹی

لاہور

نوٹ: ضمیمہ صرف عربک پرشین سوسائٹی کے ممبروں میں تقسیم ہوتا ہے

فہرست مضامین

ضمیمہ اگست ۱۹۳۸ء

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	عضد الدولہ دیلمی ———	عمر احمد عثمانی تھانوی —	۳
۲	مطلع السعدین ——— (سلسلے کے لئے دیکھو اورینٹل کالج میگزین بابت مئی ۱۹۳۸ء)	ایڈیٹر ———	۲۴۱

نوٹ

یہ مقالہ ایک مستقل تصنیف "سیرت عضد الدولہ" کا اجمالی خاکہ ہے ۔ اس مقالہ میں حتی الامکان تفصیلات میں جانے سے احتراز کیا گیا ہے تمام مفصل حالات اصل کتاب میں موجود ہیں جو امید ہے کہ کسی وقت ناظرین کے سامنے پیش کی جا سکے گی ۔

عمر احمد عثمانی

گلابی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں بالاہتمام بابو نظام الدین پرنٹر طبع ہوا اور بابو صدیق احمد خاں آفیسر نیشنل کالج لاہور سے شائع کیا۔

عضدالدّولہ دیلمی

دیباچہ | یہ مقالہ چوتھی صدی ہجری سے متعلق ہے۔ جبکہ خلافتِ عباسیہ اپنے انتہائی ضعف و اضمحلال کو پہنچ چکی تھی۔ وہ ایک ظریفہ خوار خلیفہ اور صرف مذہبی رئیس کی حیثیت سے قابلِ احترام ضرور تھے۔ مگر حکومت میں ان کا کوئی حصہ نہ تھا۔

بنو بویہہ سے پہلے بغداد اور اس کے آس پاس کے معدودے چند شہروں پر بنو عباس کا قبضہ تھا۔ وہ بھی اس لئے نہیں کہ یہاں کچھ قابلِ قدر استحکامات تھے۔ بلکہ خلفاء کا مذہبی احترام لوگوں کو اس علاقہ پر تاخت و تاراج کرنے سے مانع تھا۔ مگر چوتھی صدی کے آغاز میں یہ پردہ بھی بنو بویہہ کے ہاتوں چاک ہوگیا۔

ابتداءً بنو عباس کا رسوخ و غلبہ خود آپ ہی اپنی نظیر تھا مگر ہر کمالے را زوالے ان خلفاء پر ایک وقت وہ بھی آیا۔ جبکہ وہ اپنا پیٹ پالنے اور تن ڈھانپنے کے لئے دوسروں کے دست نگر تھے۔ اس دوسرے دور کا آغاز اسی زمانہ سے ہوتا ہے۔ جبکہ بنی بویہہ نے بغداد و حوالی بغداد پر بھی اپنا پرچم لہرا دیا۔ بنو بویہہ ایک دیلمی شخص ابوشجاع بویہہ نامی کی اولاد سے ہیں۔ جو ابتداءً نہایت تنگدستی اور عسرت کے ساتھ بسر اوقات کرتے تھے۔ کھانے پہننے کو روٹی کپڑا تک بمشکل میسّر آتا تھا۔

مگر ؎ خدا کی دین کا موسےٰ سے پوچھیئے احوال
کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے

تھوڑے ہی عرصہ میں یہ لوگ سلطنتوں کے بانی اور حکومتوں کے بادشاہ تھے۔ یوں تو اس خاندان کا ہر فرد بجائے خود شجاعت اور بہادری کا پُتلا۔ تدبّر و سیاست کا مخزن تھا۔ مگر ان میں بھی جو خصوصی امتیاز عضدالدولہ کے حصہ میں آیا۔

وہ کسی دوسرے کو حاصل نہیں ہو سکا۔ چنانچہ یہی عضدالدولہ اس تالیف کا ہیرو ہے ؛

عضدالدولہ کے خاندانی تعلقات | عضدالدولہ سلاطین دیلم میں سے ایک بادشاہ ہے۔ یہ رکن الدولہ کا جو بلاد جبل اور رے پر حکمران تھا بڑا لڑکا اور عمادالدولہ شاہِ فارس اور معزالدولہ شاہ عراق کا بھتیجا ہے۔ یا بالفاظِ دیگر عزالدولہ بختیار ابن معزالدولہ شاہ عراق کا چچازاد بھائی ہے ؛

نام و نسب و ولادت | فناخسرو نام۔ ابوشجاع کنیت۔ عضدالدولہ اور تاج الملۃ لقب۔ باپ کا نام ابوعلی حسن رکن الدولہ تھا ؛

سلسلۂ نسب حسب ذیل ہے :۔ فناخسرو، ابن حسن، ابن ابی شجاع بویہ بن فناخسرو، ابن تمام، بن کوہی، بن شیرزیل الاصغر، بن شیرکوہ، بن شیرزیل الاکبر، ابن شیران شاہ، بن شیرفنہ، بن شستان شاہ، بن سسن فرو، بن شروذیل، ابن سنان، بن بہرام گور، بن یزدگرد، بن ہرمز کرمانشاہ، بن شاپور شہنشاہ ؛

بیرونی کا بیان ہے کہ یہ نسب بعد تحصیل سلطنت کے ظاہر ہوا ورنہ پہلے نہ ان لوگوں میں حفاظت نسب کا خیال تھا اور نہ ہی ان کا کوئی نسب مشہور تھا ؛

کسی مورخ نے عضدالدولہ کی تاریخ پیدائش کا تذکرہ نہیں کیا۔ ابن خلکان نے اتنا لکھا ہے۔ کہ عضدالدولہ کا انتقال ستینتالیس سال۔ گیارہ ماہ۔ تین روز کی عمر میں ۸ شوال ۳۷۲ھ کو ہوا۔ اس حساب سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ غالباً اس کی پیدائش ۵ ذیقعدہ ۳۲۴ھ کو ہوئی ہوگی ؛

عمادالدولہ اور فناخسرو | عمادالدولہ علی بن بویہ (حکمران فارس) نے بقضاء الٰہی ۳۳۸ھ میں بمقام اصطخر انتقال کیا۔ وہ چونکہ لاولد تھا اس لئے اپنے بھتیجے فناخسرو ابن رکن الدولہ کو اپنا جانشین بنا گیا۔ جو عضدالدولہ کے لقب سے مشہور ہوا۔ ۳۳۶ھ کے بعد جبکہ فارس میں عمادالدولہ کا اور عراق عرب میں

معز الدولہ کا انتقال ہوچکا تھا۔ دولت بویہیہ کی حسب ذیل شکل تھی :۔

امیر الامراء رکن الدولہ ——— بلادِ جبل و رَے پر

عضد الدولہ فناخسرو بن رکن الدولہ ——— بلادِ فارس پر

عز الدولہ بختیار ابن معز الدولہ ——— بلادِ عراق پر

عضد الدولہ کی تعلیم و تربیت

اس کی فوجی قابلیت کے متعلق تو کچھ کہنا ہی لاحاصل ہے اس کی روز افزوں فتوحات اس کی اولوالعزمی اور بہادری کا کھلا ہُوا ثبوت ہیں۔ مگر عضد الدولہ کی علمی تربیت کے متعلق کسی مؤرخ نے کچھ بیان نہیں کیا۔ تاہم منتشر طور پر جو کچھ ثبوت مل سکا ہے اس کے پیشِ نظر بڑی آسانی سے یہ دعوےٰ کیا جا سکتا ہے۔ کہ اس کی علمی تربیت اعلیٰ پیمانہ پر کی گئی تھی۔ مثلاً عضد الدولہ کا وہ خط جو اس نے افتکین والیِ دمشق کو ان الفاظ میں لکھا :۔

قد غرك عزك فصار	تجھے تیری قوت اور غلبہ نے غرور میں ڈالدیا ہے چنانچہ وہ
قصار ذلك ذلّك فاخش	ناتوانی سے بدل گئی یہی بات تیری کمزوری کی ہے۔ تو
فاخش فعلك فعلّك	اپنے شرمناک فعل سے ڈرتا رہ کہیں اس کی وجہ سے
بهذا تهدا	تو منہ کے بل نہ گر پڑے ۔

اگر نقطوں کا فرق نظر انداز کر دیا جائے تو اس تحریر کے ہر دو حرف قطعاً ہم شکل ہیں۔ جو بدون خاص غور و خوض کے ممتاز نہیں ہو سکتے۔ نیز بدون خاص اہلیت و قابلیت کے لکھے بھی نہیں جا سکتے۔ یا اُس کے وہ اشعار جو مختلف مؤرخین نے نقل کئے ہیں۔ ملاحظہ ہوں :۔

لیس شرب الکاس الا فی المطر وغناء من جوار فی السحر

(شراب نوشی کا لطف بارش ہی میں ہے جو علی الصباح حسین و جمیل باندیوں کے گانے کے ہمراہ ہو)

غانیات سالبات للنہی ناغمات فی تضاعیف الوتر

(جو انتہائی حسین ہوش وحواس سلب کرنے والی اور ساز کے ساتھ گانے والی ہوں)

مبرزات الکاس من مطلعہا ساقیات الراح من فاق البشر

(شراب کے پیالوں کو منظر عام پر لانے والی اور ایسے شخص کو جو تمام انسانوں سے بالا ہے شراب پلانے والی ہوں)

عضد الدولۃ وابن رکنہا ملک الاملاک غلاب القدر

(جو دولت کا بازو (عضد الدولہ) اور اس کے رکن (رکن الدولہ) کا بیٹا بادشاہوں کا بادشاہ اور تقدیروں پر غالب آنے والا ہے)

ابو منصور ثعالبیؒ نے ان کے بعد دو اشعار کا اور اضافہ کیا ہے جو حسب ذیل ہیں:-

سھل اللہ لہ بغیتہ فی ملوک الارض ما دار القمر

(زمین کے بادشاہوں میں خدا اس کے مقاصد کو آسان کر دے جبتک چاند گردش کرتا رہے)

واراہ الخیر فی اولادہ یسوس الملک منہ بالغرر

(اور اولاد کے بارہ میں اس کو بھلائی دکھائے تاکہ عمدہ لوگوں کے ساتھ ملک کا انتظام کیا جاسکے)

یا ابو تغلب کی درخواستِ امان پر اس نے جو یہ اشعار کہے:-

أ افاق حین دطئت ضیق خناقہ یبغی الامان وکان یبغی صارما

(کیا اب ہوش آیا جب میں اسکے لئے تنگ پھندا تیار کر چکا۔ اب امان چاہتا ہے۔ پہلے تو تلوار چاہا کرتا تھا)

فلادرکن عزیمۃ عضدیۃ تاجیۃ تدع الانوف رواغما

(میں عضدی اور تاجی ارادہ کے ساتھ سوار ہوں گا۔ جو بڑی بڑی ناکوں کو خاک آلود کر دے گی)

یا ایک مرتبہ جب کہ عضد الدولہ کے ساتھ ایک مدعی شاعریت بھی دسترخوان پر موجود تھا اور ربہطہ (ایک قسم کا کھانا ہے جس میں چاولوں کو دودھ اور گھی کے ساتھ پکاتے ہیں) پیش کیا گیا۔ تو عضد الدولہ نے اول اس مدعی کی طرف اشارہ کیا مگر جب وہ بغلیں جھانکنے لگا تو خود فی البدیہہ کہا تھا:-

بھطۃ تعجز عن وصفہا یا مدعی الاوصاف بالزور

(اے اوصاف کے جھوٹے مدعی یہ بسط ہے جس کی تعریف سے تم عاجز رہ گئے)

كانها في الجام مجلوّة　　لآلئ في ماء كافور

(وہ پیالے میں ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا نمایش کیلئے کچھ موتی کافور کے پانی میں ڈالدیئے گئے ہیں)

اسی طرح اس کے یہ اشعار :-

طلبت لي الصبوح مع الصباح　　و شرب الراح والغرر الملاح

(میں اپنے لئے شراب نوشی اور حسین وجمیل مہ جبینوں کے ہمراہ علی الصبح دودھ طلب کرتا ہوں)

وكان الثلج كالكافور نثرا　　ونار عند تاريج وراح

(جبکہ برف کافور کی طرح پھیلا ہوا اور پھولوں کی مہک اور شراب کے قریب ہی آگ روشن ہو (یعنی سردی کا موسم ہو)

فمشموم ومشروب ونار　　و صبح والصبوح مع الصباح

(تو سونگھنے کی چیز (خوشبو) اور پینے کی (شراب) اور آگ اور صبح اور صبح کا دودھ (جس میں شراب ملائی جائے) اور حسین چہرے)

لهيب في لهيب في لهيب　　صباح في صباح في صباح

(آگ (حسن) ہو آگ (شراب) میں آگ میں صبح (جمال) ہو صبح (صبوحی دودھ اور شراب) میں صبح میں)

یا درخت خیری کی تعریف میں جو اس نے یہ اشعار کہے :-

يا طيب دائمة من نفحة الخيري　　اذا تمزق جلباب الدياجير

(اے درخت خیری کی مہک سے بہترین خوشبو! جبکہ ظلمتوں کا پردہ چاک ہو جائے)

كانما رش بالماورد او عبقت　　فيه دواخن ند عند تبخير

گویا عرق گلاب چھڑکا گیا ہے یا عنبر کی لپٹیں دھونی دیتے وقت منتشر ہو رہی ہیں)

كان اوراقه في القد احنحة　　صفر وحمر وبيض من دنانير

شاخوں پر اسکے پتے ایسے ہیں گویا دیناروں کے برابر کے کسی پرندہ کے زرد سرخ اور سفید پر ہیں
یا اس کے حسب ذیل شعر جو خلیفہ المطیع للہ کا ایک شعر سن کر اسی زمین میں کہے تھے ؛

نحن قوم نحفظ العهد علی بُعد المزار

(ہم ایسے لوگ ہیں جو طول فراق کے باوجود بھی عہد و پیمان کو محفوظ رکھتے ہیں)

ونُمِرُّ السُّحْبَ سَحْبًا من اَکُفٍّ کالبحار

ہم بادلوں کو ایسی ہتھیلیوں سے کھینچ کر روانہ کر دیتے ہیں جو دریاؤں کی طرح ہیں

ابدًا نُنجز للضیف قدورًا من نُضار۔

(ہم مہمانوں سے ہمیشہ ایفاء عہد کرتے ہیں سونے چاندی کی ہانڈیوں کے ساتھ)

غرض اس کے مندرجہ بالا اشعار وغیرہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کو عربیت کی باقاعدہ تعلیم دی گئی تھی۔ اس کے دربار میں بھی اچھے اچھے شاعروں کا مجمع رہتا تھا جس سے اس کا ذوق شعری ترقی پذیر رہتا تھا درباری شعراء میں عرب کا مشہور و معروف مغرور شاعر متنبی خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ اس کے علاوہ محمد بن عبداللہ سلامی جو بقول ابن خلکان شعراء عراق کے لئے بمنزلہ آنکھ کے تھے اور قاضی محسن تنوخی بھی خاص طور پر یاد رکھنے کے قابل ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ کہ عضدالدولہ کا دیوان بھی تھا۔ مگر افسوس ہے کہ اب وہ موجود نہیں ؛

علم نحو کی بھی اس نے ابو علی فارسی جیسے مشہور استاذ سے تحصیل کی تھی۔ اسی کے ساتھ علم نجوم اور علم زائچہ کا بھی اس کو شوق تھا۔ علم نجوم میں اس کا استاذ عبدالرحمٰن بن عمر صوفی تھا اور علم زائچہ میں شریف بن اعلم جو بجائے خود علم نجوم و زائچہ کے زبردست ستون تھے۔ حسب بیان ابن عبری عضدالدولہ ان حضرات کے تلمذ پر بجا طور پر فخر بھی کیا کرتا تھا ؛

علم اور علماء کا نہایت قدردان تھا۔ علمی مجلسوں ہی میں اس کے اوقات

زیادہ تر صرف ہوتے تھے۔ جعفر بن مکتفی باللہ سے جو نہایت بلند پایہ عالم تھا۔ خلیفہ کے خیال سے کہ اسے کوئی اندیشہ نہ ہو پوشیدہ طور پر بلا بلا کر ملتا اور گھنٹوں اس سے گفتگو میں کرتا۔ ایسے ہی ہر فاضل و عالم کی مناسب قدر افزائی کرتا رہتا تھا ؛

عضد الدولہ کا مذہب

دیلم کا علاقہ اگرچہ ابتدائے اسلام میں ہی فتح ہو چکا تھا۔ مگر نہ جانے کیوں حسن بن علی اطروش سے پہلے جو ۲۷۲ھ میں ان شہروں میں پہنچا اور تیرہ سال تک اس نے وہاں قیام کیا۔ کسی نے بھی باقاعدہ مذہبی تبلیغ و تلقین نہیں کی۔ حسن چونکہ خود شیعہ تھا اور اسی فرقہ کی وہاں تبلیغ کی گئی اس لئے قدرتاً یہ تمام لوگ مذہباً شیعہ تھے۔ مگر عضد الدولہ چونکہ کافی مدبر اور ہوشیار بھی تھا۔ اس لئے اس نے تعصب کو اپنے دل میں جگہ نہیں دی۔ وہ سنی۔ شیعہ فرقوں کا بلکہ دیگر مذاہب کا بھی برابر احترام کرتا تھا ؛

۳۶۳ھ کے بعد

پہلے آچکا ہے۔ کہ عماد الدولہ کے بعد ۳۳۸ھ میں عضد الدولہ فارس کا حکمران قرار پایا تھا۔ اس وقت اگرچہ اس کی عمر ۱۴۔ ۱۵ سال سے زائد نہ تھی۔ مگر یہ اس کی قابلیت کی دلیل ہے کہ ۳۶۳ھ تک نہایت کامیابی کے ساتھ فارس پر حکمرانی کرتا رہا۔ تعجب ہے کہ اس دوران میں کوئی قابل ذکر عظیم الشان بغاوت تک بھی نہ ہو سکی ؛

یہ علاقہ بہت وسیع تھا مگر عضد الدولہ کے بڑھتے ہوئے حوصلوں کے لئے یہ ناکافی ثابت ہوا۔ اس زمانہ میں بغداد و عراق کو پایہ تخت خلافت ہونے کی وجہ سے خاص اہمیت حاصل تھی۔ عضد الدولہ کو اس علاقہ پر عرصہ سے قبضہ کرنے کی تمنا تھی۔ مگر وہاں کا حکمران خود اسی کا چچا زاد بھائی عز الدولہ بختیار تھا اور رکن الدولہ کو اس کا بہت خیال تھا۔ اس لئے یہ مسئلہ لاینحل بنا ہوا تھا۔ مگر زمانہ کے اتفاقات بھی عجیب و غریب ہوتے ہیں۔ ملاحظہ ہو

عزالدولہ بختیار | دنیا کی سیاست وقت کے وقت بدل سکتی ہے اور بدلتی رہا کرتی ہے۔ عزالدولہ کے لئے بھی کچھ ایسی صورتیں پیش آگئیں۔ کہ اس کی فوج کا ایک حصہ یعنی ترک اس کے خلاف ہوگئے اور انہوں نے بغداد پر قبضہ کرلیا۔ بختیار نے ترکوں سے نبرد آزما ہونے کی خود میں قوت نہ پائی تو اس نے عضدالدولہ اور رکن الدولہ سے امداد کی درخواست کی۔ عضدالدولہ سمجھا کہ یہ اس کے خواب کی تعبیر ہے۔ وہ بختیار کی امداد کے لئے آیا۔ مگر اس کی نیت خراب تھی۔ ترکوں کے پنجے سے بغداد کو آزاد تو کرادیا۔ مگر خفیہ طور پر فوج سے پھر بغاوت کرادی اور پھر مشورہ دیا کہ بختیار فی الحال سلطنت سے دست بردار ہو جائے تو فتنہ فرو ہو جائے گا۔ بختیار اس مغالطہ میں آگیا۔ عضدالدولہ نے اس کے دست بردار ہوتے ہی اس کو گرفتار کرکے خود اپنی بادشاہت کا اعلان کردیا۔ مگر عضدالدولہ کی یہ چال کامیاب نہ ہوسکی۔ رکن الدولہ کو تمام حالات معلوم ہوئے تو اس نے نہایت ناراضگی اور غم وغصہ کا اظہار کیا اور دھمکی دی کہ بختیار کو اس کا ملک حوالے کرکے واپس چلے آؤ ورنہ تمہاری سرکوبی کے لئے میں خود آرہا ہوں۔ عضدالدولہ نے ہر ممکن تدبیر کی۔ باپ کے پاس وفد بھی بھیجا۔ لالچ بھی دیا۔ نرم وگرم ہر طرح کی گفتگو ئیں ہوئیں۔ مگر عضدالدولہ کی کوئی پیش نہ چلی۔ مجبوراً عضدالدولہ کو بختیار کا ملک واپس کرنا پڑا اور ۵ رشوال یوم جمعہ ۳۶۴ھ کو فارس کی طرف واپس چلا آیا۔

رکن الدولہ کا انتقال اور عضدالدولہ کا دوبارہ سفر عراق | بختیار کو ابھی چین لینا بھی نصیب نہ ہوا تھا کہ سنیچر کی شب ۱۸ رمحرم الحرام ۳۶۶ھ کو رکن الدولہ کا انتقال ہوگیا۔ اب تک عضدالدولہ کو باپ کا خوف دامنگیر تھا۔ مگر اب وہ بھی نہ رہا چنانچہ عضدالدولہ نے پھر عراق پر حملہ کیا۔ اور چند مقابلوں کے بعد وہ قابض ہوگیا۔ بختیار سے کئی موقعوں پر مقابلہ ہوا اور

ہر جگہ اسے شکست ہوئی۔ آخر تک عضد الدولہ اس سے درگذر اور چشم پوشی کرتا رہا۔ حتیٰ کہ واقعہ قصر الجص میں فوجی سرداروں کے اصرار پر عضد الدولہ کو بختیار کے قتل کا حکم دینا پڑا۔ اس کے بعد ابو تغلب اور فخر الدولہ کے قلعوں نیز دیار مضر کی تسخیر کا خیال پیدا ہوا۔ چنانچہ یہ تمام قلعے بھی کچھ عرصے میں فتح ہو گئے۔ اب عضد الدولہ کی سلطنت کافی وسیع ہو چکی تھی اور خلافت عباسیہ کے ضعف سے جو طوائف الملوکی کا بازار گرم ہو رہا تھا عضد الدولہ نے اس کا ایک بڑی حد تک انسداد کر دیا ؛

عضد الدولہ کے عام اخلاق | وہ نہایت عقلمند۔ فاضل۔ مدبر۔ سیاست دان صائب الرائے۔ فضائل کا فریفتہ۔ رذائل سے متنفر۔ سخی۔ فیاض منتظم۔ بہادر۔ جری اور بلند حوصلہ بادشاہ تھا۔ افسوس ہے کہ اس کی عمر نے اس کے ساتھ وفا نہ کی ورنہ وہ یقیناً تمام عالم اسلامی کو ایک سلک میں منسلک کر دیتا۔ اس کا یہ قول جس قدر مشہور ہے۔ اس سے زیادہ صحیح بھی ہے کہ "روئے زمین کا میدان دو بادشاہوں کی گنجایش نہیں رکھتا وہ تو اس سے کہیں تنگ ہے۔" لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کی طبیعت میں درشتی اور سختی بھی تھی۔ چھوٹے سے چھوٹے جرم پر بڑی سے بڑی سزائیں دینا اس کے ہاں ایک معمولی کھیل تھا ؛

عضد الدولہ کی سیاست | وہ سیاست اور سزا دینے کے معاملہ میں بہت سخت تھا۔ یہی وجہ تھی۔ کہ جتنا رعب و دبدبہ اس کا دور دور پھیلا ہوا تھا مشکل سے کسی بادشاہ کو نصیب ہوا ہوگا۔ اس کو رعب و دبدبہ قائم کرنے کا اس قدر اہتمام تھا۔ کہ دربار کے لئے نہایت ساز و سامان کے ساتھ بیٹھتا تھا۔ جبکہ چاروں طرف ننگی تلواروں کا پہرہ اور اطراف مجلس میں ہاتھی۔ شیر۔ چیتے وغیرہ جانور زنجیروں کے ساتھ بندھے ہوتے تھے ؛

قتل اس کے یہاں نہایت معمولی سزا تھی۔ جو تھوڑے سے جرم پر دی جا سکتی

تھی (۱) ایک ملاح خزانہ کی کشتیوں سے ایک جھاڑو لے لیتا ہے۔ تو اسی جھاڑو سے اس کا گلا گھونٹ کر مار دیا جاتا ہے اور دار پر لٹکا دیا جاتا ہے ۔

(۲) ایک غلام کسی زراعت پیشہ سے ایک تربوز چھین لیتا ہے۔ تو اس غلام کو کھڑا کر کے تلوار سے دو کر دیئے جاتے ہیں اور ہاتھی کے سامنے روندنے کے لئے ڈال دیا جاتا ہے ۔

(۳) کچھ سامان جو عضد الدولہ نے مکہ معظمہ کے لئے روانہ کیا تھا۔ راستہ میں ڈاکوؤں نے چھین لیا تو دوبارہ اس سے زیادہ سامان روانہ کرتا ہے۔ جس کے ساتھ زہر آلود حلوا بھی ہوتا ہے۔ یہ سامان پھر ڈاکوؤں کے ہاتھوں تک پہنچایا جاتا ہے اور تمام ڈاکو مع اپنے اہل وعیال اور مہمانوں کے اس حلوے سے ہلاک ہو جاتے ہیں

تمام ملک میں دیکھ بھال کے لئے آدمی مقرر تھے۔ کہ کوئی کسی پر زیادتی نہیں کرتا۔ اگر کوئی ایسا پایا جاتا تو اس کو سخت سے سخت سزا دی جاتی۔ اس کی سی آئی ڈی کا محکمہ اس قدر زبردست تھا کہ حیرت ہوتی ہے۔ اس زمانہ میں نقل وحرکت کی یہ آسانیاں جو آج ہیں میسّر نہ تھیں۔ مگر پھر بھی دور دراز کی معمولی معمولی باتیں بھی اس سے مخفی نہ رہتی تھیں۔ آپ کو حیرت ہوگی۔ کہ مکتبوں میں پڑھنے والے بچّوں سے جو فطرتاً بھولے ہوتے ہیں اور جنہیں جھوٹ بولنے کی تمیز بھی نہیں ہوتی۔ ان کے والدین اور بزرگوں کے پوشیدہ حالات معلوم کئے جاتے تھے۔ مکتبوں کے استاد صرف معلّم ہی نہ تھے بلکہ سی آئی ڈی کے سرگرم کارکن تھے جو عضد الدولہ کو برابر رپورٹیں دیتے رہتے تھے اور عضد الدولہ کی یہ سیاست صرف اپنے ہی مقبوضہ ممالک تک محدود نہ تھی۔ بلکہ دیگر آزاد ممالک تک بھی اس کا دُور دُور جال پھیلا ہوا تھا ۔

قوانین کی مراعات | ملکی قوانین و قواعد کی پابندی کا اسے بہت خیال رہتا تھا

کسی بڑی سے بڑی سفارش کے باوجود بھی اس سے روگردانی ممکن نہ تھی۔ حکومت ایسے ہی لوگوں کو عطا کرتا جو اس کے اہل ہوں۔ کمزور نہ ہوں اور پھر ہر حاکم کو اپنے محکمہ میں آزاد چھوڑتا۔ کسی قسم کی دخل در معقولات کو پسند نہ کرتا تھا۔ ابوالعباس نے چاہا۔ کہ اس کے لڑکے محمد کو گواہی کا اہل قرار دیا جاوے۔ ابوزہیر نے ہر چند کوشش کی مگر عضد الدولہ نے ایک نہ مانی اور کہا کہ اس کا تعلق قاضی سے ہے۔ ہم اس میں کیسے دخل دے سکتے ہیں۔ حالانکہ ابوزہیر بہت ہی مقرب عامل تھا۔

معمولی امور کی طرف توجہ معمولی امور کو عام طور پر یوں ہی نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ معمولی امور ہی بسا اوقات بڑے بڑے فتنوں کا پیش خیمہ ہوا کرتے ہیں۔ عضد الدولہ ان معمولی امور کا انتظام بھی ایسے ہی کرتا تھا۔ جیسے عظیم الشان معاملات کا ؛

(۱) وہ چاہا کرتا تھا کہ ملازمین کی تنخواہیں مہینہ ختم ہونے سے تین روز پہلے دے دی جایا کریں کہ اس سے ملازمین خوش رہیں گے اور یہ ہمارا ان پر احسان ہوگا اور اگر تنخواہ وقت کے بعد دی جائے گی تو انہیں تقاضہ کرنے کی جرأت ہوگی آہستہ آہستہ ان کی زبانیں دراز ہو جائیں گی اور پھر اس سے وہ وہ فتنے پیدا ہونگے جن کی روک تھام مشکل ہو جائے ؛

(۲) طغان حاجب نے جبکہ وہ باہر کسی سرحد پر گیا ہوا تھا اپنے راشن میں کچھ زیادتی چاہی تو اس کی درخواست مسترد کر دی۔ البتہ پانچ ہزار درہم اس کے عوض میں دے دیئے اور کہا کہ اگر تمہاری درخواست منظور کر لی جائے تو پھر سب اس قسم کی درخواستیں کریں گے اور پھر ہمارے لئے بہت مشکل ہو جائے گی ؛

حسن تدبیر حکام و عمال بھی آخر انسان ہوتے ہیں۔ ان سے بھی خطائیں اور غلطیاں ہوتی ہیں۔ جب رعایا بادشاہ کے دربار میں کسی حاکم کی شکایت اور فریاد

کرتی ہے۔ تو بادشاہ کو دوگونہ مشکلات درپیش ہوتی ہیں ؛

(۱) فریادرسی نہ کرے تو حکام کو جری کرتا ہے۔ کہ وہ خوب ظلم کیا کریں ؛

(۲) فریادرسی کرے تو حکام کے وقار کو صدمہ پہنچتا ہے۔ حالانکہ حکومت نام ہے۔ ان ہی حکام کی ہیئت ترکیبیہ کا ؛

یہ موقعہ اس قدر نازک ہوتا ہے کہ اس سے عہدہ برآ ہونا ہر کس و ناکس کا کام نہیں ہوتا۔ چنانچہ عام طور پر حکومتیں حکام کی طرفداری اور ان کے ظلم کی پردہ پوشی کیا کرتی ہیں ؛

عضدالدولہ نے ایسے اہم معاملات میں بھی ہمارے لئے اپنے عمل سے ایک بہترین سبق آموز مثال قائم کی ہے۔ ابوزہیر اسفار جو عضدالدولہ کا ایک عامل تھا۔ اس نے ایک دہقانی سے روپیہ وصول کرنے میں زیادتی سے کام لیا۔ دہقانی نے عضدالدولہ کے پاس استغاثہ کیا۔ عضدالدولہ اس کی درخواست کی پشت پر لکھتا ہے :۔ ہمارا بھائی ابوزہیر اس قسم کے ظلم کرنے سے کہیں بالاتر ہے۔ لہٰذا معلوم ہوتا ہے۔ کہ دعوےٰ باطل ہے"۔ اور حکم دیا گیا کہ یہ درخواست اسفار کے پاس لے جاؤ۔ اسفار نے پڑھا اور فوراً اس کے ساتھ انصاف کیا۔ کیونکہ عضدالدولہ نے اپنے اس جواب سے اسفار کو متنبہ کر دیا۔ کہ اگر تم نے ایسا کیا ہے تو یہ ظلم ہے اور نیز یہ واقعہ ہمارے کانوں تک پہنچ چکا ہے۔ اسفار نے یقیناً ایسا کیا تھا۔ اس لئے اس کو فوراً اس کی تلافی کرنا پڑی۔ مگر کیا اس دہقانی کے قلب سے اسفار کا رعب و دبدبہ کچھ کم ہو گیا۔ نہیں۔ بلکہ اگر غور کیا جائے تو اور بڑھ گیا ؛

ایسے ہی ایک شخص کے ذمہ تین ہزار چھ سو درہم واجب الادا تھے۔ زراعت وغیرہ میں اس کو نقصان رہا اور وہ ادا نہیں کر سکا۔ ابوزہیر نے قید میں ڈال دیا سات مہینہ کے بعد ایک روز موقعہ پا کر وہ قید خانہ سے بھاگ کر سیدھا عضدالدولہ

کے پاس پہنچا اور فریاد کی۔ عضد الدولہ نے حکم دیا کہ تم واپس ابوزہیر ہی کے پاس جاؤ اور اس سے کہنا کہ میں بادشاہ کے پاس گیا تھا اور انہوں نے حکم دیا ہے کہ میں پھر تمہارے پاس ہی واپس جاؤں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور ابوزہیر کو معلوم ہونے پر فوراً رہا کرنا پڑا بلکہ اور اپنے پاس سے سو درہم بھی دینا پڑے ۔

ایک جانب عمّال وحکّام پر عضد الدولہ کا اس قدر رعب قائم تھا کہ ان کو اس کی اطلاع ہو جانا ہی کافی ہوتا تھا کہ فلاں واقعہ عضد الدولہ کے کانوں تک پہنچ گیا ہے اور دوسری جانب رعایا کا بظاہر کوئی پارٹ نہ لیا جاتا تھا۔ جس سے حکام کے وقار کو صدمہ پہنچے۔ ان کی فریاد رسی کی جاتی تھی۔ تلافی کرائی جاتی تھی۔ مگر خود ان ہی حکام کے ہاتھوں سے۔ عضد الدولہ کی ان ملکی تدابیر کو دیکھتے ہوئے ماننا پڑتا ہے۔ کہ قدرت نے اس کو سلطنت کے لئے ایک عجیب وغریب دماغ عطا کیا تھا ۔

عضد الدولہ کے روزانہ معمولات

وہ علی الصباح نیند سے بیدار ہوتا۔ غسل کرتا۔ نماز پڑھتا۔ پھر خاص خاص لوگوں کو باریابی کا شرف بخشتا۔ مثلاً ابوالقاسم عبدالعزیز (کاتب) ابوالقاسم مطہر (وزیر) مطہر گذشتہ دن کی رپورٹ پیش کرتا۔ جس پر آئندہ کے لئے اس کو ہدایات کر دی جاتیں۔ پھر ابوالحسن علی اور ابن سعدان کو جو علی الترتیب دیلمی اور ترکی فوجوں کے سردار تھے۔ بلاتا اور وہ بھی اپنی اپنی رپورٹ پیش کرتے۔ ان کو بھی مناسب احکام دیئے جاتے۔ پھر ڈاک آجاتی۔ اولاً تمام خطوط خود پڑھتا پھر عبدالعزیز کاتب پڑھ کر سناتا اور ساتھ ساتھ جواب لکھا دیا جاتا۔ یہاں سے فارغ ہو کر کھانا کھاتا اور پھر آرام کرتا۔ ظہر کے وقت پھر بیدار ہوتا۔ نماز سے فارغ ہو کر لہو ولعب کی خصوصی مجلس تیار ہوتی۔ وہاں عصر تک وقت گذارتا جہاں پینے پلانے گانے بجانے کا شغل رہتا۔ یہ عام معمول تھا۔

لیکن کچھ ایام میں عام دربار بھی ہوتا تھا۔ جس میں ہر شخص کو ملنے اور فریاد کرنے کی اجازت ہوتی تھی۔ ان ایام میں صبح سے دوپہر تک دربار کرتا اور ظہر کے بعد وزیر اور سرداران فوج سے ملاقات کرتا اور ان کو ضروری ہدایتیں دیتا۔ ان ایام میں غالباً لہو ولعب کی مجلس منسوخ ہو جاتی تھی یا کسی دوسرے وقت پر ملتوی کر دی جاتی تھی ؛

وہ اپنے معمولات کا انتہائی پابند تھا۔ شراب نوشی وغیرہ بھی کرتا تھا۔ مگر یہ بھی باضابطہ تھی۔ یہی باضابطگی ہے جس سے دنیا کی قومیں بڑھتی اور ترقی کرتی چلی جا رہی ہیں۔ مگر افسوس کہ ہم مسلمانوں کو اس کی کچھ خبر نہیں۔ اور مزے کی بات یہ ہے۔ کہ اس بے خبری کا بھی احساس نہیں۔ وہاں بُرے کام بھی ضابطہ کے اندر ہوتے ہیں۔ اور ہمارے بھلے کام بھی بے ضابطہ ہیں ؛

ایک حیرت انگیز واقعہ | عضد الدولہ اپنے معمولات کا اس قدر سختی سے پابند تھا۔ کہ اس کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہ کرتا تھا۔ ایک مرتبہ کسی باندی کی محبت کا جنون آپ پر سوار ہوا اور وہ اس حد تک پہنچ گیا کہ معمولات میں بھی فرق پڑنے لگا۔ عضد الدولہ کو فوراً اس کا احساس ہوا اور خادم کو حکم دیا کہ اس باندی کو گرفتار کر کے دریا میں غرق کر دے۔ چنانچہ غرق کر دی گئی ہمیں اس وقت اس واقعہ کے دوسرے پہلو سے گفتگو کرنا نہیں ہے۔ اس پر ہم آئندہ روشنی ڈالیں گے۔ یہاں صرف یہ بتانا مقصود ہے۔ کہ کیا آج کسی میں اتنی ہمت وجرأت ہے ؟ آج کوئی شخص اپنے معمولات کا اس حیرت انگیز طریقہ پر پابند ہو سکتا ہے ؟ غالباً نہیں ؛

خیرات وصدقات | جہاں وہ سزا دینے کے معاملہ میں انتہا پسند واقع ہوا تھا۔ وہیں خیرات وصدقات کے بارہ میں بھی انتہا پسند تھا۔ سال کے شروع میں ایک خاص مقدار خیرات کے لئے علیحدہ کر دی جاتی تھی جو تمام شہروں میں تا ضیوف

پاس بھیج دی جاتی تھی۔ کہ حاجتمندوں میں تقسیم کر دی جائے۔ مگر اس کے بعد بھی ہر مسرت و خوشی، ہر رنج و الم، ہر مقصد و ہر مہم کے لئے بھی خیرات ہوتی رہتی تھی۔ اس کے ہاں ہر چیز کا علاج خیرات ہی تھا۔ خوشی کی بات پر جشن منانے کے لئے رنج کی بات پر نجات پانے کے لئے، کسی مہم پر کامیابی کے لئے، غرض ہر بات کے لئے خیرات کا دروازہ کھل جاتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ باوجود عضد الدولہ کی سخت گیر پالیسی کے رعایا اس سے بد دل نہ تھی۔ وہ ہزار سختیاں کرتا تھا۔ مگر پھر بھی لوگوں میں ہر دلعزیز تھا۔

علم اور علماء سے محبت و عقیدت

وہ چونکہ خود بھی فاضل تھا۔ اس لئے اس طبقہ کی قدر کرنا جانتا تھا۔ اس کے دربار سے بڑے بڑے یگانہ روزگار علماء وابستہ تھے۔ بڑے بڑے مصنفین نے اس کے عہد اور اس کی سرپرستی میں بڑی بڑی قیمتی اور ضخیم کتابیں تصنیف کیں۔ بہت سی کتابیں خود عضد الدولہ کے نام پر لکھی گئیں۔ تاریخ کے منتشر اوراق میں بعض کتابوں کا تذکرہ ملتا ہے۔ مثلاً کچھ کتابوں کے نام پیش کرتا ہوں :۔

(۱) کتاب الحجۃ :۔ یہ فن تجوید میں نہایت بے نظیر ضخیم اور جلیل القدر کتاب تھی۔

(۲) کتاب الایضاح :۔ یہ علم نحو کی ایک عجیب و غریب کتاب تھی۔ کتاب مختصر مگر مسائل بڑی بڑی کتابوں سے زیادہ۔ "دریا کو کوزہ میں بند کرنا" اس پر صادق تھا۔ عضد الدولہ اس کتاب کا انتہائی عاشق تھا اور اس نے اس کو اپنے مطالعہ کے لئے مخصوص کر لیا تھا۔ حتےٰ کہ کسی شخص نے نہ معلوم کس طرح اس کو نقل کر لیا۔ تو عضد الدولہ نے اس کا ہاتھ کاٹ ڈالنے کا حکم دیا۔ جو بڑی سفارشوں کے بعد واپس لیا

(۳) کناس العضدی :۔ جو علم طب میں نہایت بلند پایہ اور جامعیت اور حسن ترتیب و طرز بیان کے لحاظ سے بے نظیر کتاب تھی۔

(۴) الملکی :- یہ بھی علم طب میں علی بن عباس کی نہایت عظیم الشان تصنیف تھی۔ ابن سینا کی "القانون" سے پہلے لوگ اسی کو پڑھتے پڑھاتے تھے۔ اب بھی کہا جاتا ہے کہ علمی اعتبار سے الملکی کا مرتبہ قانون سے بلند تر تھا ۔

(۵) الصور السمائیہ (۶) الارجوزہ

(۷) کتاب مطارح الشعاعات :- یہ تینوں کتابیں عبدالرحمٰن رازی کی تصنیف سے ہیں۔ جو علم نجوم اور فلسفہ میں ایک عرصہ تک علماء کا مستدل رہی ہیں ۔

(۸) کناشہ (۹) کتاب الاقراباذین

(۱۰) مقالۃ المائیہ

(۱۱) مقالۃ فی الجدری :- یہ چاروں کتابیں ابراہیم بن بکس طبیب کی بلند پایہ تصنیفات سے ہیں۔ جو بیمارستان عضدی میں طلبا کو صناعت طب کی تعلیم دینے پر مامور تھا ۔

(۱۲) کتاب الفرج بعد الشدۃ

(۱۳) کتاب نشوار المحاضرۃ (یا نشوان المحاضرہ)

(۱۴) کتاب المستجاد من فعلات الاجواد :- یہ تینوں کتابیں قاضی بغداد محسن تنوخی کی تصنیفات سے ہیں۔ جس میں اول الذکر تین جلدوں میں اور دوسری گیارہ جلدوں میں تھی اور بیس سال میں مکمل ہوئی تھی ۔

(۱۵) کتاب التاجی :- جو سلاطین دیلم کی مفصل و مبسوط تاریخ تھی۔ مگر بدقسمتی سے وہ ہم تک نہیں پہنچی ۔

ان کے علاوہ اور بہت سی کتابیں ہوں گی۔ جو گردش روزگار کے ہاتھوں فنا کے گھاٹ اتر گئیں اور آج ان کا تذکرہ بھی نہیں ملتا ۔

عضد الدولہ کی تعمیرات | عضد الدولہ کو تعمیرات کا بھی بہت شوق تھا۔ اس نے

بہت سی عمارتیں بنوائیں۔ مگر افسوس کہ کسی مؤرخ نے اس کے متعلق یکجائی طور پر کچھ معلومات بہم نہیں پہنچائیں۔ اور تو اور صاحب تجارت الامم نے بھی اس پر کوئی روشنی نہیں ڈالی۔ تاہم عربی۔ فارسی، اُردو کی مختلف تاریخوں میں منتشر طور پر جن جن عمارتوں کا ذکر آیا ہے۔ میں نے ان کو یہاں جمع کر دیا ہے ؛

عضد الدولہ کے پہلے کا زمانہ عراق اور خصوصاً بغداد کے لئے نہایت افراتفری کا زمانہ تھا۔ بغداد جو کبھی عروس البلاد کے نام سے مشہور تھا۔ روز روز کے لڑائی جھگڑوں لوٹ کھسوٹ کی وجہ سے قطعاً برباد ہو گیا تھا۔ عضد الدولہ نے اس کو از سر نو درست کیا۔ مسجدیں۔ سرائیں۔ نہریں۔ پل وغیرہ تعمیر کرائے۔ لوگوں کو حکم دیا۔ کہ وہ اپنے مکانات اور باغات درست کریں۔ کسی میں وسعت نہ ہو تو شاہی خزانہ سے قرض لیکر درست کرے ؛

قدیم زمانہ سے ایک بہت بُری رسم یہ چلی آتی تھی۔ کہ جہاں کوئی بادشاہ یا خلیفہ کسی شخص سے ناراض ہُوا۔ اس کو گرفتار کر کے قید میں ڈال دیا اور اس کا مال و اسباب لوٹ لیا گیا اور مکان کو کھدوا کر پھینک دیا گیا۔ اس طریقہ سے بغداد کی بہت سی عمدہ عمدہ عمارتیں تباہ ہو گئیں۔ عضد الدولہ نے آئندہ کے لئے قانوناً اس کو ممنوع قرار دیا جس سے ایک بڑی حد تک بغداد کی عمارات کی حفاظت ہو گئی ؛

بیمارستان عضدی | یہ بیمارستان (یعنی ہسپتال) اپنی شان کا نہایت عظیم الشان بیمارستان تھا۔ یہ غالباً ۳۶۸ھ یا ۳۷۱ھ میں مکمل ہو چکا تھا۔ اس کو بیمارستان - یا مارستانِ عضدی کے نام سے یاد کرتے تھے۔ اس کی عالی شان عمارت بغداد کی مغربی جانب میں پل کے کنارے پر واقع تھی۔ اس میں ہر قسم کی دوائیں - طرح طرح کے آلات ہر وقت مہیا رہتے تھے۔ چوبیس طبیب تو محض علاج و معالجہ کے لئے اس میں ملازم تھے۔ ان کے علاوہ جرّاح اور آنکھوں کے خصوصی معالج - مرہم پٹی کرنیوالے

ملازمین بھی کافی تعداد میں تھے۔ یہ بیمارستان محض علاج گاہ ہی نہ تھا۔ بلکہ طبی تعلیم گاہ بھی تھی۔ جہاں طلبہ کو علمی اور عملی تعلیم دی جاتی تھی۔ اس شعبہ میں ہمیں ابراہیم بن مکیس طبیب کا نام خصوصیت سے ملتا ہے ؛

اس بیمارستان کا رئیس اعلیٰ اپنے وقت کا طبیب اعظم شیخ ابو منصور صاعد بن بشر تھا۔ جو فن طب میں مجتہد اور مجدد کا درجہ رکھتا تھا ؛

غرضکہ یہ بیمارستان نہایت عالی شان تھا۔ تمام عالم اسلامی میں اس کی نظیر نہ تھی۔ حتےٰ کہ تمام ہسپتالوں کا صدر اسی کو خیال کیا جاتا تھا۔ اور اسکی یہ شان یگانگت چھٹی صدی کے وسط تک قائم رہی۔ جبکہ سلطان نورالدین زنگی نے دمشق میں اس سے بھی بڑا اور بہتر بیمارستان بنا دیا ؛

بند امیر | یہ بند نہایت عالیشان بند ہے۔ حتیٰ کہ کہا جاتا ہے کہ اتنا بڑا اور اس شان کا بند دنیا میں کہیں موجود نہیں۔ یہ بند شیراز کے قریب ہی واقع ہے۔ اس پر ایک عالی شان پل بھی تعمیر کیا گیا ہے جو بہت بڑا اور خوب لمبا چوڑا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ پل ایک سو پندرہ گز لمبا اور ساڑھے چار (۴½) گز چوڑا ہے۔ یہ عمارت عجیب و غریب صنعتوں کا نمونہ ہے۔ اس بند کے دونوں کناروں پر بڑے بڑے پشتے تعمیر کئے گئے ہیں۔ جو دو تین ہزار قدم تک چلے گئے ہیں آبپاشی کے لئے اس بند سے نہریں ہر دو جانب میں نکالی گئی ہیں۔ جن سے کاشت کی زمینوں کو سیراب کیا جاتا ہے۔ یہ بند پتھروں کی بہت بڑی بڑی چٹانوں سے بنایا گیا ہے اور ان چٹانوں کو آپس میں اس طرح جوڑا گیا ہے۔ کہ اچھا خاصہ ایک پہاڑ معلوم ہوتا ہے۔ غرض یہ بند بھی دنیا کے عجائبات میں سے ایک عجیب و غریب چیز ہے جسے دُور دراز کے علاقوں سے سیاح دیکھنے آتے ہیں ؛

سرائے سلطان | یہ ایک عالیشان شاہی محل تھا جسے عضدالدولہ نے بغداد میں

تعمیر کرایا تھا۔ بیمارستان کی طرح یہ بھی ممتاز عمارت تھی مؤرخین کا بیان ہے کہ عضد الدولہ سے پہلے اس شان کی کوئی عمارت کسی نے نہیں بنائی۔ اس کی خصوصیت یہ تھی کہ تمام دفاتر اسی میں رہتے تھے اور ہر ضرورت کی چیز یہاں مہیا رہتی تھی۔ اس محل کے ساتھ ہی ایک بہت بڑا باغ بھی تھا۔ جس میں آب رسانی کے لئے ایک زمین دوز نہر بنائی گئی تھی۔ اس باغ پر اسی ہزار دینار اور زمین دوز نہر کی تعمیر پر دو لاکھ دینار خرچ آئے تھے۔ محل کی تعمیر پر معلوم نہیں کہ کیا کچھ خرچ آیا ہوگا۔ وہ اس سے الگ ہے۔

مشہد امام علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار صحیح طور پر معلوم نہ تھا کہ کہاں ہے کیونکہ آپکو خوارج کے خوف سے خفیہ طور پر دفن کیا گیا تھا اور خاص خاص لوگوں کے علاوہ کسی کو صحیح مقام دفن معلوم نہ تھا۔ مؤرخین کا اب بھی اس میں اختلاف ہے کہا جاتا ہے کہ ہارون الرشید ایک مرتبہ شکار میں نجف سے ہو کر گذرا۔ ایک شکار زخمی ہو کر اسی حد میں پہنچ گیا جہاں آج کل مزار کی عمارت ہے۔ ہارون الرشید نے تعاقب کرنا چاہا مگر گھوڑے نے ایک قدم آگے نہ اٹھایا ہر چند کوشش کی مگر بے سود رہی۔ ہارون رشید کے قلب پر اس واقعہ نے خاص اثر کیا۔ تحقیق و تفتیش کرنے سے معلوم ہوا کہ یہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ مدفون ہیں۔ مقام قبر کو تلاش کر کے کھودا گیا تو ایک نعش برآمد ہوئی جس پر زخموں کے نشانات موجود تھے۔ اس کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نعش سمجھا گیا۔ اس کے بعد سے یہ مقام محفوظ کر دیا گیا اور اس قبر پر مجاور رہنے لگے۔ اس واقعہ کے ایک سو اسی اور کچھ سال کے بعد عضد الدولہ دیلمی نے اس جگہ ۳۶۶ھ میں ایک یادگار عمارت بنائی۔ جو آج تک زیارت گاہ عوام و خواص ہے۔ یہی وہ مقبرہ ہے جس کو مشہد علیؓ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ مگر ہمارے پاس کوئی ایسی تاریخی سند موجود نہیں۔ کہ یقین کے ساتھ کچھ کہا جا سکے۔ خطیب نے اپنی تاریخ بغداد میں بہت سے مختلف اقوال نقل کئے ہیں۔ اکثر اقوال اس کی تائید کرتے ہیں کہ حضرت

علی کرم اللہ وجہہٗ کوفہ کے دارالامارۃ میں مدفون ہیں۔ اور یہ قبر مغیرۃ بن شعبہ ثقفی رضی اللہ عنہ کی ہے۔ ابن خلکان نے بھی اسی قول کو ترجیح دی ہے۔ بہرحال حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کا مدفن ہے یا مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا۔ ہمارے لئے دونوں صورتوں میں یہ مقام واجب التعظیم ہے ؛

مشہد امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا مشہور و معروف مزار جو مقام کربلا میں موجود ہے۔ وہ بھی عضد الدولہ کا ہی بنایا ہوا ہے کہا جاتا ہے۔ کہ خلیفہ المتوکل علی اللہ کے عہد میں اس جگہ پانی کا ایک بند باندھا گیا تو تمام پانی گرم ہوگیا اور قبر کی جگہ خشک رہی۔ نجف اشرف اور کربلائے معلےٰ پہلے غیر آباد علاقے تھے۔ مگر یہاں مزارات کے بن جانے سے کافی رونق اور آبادی ہوگئی ہے ؛

ان دونوں مشہدوں کی عمارتیں۔ خوبصورت عمارتوں میں شمار ہوتی ہیں۔ تاریخی نقطۂ نظر سے اگرچہ ان کو کچھ زیادہ اہمیت حاصل نہ ہو اور اختلافات کی وجہ سے کوئی صحیح فیصلہ نہ کیا جاسکے۔ مگر اس حیثیت سے کہ یہ عضد الدولہ کی یادگار ہیں نہایت قابل قدر ہیں۔ ان عمارتوں کو چونکہ مذہبی حیثیت بھی حاصل ہے۔ اس لئے عضد الدولہ کی اور تمام عمارتیں دنیا سے مٹ جائیں مگر جب تک اسلام زندہ ہے۔ یہ عمارتیں باقی رہیں گی اور عضد الدولہ کی یاد کو تازہ کرتی رہیں گی ؛

مدینہ منورہ کی شہر پناہ

اسی طرح عضد الدولہ نے مدینۂ منورہ کی آبادی پر ایک زبردست شہر پناہ بھی بنائی تھی۔ فارسی مؤرخین نے اکثر اس کا تذکرہ کیا ہے۔ عربی مؤرخین میں سے الخضری اور ابو الفداء نے بھی اس کا ذکر کیا ہے ؛

قلعہ اسطخر اور اس کا تالاب

یہ فارس کا مشہور و معروف قلعہ ہے۔ کہا جاتا ہے۔ کہ جمشید نے اپنے عہد میں اس شہر کو بنایا تھا مگر زمانہ گذرتا گیا اور یہ تباہ

ہوتا گیا۔ حتیٰ کہ عضد الدولہ کے عہد میں بالکل ہی ختم ہو چکا تھا۔ تو اس نے اس کو از سر نو آباد کیا۔ عضد الدولہ نے اس قلعہ میں ایک عظیم الشان تالاب بھی تعمیر کرایا تھا۔ جو طرح طرح کے اور رنگ برنگے پتھروں سے بنایا گیا تھا۔ یہ تالاب اس قدر پائیدار ہے کہ آج تک اسی طرح موجود ہے اور اس قدر مضبوط و مستحکم ہے۔ کہ پانی کا ایک قطرہ بھی باہر نہیں آسکتا۔ پانی کی حفاظت کے لئے اس تالاب پر ایک چھت بھی بنائی گئی تھی۔ اس تالاب کے ستر حصے ہیں۔ اس کی عظمت شان کا اندازہ اس سے ہو سکے گا۔ کہ اگر ایک ہزار آدمی روزانہ اس سے پانی پیتے رہیں اور اپنی روزانہ کی ضرورتوں کے لئے پانی بھر کر لے جاتے رہیں تو ایک سال میں اس کے صرف ایک حصہ کو خالی کر سکیں گے۔ اس کا پھیلاؤ تقریباً ایک سو اٹھاون گز شرعی ہے

شیراز میں عضد الدولہ کی عمارتیں زیادہ تر بغداد اور شیراز میں ہی تھیں۔ شیراز میں بھی عضد الدولہ نے کافی محلات۔ سرائیں۔ بازار۔ خانقاہیں۔ ہسپتال بنائے تھے۔ مگر اب کسی کا بھی نام و نشان باقی نہیں رہا۔ البتہ فرصت شیرازی نے اپنی کتاب آثار عجم میں جو ۱۳۱۰ھ کی تصنیف ہے۔ لکھا ہے کہ وہاں اب تک ایک محراب اور ایک عالی شان دروازہ عضد الدولہ کی یاد کو تازہ کرتا ہے۔ یہ دروازہ رکنا باد کے قریب ہی واقع ہے۔ اس کی محراب پر ایک بالاخانہ بھی ہے جس میں ایک بہت بڑا قرآن شریف رکھا ہوا ہے۔ جسے "قرآن ہفدہ من" کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کا وزن ستر سیر ہے۔ اس دروازہ کے نیچے سے اب تک بڑے بڑے قافلے گذرتے ہیں۔ شیراز کے بالمقابل عضد الدولہ نے ایک مستقل شہر بھی آباد کیا تھا۔ جس کا نام "سوق امیر" یعنی امیر کا بازار تھا۔ جس میں عضد الدولہ کی فوجیں رہا کرتی تھیں۔ کثرت آبادی کی وجہ سے جب شیراز میں تنگی ہونے لگی۔ تو عضد الدولہ کو فوج کے لئے ایک الگ شہر آباد کرنا پڑا۔ مگر اب یہاں زراعت

کی جاتی ہے۔ آبادی وغیرہ کا کوئی نشان باقی نہیں رہا۔ ایسے ہی عضد الدولہ نے ایک شہر فیروز آباد کے نام سے بھی آباد کیا تھا ویسے تو یہ شہر اردشیر کا آباد کیا ہوا تھا جسے اردشیر خورّہ کے نام سے یاد کرتے تھے۔ مگر اسطخر کی طرح یہ بھی برباد ہو چکا تھا عضد الدولہ نے اس کو دوبارہ آباد کیا اور فیروز آباد نام رکھا ؛

خوزستان میں | خوزستان میں بھی اس کی کافی عمارتیں پائی جاتی تھیں۔ ابو شجاع روذراوری نے "ذیل تجارب الامم" میں ان عمارات کی طرف اشارہ کیا ہے۔ مگر یہ مصنف پانچویں صدی ہجری کا ہے۔ متأخرین کی تاریخوں سے کچھ پتہ نہیں لگتا۔ غالب یہ ہے۔ کہ وہ عمارتیں بھی تباہ ہو چکی ہوں گی ؛

مسیحی معابد | عضد الدولہ نے جہاں بغداد و شیراز وغیرہ میں بہت سی مسجدیں تعمیر کیں وہیں اپنے وزیر نصر بن ہارون (مسیحی) کو حکم دیا کہ وہ بھی اپنی قوم کے لئے کلیسا تعمیر کرائے چنانچہ عضد الدولہ کے حکم کے مطابق شاہی خزانے سے مسیحی معابد بھی تعمیر کرائے گئے اور وہ جس طرح اپنی مساجد کی سرپرستی کرتا تھا بالکل اسی طرح ان مسیحی معابد کی بھی سرپرستی کو اپنا فرض جانتا تھا جو اس کی بے تعصبی کی ایک کھلی ہوئی دلیل ہے ؛

عضد الدولہ کی بعض کمزوریاں | قدرت نے ہر انسان کو کچھ اس طرح پیدا کیا ہے کہ وہ نہ صرف محاسن ہی کا مجموعہ ہے اور نہ ہی برائیوں کا جس طرح قدرۃً ہر شخص میں کچھ نہ کچھ محاسن ہوتے ہیں۔ ایسے ہی کچھ نہ کچھ برائیاں بھی ہوتی ہیں البتہ کمی اور زیادتی کا فرق ہو سکتا ہے۔ اسی تناسب سے ہم کسی کو نیک کہتے ہیں اور کسی کو بد۔ اسی اصول کے مطابق عضد الدولہ میں بھی انسان ہونے کی حیثیت سے کچھ خامیاں تھیں اور اگر غور کیا جائے تو یہ اسکی تکمیل بشریت کے لئے ضروری بھی تھیں۔ ہم اس قسم کی کمزوریوں کو نمبروار بیان کرتے ہیں:۔

(۱) وہ ضرورت سے زیادہ سخت گیر تھا معمولی سی خطاؤں پر وہ اتنی بڑی بڑی سزائیں دیتا تھا جو ظلم کی حد تک پہنچ جاتی تھیں۔ رعب و دبدبہ ایک بادشاہ کے لئے حقیقۃً ضروری ہے

مگر مجھے افسوس ہے کہ میں ایسے رعب و دبدبہ کی کوئی تعریف نہیں کرسکتا جسکو قائم کرنے میں ظلم و تعدی کا بھی حصہ ہو۔ وہ ایک مسلمان بادشاہ تھا۔ اسلئے ہمیں بجا طور پر اس سے یہ توقع ہونی چاہیئے کہ وہ سیاست میں اسلامی نقطۂ نظر سے تجاوز نہیں کریگا۔ اپنی محبوب بندی کو غرق کر دینے کا قصہ پہلے آچکا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے نزدیک قتل کو کوئی اہمیت حاصل نہ تھی۔ وہ واقعہ یقیناً اس کی بربریت کی بدترین مثال ہے ؛

(۲) پہلے بیان کرچکا ہوں کہ وہ نہایت محنتی تھا۔ مگر اسی کے ساتھ ساتھ وہ منتظم بھی تھا فضول خرچی کو پسند نہ کرتا تھا اور بسا اوقات اس پر اس انتظام کا اتنا غلبہ ہوتا تھا جو قریب قریب بخل کی حد تک پہنچ جاتا تھا۔ وہ یقیناً بخیل نہ تھا مگر منتظم اتنا تھا کہ بعض دفعہ اس پر بخل کا دھوکا ہو جاتا ہے مثلاً

(الف) حجاج بن ہرمز کی آمد پر اس کی میزبانی کے لئے جو بجٹ بنایا گیا اسمیں روشنی کیلئے فی شب ایک رطل موم بتیاں لکھی گئیں۔ عضد الدولہ نے فی شب کے بجائے فی ہفتہ بنا دیا اور کہا کہ فراش کو ہدایت کر دی جائے۔ کہ صرف ایک شمع روشن کرے البتہ اگر کوئی ملنے آجائے تو دوسری شمع جلا دیا کرے مگر اسکے چلے جانے کے بعد بجھا کر احتیاط سے رکھ دی جایا کرے ؛

(ب) ایک سقلاطونی عبا جس کا استر قاقم کا تھا ایک دیلمی سردار نے مانگ لیا۔ انکار تو نہ کرسکا مگر ٹالتا رہا۔ وہ ظالم بھی برابر تقاضا کرتا رہا۔ آخر عضد الدولہ کو وہ عبا دینا پڑا۔ مگر نہایت چالاکی کے ساتھ خفیہ طور پر اس کا استر علیحدہ کرا لیا گیا اور بغیر استر کے وہ عبا اسکو دیدی گئی اور وجہ یہ بیان کی کہ قاقم کے کپڑے ہمارے پاس تھوڑے ہیں اگر اسیطرح سب سردار مانگنے لگے تو ہم سب کو نہیں دے سکینگے ؛

(ج) ابو علی بن مینا خوافسر خزانہ تھا۔ وہ اضافۂ تنخواہ کی درخواست کرتا ہے تو عضد الدولہ درخواست کو نامنظور کرتے ہوئے معمولی آدمیوں کی طرح کوڑی کوڑی کا حساب اس سے کرنے لگتا ہے اسی دوران میں کہتا ہے کہ کھانا تو تم ابو منصور نصر بن ہارون کے ہاں کھاتے ہو پھر اضافۂ تنخواہ کی کیا ضرورت ہے۔ ابو علی کا بیان ہے کہ اسی پر بس نہیں کی بلکہ تمام وہ چیزیں گنانا شروع کر دیں جو میں ابو منصور کے دسترخوان پر کھاتا تھا آخر میں شرمندہ اور ناکام ہو کر واپس چلا آیا ؛

ان واقعات سے جہاں اس کا انتظام، کفایت شعاری اور وسعت معلومات کا پتہ لگتا ہے۔ وہیں اس معاملہ میں اس کی افراط و تفریط پر بھی روشنی پڑتی ہے جو ایک بادشاہ کے لئے ناموزوں ہے۔ کفایت شعاری کوئی بری خصلت نہیں مگر ہر شخص کی کفایت شعاری اس کے مرتبہ کے مطابق ہی اچھی معلوم ہوتی ہے۔ ایک دس روپیہ ماہوار کے ملازم کی کفایت شعاری کچھ اور ہے اور ایک ہزار روپیہ ماہوار کے ملازم کی کفایت شعاری کچھ اور چیز۔ دونوں میں بڑا فرق ہے۔ اگر ایک ایسا شخص جس کی آمدنی ایک ہزار روپیہ ماہوار ہے ایک دس روپیہ ماہوار کے ملازم جیسی کفایت شعاری کرنے لگے تو یہ کفایت شعاری نہیں بلکہ بخل ہوگا

(۴) اس نے زمینوں کی پیمایش میں بھی دس فیصدی کے حساب سے تغیر کر دیا تھا کہ جو زمین پہلے سو بیگھہ ہوتی تھی۔ اب ایک سو دس بیگھہ ہو گئی تاکہ دس بیگھہ کا زیادہ ٹیکس لیا جا سکے۔ اس سے زمینداروں اور کسانوں کو جو نقصان پہنچا ظاہر ہے۔

(۵) بن جکیوں پر پہلے کوئی ٹیکس نہ تھا مگر عضد الدولہ نے اپنے عہد میں اس پر ٹیکس عاید کر دیا۔

(۶) چراگاہوں اور دیگر مفروضہ صدقات کے لئے ایک مستقل محکمہ قائم کیا۔ جسکے عمال کاتب منشی سب الگ تھے سواد عراق سے صرف اسی شعبہ سے اس کو تقریباً ایک کروڑ درہم سالانہ کی آمدنی تھی۔

(۷) تمام اسلامی اوقاف کو اپنے ہاتھ میں لے لیا اور متولیان اوقاف کے لئے معمولی رقوم مقرر کر دی گئیں مگر آہستہ آہستہ یہ تمام اوقاف حکومت کے مقبوضات میں شامل کر لئے گئے جن سے بعد میں لوگوں کو جاگیریں دی گئیں۔

(۸) چوپایوں کی خرید و فروخت کے لئے جو بازار تھے ان میں بھی اسکا انتظام کیا گیا۔ کہ اس قسم کی تجارت کرنے والوں سے بھی ایک مقررہ تعداد میں ٹیکس وصول کیا جائے۔

(۹) باہر سے جو سامان تجارت درآمد ہوتا یا یہاں سے باہر کے لئے برآمد ہوتا۔ دونوں صورتوں میں ڈیوٹی لگائی جاتی تھی۔

(۱۰) برف اور قمر کی تجارت جو ہمیشہ سے عام چلی آتی تھی اور ہر شخص کر سکتا تھا۔ عضد الدولہ نے

اس پر پابندیاں عائد کر دیں۔ کہ خاص خاص لوگوں کے علاوہ جن کو حکومت کی جانب سے اجازت (لائسنس) حاصل ہو کوئی دوسرا آدمی ان دونوں چیزوں کی تجارت نہ کر سکتا تھا۔

(۱۱) کسی قدر عجب اور تکبر بھی تھا۔ کھیل و کود کی طرف میلان بھی تھا۔ مؤرخ الخضری نے اس کے استشہاد میں اس کے وہی چار شعر نقل کئے ہیں جو پہلے آ چکے ہیں۔ یہاں صرف ترجمہ پر اکتفا کرتا ہوں۔ ملاحظہ ہو:۔

"شراب نوشی کا لطف علی الصباح حسین باندیوں کے گانے کے ساتھ بارش ہی میں ہے جو انتہائی حسین ہوش و حواس سلب کرنے والی اور ساز پر گانے والی ہوں۔ شراب کے پیالوں کو منظر عام پر لانے والی اور ایسے شخص کو جو انسانیت سے بالا ہے۔ شراب پلانے والی ہوں"۔

"جو دولت کا بازو (عضد الدولہ) اور اس کے رکن (رکن الدولہ) کا بیٹا بادشاہوں کا بادشاہ اور تقدیروں پر غالب آنے والا ہے"۔

ان میں آخری شعر واقعی نہایت متکبرانہ اور متفاخرانہ ہے۔ بلکہ اگر کفریہ کہا جائے۔ تو غالباً زیادہ موزون ہوگا۔ (اعوذ باللہ من ھٰذہ الخرافات)

ابن خلکان اور ابو الفداء کے بیان کے مطابق قدرت نے عضد الدولہ کو ان اشعار کی یہ سزا دی۔ کہ ان اشعار کے بعد پھر وہ پلنگ سے نہ اُٹھ سکا اور اسی بیماری میں مر گیا خدا اس کو معاف فرمائے وہ یقیناً بڑا غفور و رحیم ہے۔

عضد الدولہ کی علالت اور وفات ۳۶۹ھ میں جبکہ عضد الدولہ نے حسنویہ بن الحسین اور فخر الدولہ کی سرکوبی کے لئے بلادِ جبل کا سفر کیا۔ تو اسی سفر میں اس کو مرگی کا مرض لاحق ہو گیا تھا۔ عضد الدولہ نے اس کو پوشیدہ رکھنے کی انتہائی کوشش کی اور جہاں تک ہو سکا چھپایا۔ اس موقعہ پر اپنی جگہ مؤید الدولہ کو روانہ کر کے خود واپس چلا آیا تھا۔ اسی مرض نے ۳۷۲ھ میں از سر نو پھر عود کیا اور اس مرتبہ اسکا حملہ اسقدر شدید ہوا کہ عضد الدولہ اس سے جانبر نہ ہو سکا اور دنیاوی حشمت و جلال کو چھوڑ کر یوم دوشنبہ ۸ شوال المعظم ۳۷۲ھ کو بغداد میں انتقال کیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

کہا جاتا ہے کہ مرتے وقت عضد الدولہ کی زبان پر یہ آیۃ تھی مَآ اَغْنٰی عَنِّیْ مَالِیَهْ ۚ هَلَكَ عَنِّیْ سُلْطَانِیَهْ ۚ چنانچہ اسی آیت کی تلاوت کرتے ہوئے اس کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی ۔ (رحمہ اللہ تعالیٰ وسامحہ علیٰ سقطاتہ واعطاہ مایحب ویرضیٰ آمین)

دفن | انتقال اگرچہ ۸ شوال کو ہو چکا تھا مگر اس کا اعلان نہیں کیا گیا اور خفیہ طور پر دار الملک (جو بغداد کی مشہور عمارت تھی اور عضد الدولہ اس میں رہتا تھا) ہی میں عارضی طریقے سے دفن کر دیا گیا حتیٰ کہ جب ابو کالیجار مرزبان بن عضد الدولہ کی تخت نشینی کے تمام انتظامات مکمل ہو چکے تو محرم الحرام ۳۷۳ھ میں اس کے انتقال کا اعلان کیا گیا اور اسی وقت اس کی وصیت کے مطابق اس کے تابوت کو مدفن سابق سے منتقل کر کے مشہد امام علی رضی اللہ عنہ میں نجف اشرف کے مقام پر دفن کیا گیا ۔

عضد الدولہ کی قبر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مزار سے پائینتی کی جانب ہے ۔ کہتے ہیں ۔ کہ عضد الدولہ نے مرتے وقت وصیت کی تھی کہ میری قبر سے حضرت علیؓ کی قبر تک ایک سرنگ کھودی جائے اور ایک نقرئی زنجیر کا ایک سرا میرے گلے میں ڈال کر دوسرا سرا حضرت علیؓ کے پائے مبارک کے نیچے رکھ دیا جائے اور ایک تختہ پر یہ آیت لکھ کر میرے پہلو میں رکھ دی جائے ۔ آیۃ یہ ہے :- وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ ۚ

عضد الدولہ کی اولاد مجھے افسوس ہے ۔ کہ کسی مؤرخ نے اس موضوع پر روشنی نہیں ڈالی ۔ تاہم تلاش اور تحقیق سے جس قدر نام دستیاب ہو سکے ہیں ان کو ذکر کرتا ہوں ۔ مگر اپنی انتہائی کوششوں کے بعد بھی میں اب تک اس قابل نہیں ۔ کہ اس موضوع پر کوئی مطمئن کن بیان دے سکوں ۔ جو نام میں ذکر کروں گا ان کے متعلق اس میں تو شبہ نہیں کہ وہ عضد الدولہ کی اولاد ہیں ۔ مگر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کے علاوہ اور بھی کوئی اولاد تھی یا نہیں ۔ بہر حال تفصیل حسب ذیل ہے ۔

نرینہ اولاد | (۱) شیر زیل نام ۔ ۔ ۔ اور ابو الفوارس کنیت ۔ ۔ ۔ شرف الدولہ لقب ۔

یہ عضد الدولہ کے بعد بلاد فارس کا بادشاہ ہوا مگر کچھ عرصہ کے بعد عراق پر بھی قابض ہو گیا۔

(۲) مرزبان نام ... اور ابو کالیجار کنیت .. صمصام الدولہ لقب .. یہ عضد الدولہ کے بعد عراق کا بادشاہ ہوا مگر تھوڑے ہی عرصہ کے بعد شرف الدولہ نے عراق پر قبضہ کر لیا اور اس کو گرفتار کر کے قلعہ کیوشان میں قید کر دیا جو شرف الدولہ کے انتقال کے بعد وہاں سے رہا ہو سکا

(۳) شاہنشاہ نام ... اور ابو نصر کنیت ... قوام الدین اور بہاء الدولہ لقب ... یہ شرف الدولہ کے بعد عراق کا بادشاہ ہوا اور طویل حکومت کی۔ اس نے ایشیا کے مشہور فاتح سلطان محمود غزنوی سے صلح کی اور پھر سلطان کی صاحبزادی سے شادی بھی کر لی ۔

(۴) احمد نام ... اور ابو الحسین ریا، ابو الحسن کنیت ... تاج الدولہ لقب ... اسے صمصام الدولہ نے اپنی تخت نشینی کے وقت خلعت اور فارس کی حکومت عطا کی تھی ۔

(۵) فیروز شاہ نام ... ابو طاہر ریا، ابو طاہر کنیت ... فارس کی سلطنت میں صمصام الدولہ نے احمد کے ساتھ اس کو بھی شریک کیا تھا اور یہ بعد میں صمصام الدولہ کے ساتھ قلعہ کیوشان میں مقید بھی رہا اور اس کے ساتھ ہی شرف الدولہ کے انتقال کے بعد رہا بھی ہوا ۔

اولاد اناث | اولاد ذکور کی طرح اولاد اناث کے متعلق بھی معلوم نہ ہو سکا کہ کس قدر تھی اولاد اناث میں سے کسی ایک کا بھی نام معلوم نہ ہو سکا۔ صرف دو لڑکیوں کے متعلق بعض مؤرخین نے تذکرہ کیا ہے ان میں سے ایک لڑکی تو وہ ہے کہ عضد الدولہ نے جب یہ چاہا کہ سلطنت کی طرح خلافت بھی بنی عباس سے ختم کر دی جائے تو اس کو عملی جامہ پہنانے کے لئے عضد الدولہ نے اپنی ایک لڑکی کا نکاح خلیفہ الطائع للہ سے کر دیا تھا اور یہ معاہدہ قرار پا گیا تھا کہ اس کے بطن سے جو لڑکا پیدا ہو گا آئندہ اسی کو ولی عہد بنایا جائے گا مگر کسی مؤرخ نے اس لڑکی کا نام بتلانے کی ضرورت نہیں سمجھی ۔

یاقوت نے معجم الادباء میں قاضی محسن تنوخی کے ذیل میں اتنا اور ذکر کیا ہے کہ خلیفہ الطائع للہ کو عضد الدولہ کی اس لڑکی سے نہایت محبت تھی۔ تمام حرم میں خلیفہ کے نزدیک

جس قدر تقرب اسکو حاصل تھا کسی دوسری بیوی کو میسّر نہ تھا۔ مگر اس معاہدہ کی وجہ سے کہ جو لڑکا اسکے بطن سے پیدا ہوگا آئندہ خلیفہ بنایا جائے گا جس سے بنو عباس میں سے گویا خلافت کا خاتمہ بھی نظر آرہا تھا۔ خلیفہ اپنی طبیعت پر جبر کرکے اس بیوی سے نہایت محتاط رہتا تھا حتیٰ کہ اگر شراب نوشی میں مشغول ہوتا تو شغل سے پہلے اس کو کمرہ میں بند کرکے کمرہ کو مقفل کر دیتا تھا اور اس کی کنجی اپنے خدام میں سے کسی خاص اور معتمد خادم کے حوالہ کر دیتا ۔

یہ تمام حالات عضد الدولہ سے مخفی نہ رہ سکتے تھے۔ اسے معلوم ہوا تو وہ نہایت رنجیدہ ہوا اور قاضی محسّن تنوخی کے واسطہ سے اپنی بیوی کی طرف سے درخواست کرنا چاہی کہ خلیفہ اس شاہزادی کی طرف زیادہ توجہ اور التفات فرمائیں مگر یہ پیغام خلیفہ تک قاضی صاحب نہیں پہنچا سکے ۔

تاریخی اوراق میں عضد الدولہ کی ایک دوسری لڑکی کا بھی کچھ اشارہ ملتا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ نام اس کا بھی معلوم نہ ہو سکا۔ صاحب تجارب الامم کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ عضد الدولہ کے کوئی دوسری لڑکی بھی تھی۔ چنانچہ انہوں نے اس لڑکی کا بیان کرتے ہوئے جس کی شادی خلیفہ سے ہوئی تھی۔ کبریٰ (یعنی بڑی) کی قید لگائی ہے جس سے سمجھ میں آتا ہے کہ کوئی چھوٹی لڑکی بھی اس کے علاوہ موجود تھی ورنہ ظاہر ہے کہ صاحب تجارب الامم کو کبریٰ کی قید لگاکر امتیاز قائم کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ یہ قیاس اس وقت اور بھی اہم ہو جاتا ہے۔ جبکہ تاریخ ابوالفداء کی اس روایت کو پیش نظر رکھا جاوے کہ ۳۶۳ھ میں جبکہ منصور بن نوح سامانی صاحب خراسان کے اور رکن الدولہ کے درمیان مصالحت ہوگئی۔ تو منصور بن نوح سامانی نے عضد الدولہ کی ایک لڑکی سے شادی بھی کر لی تھی ۔

ان دو لڑکیوں کے علاوہ تاریخی اوراق میں کسی تیسری لڑکی کا کوئی ذکر نہیں ملتا ۔

